فارسی منظوم کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام

دُرِّ ثمین فارسی مترجم

مترجمہ

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ

پیشکردہ

شیخ محمد اسماعیل پانی پتی

شائع کردہ

محمد احمد اکیڈمی۔ رام گلی نمبر ۳۔ لاہور

طبع دوم ۱۹۶۷ء

تعداد .... ایک ہزار

طابع .... مبارک محمود پانی پتی

مطبع ... ... نقوش پریس، لاہور، مالک محمد طفیل

قیمت فی جلد ... ... چار روپے پچاس پیسے صرف

ناشرین

محمد احمد اکیڈمی

رام گلی نمبر ۳ - لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم　　نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

دیباچہ

حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل رضی اللہ عنہ جیسے صوفی منش بزرگ تھے بہت ہی کم آدمی ایسے ہوتے ہیں۔ وہ ہمارے موجودہ زمانہ میں سلف صالحین کا ایک بہت ہی عمدہ نمونہ تھے۔ صحیح اور حقیقی معنوں میں وہ ایک ولی اللہ اور خدا شناس بزرگ تھے۔ اُن کی زبان اور قلم سے نقوت کے جو حقائق و معارف کے پھول جھڑا کرتے تھے اُس کی کیفیت وہی لوگ بتا سکتے ہیں جنہیں اُن کی بابرکت اور بافیض صحبت میں بیٹھنے کا شرف حاصل ہوتا تھا۔ مجھے دل کی سچائی کے ساتھ یہ بات کہنے دیجئے کہ ایسے محترم اور مقدس بزرگ آسمان صدیوں چکر کھاتا ہے جب جا کر کہیں پیدا ہوتے ہیں۔ اور جب وہ ایک دُنیا کو اپنے علم اپنی قابلیت اور اپنے بے نظیر اخلاق سے فیض یاب کر کے اس جہان سے سدھارتے ہیں تو اپنا کوئی قائم مقام چھوڑ کر نہیں جاتے وہ انسانیت کا فخر ہوتے ہیں اور اخلاق کا پیکر۔ وہ دنیا کے لیے ایک شمع ہدایت ہوتے ہیں اور اپنے دوستوں کے لیے ابر رحمت۔ میرا تعلق ۱۹۱۴ء سے لے کر ۱۹۴۷ء تک جب اُن کی پاک روح اپنے مولائے حقیقی سے ملنے کے لیے ملاء اعلیٰ کو روانہ ہو گئی اُن سے رہا۔ خدا کی قسم میں نے اُن کو ہر لحاظ سے ایک بے نظیر انسان پایا۔ خدا کے عشق میں ہمیشہ اُن کو چور دیکھا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں اُن کو ہمیشہ سرشار پایا۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے والہانہ

اُلفت اُن کی رگ رگ میں سمائی ہوئی تھی۔ قرآن کریم اور درِ یتیم کو ہمیشہ میں نے اُن کے سرہانے رکھا ہوا دیکھا۔ قرآن حکیم کے جو معارف وہ بیان کیا کرتے تھے اور جو افضل میں شائع ہوا کرتے تھے وہ ایک دنیا پڑھتی تھی اور عش عش کرتی تھی۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے کلام کی جو پُر معارف اور دلآویز تفسیر وہ کیا کرتے تھے وہ عجیب رُوح پرور ہوا کرتی تھی۔ اسی سلسلہ میں انہوں نے بڑے ہی شوق اور محبت کے جذبات کے ساتھ فارسی درثمین کا نہایت محنت سے اُردو میں ترجمہ کیا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے فارسی اشعار جس عشق و محبت، جذب و خلوص، معارف و حقائق اور شیرینی و حلاوت سے بھرے ہوئے ہیں۔ وہ اہلِ ذوق حضرات سے پوشیدہ نہیں۔ جو زور بیان اور شوکت الفاظ فارسی درثمین کے ہر صفحہ میں موجود ہے۔ بلاریب متقدمین اور متاخرین کی تمام منظوم فارسی کتب اُس سے خالی ہیں۔ اسی بے نظیر اور لاثانی طرزِ کلام نے حضرت میر صاحب رضی اللہ عنہ کو ان اشعار کے اردو ترجمہ پر راغب کیا تاکہ اُردو دان طبقہ بھی حضرت سلطان القلم کے روح پرور کلام سے بقدرِ استعداد فیض یاب ہو سکے۔

یہ ترجمہ عرصہ کی کاوش اور محنت کے بعد حضرت میر صاحب رضی اللہ عنہ نے جون ۱۹۴۳ء کو ختم کیا۔ اور بہت چاہتے رہے کہ کسی طرح یہ کتاب چھپ جائے۔ ان کی ساری کتابیں میں ہی شائع کیا کرتا تھا۔ جب مجھے حضرت میر صاحب نے یہ ترجمہ دکھایا تو میرا دل بے اختیار چاہا کہ فوراً چھپ کر منظرِ عام پر آجائے مگر اپنی سستی اور کاہلی اور شامتِ اعمال کے باعث باوجود شدید خواہش کے میرا ارادہ عمل کی شکل اختیار نہ کر سکا۔ یہاں تک کہ ۱۷ جولائی ۱۹۴۷ء کو حضرت میر صاحب ہمیشہ کے لئے ہم سے جدا ہو گئے۔

وصیت کر گئے تھے کہ میرے سارے مسودات اسماعیل کو دے دیے جائیں۔ ترجمہ فارسی کا یہ ترجمہ اپنی زندگی ہی میں حضرت میر صاحبؓ نے میرے سپرد کر دیا تھا۔

حضرت میر صاحب رضی اللہ عنہ کے سارے مسودات میں نے اپنی جان کے برابر رکھ چھوڑے تھے۔ اور جب مجھے ۱۵ ستمبر ۱۹۴۷ء کو سلسلہ کے ایک ضروری کام کے لئے قادیان سے لاہور آنا پڑا تو میں اپنی عزیزہ حورمانو معلمہ نصرت گرلز ہائی سکول قادیان کو تاکید کر آیا کہ اگر خدانخواستہ ہمیں قادیان چھوڑنا پڑا تو میری کتابوں اور مال و اسباب میں سے صرف اس ٹرنک کو بچانے کی کوشش کرنا جس میں میر صاحب کے مسودات ہیں باقی سب کچھ غارت ہو جائے اس کی پروا نہ کرنا۔

میرے لاہور چلے آنے کے بعد قادیان پر جو کچھ گذری قلم میں طاقت نہیں کہ اس کا بیان کر سکے۔ حورمانو نے اپنی جان کو خطرہ میں ڈال کر انتہائی کوشش کی کہ مسودات کا ٹرنک بچ سکے مگر تقدیر کے نوشتے پورے ہونے تھے کچھ بھی نہ بچا اور سب کچھ تباہ ہو گیا۔

مجھے بے انتہا قلق اور رنج ان مسودات کے ضائع ہونے کا ہوا مگر خدائی تقدیر میں کیا چارہ تھا۔ ناچار صبر کی سل اپنی کمزور چھاتی پر رکھ کر خاموش ہو گیا مگر بار بار خیال آتا تھا کہ حضرت میر صاحب رضی اللہ عنہ نے ان مسودات کو میرے حوالے فرمایا تھا مگر میں ان کی مقدس امانت کی اپنی نالائقی کی وجہ سے حفاظت نہ کر سکا سب سے زیادہ میرا دل دکھتا ہے کہ اس ترجمہ کے لئے لوٹتا تھا مگر بے بس اور لاچار تھا۔ بظاہر کوئی شکل اس کی دستیابی کی نہیں تھی جب حضرت میر صاحب رضی اللہ عنہ کا سارا مکان ہی لٹ گیا جہاں میں رہا کرتا تھا تو یہ ترجمہ کس طرح محفوظ رہتا؟ اکثر خیال آتا تھا کہ نہ معلوم کس نے چند پیسوں

میں خرید ہو گا یا کسی دکاندار کی پڑیاں اس میں بندھی ہوں گی۔ ماہ اور سال اسی سوچ میں گذر گئے۔ دل کو ہر چند صبر کی تلقین کرتا تھا لیکن صبر نہ آتا تھا۔ مگر اندر سے کوئی کہتا تھا کہ یہ تحفہ محفوظ ہے اور مل جائے گا۔ آخر برسوں کی دلی کوفت اور کشمکش کے بعد میں نے اپنے محترم دوست ملک صلاح الدین صاحب ایم اے کو جو اس وقت قادیان میں ناظر تعلیم و تربیت تھے۔ خط لکھا کہ آپ کہیں تلاش تو کریں کسی شخص کے پاس۔ کسی کباڑی کے پاس۔ کسی کتب فروش کے پاس۔ کسی دکاندار کے پاس اس کا مسودہ مل جائے۔ تو میں اس کے لئے دو سو روپے تک دینے کو تیار ہوں۔ ملک صاحب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے۔ انہوں نے کمال ہمدردی کے ساتھ یہ مسودہ نہ معلوم کہاں سے تلاش کیا اور خود واگہ تشریف لائے اور میرے حوالہ کر دیا۔ ملک صاحب کے اس احسان کا میں جس قدر بھی شکریہ ادا کروں کم ہے۔

مسودہ مل جانے کے بعد میں نے اس کی طباعت کی درخواست حضرت خلیفۃ المسیح الثانی (رضی اللہ عنہ) کی خدمت میں بھیج دی جہاں سے فوراً اجازت مل گئی۔ اور میں نے مسودہ کتابت کے لئے دے دیا یہ جنوری ۱۹۵۴ء کی بات ہے۔ جلد ہی کتابت ختم ہو گئی اور میں نے کتاب شائع کر دی یہ کتاب چھپتے ہی فوراً فروخت ہو گئی۔ اس پر مجھے دوسری اشاعت کی فکر ہوئی مگر اس تمام عرصہ میں حالات ایسے ناسازگار رہے کہ سخت خواہش کے باوجود اپنے ارادہ کو عملی جامہ نہ پہنا سکا۔

اس دوران میں بہت سے احباب کی طرف سے اس کی دوبارہ طباعت کا

شدید اصرار ہوتا رہا۔ سب سے زیادہ تڑپ اس کی اشاعت ثانی کی حضرت میاں بشیر احمد رضی اللہ عنہ کو تھی۔ انہوں نے مجھے یہ بھی لکھا کہ اگر مالی پریشانی راہ میں حائل ہے تو چار سو روپے سے میں تمہاری مدد کر سکتا ہوں۔ مکرمی شیخ بشیر احمد صاحب جج ہائی کورٹ لاہور نے مجھ سے یاد فرمایا کہ تم کام شروع کرو میں ساری کتاب طالبوں پر اپنے خرچ سے چھپوا دوں گا۔ الشرکۃ الاسلامیہ والوں نے مجھے لکھا کہ اگر تم نہیں چھپواتے تو ہم چھپوا لیتے ہیں کیونکہ مانگ بہت ہے اور برابر تقاضے کے خطوط آرہے ہیں ایک مقامی جماعت نے تو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو باقاعدہ درخواست بھی بھیج دی کہ ہمیں اس کی دوبارہ اشاعت کی اجازت دی جائے مگر دربار خلافت سے ان کو یہی جواب ملا کہ اسماعیل جس نے پہلی مرتبہ یہ کتاب شائع کی تھی۔ دوبارہ بھی وہی شائع کرے گا۔

اس پر میں نے اپنی انتہائی بے بضاعتی کے باوجود اس کی دوبارہ اشاعت کا ارادہ کر لیا۔ رقم وہی پہلی اشاعت کے وقت پاس تھی نہ دوسری اشاعت کے وقت۔ مگر میں نے توکل علی اللہ کام شروع کر دیا۔

اب سب سے پہلا امر علمیہ تھا کہ طبع اوّل میں کتابت کی جو غلطیاں رہ گئی تھیں ان کو درست کیا جائے تاکہ کتاب صحیح چھپے۔ اس ضمن میں مولوی عطاء الرحمٰن صاحب مرحوم پروفیسر نصرت گرلز کالج ربوہ نے اپنی خدمات پیش کیں۔ اور حقیقت ہے کہ بہت ہی محنت کے ساتھ انہوں نے ساری کتاب کو دیکھا۔ پھر میں نے بزرگ محترم حضرت حافظ سید مختار احمد صاحب شاہجہانپوری کی خدمت میں اس کے متعلق عرض کیا۔ آپ نے

وعدہ فرمایا۔ لیکن پیرانہ سالی۔ عوارض اور عدیم الفرصتی کے باعث کام میں بہت دیر لگ گئی۔ پھر میں نے فاضل جلیل محترمی شیخ محمد احمد صاحب مظہر بی۔ اے۔ ایل ایل بی ایڈووکیٹ جماعت احمدیہ ضلع لائل پور کی خدمت میں محترمی جناب شیخ بشیر احمد صاحب جج ہائی کورٹ لاہور کی معرفت اس کی تصحیح کے لئے عرض کی۔ شیخ محمد احمد صاحب نے نہایت ہی خندہ پیشانی کے ساتھ باوجود سخت عدیم الفرصتی کے اس کٹھن کام کی حامی بھر لی اور نہایت محنت کے ساتھ اس کی تصحیح کی۔ اور مجھے کتاب کی واپسی کے ساتھ اس کے متعلق مفصل ہدایات لکھ دیں جن کی روشنی میں میں یہ کتاب شائع کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اُن کو زیادہ سے زیادہ خدمت دین کی توفیق دے اور ان کو ہمیشہ خوش و خرم رکھے۔ اُن کے لیے میرے دل سے جو دعائیں نکل رہی ہیں خداوند کریم اپنے فضل سے ساری قبول فرمائے۔

اب کتابت کا بھاری پتھر تھا جس کا بار مکرمی جناب حکیم محمد شفیع صاحب خوشنویس نے نہایت خوشی کے ساتھ اپنے سارے کاموں کو روک کر اٹھالیا اور نہایت عمدگی، پوری احتیاط اور بڑی محنت سے اسے سرانجام دیا۔

مکرمی و محبّی ملک محمد طفیل صاحب مدیر رسالہ نقوش کی عنایت اور مہربانی کا میں جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے کہ موصوف نے پہلے تفسیر صغیر کی بہترین اور اعلیٰ ترین طباعت کا نہایت مشکل کام میری درخواست پر اپنے ذمہ لیا اور اُسے غیر معمولی محنت اور نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ کم سے کم وقت میں بہتر سے بہتر

طور پر انجام دیا۔ اور پھر درثمین فارسی کی طباعت کے سلسلہ میں میری بیش قرار اعانت اور مدد فرمائی جب ہی میں اس کو جلد تر جلسۂ سالانہ کے موقع پر شائع کر سکا اللہ تعالیٰ اُس پُر خلوص محبت کی جو ایڈیٹر صاحب "نقوش" نے آج اٹھارہ برس سے میرے ساتھ ملحوظ رکھی ہے بہتر سے بہتر جزا عطا فرمائے اور اُن کے کاموں اور اُن کے نیک عزائم میں زیادہ سے زیادہ برکت دے۔ آمین۔

میں اب بہت ہی زیادہ ضعیف، کمزور اور مضمحل ہو گیا ہوں۔ اور کوئی ضروری یا غیر ضروری کام مجھ سے نہیں ہو سکتا۔ طباعت کی نگرانی پھر کتابوں کی جلدیں بندھوانا ان بعد اشاعت کا انتظام کرنا یہ سب کام برخوردار مبارک محمود نے بہت ہی انہماک۔ بڑے شوق اور نہایت مستعدی سے کیا۔ اور آخر وقت تک بہت مصروفیت کے ساتھ کام میں لگے رہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے بوڑھے۔ کمزور علیل اور نہایت مضمحل باپ کی اس خدمت کا اجر عطا فرمائے۔ اگر میرا نہایت لائق اور فاضل فرزند محمد احمد آج زندہ ہوتا۔ تو وہ اس وقت اپنے بھائی کے اس دینی کام میں نہایت ہی دلی ذوق کے ساتھ حصہ لیتا۔ مرحوم کے دل میں دین کی خدمت کا ایک والہانہ جذبہ تھا مگر اللہ تعالیٰ کی خاص الخاص مصلحتوں نے اس کو عین جوانی کے عالم میں ۱۰ جنوری ۱۹۶۲ء کو اپنے پاس بُلا لیا۔ ع

بُلانے والا ہے سب سے پیارا اُسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

میں آخر میں مکرمی و محترمی جناب میاں عبدالحق صاحب رامناظر بیت المال

دیا کا نہایت درجہ شکریہ ادا کر کے اپنی تمہید کو ختم کرتا ہوں۔ راقم صاحب نے
اس کتاب کی کاپیاں نہایت محنت۔ نہایت شوق اور نہایت توجہ کے ساتھ ملاحظہ
فرمائیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے فارسی اشعار کو حضرت آدمؑ کی کتابوں کے
عبرانی الفبا سے مقابلہ کر کے درست کیا۔ حضرت میر محمد اسماعیل صاحب رضی اللہ عنہ
کے اردو ترجمہ کے ایک ایک لفظ پر غور کر کے اُسے اصل فارسی کے مطابق کیا۔ کتابت
کی غلطیوں کی انتہائی احتیاط کے ساتھ تصحیح کی۔ غرض کوئی دقیقہ اس کتاب کی صحت
اور درستی کا انہوں نے باقی نہیں چھوڑا۔ میں ان کی عنایت۔ نوازش اور مہربانی کا
بے حد ممنون ہوں۔ اتنی محنت کوئی اپنی کتاب کے لئے بھی نہیں کرتا جتنی انہوں نے
میرے لئے کی۔ اللہ تعالیٰ اُن کو اس خلوص اور نیکی کی جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور اُن
کو زیادہ سے زیادہ خدمت دین کی توفیق دے۔ آمین

۲۵ جنوری ۱۹۶۷ء

خاکسار محمد اسماعیل پانی پتی

رام گلی نمبر ۳ مکان نمبر ۱۹۔ لاہور

دُرِّ ثمین فارسی

مترجمہ حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل رضی اللہ عنہ

هر دم از کارخ عالم آوازیست | کہ یکے باني و بنا سازیست

یہ نظامِ عالم ہر بات کی گواہی دے رہا ہے کہ اس جہان کا کوئی بانی اور ساخ ضرور ہے

نہ کس اور اشریک و انبازیست | نے بکارش دخیل و ہمرازیست

نہ کوئی اُس کا شریک ہے نہ ساجھی۔ نہ اُس کے کام میں کوئی دخیل ہے نہ کوئی اُس کا ہمراز ہے

ایں جہاں را عمارت انداز یست | واز جہاں برتر است و ممتاز یست

وہ اس جہان کا بنانے والا ہے۔ مگر خود جہان سے بالاتر اور ممتاز ہے

وحدہٗ لاشریک حی و قدیر | الم یزل لایزال فرد و بصیر

وہ اکیلا لاشریک۔ زندہ اور قادر ہے ہمیشہ سے ہے ہمیشہ رہے گا۔ یگانہ اور باخبر ہے

ہمہ ساز جہان و پاک و قدیم | خالق و رازق و کریم و رحیم

جہان کا کارساز پاک اور قدیم ہے۔ پیدا کرنے والا روزی پہنچانے والا۔ مہربان اور رحیم ہے

رہنما و معلم رہ دین | ہادی و مُلہم علوم یقین

وہ رہنما اور معلم دین ہے۔ وہ ہادی اور یقینی علوم کا الہام کرنے والا ہے

متصف با ہر صفات کمال	برتر از احتیاج آل و عیال

وہ تمام صفات کمال سے متصف ہے اور آل و اولاد کے جھمیلوں سے بے نیاز ہے

ہر یکے حال ہست از و حال	نہ بیابد بدو فنا و زوال

وہ ہر زمانہ میں ایک ہی حال پر قائم ہے۔ فنا اور زوال کا اس کے حضور گزر نہیں

ہست از حکم او بدوں چیزے	نہ ز چیزے ست او نہ چوں چیزے

کوئی شے اس کے حکم سے باہر نہیں ہے اور وہ کسی سے نکلا ہے اور وہ کسی کی مانند ہے

نتواں گفت لاش اشیا ست	نے تواں گفتن اینکہ دور از ماست

نہیں کہہ سکتے کہ وہ چیزوں کا جزو ہے۔ نہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ ہم سے دور ہے

ذات او گرچہ ہست بالاتر	نتواں گفت ہیچ ہست دگر

اس کی ذات اگرچہ سب سے بالاتر ہے مگر نہیں کہہ سکتے کہ اس کے نیچے کوئی اور چیز بھی ہے

ہر چہ آید بفہم و عقل و قیاس	ذات او برتر ست ز ان و سواس

جو کچھ فہم عقل اور قیاس میں آسکتا ہے اس کی ذات ہر اس خیال سے بالاتر ہے

ذات بیچون و چند و اضداد ست	از حدود و قیود آزاد ست

اس کی ذات بے مثل بے مکاں ہے اور حدود و قیود سے آزاد ہے

نہ وجودے ذات او انباز	نہ کسے در صفات او انباز

کوئی وجود اس کا ہمسر نہیں نہ کوئی اس کی صفات میں اس کے برابر ہے

ہمہ پیدا ز دست قدرت او	کثرت شاں گواہ وحدت او

سب کچھ اس کی قدرت سے پیدا ہوا ہے اور کثرت وحدت پر گواہ ہے

اگر شورکیش بدے ز خلق دگر | اگشتے ایں جملہ خلق زیر و زبر

اگر مخلوق میں سے کوئی اس کا شریک ہوتا تو یہ تمام دنیا زیر و زبر ہو جاتی

ہر چہ از وصف خاکی و خاکست | ذاتِ بیچونِ او ازاں پاکست

خاک اور خاکی مخلوق کی جو صفات ہیں اس کی بے مثل ذات اُن سے پاک ہے

بند بر پائے ہر وجود نہاد | خود ز ہر قید و بند ہست آزاد

ہر وجود کے لیے اس نے کچھ پابندیاں لگا دی ہیں مگر خود ہر قید اور پابندی سے آزاد ہے

آدمی بندہ ہست و نفسش بند | در دو صد حرص و آز سر بکمند

آدمی غلام ہے اور اس کا نفس مقید ہے صدہا خواہشوں اور لالچوں میں پھنسا ہوا ہے

ہمچنیں بندہ آفتاب و قمر | بند در سیرگاہِ خویش و مقر

اسی طرح سورج اور چاند بھی مجبور ہیں اپنے راستوں پر چلنے کے لیے لاچار ہیں

ماہ را نیست طاقتِ ایں کار | کہ بتابد بروز چوں احرار

چاند کو اس امر کی قدرت حاصل نہیں کہ وہ دن کو آزادانہ چمک سکے

نیز خورشید را نہ یارائے | کہ نہد بر سریرِ شب پائے

اسی طرح سورج کو بھی یہ قوت نہیں کہ وہ رات کے تخت پر قدم رکھ سکے

آب ہم بندہ ہست زینکہ مدام | بند در سردی است نے خود کام

پانی بھی مجبور ہے کیونکہ ہمیشہ سردی میں جم جاتا ہے۔ مرضی کا مالک نہیں

آتشے تیز نیز بندۂ اُو | در چنیں سوزشے فگندۂ اُو

تیز آگ بھی اس کی تابع ہے اور ایسی جلن میں اسی کی ڈالی ہوئی ہے

اگر بر آری بر پیش او فریاد | اگر بیش کم نہ گردد اے اُستاد

اگر تو اُس آگ سے التجا کرے تب بھی اے شخص! اُس کی گرمی کم نہ ہوگی

پائے اشجار در زمیں بند ست | سخت در پا سلاسل افگند ست

درختوں کے تنے زمین میں پیوست ہیں۔ اُن کے پاؤں میں مضبوط زنجیریں ڈال دی ہیں

ایں ہمہ بستگانِ آں یکذات | بر وجودش دلایل و آیات

یہ سب چیزیں اُسی ہستی سے وابستہ ہیں اور اُس کے وجود پر دلایل اور نشان ہیں

اے خداوندِ خلق و عالمیاں | خلق و عالم ز قدرتت حیراں

اے جہانوں اور مخلوقات کے آقا! دنیا اور مخلوق تیری قدرت سے حیران ہے

چہ عجیب ست شان و شوکتِ تو | چہ عجیب ست کار و صنعتِ تو

تیری شان و شوکت کس قدر باعظمت ہے تیری صنعت اور تیرا کام کتنا عجیب ہے

حمد را با تو نسبت از آغاز | نے دراں کس شریک نے انباز

شروع ہی سے حمد کا تیرے ساتھ تعلق ہے اور اِس معاملہ میں نہ کوئی تیرا شریک ہے نہ ہمسر

تو وحیدی و بے نظیر و قدیم | منزّہ ز ہر نسیم و سہیم

تو اکیلا بے مثل اور ازلی ہے اور ہر ساجھی اور شریک سے پاک

کس نظیرِ تو نیست در دو جہاں | بر دو عالم تو ئی خدائے یگاں

دونوں جہان میں تیرا کوئی نظیر نہیں۔ دونوں عالم میں تو اکیلا ہی خدا ہے

زندہ تو غالب ست بر ہمہ چیز | ہمہ چیزے بہ جنبِ تو ناچیز

زندہ تو تیری طاقت غالب ہے اور ہر چیز تیرے مقابلہ میں ہیچ ہے

آرست ایمن کند ز ترس و خطر	ہر کہ عارف تر ست ترساں تر

تیرا خوف ہر ڈر اور خطرہ سے محفوظ کر دیتا ہے جو تیری معرفت زیادہ رکھتا ہے وہی تجھ سے زیادہ ڈرتا ہے

خلق جوید پناہ و سایہ کس	اواں پناہِ ہمہ تو ہستی و بس

مخلوق کسی کی پناہ اور سایہ ڈھونڈتی ہے مگر سب کی پناہ صرف تیری ذات ہے

ہست یادت کلیدِ ہر کارے	خاطرے بے تو خاطر آزارے

تیری یاد ہر مشکل کی کلید ہے ۔ تیرے بغیر ہر خیال دل کا دکھ ہے

ہر کہ نالد بدرگہت بنیاز	بختِ گم کردہ را بیابد باز

جو تیرے حضور میں عاجزی سے روتا ہے وہ اپنی گم گشتہ قسمت کو دوبارہ پاتا ہے

لطفِ تو ترکِ طالباں نکند	کس بکارِ بہت زیاں نکند

تیری مہربانیاں طالبوں کو نہیں چھوڑتیں۔ کوئی تیرے معاملے میں نقصان نہیں اٹھاتا

ہر کہ با ذاتِ تو سرے دارد	پشت بر روئے دیگرے دارد

شخص صرف تجھ سے تعلق رکھتا ہے وہ دوسرے کی طرف پیٹھ پھیر لیتا ہے

زینکہ چوں کار بر تو بگذارد	رو بہ ایثار از چہ رو آرد

کیونکہ جب وہ اپنا معاملہ تجھ پر چھوڑ دیتا ہے تو پھر کیوں غیر کی طرف توجہ کرے؟

ذاتِ پاکت بس ست یار یکے	دل یکے۔ جاں یکے۔ نگار یکے

تیری ذاتِ پاک کا ہمارے لیے دوست ہونا کافی ہے دل بھی ایک ہے جان بھی ایک ہے محبوب بھی ایک ہو تو اچھا ہے

ہر کہ چوں شیدہ با تو در سازد	رحمت آشکار ہ نوازد

| ہر کہ گیرد دست بصدق و حضور | از در و بام او ببارد نور |

جو صدق اور اخلاص سے تیری چوکھٹ پکڑتا ہے تو اُس کے در و بام سے نور کی بارش برساتا ہے

| ہر کہ بابت گرفت کارش شد | صد امیدے بروزگارش شد |

جو تیری راہ پر گامزن ہوا اُس کا کام بن گیا اور اُس کی کامیابی کی سو امیدیں بندھ گئیں

| ہر کہ راہ تو جست یافتہ است | تافت آں رو کہ سرتافتہ است |

جس نے تیری راہ ڈھونڈی اُس نے پا لیا۔ وہ چہرہ نورانی ہو گیا جس نے تجھ سے سرکشی کی

| وانکہ از ظلِّ قربتت نرمید | بر درِ ہر کہ رفت دولت دید |

اور جو تیرے قرب کے سایہ سے بھاگا وہ جس دروازہ پر بھی گیا ذلت دیکھی

| اے خداوندِ من گناہم بخش | سوئے درگاہ خویش راہم بخش |

اے میرے خداوند! میرے گناہ بخش دے اور اپنی درگاہ کی طرف مجھے رستہ دکھا

| روشنی بخش در دل و جانم | پاک کن از گناہ پنہانم |

میری جان اور میرے دل میں روشنی دے اور مجھے میرے مخفی گناہوں سے پاک کر

| دل ستانی و دلربائی کن | بر نگاہے گرہ کشائی کن |

دل ستانی کر اور دل رُبائی دکھا اپنی ایک نظرِ کرم سے میری مشکل کشائی کر

| در دو عالم مرا عزیز توئی | او آنچہ می خواہم از تو نیز توئی |

دونوں عالم میں تو ہی میرا پیارا ہے اور جو چیز میں تجھ سے چاہتا ہوں وہ بھی تو ہی ہے

(دیباچہ براہین احمدیہ حصہ اول صفحہ ۱۱ مطبوعہ ۱۸۸۰ء)

اور دلم جوشد ثنائے سرورے | آنکہ در خوبی ندارد ہمسرے

میرے دل میں اُس سردار کی تعریف جوش مار رہی ہے جو خوبی میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتا

آنکہ جانش عاشقِ یارِ ازل | آنکہ روحش واصلِ آں دلبرے

وہ جس کی جان خدائے ازلی کی عاشق ہے وہ جس کی روح اُس دلبر میں واصل ہے

آنکہ مجذوبِ عنایاتِ حق است | ہمچو طفلے پروریدہ در برے

وہ جو خدا کی مہربانیوں سے اُس کی طرف کھینچا گیا ہے اور خدا کی گود میں ایک بچہ کی مانند پلا ہے

آنکہ در پرتو کرم بحرِ عظیم | آنکہ در لطفِ اتم یکتا دُرے

وہ جو نیکی اور بزرگی میں ایک بحرِ عظیم ہے اور کمال خوبی میں ایک نایاب موتی ہے

آنکہ در جود و سخا ابرِ بہار | آنکہ در فیض و عطا یک خاورے

وہ جو بخشش اور سخاوت میں ابرِ بہار ہے اور فیض و عطا میں ایک سورج ہے

آں رحیم و رحمِ حق را آیتے | آں کریم و جودِ حق را مظہرے

وہ رحیم ہے اور رحمتِ حق کا نشان ہے وہ کریم ہے اور بخششِ خداوندی کا مظہر ہے

آں رُخِ فرخ کہ یک دیدار او | زشت رو را می کند خوش منظرے

اُس کا مبارک چہرہ ایسا ہے کہ اُس کا ایک ہی جلوہ بدصورت کو حسین بنا دیتا ہے

آں دلِ روشن کہ روشن کردہ است | صد دروں تیرہ را چوں اخترے

وہ ایسا روشن ضمیر ہے جس نے روشن کر دیا سینکڑوں سیاہ دلوں کو ستاروں کی طرح

آں مبارک پے کہ آمد ذات او | رحمتے زاں ذاتِ عالم پرورے

احمدِ آخر زماں کز نور او	اشد دلِ مردم ز خور تاباں ترے

اس احمدِ آخر زماں کے نور سے لوگوں کے دل آفتاب سے زیادہ روشن ہو گئے

از بنی آدم فزوں تر در جمال	وز لآلی پاک تر در گوہرے

وہ تمام بنی آدم سے بڑھ کر صاحب جمال ہے اور آب و تاب میں موتیوں سے بھی زیادہ روشن ہے

بر لبش جاری ز حکمت چشمۂ	در دلش پُر از معارف کوثرے

اس کے منہ سے حکمت کا چشمہ جاری ہے اور اس کے دل میں معارف سے پُر ایک کوثر ہے

بہرِ حق داماں ز غیرش بر فشاند	ثانیٔ او نیست در بحر و برے

خدا کے لیے اس نے ہر دو جہان سے اپنا دامن جھاڑ دیا بحر و بر میں اس کا کوئی ثانی نہیں

آں چراغش داد حق کش تا ابد	نے خطر نے غم ز بادِ صرصرے

حق نے اس کو ایسا چراغ دیا ہے کہ تا ابد اُسے ہوائے تند سے کوئی خوف و خطر نہیں

پہلوانِ حضرتِ ربِّ جلیل	بر میاں بستہ ز نوکت خنجرے

وہ خدائے جلیل کی درگاہ کا پہلوان ہے اور اس نے بڑی شان سے کمر میں خنجر باندھ رکھا ہے

تیرِ او تیزی بہر میداں نمود	تیغِ او ہر جا نمودہ جوہرے

اس کے تیر نے ہر میدان میں تیزی دکھائی ہے اور اس کی تلوار نے ہر جگہ اپنا جوہر ظاہر کیا ہے

کرد ثابت بر جہاں عجز بتاں	وا نمودہ زورِ آں یک قادرے

اس نے دنیا پر بتوں کا عجز ثابت کر دیا اور خدائے واحد کی طاقت کھول کر دکھا دی

[illegible]	[illegible]

عاشقِ صدق و سداد و راستی | دشمنِ کذب و فساد و ہر شرے

وہ صدق، سچائی اور راستی کا عاشق ہے۔ کذب، فساد اور شر کا دشمن ہے

خواجۂ و مرعاجزاں را بندۂ | بادشاہ و بیکساں را چاکرے

وہ اگرچہ آقا ہے مگر کمزوروں کا غلام ہے۔ وہ بادشاہ ہے۔ مگر بیکسوں کا چاکر ہے

آں ترحما کہ خلق از وے بدید | کس ندیدہ در جہاں از مادرے

وہ مہربانیاں جو مخلوق نے اُس سے دیکھیں۔ وہ کسی نے اپنی ماں میں بھی نہیں پائیں

از شرابِ شوقِ جاناں بیخود ے | در سرش بر خاک نہادہ سرے

وہ محبوب کے عشق کی شراب میں بیخود ہے اُس کی محبت میں اُس نے اپنا سر خاک پر رکھا ہوا ہے

روشنی از وے بہر قومے رسید | نورِ او رخشندہ بر ہر کشورے

اُس سے ہر قوم کو روشنی پہنچی۔ اُس کا نور ہر ملک پر چمکا

آیتِ رحمان برائے ہر بصیر | حجتِ حق بہر ہر دیدہ ورے

وہ ہر صاحب بصیرت کے لئے آیت اللہ اور ہر اہل نظر کے لیے حجتِ حق ہے

ناتواناں را برحمت دستگیر | خستہ جاناں را بشفقت غمخورے

کمزوروں کا رحمت کے ساتھ ہاتھ پکڑنے والا اور نا امیدوں کا شفقت کے ساتھ غم خوار

حسنِ رویش بہ ز ماہ و آفتاب | خاکِ کویش بہ ز مشک و عنبرے

اُس کے چہرہ کا حسن شمس و قمر سے زیادہ ہے اور اُس کے کوچہ کی خاک مشک و عنبر سے بہتر ہے

آفتاب و مہ چہ ماند بدو | دہ دلش از نورِ حق صد نیرے

سورج چاند اُس سے کہاں مشابہت رکھ سکتے ہیں اُس کے دل میں تو خدائی نور سے دو سو سورج روشن ہیں

یک نظر بہتر ز عمر جاوداں | گر خدا کس را بآں خوش پیکرے

ہمیشہ کی زندگی سے ایک نظر بہتر ہے اگر اُس پیکرِ حسن پر پڑ جائے

منکر از حُسنش ہمے دارم خبر | جاں فشانم گر دہد دل دیگرے

میں جو اُس کے حسن سے باخبر ہوں اُس پر اپنی جان قربان کرتا ہوں جبکہ دوسرا صرف دل دیتا ہے

یاد آں صورت مرا از خود برد | ہر زماں مستم کند از ساغرے

اُس کی یاد مجھے بیخود بنا دیتی ہے۔ وہ ہر وقت مجھے ایک ساغر سے مست رکھتا ہے

مے پریدم سوئے کوئے او مدام | من اگر مے داشتم بال و پرے

میں ہمیشہ اُس کے کوچہ میں اُڑتا پھرتا اگر میں پر و بال رکھتا

لالہ و ریحاں چہ کار آید مرا | من سرے دارم ہماں رُو دَر سرے

لالہ و ریحان میرے کس کام کے ہیں؟ میں تو اُس چہرہ سے سر سے تعلق رکھتا ہوں

خوبیٔ او دامنِ دل مے کشند | مُو کشانم مے بُرد زور آورے

اُس کی خوبی دامنِ دل کو کھینچتی ہے اور ایک طاقتور ہستی مجھے کشاں کشاں لے جا رہی ہے

دیدہ ام کو ہست نُورِ دیدہ ہا | در اثر مہرش چو مہر انورے

میں نے دیکھا کہ وہ آنکھوں کا نور ہے اُس کی محبت کا اثر چمکدار سورج کی مانند ہے

تافت آں رُخسار زاں رو سر نتافت | یافت آں درماں کہ بگزید آں دَرے

وہ چہرہ روشن ہو گیا جس نے اُس سے روگردانی نہ کی۔ وہ کامیاب ہو گیا جس نے اس کا دروازہ پکڑ لیا

ہر کہ بے اُو نہد قدم در بحرِ دیں | کرد در اوّل قدم گم معبرے

جس نے اُس کے بغیر دین کے سمندر میں قدم رکھا اُس نے پہلے ہی قدم میں گھاٹ کو کھو دیا

اُمّی و در علم و حکمت بے نظیر | دیں چہ بالد چشمۂ روشن ترے

وہ اُمّی ہے مگر علم و حکمت میں بے نظیر ہے اس سے زیادہ اُس کی صداقت پر اور کیا دلیل ہوگی

آں شہابِ معرفت دادش خدا | کز شعاعش خیرہ شد ہر اختر ے

خدا نے اُسے وہ شہابِ معرفت عطا فرمائی کہ اُس کی شعاعوں سے ہر ستارہ ماند پڑ گیا

شد عیاں اندر ے علی الوجہ الاتم | جوہرِ انساں کہ بود آں مضمر ے

اُس کے باعث پورے طور پر عیاں ہوگیا انسان کا وہ جوہر جو مخفی تھا

ختم شد بر نفسِ پاکش ہر کمال | لاجرم شد ختم ہر پیغمبر ے

اس کے پاک نفس پر ہر کمال ختم ہوگیا اس لیے اُس پر پیغمبروں کا خاتمہ ہوگیا

آفتابِ ہر زمین و ہر زماں | رہبرِ ہر اسود و ہر احمر ے

وہ ہر ملک اور ہر زمانہ کے لئے آفتاب ہے اور ہر اسود و احمر کا رہبر ہے

مجمع البحرین علم و معرفت | جامع الاسمین ابر و خاور ے

وہ علم اور معرفت کا مجمع البحرین ہے بادل اور آفتاب دونوں ناموں کا جامع ہے

چشمِ من بسیار گردید و ندید | چشمۂ چوں دینِ اُو صافی تر ے

میں نے بہت تلاش کیا مگر کہیں نہیں دیکھا اس کے دین کی مانند مصفّٰی چشمہ

سالکاں را نیست غیر از وے امام | رہروال را نیست جز وے رہبر ے

سالکوں کے لئے اُس کے سوا کوئی امام نہیں راہ حق کے متلاشیوں کے لیے اُس کے سوا کوئی رہبر نہیں

جائے او جائیکہ طیرِ قدس را | سوزد از انوارِ آں بال و پر ے

اُن کا مقام وہ ہے جہاں کے انوار سے جبریل کے بال و پر جلتے ہیں

آں خداوندش بداد آں شرع و دیں | کاں نگردد تا ابد متغیرے

اُس خدا نے اُسے وہ شریعت اور دین عطا کیا۔ جو کبھی بھی تبدیل نہ ہوگا

تافت اوّل بر دیار تازیاں | تا زیانش را شود دیداں گرے

پہلے وہ عرب کے ملک پر چمکا۔ تاکہ اُس ملک کی خرابیوں کا انسداد کرے

بعد زاں آں نور دیں و شرع پاک | شد محیط عالمے چوں چنبرے

بعد ازاں وہ نور اور پاک شریعت تمام عالم پر آسمان کی طرح محیط ہوگئی

خلق را بخشید از حق کامِ جاں | وا رہانیدہ ز کامِ اژدرے

مخلوق کو خدا کی طرف سے مقصدِ زندگی بخشا اور ایک اژدہے کے منہ سے اُسے رہائی دلائی

یک طرف حیراں از و شاہانِ وقت | یک طرف مبہوت ہر دانشورے

ایک طرف شاہانِ وقت اُس سے حیران تھے۔ دوسری طرف ہر عقلمند ششدر تھا

نے بعلمش کس رسید و نے بزور | در شکستہ کبر ہر متکبرے

نہ اُس کے علم تک کوئی پہنچا نہ اُس کی طاقت تک۔ اُس نے ہر متکبر کے تکبر کو توڑ کر رکھ دیا

او چہ مے دارد بمدح کس نیاز | مدح او خود فخرِ ہر مدحت گرے

اُسے کسی کی تعریف کی کیا حاجت ہے اُس کی مدح ہر مدحت گر کے لئے باعث فخر ہے

ہست او در روضۂ قدس و جمال | وز خیالِ ما دحاں بالاترے

وہ پاکیزگی اور جمال کے گلستان میں متمکن ہے اور تعریف کرنے والوں کے وہم سے بالاتر ہے

اے خدا ببرد سلامِ ما رساں | ہم بر اخوانش ز ہر پیغمبرے

اے خدا ہمارا سلام اُس تک پہنچا دے۔ نیز ہر پیغمبر پر جو اُس کا بھائی ہے

ہر رسولے آفتابِ صدق بود	ہر رسولے بود مہرِ انورے

ہر رسول سچائی کا سورج تھا۔ ہر رسول نہایت روشن آفتاب تھا

ہر رسولے بود ظلِّ دیں پناہ	ہر رسولے بود باغ مثمرے

ہر رسول دین کو پناہ دینے والا سایہ تھا اور ہر رسول ایک پھلدار باغ تھا

اگر ایں نیامدے ایں خیل پاک	کارِ دیں ماندے سراسر ابتر ے

اگر یہ پاک جماعت دنیا میں نہ آتی تو دین کا کام بالکل ابتر رہ جاتا

ہر کہ شکرِ بعثتشاں نارد بجا	ہست او آلائے حق را کافرے

جو اُن کی بعثت کا شکر بجا نہیں لاتا وہ حق تعالیٰ کی نعمتوں کا منکر ہے

آں ہمہ از یک صدف صد گوہر اند	متحد در ذات و اصل و گوہرے

وہ سب ایک سیپی کے سو موتی ہیں۔ جو ذات اور اصل اور چمک میں یکساں ہیں

اُمتے ہرگز نبودہ در جہاں	کاندراں نامد بوقتے مُنذرے

ایسی کوئی اُمت بھی دنیا میں نہیں ہوئی جس میں کسی وقت ڈرانے والا نہ آیا ہو

اوّل آدمؑ آخر شاں احمدؐ ست	اے خنک آں کس کہ بیند آخرے

اُن میں پہلا آدمؑ اور آخری احمدؐ ہے۔ مبارک وہ جو آخری کو دیکھ پائے

انبیاء روشن گہر ہستند لیک	ہست احمدؐ زاں ہمہ روشن ترے

تمام نبی روشن فطرت رکھنے والے ہیں۔ مگر احمدؐ اُن سب سے زیادہ روشن ہے

آں ہمہ کان معارف بودہ اند	ہر یکے از راہِ مولا مخبرے

وہ سب معرفت کی کان تھے اور ہر ایک مولیٰ کے راستے کی خبر دینے والا تھا

ہر کہ را علمے ز توحید حق است	ہست اصل علمش از پیغمبرے

جس کسی کو توحید حق کا کچھ علم ہے اُس کے علم کی اصل کسی پیغمبر سے ہے

آں رسیدش از رہ تعلیم ہا	گر شود اکنوں ز نخوت منکرے

وہ علم اُسے اُن کی تعلیم سے ہی پہنچا ہے خواہ اب وہ تکبر سے منکر ہو جائے

ہست قومے کج رو و ناپاک رائے	انکہ زیں پاکاں ہمے پیچد سرے

ایک گمراہ اور ناپاک قوم ایسی بھی ہے جو ان پاک لوگوں کا انکار کرتی ہے

دیدۂ شاں روئے حق ہرگز ندید	بس سیہ کرد ند روئے دفترے

ان کی آنکھوں نے حق کا منہ کبھی نہیں دیکھا اس لیے اس بحث میں انھوں نے دفتر سیاہ کر ڈالے

شور بختی ہائے بخت شاں بہ بیں	تاز ہر چشم و گریباں از خورے

اُن کی قسمت کی بدبختی کو دیکھ کہ اپنی آنکھ پر فخر کرتے ہیں اور سورج سے بھاگتے ہیں

چشم گر بودے غنی از آفتاب	کس نبودے تیز بیں چوں تیہرے

اگر آنکھ آفتاب سے بے نیاز ہوتی تو کوئی بھی چمگادڑ سے زیادہ تیز نظر نہ ہوتا

ہر کہ کور است و بر اہش صد مغاک	وائے بروے گر ندارد رہبرے

جو کہ اندھا ہے اور اُس کے راستے میں سو گڑھے ہیں اُس پر افسوس اگر اُس کا کوئی رہبر نہیں

قوم دیگر را چنیں رائے رکیک	در نشستہ از جہالت در سرے

ایک اور قوم کی ایسی ہی کمزور رائے ہے جو جہالت سے اُس کے سر میں سما گئی ہے

کاں خدائے ملکے دگر اندر جہاں	از دیار شاں ندیدہ خوشترے

وہ یہ کہ خدا نے دنیا میں کسی اور ملک کو اُن کے ملک سے زیادہ اچھا نہیں بنایا

ہم در روئے چو روئے خوبِ شاں	اندش مرغوبِ طبع و خاطرے

ان کے خوبصورت چہرے سے زیادہ کوئی چہرہ اُس کی طبیعت اور دل کو پسند نہیں آتا

لاجرم از ابتدا ایش تا ابد	ماند و خواہد ماند آنجا بستر ے

اس لیے ازل سے ابد تک اُس کا مقام اسی ملک میں رہا اور رہے گا

ملک دیگر گرچہ میرد در ضلال	مے نگردد زد گے متفسرے

کوئی دوسرا ملک خواہ گمراہی میں مرجائے لیکن وہ کبھی اس کو نہیں پوچھتا

داد مر یک ذرہ قومے را کتاب	ترک کردہ صد ہزاراں معشرے

صرف ایک چھوٹی سی قوم کو کتاب دے دی اور لاکھوں گروہوں کو اُس نے چھوڑ دیا

چوں بروز ابتدا تقسیم کرد	ق	در میانِ خلق از خیر و شرے

جب ازل میں اُس نے خلقت کے درمیان نیکی اور بدی کو تقسیم کیا

راستی در حصۂ اوشاں فتاد	دیگراں را کذب شد استخرے

تو راستی ان لوگوں کے حصہ میں آئی اور دوسروں کی قسمت میں جھوٹ ہی آیا

قولِ شاں اینست کاندر غیرِ شاں	آمدہ صد کاذب و جلت گرے

اُن کا قول یہ ہے کہ اُن کے سوا اوروں میں سینکڑوں جھوٹے اور مکار آئے ہیں

ایک نامد نزدِ شاں یک نیز ہم	آنکہ بودے از خدا یاں گستر ے

اور اُن کے پاس ایک بھی ایسا نہیں آیا جو خدا کی طرف سے دین کی اشاعت کرنے والا ہوتا

آنکہ ایشاں را نمودے راہِ حق	در کشودے کذب ہر کذب آورے

اور اُن کو خدا کا راستہ دکھاتا اور ہر جھوٹے کا جھوٹ کھول کر رکھ دیتا

تا شود بر دادار را حجت تمام	بر سرِ ہر مسلم و مستنصرے

تاکہ منصفِ خدا کی حجت پوری ہو جائے ہر مسلمان اور ہر عیسائی پر

الغرض نزدیکِ شاں دادارِ پاک	ہست ظالم تر ز ہر ظالم ترے

الغرض اُن کے نزدیک خدا تعالیٰ ہر بڑے ظالم سے بھی زیادہ ظالم ہے

کو گذارد عالمے را در ضلال	مبتلا در پنجۂ ھر ما کرے

کیونکہ وہ ایک جہان کو گمراہی کی حالت میں ہر مکار کے پنجہ میں گرفتار چھوڑ دیتا ہے

خود ہمے دارد بیک قوم دوام	ہمچو شیدائے کسے میل دگرے

اور وہ خود کسی عاشق کی طرح صرف ایک ہی قوم سے ہمیشہ محبت اور تعلق رکھتا ہے

ایں چنیں پرخم رائے ایں قوم را	احمق دیگر اینکہ بر وے فخر ورے

اس قوم کی اس قسم کی احمقانہ رائے ہے دوسری حماقت یہ کہ اس احمقانہ رائے پر فخر کرتی ہے

عاقبت ایں رائے زشت و بد خیال	کرد ایشاں را عجب کور و کرے

آخر کار اس بُری رائے اور بُرے خیال نے ان کو عجیب طرح کا اندھا اور بہرہ بنا دیا

چشم پوشیدند از صد چشمۂ	سر نگوں گشتند بر یک آخورے

اُنھوں نے سو چشموں سے تو اپنی آنکھ بند کر لی اور ایک کھرلی پر گر پڑے

سخت ورزیدند کیں با انبیاء	الاماں از کینِ ہر متکبرے

انبیاء علیہم السلام سے سخت دشمنی اختیار کی۔ ایسے ہر متکبر کی دشمنی سے خدا کی پناہ

آنچہ کین شاں پاکاں ثابت ست	از شیاطیں کس ندارد باورے

پاکبازوں سے جس قدر اُن کی دشمنی ثابت ہے اتنی دشمنی کی تو کوئی شیطانوں سے بھی امید نہیں رکھتا

خربود اندر حماقت بے نظیر	لیکن ایشاں را بہر مو صد خرے

گدھا بے وقوفی میں بے مثل ہے۔ لیکن اُن کے ایک ایک بال میں سو سو گدھے ہیں

نے سر تحقیق دارند و ثبوت	نے ز تندا ز صدق پا بر معبرے

نہ تو اُن کو تحقیق اور ثبوت سے کوئی غرض ہے نہ وہ سچے دل سے کشتی پر چڑھتے ہیں

نے دوائے را شناسند از اثر	نے درختے را شناسند از برے

نہ وہ دوا کو اُس کے اثر سے شناخت کرتے ہیں نہ وہ درخت کو اُس کے پھل سے پہچانتے ہیں

نے ز کس پرسند از روئے نیاز	نے بصرفِ فکرِ خود مستفکرے

نہ خاکساری سے کسی اور سے پوچھتے ہیں اور نہ خود اپنے فکر سے کام لیتے ہیں

نے بدل پروائے ایں تفتیش ہا	کز ہمہ دیں ہا کدامیں بہترے

نہ دل میں اس تحقیقات کی پروا رکھتے ہیں کہ سب دینوں میں کون سا دین بہتر ہے

ہر یکے بایل عدوِّ صد ہزار	فارغ از فرقِ اقل و اکثرے

صرف ایک (دین) پر مائل اور لاکھوں کے مخالف ہیں قلت اور کثرت میں فرق سے بے فکر ہیں

نے بدل خوف خدائے کردگار	نے بخاطر بیم روزِ محشرے

نہ ان کے دل میں خدا کا خوف ہے نہ قیامت کا ڈر

تیرہ جاناں دیدہ ہا را دوختہ	سوختہ در کیں وری چوں اژدہے

ان بیمار دل والوں نے اپنی آنکھوں کو سی لیا ہے کینہ اور بغض سے اژدہے کی طرح جل بھن رہے ہیں

دیدہ و دانستہ از حق قاصراند	دل نہادہ در جہانِ فادرے

جان بوجھ کر سچائی سے روگرداں ہیں اور بے وفا دُنیا سے دل لگایا ہوا ہے

از برائے حق تراشیدہ زجبل	دائما در خانۂ خود منبرے

حق کی عبادت کیلئے پہاڑوں کا رخ کرنے کے بجائے اپنے ہی گھر میں ایک مستقل منبر بنا لیا ہے

آں خدائے نشاں عجب باشد خدا	کو تغافل داشت از ہر کشورے

اُن کا خدا بھی عجب خدا ہے جسے ہر ملک سے لاپروائی رہی

بہر الہام آمدش دائم پسند	ایک زباں ایک خطۂ کوتہ ترے

اُسے ہمیشہ اپنے الہام کے لیے پسند آئے ایک زبان اور ایک چھوٹا سا ملک

ایں چنیں رائے کجا باشد درست	کے خرد گردد بسویش رہبرے

ایسی رائے کیونکر صحیح ہو سکتی ہے؛ اور عقل کس طرح اس کی طرف رہنمائی کر سکتی ہے؟

کے گمانِ بد کند بر نیکواں	آنکہ باشد نیک و نیکو محضرے

ایسا شخص نیکوں پر بدگمانی کیونکر کر سکتا ہے جبکہ وہ خود نیک اور نیک خو ہو

ماہ را گفتن کہ چیزے نیست ایں	ہست دشنامے نزیں افزوں ترے

چاند کی نسبت یہ کہنا کہ یہ کچھ بھی نہیں اس سے بڑھ کر کوئی گالی نہیں

کور گر گوید کجا ہست آفتاب	مے شود در کوری اُش رسوا ترے

اگر اندھا کہے کہ سورج کہاں ہے تو وہ اپنے اندھے پن میں زیادہ رسوا ہوگا

در خورِ تاباں مکن شک و گماں	تا ملامت را نہ گردی در خورے

چمکتے ہوئے سورج کے متعلق شک و شبہ نہ کر۔ تاکہ تو ملامت کے لائق نہ ٹھہرے

گر خدا خواہی چراکج مے روی	چوں نمے ترسی ز قہرِ قاہرے

اگر تو خدا کا طالب ہے تو کج روی نہ کر اُس قاہر خدا کے غضب سے کیوں نہیں ڈرتا

چوں نمے ترسی ز روزِ باز پُرس	چوں نہ ترسی از حضورِ داورے

تو روزِ قیامت سے کیوں نہیں ڈرتا۔ انصاف کرنے والے خدا سے کیوں خوف نہیں کھاتا

افترائے شاں چساں گشتت یقیں	یا خدایت وا نمودہ دفترے

تو کے اس افترا پر تجھے کس طرح اعتبار آگیا یا خدا نے ہی تیرے سامنے کوئی دفتر کھول دیا ہے

آنچہ شاں یک عالمے را در گرفت	تو ہنوز اے کور در شور و شرے

ان (نبیوں) کے نور نے ایک جہان کو گھیر لیا لیکن اے اندھے تو ابھی غل و شور میں مبتلا ہے

لعلِ تاباں را اگر گوئی کثیف	ایں چہ کاہد قدرِ روشن جوہرے

چمکدار لعل کو اگر تو خراب کہہ دے تو اس سے آبدار ہیرے کی قیمت کیونکر گھٹ سکتی ہے

طعنہ بر پاکاں نہ بر پاکاں بود	خود کنی ثابت کہ ہستی فاجرے

پاکوں پر طعنہ زنی کی پاکدلوں پر نہیں پڑتی بلکہ اس سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ تو خود فاجر ہے

البغض بامردانِ حق نامردی است	آں بشر باشد کہ باشد بے شرے

مردانِ خدا سے عداوت کرنا نامردی ہے بشر تو وہ ہوتا ہے جو بے شر ہو

وانکہ در کین و کراہت سوخت است	نفسِ دُوں را ہست صیدِ لاغرے

اور جو دشمنی اور نفرت سے جلتا ہے وہ اپنے نفسِ دنی کے لیے ایک دُبلا شکار ہے

صد مراتب بر ز چشمِ اہلِ کیں	چشمِ نابینا و کور و اعورے

کینہ رکھنے والوں کی آنکھ سے ہزار درجہ اچھی ہیں وہ آنکھیں جو اندھی نابینا اور کانی ہوں

بر سرِ کین و تعصب خاک باد	ہم بفرقِ کیں وراں خاکستے

عداوت اور تعصب پر لعنت بھیج اور کینہ وروں کے سر پہ دھول ڈال

جز بپایندئ حق بندۂ دگر	ور نہ گیرد با خدائے اکبرے

پابندی حق کے سوا کوئی دوسرا بندہ خدائے بزرگ سے نہیں ملاتا

ما ہمہ پیغمبراں را چاکریم	ہمچو خاکے اوفتادہ بر درے

ہم تو سب پیغمبروں کے غلام ہیں اور خاک کی طرح اُن کے دروازہ پر پڑے ہیں

ہر رسولے کو طریقِ حق نمود	جانِ ما قرباں بر آں حق پرورے

ہر وہ رسول جس نے خدا کا راستہ دکھایا ہماری جان اُس راستباز پر قربان ہے

اے خداوندم بہ نیلِ انبیا	کش فرستادی بہ فضلِ اوفرے

اے میرے خدا! ان انبیاء کے گروہ کے طفیل جن کو تو نے بڑے بھاری فضلوں کے ساتھ بھیجا ہے

معرفت ہم دہ چو بخشیدی دلم	مے بدہ زاں ساں کہ دادی ساغرے

مجھے معرفت عطا فرما جب تو نے دل دیا ہے شراب بھی عطا کر جبکہ تو نے جام دیا ہے

اے خداوندم بنامِ مصطفےٰؐ	کش شدی در ہر مقامے ناصرے

اے میرے خدا! مصطفےٰؐ کے نام پر جس کا تو ہر جگہ مددگار رہا ہے

دستِ من گیر از رہِ لطف و کرم	در مہمّم باش یار و یاورے

اپنے لطف و کرم سے میرا ہاتھ پکڑ اور میرے کاموں میں میرا دوست اور مددگار بن جا

تکیہ بر زورِ تو دارم گرچہ من	ہمچو خاکم بلکہ زاں ہم کمترے

میں تیری قوت پر بھروسہ رکھتا ہوں اگرچہ میں خاک کی طرح ہوں بلکہ اس سے بھی کم تر

دیباچہ براہین احمدیہ حصہ اول صفحہ ۱۶ تا ۱۷

مطبوعہ ۱۸۸۰ء

کہ کب پروانہ را چوں موت مے آید فرازد | می فتد بر شمع سوزاں از رہِ شوخی و ناز

پروانہ کی جب موت آتی ہے۔ تو وہ شمع سوزاں پر شوخی و ناز سے گرتا ہے

(براہین احمدیہ حصہ دوم ٹائیٹل پیج مطبوعہ ۱۸۸۰ء)

پناہم آں توانائیست ہر آں | ز بخلِ ناتوانانم منرساں

میری پناہ ہر آن وہ طاقتور ہستی ہے۔ تو مجھے ناتوانوں کے بخل سے مت ڈرا

(براہین احمدیہ حصہ دوم مطبوعہ ۱۸۸۰ء)

بدل دردیکہ دارم از برائے طالبانِ حق | نمے گردد بیاں آں درد از تقریر کوتاہم

وہ درد جو میں طالبان حق کے لیے اپنے دل میں رکھتا ہوں۔ اُس درد کو الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا

دل و جانم چناں مستغرق اندر فکرِ ایشان است | کہ لے از دل خبر دارم نہ از جانِ خود آگاہم

میری جان و دل ان لوگوں کی فکر میں اس قدر مستغرق ہے کہ مجھے نہ اپنے دل کی خبر ہے نہ اپنی جان کا ہوش ہے

بدیں شادم کہ غم از بہرِ مخلوقِ خدا دارم | ازیں دراندم کہ دردے خیزد از دل راہم

میں تو اس پر خوش ہوں کہ مخلوق خدا کا غم رکھتا ہوں اور اس کے باعث میرے دل سے جو آہ نکلتی ہے اس میں مگن ہوں

مرا مقصود و مطلوب و تمنا خدمتِ خلق است | ہمیں کارم ہمیں بارم ہمیں رسمم ہمیں راہم

میرا مقصود اور میری خواہش خدمتِ خلق ہے یہی میرا کام ہے یہی میری ذمہ داری ہے۔ یہی میرا فریضہ ہے

نہ من از خود نہم در کوچہ پند و نصیحت پا | کہ ہمدردی بردآنجا بہ جبر و زور و اکراہم

میں نے اپنی مرضی سے وعظ و نصیحت کے کوچہ میں قدم نہیں رکھا بلکہ مخلوق کی ہمدردی مجھے زبردستی کھینچے لیے جارہی ہے

غمِ خلقِ خدا صرف از زبان خوردن چہ کار است ایں | عرش صدق جا بیا ریزم ہنوز شکر عذر می خواہم

صرف زبان سے خلق خدا کے غم کھانے کا کیا فائدہ اگر اس کے لیے سو جانیں بھی فدا کروں تب بھی معذرت کرتا ہوں

چو شام پُر غبار و تیرہ حالِ عالمے بینم | خدا برُ دے فرود آرد دعا ہائے سحر گاہم

جب دنیا کی تاریکی کو دیکھتا ہوں تو چاہتا ہوں کہ خدا اس پر میری پچھلی رات کی دعاؤں کی (قبولیت) نازل کرے

(براہین احمدیہ حصہ دوم صفحہ ۸۵ و ۸۶)

خاکسایم و سخن از رہِ غربت گویم | یَعْلَمُ اللّٰہُ کہ بکس نیست غبارے مارا

ہم تو خاکسار ہیں اور فروتنی سے بات کرتے ہیں۔ خدا شاہد ہے کہ ہمیں کسی سے عداوت نہیں

نامۂ بیہودہ پئے ایں سر و کارے بردیم | جلوۂ حسن کشد جانبِ یارے مارا

ہم فضول اس مقصد کے پیچھے نہیں پڑے ہوئے بلکہ تجلی حسن ہمیں محبوب کی طرف کھینچے لیے جارہی ہے

(براہین احمدیہ حصہ دوم صفحہ ۸۵)

بیا اے طلب گارِ صدق و صواب | بخواں از سرِ خوض و فکر ایں کتاب

اے سچائی اور حق کو ڈھونڈنے والے ذرا غور اور فکر سے اس کتاب کو پڑھ

اگر بر کتابم فتد یک نگاہ | بدانی کہ تا جنت این است راہ

اگر میری کتاب پر تیری ایک نظر پڑ جائے تو تو جان لے گا کہ جنت کا راستہ یہی ہے

مگر شرط انصاف و حق پروریست | کہ انصاف مفتاح دانشوریست

مگر عدل و انصاف شرط ہے۔ کیونکہ انصاف عقلمندی کی کنجی ہے

دو چیز است چو پانِ دُنیا و دیں | دلِ روشن و دیدۂ دُوربیں

دو چیزیں دنیا اور دین کی پاسبان ہیں ایک تو روشن دل دوسرے دُوربین آنکھ

کسے کو خرد دارد و نیز داد | نخواہد مگر راہِ صدق و سداد

وہ شخص جو عقل اور انصاف رکھتا ہے وہ سوائے سچائی اور راستی کے اور کچھ نہیں چاہتا

نہ پیچد سر از آنچہ پاکست و راست | نتابد رُخ از آنچہ حق و بجاست

وہ اس چیز سے انکار نہیں کرتا جو پاک اور سچی ہے نہ اُس بات سے منہ موڑتا ہے جو درست اور بجا ہے

چو بیند سخن را زِ حق پروری | دگر در سخن کم کند داوری

جب وہ انصاف کی رُو سے بات کو دیکھتا ہے۔ تو وہ ناحق ہٹ دھرمی نہیں کرتا

الا اے کہ خواہی نجات از خدا | بقصرِ نجات از درِ حق درآ

اے وہ شخص جو خدا سے نجات چاہتا ہے تو نجات کے محل میں راستبازی کے دروازے سے آ

بحق گرد و حق را بخاطر نشاں | منہ دل بباطل چو کژ خاطراں

حق کے ساتھ رہ اور حق کو ہی دل میں بٹھا۔ بد باطنوں کی طرح جھوٹ سے دل نہ لگا

مشو عاشقِ زشت رُو زینہار | وگر خوب گم گردد از روزگار

ہرگز کسی بدشکل کا عاشق نہ ہو۔ خواہ زمانہ سے حُسن نابود بھی ہو جائے

زمیں از زراعت تہی داشتن | بہ از تخم خار و خسک کاشتن

زمین کو کاشت سے خالی رکھنا اس سے بہتر ہے کہ کانٹوں اور گوکھرو کا بیج اس میں بویا جائے

اگر گردد دیدۂ عقل باز | بجوئی رہِ حق نہ سجز و نیاز

اگر تیری عقل کی آنکھ کھل جائے تو تو خدا کے راستے کو عاجزی اور خاکساری سے ڈھونڈے

طلب گار گردی بہ صدق دلی | بخواب اندر اندیشہ ہم نگسلی!

سچے دل سے اس کا طلب گار ہو جائے اور خواب میں بھی اس سے غافل نہ رہے

نگیری دمے استراحت ازاں | مگر چوں ز حق بازیابی نشاں!

اس کے بغیر تو ایک دم بھی چین نہ پائے یہاں تک کہ خدا کا نشان پا لیوے

اجل بر سرت ہستی ات چوں حباب | توزیں ساں سراندر نہادہ بخواب

موت تیرے سر پر ہے اور تیری ہستی حباب کی مانند ہے مگر تو اسی طرح نیند میں مدہوش ہے

بآباؤ اجداد پیشیں نگر | کہ چوں در گذشتند زیں رہگذر

اپنے پچھلے باپ دادوں کو دیکھ کہ وہ کس طرح اس دنیا سے گذر گئے

بیادت نماند است انجام شاں | فراموش کردی در اندک زماں

ان کا انجام تجھے یاد نہیں رہا اور تو نے تھوڑے ہی دنوں میں اُسے بھی بھلا دیا

خودت با اجل چیست از کر و بند | چہ دیوار داری کشیدہ بلند

موت کے مقابلہ میں تیرے پاس کیا حیلے حوالے ہیں کیا تو نے کوئی دیوار اس کے روکنے کے لئے بنالی ہے

چو ناگہ نہنگ اجل در کشد | چرا آدمی ایں چنیں سر کشد

جب اچانک موت کا مگرمچھ (انسان کو) کھینچ لے جاتا ہے تو پھر آدمی اتنا تکبر کیوں کرے

بدنیائے دوں دل مبند اے جواں | تماشائے آں بگذرد ناگہاں

اے جوان! اس ذلیل دنیا سے دل نہ لگا کیونکہ چٹ پٹ اس کا تماشا ختم ہو جاتا ہے

بدنیا کسے جاودانہ نماند | بہ یک رنگ وضع زمانہ نماند

دنیا میں کوئی بھی ہمیشہ نہیں رہا۔ اور زمانہ کا حال ایک جیسا نہیں رہتا

بدست خود از حالتِ دردناک | سپردیم بسیار کس را بہ خاک

ہم نے دردبھرے دل کے ساتھ اپنے ہاتھوں سے بکثرت لوگوں کو خاک کے سپرد کیا ہے

چو خود دفن کردیم خلقے کثیر | چرا یاد ناریم روزِ اخیر

جب ہم نے خود بہت سی مخلوق کو دفن کیا ہے۔ تو پھر کیوں نہ ہم اپنی موت کا دن یاد رکھیں

ز خاطر چرا یادِ نشاں افگنیم | نہ ما آہنیں جسم و روئیں تنیم

اپنے دل سے اُن کی یاد کیوں بھلا دیں ہم فولاد تن اور کانسی کے بنے ہوئے تو نہیں ہیں

بترس اے معاند ز قہرِ خدا | کہ سخت ست قہرِ خداوندِ ما

اے مخالف! خدا کے غضب سے ڈر کہ ہمارے خدا کا قہر بہت سخت ہے

بہ ناکردنِ ترسِ پروردگار | بسا شہر و بر اں شدند و دیار

پروردگار کا خوف نہ کرنے کی وجہ سے بہت سے شہر اور ملک برباد ہوگئے

ازاں بے ہراساں نشانے نماند | نشانے چہ یک استخوانے نماند

اُن بیباک لوگوں کا نشان تک نہ رہا۔ نشان تو کیا ایک ہڈی بھی باقی نہ رہی

ہمہ زیرکی در ہراسیدن ست | وگرنہ بلا بر بلا دیدن ست

عقلمندی یہی ہے کہ انسان ڈرتا رہے ورنہ پھر مصیبت پر مصیبت دیکھنی پڑے گی

بہ ناپاکی و خبث ہا زیستن | بہ از ایں چنیں زیست نازیستن

ناپاکی اور گندگی میں زندگی بسر کرنا۔ ایسی زندگی سے تو مرنا بہتر ہے

بیا و بنہ سوئے انصاف گام | ازیں توبہ کردن چرا شد حرام

آ اور انصاف کی راہ پر قدم رکھ۔ عداوت کی وجہ سے توبہ کرنا کیوں حرام ہوگیا؟

یقین داں کہ قولم زحق پروریست | نہ لاف و گزاف ست و نے سرسریست

یقین کرلے کہ میری یہ بات انصاف پر مبنی ہے سرسری اور لاف و گزاف نہیں

بہر مذہبے غور کردم بسے | شنیدم بدل حجتِ ہر کسے

میں نے ہر مذہب پر خوب غور کیا اور ہر شخص کی دلیل کو توجہ سے سُنا

بخواندم ز ہر ملتے دفترے | بدیدم ز ہر قوم دانشورے

میں نے ہر مذہب کی بہت سی کتابوں کو پڑھا اور ہر قوم کے عقلمندوں کو دیکھا

ہم از کودکی سوئے ایں تاختم | دریں شغل خود را بلند اختم

بچپن سے ہی میں نے اس (راہ) کی طرف توجہ کی اور اپنے تئیں اسی شغل میں ڈال دیا

جوانی ہمہ اندریں باختم | دل از غیرِ ایں کار پرداختم

اپنی جوانی بھی میں نے اسی میں خرچ کی اور دل کو اور کاموں سے فارغ کر دیا

بماندم دریں غم زمانِ دراز | نخفتم ز فکرش شبانِ دراز

میں ایک لمبا عرصہ اسی غم میں مبتلا رہا اور اس بات کی فکر میں راتوں نہیں سویا

نگہ کردم از روے صدق و سداد | بترسِ خدا و بعدل و بہ داد

میں نے حق اور راستی کو مدنظر رکھ کر اور خدا کا خوف کر کے عدل و انصاف کے ساتھ خوب غور کیا

چو اسلام دینے قوی و متین | ندیدم کہ بر منبعش آفرین

تو میں نے اسلام کی مانند قوی اور مضبوط دین اور کوئی نہیں پایا اس کے منبع پر آفرین ہو

چناں دارد ایں دیں صفا بیش بیش | کہ حاسد بہ بیند در و روئے خویش

یہ دین اس قدر اعلیٰ صفائی رکھتا ہے کہ حاسد کو اس میں اپنا چہرہ نظر آ جاتا ہے

نماید انساں گوہر راہِ صفا	کہ گردد بصدقش خرد رہنما

یہ دین، اس طرح کہ انسانی کا راستہ دکھاتا ہے کہ عقل اس کے صدق پر گواہی دیتی ہے

ہمہ حکمت آموزد و عقل و داد	رہاند زہر نوعِ جہل و فساد

یہ سراسر حکمت، عقل اور انصاف سکھاتا ہے اور ہر قسم کی جہالت اور فساد سے بچاتا ہے

ندارد دگر مثلِ خود در بلاد	خلافش طریقے کہ مثلش مباد

اس جیسا مذہب دنیا میں اور کوئی نہیں اس کے مخالف جو بھی طریقہ ہے خدا کرے وہ نابود ہو جائے

اصولش کہ ہست آں مدارِ نجات	چو خورشید تابد بصدق و ثبات

اس کے اصول جو مدارِ نجات ہیں وہ سچائی اور مضبوطی میں سورج کی طرح چمکتے ہیں

اُصولِ دگر کیش ہا ہم عیاں	نہ چیزیکہ پوشیدنش مے تواں

دیگر مذاہب کے اصول بھی ظاہر ہیں کوئی کوشش اُن کو چھپا نہیں سکتی

اگر نامسلماں خبر داشتے	بجاں جنسِ اسلام نگذاشتے

اگر غیر مسلم عقل رکھتا تو جان دے دیتا مگر جنسِ اسلام کو نہ چھوڑتا

محمدؐ مہیں نقشِ نورِ خداست	کہ ہرگز چنوے بگیتی نخاست

محمد صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے نور کا سب سے بڑا نقش ہیں۔ ان جیسا انسان دنیا میں کبھی پیدا نہیں ہوا

ہمہ بود از راستی ہر دیار	بکردار آں شب کہ تاریک و تار

ہر ملک سچائی سے خالی تھا۔ اُس رات کی طرح جو بالکل اندھیری ہو

خدائش فرستاد و حق گسترید	زمیں را بداں مقدمے جاں دمید

خدا نے اُسے بھیجا اور اُنؐ نے حق کو پھیلایا۔ زمین میں اُس کے آنے سے جان پڑ گئی

انہا لیست از باغِ قدس و کمال	ہمہ آں او ہمچو گل ہا ئے آں

وہ پاکیزگی اور کمال کے باغ کا ایک درخت ہے اور اُس کی سب آل گلاب کے پھولوں کی طرح ہے

(براہین احمدیہ حصہ دوم صفحہ ۹۳ تا ۹۶)

اگر نرسے روبمقابل روئے کردہ وبسمہ	اکس چہ دانستے جمالِ شاہدِ گلفام را

اگر خطابیں بڑ شکل اور سیاہ رو نہ ہوتا تو کیونکر کوئی گل اندام معشوق کا حسن پہچان سکتا

اگر شتا نمے بخصمے کار و رجنگ نبرد	کے شدے جوہر عریاں شمشیر خوں آشام را

اگر دشمن سے لڑائی اور جنگ واقع نہ ہوتی تو خون پینے والی تلوار کا جوہر کیونکر ظاہر ہوتا

روشنی را قدر از تاریکی است و تیرگی	و از جہالت ہست بود و قدر عقل نام را

اندھیرے کی وجہ سے ہی روشنی کی قدر ہے اور جہالت کی وجہ سے ہی عقل کی عزت قائم ہے

حجتِ صادق ز نقش و قبح روشن تر شود	عذرِ نامعقول ثابت می کند الزام را

سچی دلیل عیب گیری اور بحث کی وجہ سے زیادہ روشن ہو جاتی ہے اور بیہودہ بہانہ تو الزام ہی کو ثابت کرتا ہے

(براہین احمدیہ حصہ دوم صفحہ ۹۸)

ہر کہ تف افگند بہ مہر منیر	ہم بروئش فتد نفِ تحقیر

جو شخص روشن سورج پر تھوکتا ہے تو ذلت کا تھوک اس کے ہی منہ پر پڑتا ہے

تا قیامت نفت است بر ریش	قدسیاں دور تر زید بویش

اس کے منہ پر قیامت کے دن تک لعنت ہے پاک انسان اس کی بدبو سے بہت دور رہتے ہیں

(براہین احمدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۰۲)

عیشِ دُنیائے دوں دمے چند ست	آخرش کار با خداوند ست

اس ذلیل دُنیا کا عیش چند روزہ ہے بالآخر خدا تعالےٰ سے ہی کام پڑتا ہے

ایں سرائے زوال و موت و فناست	ہر کہ نشست اندریں برخاست

یہ دُنیا زوال موت اور فنا کی سرائے ہے جو بھی یہاں رہا وہ آخر رخصت ہوا

یکدمے رُو بسوئے گورستاں	واز خموشانِ آں بپرس نشاں

تھوڑی دیر کے لیے قبرستان میں جا اور وہاں کے مُردوں سے حال پُوچھ

کہ مآلِ حیاتِ دُنیا چیست	ہر کہ پیدا شد ست تا کے زیست

کہ دُنیاوی زندگی کا انجام کیا ہے۔ اور جو پیدا ہوا وہ کب تک جیا ہے

ترک کُن کبر و ناز و دلال	تا نہ کارت کشد بسوئے ضلال

کبر۔ فخر اور ناز چھوڑ دے تاکہ تیرا خاتمہ گمراہی پر نہ ہو

چوں ازیں کارگہ بہ بندی بار	باز نائی دریں بلاد و دیار

جب تو اس دنیا سے اپنا سامان باندھ لے گا تو پھر ان شہروں اور ملکوں میں واپس نہیں آئے گا

اے زدیں بے خبر بجو رغمِ دیں	کہ نجاتت معلق است بدیں

اے دین سے بے خبر! دین کا غم کھا۔ کیونکہ تیری نجات دین سے ہی وابستہ ہے

ہاں تغافل مکن ازیں غمِ خویش	کہ ترا کار مشکل است بپیش

خبردار اپنے اس غم سے غفلت نہ کیجو کیونکہ تجھے مشکل کام درپیش ہے

دل ازیں درد و غم فگار بکن	دل چہ جاں نیز ہم نثار بکن

اپنے دل کو اس درد و غم سے زخمی کر۔ دل کیا بلکہ جان بھی قربان کر دے

ایست کارت ہمہ بال یکذات	چوں صبوری کنی از دیہیمات

تیرا اسلام اور اطمینان اسی ایک ذات سے ہے افسوس ہے کہ پھر اس کے بغیر کیونکر تجھے صبر آتا ہے

ایں بخت گردد چو زد بگردی باز	او دولت آید ز آمدن بہ نیاز

جب تو اس سے برگشتہ ہوتا ہے تو تیری قسمت خراب ہوتی ہے اور تجھ کے ساتھ اس کی خصوصیت سے دولت ملتی ہے

چوں ایں بتری زایں چنیں یارے	چوں بدیں اہلی کنی کارے

کس طرح تو ایسے دوست سے تعلق قطع کر سکتا ہے اور کس طرح ایسی بیوفائی کا کام کر سکتا ہے

ایں جہاں ست مثل مردارے	چوں سگے ہر طرف طلبگارے

یہ دنیا تو مردار کی طرح ہے اور اس کے طلبگار کتوں کی طرح اس سے چمٹے ہوئے ہیں

خنک آں مرد کو ازیں مردار	روئے آرد بکوئے آں دادار

وہ شخص خوش قسمت ہے جو اس مردار سے بچ کر اپنا منہ خدا کی طرف پھیرتا ہے

چشم بندد ز غیر و داد دہد	در سر یار سر بباد دہد

غیر کی طرف سے آنکھیں بند کر لیتا ہے اور انصاف کرتا ہے اور دوست کے خیال میں اپنا سر قربان کر دیتا ہے

ایں ہمہ جوش حرص و آز و ہوا	ایست تا ہست مرد نابینا

حرص۔ لالچ اور طمع کا یہ سب طوفان اسی وقت تک ہے جب تک کہ آدمی اندھا ہے

چشم دل اندکے چو گردد باز	سرد گردد بر آدمی ہمہ آز

لیکن جب دل کی آنکھ تھوڑی سی بھی کھل جائے تو آدمی کی تمام حرص ٹھنڈی پڑ جاتی ہے

اے رسن ہائے آز کردہ دراز	ایں ہوس ہا چرا نیائی باز

اے وہ کہ جس نے لالچ کی رسیاں لمبی کر رکھی ہیں کیوں تو ان ہوس پرستیوں سے باز نہیں آتا

| دولتِ عمر دم بدم بزوال | تو پریشاں بفکرِ دولت و مال |

عمر کی دولت ہر گھڑی گھٹنے میں ہے لیکن تو مال و دولت کی فکر میں پریشاں ہے

| خویش و قوم و قبیلہ پُر زدغا | تو بریدہ برائے تناں ز خُدا |

رشتہ دار، قوم اور کنبہ سب دھوکے باز ہیں لیکن تو نے اُن کی خاطر خدا سے تعلق توڑ رکھا ہے

| ایں ہمہ را بکشتنت آہنگ | اگہ بصلحت کشد و گاہ بجنگ |

ان سب کا ارادہ تیرے قتل کرنے کا ہے کبھی تو یہ صلح سے مارتے ہیں اور کبھی لڑ کر

| خاک بر رشتۂ کہ پیوندت | بگسلاند ز یارِ دل بندت |

اس رشتہ پر لعنت ہے جو تیرے پیوند کو تیرے دلی دوست سے تڑوائے

| ہست آخر بآں خدا کارت | نہ تو یارِ کسے نہ کس یارت |

آخر اسی خدا سے تجھے کام پڑے گا (ورنہ) نہ تو تُو کسی کا یار ہے اور نہ کوئی تیرا یار ہے

| قدم خود بنہ بخوفِ اتم | تا روی از جہاں بصدقِ قدم |

اپنا قدم نہایت خوف کے ساتھ رکھ تاکہ تو اس دُنیا سے صدقِ قدم کے ساتھ جائے

| تا خُدات محبِ خود سازد | نظرِ لُطف بر تو اندازد |

تاکہ خُدا تجھے اپنا دوست بنالے اور تجھ پر مہربانی کی نظر ڈالے

| بادہ نوشی ز عشق و زاں بادہ | مست باشی و بیخود اُفتادہ |

اور تو عشق کی شراب پیے اور اس شراب سے مست اور مدہوش پڑا رہے

| نیست ایں جائے گہ مقامِ مدام | ہوش کن تا نہ بد شود انجام |

یہ جگہ ہمیشہ رہنے کا مقام نہیں ہے۔ خبردار ہو جا۔ تا خاتمہ بُرا نہ ہو

مہرِ آں زندہ نورت افزاید | مہرِ ایں مُردگان چہ کار آید

اُس زندہ کی محبت تیرے نور کو بڑھائے گی۔ ان مُردوں کی محبت بھلا کس کام آئے گی

لقمہ و معدہ و سر و دستار | سر بسر ہست بخششِ دادار

کھانا۔ معدہ۔ سر اور دستار سب کی سب خدا کی بخششیں ہیں!

حقِ باری شناس و شرم بدار | پیش زاں کز جہاں بہ بندی بار

خالق کا حق پہچان اور شرم کر اس سے پہلے کہ تو دُنیا سے رخصت ہو

سگ ازو از چہ رو بگردانی | سگ وفا مے کند تو انسانی

کیوں تو اس سے منہ پھیرتا ہے۔ کتا بھی وفا کرتا ہے تُو تو آدمی ہے

ترس باید ز قادرے اکبر | ہر کہ عارف ترست ترساں تر

قدرت والے خدا سے بڑے سے خوف چاہیئے۔ جو زیادہ خدا شناس ہے وہی زیادہ ڈرتا ہے

فاسقاں در سیاہ کاری اند | عارفاں در دُعا و زاری اند

بدکار لوگ بُرے کاموں میں مشغول ہیں عارف لوگ دُعا اور زاری میں مصروف ہیں

اے خنک دیدۂ کہ گریانش | اے ہمایوں دلے کہ بریانش

ٹھنڈی رہے وہ آنکھ جو اُس کے لیے روتی ہے مبارک ہے وہ دل جو اُس کے لیے جلتا ہے

اے مبارک کسے کہ طالب اوست | فارغ از عمرو زید بارخِ دوست

بابرکت ہے وہ جو اُس کا طالب ہے۔ اور عمرو زید کے خیال سے الگ ہو کر اُس کے حضور میں رہتا ہے

ہر کہ گیرد رہِ خدائے یگاں! | آں خدایش بس ست در دو جہاں

جو بھی خدائے واحد کا راستہ اختیار کریگا اُس کے لیے خدا تعالیٰ دونوں جہانوں میں کافی ہے

لاجرم طالب رضائے خدا | بگسلد از ہمہ برائے خدا

یہ پکی بات ہے کہ خدا کی رضا کا طالب خدا کے لیے ہر ایک سے قطع تعلق کر لیتا ہے

شیوہ اش مے شود فدا گشتن | ق | بہر حق ہم ز جاں مجدا گشتن

اس کا مذہب تو یار پر قربان ہو جانا اور خدا کے لیے اپنی جان سے جدا ہونا ہے

اور رضائے خدا شدن چوں خاک | ، | نیستی و فنا و استہلاک

خدا کی رضا میں خاک ہو جانا اور نیستی اور فنا اور ہلاکت کا طالب ہونا

اول نہادن در آپختہ مرضیٔ یار | صبر بر مجاریٔ اقدار

جو یار کی مرضی ہو اس پر راضی ہونا اور جاری شدہ قضا و قدر پر صبر کرنا

تو بحق نیز دیگرے خواہی | این خیال ست اصل گمراہی

تو خدا کے ساتھ اوروں کو بھی چاہتا ہے۔ بس یہی خیال گمراہی کی جڑ ہے

اگر دہندت بصیرت و مردی | از ہمہ خلق سوئے حق گردی

اگر تجھ میں عقل اور دلیری ہو تو تو صرف خدا ہی کی طرف متوجہ رہے

در حقیقت دلبر است یار یکے | دل یکے جاں یکے نگار یکے

در حقیقت محبوب ایک ہی کافی ہے کیونکہ دل بھی ایک ہوتا ہے اور جان بھی ایک اس لئے محبوب بھی ایک ہونا چاہیئے

ہر کہ او عاشق یکے باشد | ترک جاں پیشش اندکے باشد

جو ایک ہی ہستی کا عاشق ہوگا جان دینا اس کے لیے معمولی بات ہوگی

کوئے او باشدش ز بستاں بہ | ق | روئے او باشدش ز ریحاں بہ

اس کا کوچہ اسے باغ سے زیادہ اچھا لگتا ہے اور اس کا منہ پھول سے زیادہ اسے پسند ہوتا ہے

ہر چہ دلبر بدو کند آں بہ | دیدن دلبرش ز صد جاں بہ |

معشوق جو بھی سلوک اُس کے ساتھ کرے وہی بہتر ہوتا ہے اپنے دلبر کا دیکھنا اُسے سو جان سے بڑھ کر ہوتا ہے

یا بہ زنجیر پیشِ دلدارے! | بہ ز ہجراں و سیرِ گلزارے |

اپنے دلدار کے سامنے پابہ زنجیر ہونا اُس کے لیے اُس جدائی سے بہتر ہے جس میں گلزار کی سیر ہو

ہر کہ دارد یکے دلآرامے! | جز بوصلش نیابد آرامے |

جس شخص کا ایک ہی دلآرام ہے تو اُسے سوائے اُس کے وصل کے آرام ہی نہیں آتا

شب بہ بستر نہد ز فرقتِ یار | ہمہ عالم بخواب و او بیدار |

رات بھر وہ دوست کی جدائی میں بستر پر تڑپتا ہے سب دنیا سوتی ہے وہ جاگ رہا ہوتا ہے

تا نہ بلند صبوری اش ناید | ہر دمش سیلِ عشق برباید |

جب تک اُسے نہ دیکھ لے اُسے صبر نہیں آتا ہر لحظہ محبت کا سیلاب اُسے بہائے لیے جاتا ہے

در دلِ عاشقاں قرار کجا | توبہ کردن ز روئے یار کجا |

عاشقوں کے دل کو بھلا آرام کہاں! یار کے دیدار سے توبہ کرنا چہ معنی دارد!

حسنِ جاناں بگوشِ خاطرِ شاں | گفت رازیکہ گفتنش نتواں |

محبوب کے حسن نے اُن کے دل کے کان میں ایک ایسا راز کہہ دیا ہے جو بیان نہیں ہو سکتا

ہمچنیں ہست سیرتِ عشاق | صدق ورزاں بایزدِ خلاق |

عاشقوں کی سیرت ایسی ہوا کرتی ہے کہ وہ خدا کے ساتھ سچائی کا معاملہ رکھتے ہیں

جاں منور بہ شمعِ صدق و یقیں | نورِ حق تافتہ بلوحِ جبیں |

اُن کی جان سچائی کی شمع سے روشن ہوتی ہے اور نورِ حق اُن کی پیشانی سے پھوٹ پھوٹ کر نکلتا ہے

ایمیابان و دین جہاں ناکام	ازیرکاں دُور تر پریدہ زدام

یہ سمجھ لیا ہے کہ دنیا سے نامرادیت متعلق ہیں کیونکہ دُنیا کے جال سے اُڑ کر دور چلے گئے ہیں

از خود و نفس خود خلاص شدہ	مہبطِ فیضِ نورِ خاص شدہ

اپنے آپ سے اور اپنے نفس سے رہائی پا گئے اور خاص نور کے فیضان کا مقام بن گئے

در خداوندِ خویش دل بستہ	باطن از غیرِ یار بگسستہ

اپنے خُدا سے دل لگا لیا اور ماسوا اللہ سے دِل چھڑا لیا

پاک از دخلِ غیر منزلِ دل	یار کردہ بجان و دل منزل

غیر کی مداخلت سے ان کا دل پاک ہے دوست نے اُن کے دل و جان میں اپنا ٹھکانا بنا لیا ہے

دین و دُنیا بکارِ او کردند	بر درش اوفتادہ چوں گردند

انھوں نے اپنے دین و دُنیا دوست کے لیے وقف کر دیے اور اُس کے دروازہ پر خاک کی طرح پڑے ہوئے ہیں

ریزہ ریزہ شد آبگینۂ شاں	بوئے دلبر دمد ز سینۂ شاں

اُن کا شیشہ چور چور ہو گیا اور اُن کے سینہ سے دلبر کی خوشبو نکل رہی ہے

نقشِ ہستی بشست جلوۂ یار	سر زد آخر ز جیبِ دل دلدار

یار کی تجلّی نے اُن کی ہستی کا نقش دھو ڈالا آخر دل کے گریبان سے دلدار نے سر نکالا

اگر بر آرند شعلہ ہائے درول	دود خیزد ز تربتِ مجنوں

اگر اپنے اندرونی شعلوں کو ظاہر کر دیں تو مجنوں کی قبر سے دھواں نکلنے لگے

نے ز سر ہوش نے ز پا خبرے	در سرِ دلستاں بخاک سرے

انھیں اپنے سر پیر کا ہوش نہیں معشوق کے خیال میں خاک پر سر رکھے ہوئے ہیں

ہر کسے را بخود سرو کارے | کارِ دلدادگاں بدلدارے |
ہر شخص کو اپنے کام سے کام ہوتا ہے۔ مگر عاشقوں کو صرف دلدار سے غرض ہوتی ہے

ہر کسے را بعزّتِ خود کار | فکرِ ایشاں ہمہ بعزّتِ یار |
ہر شخص کو اپنی عزت کا خیال رہتا ہے۔ مگر ان کا سب فکر یار کی عزت کے لیے ہے

تو سرِ خویش تافتہ از دیں | حاصلِ روزگارِ تو ہمہ کیں |
تو نے اپنا سر دین کی طرف سے پھیر لیا ہے۔ تیری زندگی کا حاصل صرف عداوت ہے

در عناد و فساد اُفتادہ | داد و دانش ز دستِ خود دادہ |
تو تو جھگڑے اور فساد میں پڑا ہوا ہے اور انصاف اور عقل کو جواب دے رکھا ہے

سر کشیدہ بناز و کبر و ریا | و از تدیّن نہادہ بیروں پا |
غرور، تکبر اور ریا سے اکڑ رہا ہے اور دینداری کی حد سے باہر نکل گیا ہے

چوں خدا ات نداد نورِ دروں | عقل و ہوشِ تو جملہ گشت نگوں |
چونکہ خدا نے تجھے دل کا نور نہیں دیا اس لیے تیرے عقل و ہوش سب اُلٹے ہو گئے

کفر گوئی عبادت انگاری | فسق ورزی ثواب پنداری |
تو کفر بکنے کو عبادت سمجھتا ہے۔ اور بدکاری کو ثواب جانتا ہے

صد حجابت بچشمِ خویش فرا | باز گوئی کہ آفتاب کجا |
تیری آنکھ کے سامنے سو پردے پڑے ہیں پھر پوچھتا ہے کہ سورج کہاں ہے

پردہ بردار تا ببینی پیش | جانِ ما سوختی بکوریٔ خویش |
پردہ اُٹھا تاکہ تجھے سامنے کی چیز نظر آئے تو نے اپنے اندھے پن سے ہمارا دل جلا دیا

تا حق سر ز منعم و منّاں	ایں بود شکرِ نعمت اے ناداں

منعم اور منانِ خدا سے تو نے سر پھیر لیا اے بیوقوف کیا اسی کا نام شکرِ نعمت ہے؟

دل نہادن دریں سراچہ دوں	عاقبت مے کند ز دیں بیروں

اس ذلیل سرائے سے دل لگانا آخرکار آدمی کو دین سے خارج کر دیتا ہے

ترکِ کوئے حق از وفا دور ست	دل بہ غیرے مدہ کہ غیور ست

حق کے کوچہ کو چھوڑ دینا وفاداری سے بعید ہے غیر سے دل نہ لگا کیونکہ خدا بڑا غیرت مند ہے

دانی و باز سرکشی از وے	ایں چہ بر خود ستم کنی ہے ہے

تو جان بوجھ کر اس سے سرکشی کرتا ہے ہائے افسوس تو اپنے اوپر کیا ظلم کر رہا ہے

ہر چہ غیرے خدا بخاطرِ تست	آں بتِ تست اے یاراں دست

خدا کے سوا جو بھی تیرے دل میں ہے اے کمزور ایمان والے وہی تو تیرا بت ہے

پُر حذر باش زیں بتانِ نہاں	دامنِ دل ز دستِ شاں برہاں

ان چھپے بتوں سے ڈرتا رہ اور ان کے ہاتھ سے اپنے دل کا دامن چھڑا لے

چیست قدر کسیکہ شرکش کار	چوں زنِ زانیہ ہزار ش یار

اس شخص کی کیا قدر ہے جس کا کام شرک ہو اور بدکار عورت کی طرح اس کے ہزار دل یار ہوں

صدق مے ورز و صدق پیشہ بگیر	جانبِ صدق را ہمیشہ بگیر

صدق اختیار کر اور صدق کو اپنا پیشہ بنالے اور ہمیشہ صدق کا پہلو اختیار کر

دیدۂ تو بہ صدق بکشاید	یارِ رفتہ بہ صدق باز آید

راستبازی کے باعث تیری آنکھ کھل جائے گی اور گمشدہ دوست صدق کی بدولت واپس آئے گا

صادق آں ست کو بقلب سلیم	بگزیداں دیں کہ ہست پاک و قویم

سچا وہ ہے جو نیک دل کے ساتھ اُس دین کو اختیار کرتا ہے جو پاک اور مضبوط ہو

دینِ پاک ست ملتِ اسلام	از خدائیکہ ہست علمش تام

پاک دین صرف اسلام کا دین ہے اور یہ اُس خدا کی طرف سے ہے جس کا علم کامل ہے

ایں کہ دیں از برائے آں باشد	کہ ز باطل بحق کشاں باشد

پھر کہ دین اس لیے ہوتا ہے کہ باطل سے چھڑا کر حق کی طرف کھینچ کر لے جائے

ایں صفت ہست خاصۂ قرآں	ہر اصولش موثق از بُرہاں

تو یہ بات قرآن کا خاصہ ہے اور اُس کا ہر اُصول دلیل سے ثابت ہے

با براہینِ روشن و تاباں	مے نماید رہ خدائے یگاں

وہ روشن اور چمکدار دلائل کے ساتھ خدائے واحد کا راستہ دکھاتا ہے

من گر امروز سیم داشتمے	آں براہین بزر نگاشتمے

اگر آج میرے پاس روپیہ ہوتا تو اُن دلائل کو سونے (کے پانی) سے لکھتا

اللہ اللہ چہ پاک دیں ست ایں	رحمت ربّ عالمیں ست ایں

اللہ اللہ یہ کیسا پاک مذہب ہے جو سراسر ربّ العالمین کی رحمت ہے

آفتابِ صواب است ایں	بخدا بہ ز آفتاب ست ایں

یہ راہ راست کا سورج ہے۔ خدا کی قسم یہ دین سورج سے بھی بہتر ہے

مے برآرد ز جہل و تاریکی	سوئے انوارِ قرب و نزدیکی

جہالت اور اندھیرے سے نکال کر قرب و وصل کے انوار کی طرف لاتا ہے

اے نماید بہ طالبان رہِ راست | راستی موجب رضائے خدا ست

طالبوں کو راہ راست دکھاتا ہے اور راستی خدا کی رضا کا موجب ہے

اگر ترا ہست بیم آں دادار | ایں بپذیر و ز خلق بیم مدار!

اگر تجھے خدا کا خوف ہے تو مذہب اسلام کو قبول کر اور لوگوں سے مت ڈر

چوں بود بر تو رحمتِ آں پاک | دیگر از لعن و طعنِ خلق چہ باک

جب اُس خدائے پاک کی رحمت تجھ پر ہو تو پھر تجھے مخلوق کی لعنت اور طعنوں سے کیا ڈر ہے

لعنتِ خلق سہل و آساں ست | لعنت آں ست کو ز رحماں ست

خلقت کی لعنت آسان اور سہل ہے دراصل لعنت وہ ہے جو خدا کی طرف سے پڑتی ہے

(براہین احمدیہ حصہ دوم صفحہ ۱۳۰ تا ۱۳۵
مطبوعہ ۱۸۸۰ء)

ہست فرقاں آفتابِ علم و دیں | تا برندت از گماں سوئے یقیں

قرآن مجید علم اور دین کا سورج ہے اور وہ تجھے شک سے یقین کی طرف لے جائیگا

ہست فرقاں از خدا حبل المتیں | تا کشندت سوئے ربُّ العالمیں

قرآن خدا کی مضبوط رسّی ہے اور وہ تجھے رب العالمین کی طرف کھینچ کرے جائیگی

ہست فرقاں روزِ روشن از خدا | تا دہندت روشنیٔ دیدہ ہا

قرآن خدا کی طرف سے ایک روشن دن ہے تاکہ تجھے روحانی آنکھوں کی روشنی بخشے

اینچ فرستاد ایں کلامِ بے مثال | تا رسی در حضرتِ قدس و جلال

خدا نے اس بے نظیر کلام کو اس لیے بھیجا ہے تاکہ تو اس پاک اور ذوالجلال کی درگاہ میں پہنچ جائے

| تا روئے شک ست الہام خدا | کاں نماید قدرتِ تامِ خدا |

خدا تعالیٰ کا الہام شک کی رو ہے کیونکہ وہ خدا تعالےٰ کی کامل قدرت کو ظاہر کرتا ہے

| ہر کہ روئے خود ز فرقاں در کشید | جانِ او روئے یقیں ہرگز ندید |

جس نے قرآن سے رو گردانی اختیار کی اُس نے یقین کا منہ ہرگز نہیں دیکھا

| جانِ خود را اے کنی در خود روی | باز میمانی ہماں گول و غوی! |

تو خودرائی کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاک کرتا ہے مگر پھر بھی ویسا ہی احمق اور گمراہ رہتا ہے

| کاش جانت میلِ عرفاں داشتے | کاش سعیت تخمِ حق را کاشتے |

کاش تیرا دل معرفت الٰہی حاصل کرنے کی رغبت رکھتا کاش تیری کوشش سچائی کا بیج بوتی

| خود نگہ کن از سرِ انصاف و دیں | از گمانہا کے شود کار یقیں! |

تو آپ انصاف و عدل سے غور کر کہ گمان کس طرح یقین کا کام دے سکتا ہے!

| ہر کہ را سوئش درے بکشودہ است | از یقیں نے از گمانہا بودہ است |

جس کا دروازہ خدا کی طرف کھل گیا وہ یقین کی وجہ سے کھلا ہے نہ کہ شبہات کی وجہ سے

| قدرِ فرقاں نزدت اے غدار نیست | ایں ندائی کت جز از دے یار نیست |

اے غدار! تو قرآن کی قدر کو نہیں جانتا تجھے کیا پتہ کہ اس جیسا تیرا کوئی اور مونس نہیں

| وحیِ فرقاں مُردگاں را جاں دہد | صد خبر از کوچۂ عرفاں دہد |

قرآن کی وحی مُردوں میں جان ڈالتی ہے اور معرفت الٰہی کی سینکڑوں باتیں بتاتی ہے

| از یقیں ہا می نماید عالمے! | کاں نہ بینید کس بصد عالم ہمے |

اور یقینی علوم کا ایسا جہان دکھاتی ہے جو کوئی سو جہانوں میں بھی نہیں دیکھ سکتا

(براہین احمدیہ حصہ سوم حاشیہ صفحہ ۱۵۰ روحانی جلد ۱ صفحہ ۲۸۸)

اے در انکار ماندہ از الہام | کرد عقلِ تو عقل را بدنام

اے وہ شخص جو الہام کا منکر ہے تیری سمجھ نے تو عقل و دانش کو بھی بدنام کر دیا

از خدا رو بخویش آوردی | ایں چہ آئین و کیش آوردی

خدا کو چھوڑ کر تو نفس پرستی میں مبتلا ہو گیا۔ بھلا یہ کونسا مذہب اور طریقہ ہے

تا نہ کس سر ز خویشتن تابد | رازِ توحید را چہ سان یابد!

جب تک کوئی شخص تکبر کو نہیں چھوڑتا تب تک وہ توحید کا راز کس طرح پا سکتا ہے

تا نہ بر فرقِ نفس پا بزنی | کے بہ پاک و پلید فرق کنی

جب تک تو اپنے نفس کو کچل نہیں دیتا تب تک پاک اور ناپاک میں کس طرح فرق کر سکتا ہے

ہر کہ شد تابعِ کلامِ خدا | رست از اتباعِ حرص و ہوا

جو شخص خدا کے کلام کا فرمانبردار ہو گیا۔ وہ حرص و ہوا کی پیروی سے آزاد ہو گیا

از خود و نفسِ خود خلاص شدہ | مہبطِ فیضِ نورِ خاص شدہ

اپنے آپ اور اپنے نفس سے اس نے رہائی پائی اور نورِ خداوندی کے فیض کا مظہر بن گیا

برتر از رنگِ ایں جہاں گشتہ | آں چہ ناید بوہم آں گشتہ

وہ اس دنیا کے رنگ سے اونچا ہو گیا اور ایسا بن گیا کہ اس کا درجہ خیال میں بھی نہیں آسکتا

ما اسیرانِ نفسِ امارہ | بے خدائیم سخت ناکارہ

ہم جو نفسِ امارہ کے قیدی ہیں خدا کے بغیر ہم بالکل ہی ناکارہ ہیں

تا میاں بست وحیِ حق بہ رشاد | اے بسا عقدہائے ما کہ کشاد

جب سے خدا کی وحی ہماری ہدایت کے لیے نازل ہوئی ہمارے بہت سے عقدے حل ہو گئے

آنچہ شود از تو کارِ سبحانی	آنچہ نہ شد از تو کارِ سبحانی

جو خدا کا کام ہے وہ تجھ سے نہیں ہو سکتا۔ خالی چکنی تو کیا گھما رہا ہے

تو و علم تو ما و علمِ خدا	فرق بیں از کجاست تا بہ کجا

تو اور تیرا علم ایک طرف ہے ہم اور خدا کا علم ایک طرف اب دیکھ لے کہ دونوں میں کیا فرق ہے

آں یکے انتظارِ خویش بہ بر	دیگرے چشمِ انتظار بہ در

ایک وہ ہے جس کا معشوق اس کی بغل میں ہے دوسرا وہ ہے جس کی آنکھ انتظار میں دروازے پر لگی ہوئی ہے

آں یکے ہم نشیں بمہ روئے	دیگرے ہرزہ گرد در کوئے

ایک وہ شخص ہے جو اپنے محبوب کے پاس بیٹھا ہے دوسرا وہ ہے جو گلی میں آوارہ پھر رہا ہے

آں یکے کام یافتہ بہ تمام	دیگرے سوختہ بفکرتِ کام

ایک وہ ہے جس نے اپنا مقصد پالیا۔ دوسرا وہ ہے جو اپنا مقصد پانے کی فکر میں جل رہا ہے

عارت آید ز عالمِ اسرار	خود ز خود دم زنی ز ہے پندار

تجھے عالمِ اسرار سے شرم آنی چاہیئے۔ تو اپنی عقل پر فخر کرتا ہے تیرے تکبر پر افسوس

ہمہ کارِ تو ناتمام اُفتاد	وہ چہ کارت بعقلِ خام افتاد

تیرا سارا کام نامکمل رہ گیا۔ ناقص عقل کے ساتھ تجھے کیسا بُرا واسطہ پڑا

(براہین احمدیہ حصہ سوم صفحہ ۱۵۶
مطبوعہ ۱۸۸۲ء)

ترا عقلِ تو ہر دم پائے بندِ کبرے دارد	برو عقلے طلب کن کت ز خود بینی برول آرد

تیری عقل ہر وقت تجھے کبر میں گرفتار رکھتی ہے جا اور ایسی عقل تلاش کر جو تجھے خود بینی سے نجات دے

ہماں بہتر کہ ما آں علم حق از حق بیاموزیم | کہ ایں علمیکہ ما داریم صد سہو و خطا دارد

ایسی بہتر ہے کہ ہم خدا کے علم کو خدا سے ہی سیکھیں کیونکہ جو علم ہمارے پاس ہے اس میں سینکڑوں غلطیاں ہیں

کہ گوید بہتر از قولش گر او خاموش بنشیند | کہ گیرد دستت اے نادان گر او دستِ تو بگذارد

اگر خدا خاموش رہے تو اس سے بہتر کون کہہ سکتا ہے اگر وہ تجھے چھوڑ دے تو پھر کون تیری دستگیری کر سکتا ہے

بروقدرش ببیں از حجت بے اصل دم درکش | کہ ایں حجت کمی آری بلا بر سرت آرد

جا اور اس کی قدر پہچان اور حجت بازی کو چھوڑ دے کیونکہ جو بات تو پیش کرتا ہے وہ تیرے سر پر مصیبتیں لائے گی

(براہین احمدیہ حصہ سوم حاشیہ صفحہ ۱۹۱ مطبوعہ ۱۸۸۲ء)

حاجت نورے بود ہر چشم را | ایں چنیں اُفتاد قانونِ خُدا

ہر آنکھ کو روشنی کی ضرورت ہے — خدا کا قانون ایسا ہی ہے

چشمِ بینا بے خور تاباں کہ دید | کے چنیں چشمے خُداوندے آفرید

بغیر سورج دیکھنے والی آنکھ کس نے دیکھی؟ خدا نے ایسی آنکھ کب بنائی؟

چوں تو خود قانونِ قدرت بشکنی | پس چرا بر دیگراں سرمے زنی

جب تو خود ہی قانون قدرت کو توڑتا ہے۔ تو پھر تو دوسروں پر کیوں اعتراض کرتا ہے؟

آنکہ در ہر کار شد حاجت روا | چوں روا داری کہ نبود رہنما

وہ خدا جس نے انسان کی ہر ضرورت کو پورا کیا کیا وہ مذہب کے بارے میں تیری رہنمائی نہ کرتا؟

آنکہ اسپ و گاؤ خر را آفرید | تا ترا بد پشت تو از بار نہ دید

وہ جس نے گھوڑے گائے اور گدھے کو پیدا کیا۔ تاکہ تیری پیٹھ کو سخت بوجھ سے نجات دے

چوں ترا حیران گذارد در معاد | اے عجب تو عاقل و ایں اعتقاد

دانچہ کو آخرت کے معاملہ میں کیوں پریشان چھوڑ دے تعجب ہے کہ عقلمند ہو کر تو یہ اعتقاد رکھتا ہے

چوں دو چشمت داد او اندائے بے خبر | پس چرا پوشی یکے وقتِ نظر

اے بے خبر جب تجھے دو آنکھیں دی گئی ہیں پھر دیکھنے کے وقت ایک کو کیوں بند کر لیتا ہے

آنکہ زد ہر قدرتے گشتہ عیاں | قدرتِ گفتار چوں ماند نہاں

وہ ذات جس سے ہر قسم کی قدرت ظاہر ہوئی۔ تو بولنے کی قوت کس طرح مخفی رہ سکتی تھی

آنکہ شد ہر وصفِ پاکش جلوہ گر | پس چرا ایں وصف ماند مستتر

وہ ہستی جس کی ہر پاک صفت ظاہر ہو گئی پھر اس کی یہ صفت کیونکر چھپی رہ سکتی تھی

ہر کہ او غافل بود از یادِ دوست | چارہ سازِ غفلتش پیغامِ اوست

ہر شخص جو خدا کی یاد سے غافل ہو۔ تو خدا کا پیغام ہی اس کی غفلت کا چارہ ساز ہوتا ہے

تو عجب داری ز پیغامِ خدا | ایں چہ عقل و فکر تست اے خود نما

تو خدا کے پیغام پر تعجب کرتا ہے۔ اے متکبر یہ تیری عقل اور سمجھ کیسی ہے

لطفِ او چوں خاکیاں را عشق داد | عاشقاں را چوں بیفگندے زیاد

اس کی مہربانی نے جب مٹی کے پتلے کو عشق بخشا۔ تو وہ اپنے عاشقوں کو کیونکر بھلا سکتا

عشق چوں بخشید از لطفِ اتم | چوں نہ بخشیدے دوائے آں الم

جب کمال مہربانی سے اس نے محبت دی۔ تو پھر کیوں اس درد کی دوا نہ بخشتا

او خود چو کرد از عشق خود دلہا کباب | چوں نہ کردے از سرِ رحمت خطاب

جب خود اس نے اپنے عشق سے دلوں کو کباب کر دیا تو پھر رحمت کے ساتھ ہم سے کلام کیوں نہ کرتا

دل نیارامد بجز گفتارِ یار!	اگرچہ پیش دیدہا باشد نگار

دل کو محبوب کے کلام کے سوا آرام نہیں ملتا۔ خواہ محبوب آنکھوں کے سامنے ہی ہو

پس چو خود در پردہ اندر حجاب	کے تواں کردن صبوری از خطاب

لیکن جب محبوب خود ہی پردے میں ہو۔ تو کلام کے بغیر صبر کس طرح آسکتا ہے

ایں یک آں داند کہ او دلدادہ است	در طریقِ عاشقی افتادہ است

ان باتوں کو صرف وہ عاشق ہی جانتا ہے۔ جو راہِ محبت کا واقف ہے

حسن را با عاشقاں باشد سرے	بے نظر در کے بود خوش منظرے

حسن کا عاشقوں کے ساتھ تعلق ہوتا ہے اور کوئی حسین بغیر قدردان کے نہیں ہوتا

عاشق آں باشد کہ او گم از خود ست	در طریقِ عشق خود بینی بد ست

عاشق وہ ہوتا ہے جو اپنے آپ کو بھول جائے۔ طریقِ عشق میں آپ کو کچھ سمجھنا بُرا ہے

لیکن استیصالِ ایں کبر و خودی	نیست ممکن جز بہ وحی ایزدی

لیکن اس تکبر اور خودی کا استیصال۔ خدا تعالیٰ کی وحی کے بغیر ممکن نہیں

ہر کہ ذوقِ یارِ جانی یافت ست	آں ز وحیٔ آسمانی یافت ست

جس نے اس دلی دوست کے وصل کا لطف اٹھایا۔ اس نے صرف آسمانی وحی کی بدولت اٹھایا

عشق از الہام آمد در جہاں	ورد از الہام شد آتش فشاں

عشق الہام ہی کی وجہ سے دنیا میں آیا اور درد نے بھی الہام ہی کی وجہ سے آتش فشانی کی

شوق و اُنس و الفت و مہر و وفا	جملہ از الہام می دارد منیا

شوق اُنس الفت اور مہر و وفا ان سب کی بدولت الہام کی وجہ سے ہے

هر کرا حق برایافت از الہام یافت | ہر رُخے کو تافت از الہام تافت

جس کسی نے خدا کو پایا الہام سے پایا۔ ہر ایک چہرہ جو چمکا وہ الہام سے چمکا

تو ز اہلِ محبت زیں سبب! | از کلامِ یار مے داری عجب!

تو محبت کے کوچہ کا واقف نہیں اس لیے کلامِ یار پر تعجب کرتا ہے

عشق مے خواہد کلامِ یار را | رو بہ پرس از عاشقِ ایں اسرار را

عشق تو دوست کے کلام کو چاہتا ہے۔ جا اور عاشق سے اس راز کو پوچھ

ایں مگو کز درگہش دوریم ما! | ربط او با خشتِ خاکِ ما کجا

یہ نہ کہہ کہ چونکہ ہم اس کی درگاہ سے دور ہیں اس لیے اس کا تعلق ہماری خشتِ خاک سے نہیں ہو سکتا

داند آں مردِ کہ روشن جاں بود | کیں طلب در فطرتِ انساں بود

اس بات کو وہی جانتا ہے جو روشن ضمیر ہے کہ خدا کی طلب انسان کی فطرت میں داخل ہے

دل نہ گیرد تسلی جز خدا | ایں چنیں افتاد فطرت زابتدا

خدا کے بغیر انسان کا دل تسلی نہیں پاتا۔ ابتدا سے آدمی کی یہی فطرت ہے

دل ندارد صبر از قولِ نگار! | کاشتند ایں تخم از آغازِ کار

محبوب کے کلام کے سوا دل کو صبر نہیں آتا ازل سے خدا نے یہ بیج اس کی فطرت میں بو دیا ہے

آنکہ انساں را چنیں فطرت بداد | چوں کمالِ فطرتش دادے بباد

وہ خدا جس نے انسان کو ایسی فطرت دی وہ کس طرح اس کی فطرت کے اس کمال کو برباد کر دیتا

کارِ حق کے از بشر گردد ادا | کے شود از کرمکے کارِ خدا

خدا کا کام انسان سے کیونکر ہو سکتا ہے۔ ایک کیڑے سے خدائی کام کب ہو سکتے ہیں

ما ہمہ جہلیم و او دانائے راز	ما ہمہ کوریم و او را دیدہ باز

ہم سب جہل محض ہیں۔ کور دی واقف اسرار ہے۔ ہم سب اندھے ہیں اور وہی ایک بینا ہے

یا خدا ہم دعوئی فرزانگی	سخت جہل است و رگ دیوانگی

خدا کے مقابل پر عقلمندی کا دعوی کرنا۔ سخت جہالت اور دیوانہ پن ہے

تا فتن روزانہ خورتاباں کہ من	خود برآرم روشنی از خویشتن

روشن سورج سے منہ پھیر لینا اس خیال سے کہ میں اپنے اندر سے آپ ہی روشنی نکال لوں گا

عالمے را کور کرد دست ایں خیال	سرنگوں افگندہ در چاہ ضلال

اس خیال نے ایک دنیا کو اندھا اور برباد کر دیا ہے۔ اور انھیں گمراہی کے کنوئیں میں ڈال دیا ہے

تا نہ بر فطنت مکن گر فطنتے ست	در رہ تو ایں خرد مندی بتے ست

اگر کچھ عقل ہے تو اس عقل پر ناز نہ کر۔ تیرے راستے میں یہ عقل ایک بت ہے

عقل کاں با کبر میدارند خلق	ہست حق و عقل پندارند خلق

تکبر سے ملی ہوئی وہ عقل جو لوگ رکھتے ہیں محض بیوقوفی ہے۔ پھر بھی لوگ اسے عقل سمجھتے ہیں

کبر شہر عقل را ویراں کند	عاقلاں را گمرہ و ناداں کند

تکبر عقل کے شہر کو ویران کر دیتا ہے اور عقلمندوں کو گمراہ اور بیوقوف بنا دیتا ہے

آنچہ افزاید غرور و مجبی	چوں رساند تا ہدایت اے غوی

جو چیز غرور اور تکبر کو بڑھاتی ہے اے گمراہ! وہ تجھے خدا تک کیونکر پہنچا سکتی ہے

خود روی در شرک اندازد ترا	توبہ کن از خود روی اے خود نما

خود روی تجھے شرک میں ڈال دے گی۔ اے خود نما! خود روی سے توبہ کر

ہست مشرک از سعادت دور تر	وانِ فیوضِ سرمدی مہجور تر

مشرک سعادت سے بہت دور ہے۔ اور خدا کی دائمی رحمتوں سے پرے پھینکا گیا ہے

از خدا با شد خدا را یافتن	نے بہ مکر و حیلہ و تدبیر و فن

خدا کی مدد سے ہی خدا کو پا سکتے ہیں۔ نہ کہ چالاکی حیلہ اور مکر و فریب کے ساتھ

تا نیائی پیشِ حق چوں طفلِ خرد	ہست جامِ تو سراسر پُر ز دُرد

جب تک تو چھوٹے بچے کی طرح خدا کے سامنے نہ آئیگا تب تک تیرا جام صرف تچھٹ سے ہی بھرا رہیگا

شرطِ فیضِ حق بود عجز و نیاز	کس ندیدہ آب بر جائے فراز

خدا کے فیضان کے لیے عجز و نیاز شرط ہے۔ کسی نے پانی کو اونچی جگہ ٹھیرتے نہیں دیکھا

حق نیاز ے جوید آنجا ناز نیست	آنرا پرِ خود تا درش پرواز نیست

خدا کو عاجزی پسند ہے وہاں فخر کام نہیں آتا۔ اپنے پروں سے اُس تک اڑ کر نہیں پہنچ سکتے

عاجزاں را پرورد ذاتِ اجل	سرکشاں محروم و مردود ازل

وہ بزرگ ذات عاجزوں کی پرورش کرتی ہے۔ اور سرکش ہمیشہ محروم و مردود رہتے ہیں

چوں نیائی زیرِ تابِ آفتاب	کے فتد بر تو شعاعے در حجاب

جب تک تو سورج کی روشنی کے سامنے نہیں آتا تو پردہ کے پیچھے تجھ پر اُس کی روشنی کیونکر پڑ سکتی ہے

آبِ شور اندر کفت ہست اے عزیز!	آنرا ہا کم کُن اگر داری تمیز

اے عزیز! تیری ہتھیلی میں تو کھاری پانی ہے۔ اگر کچھ تمیز ہے تو اس پر فخر نہ کر

آبِ جاں بخشے ز جاناں آیدت	رو طلب ہے کُن اگر جاں بایدت

زندگی بخش پانی تو محبوب سے ملے گا۔ اگر زندگی درکار ہے تو جا اور اُس سے مانگ

ہست آں آبِ بقا بس ناپدید | کس نبُرد مصباحِ حق را ہش ندید

وہ آبِ حیات بالکل مخفی ہے اور اس کا راستہ خدائی چراغ کے بغیر کسی نے نہیں دیکھا

آں خیالاتے کہ بینی از خرد | پرتوِ آں ہم زوحیِ حق رسد

وہ خیالات جو تو اپنی عقل سے معلوم کرلیتا ہے۔ اُن کی روشنی بھی خدا کی وحی سے ملتی ہے

ایک چشمِ دیدنت چوں باز نیست | ایں دلِ تو محرمِ ایں راز نیست

لیکن چونکہ تیری روحانی آنکھ کھلی ہوئی نہیں۔ اس لیے تیرا دل اس راز سے واقف نہیں

سرِ کشفی از حق کہ من دانا دلم! | حاجتِ وحیش ندارم عاقلم!

تو خدا کا ناافرمان ہے اور یہ خیال کرتا ہے کہ میں دانا ہوں اور اس کی وحی کی مجھے ضرورت نہیں میں عقل رکھتا ہوں

لغزشِ تو حاجتے پیدا کند | دردمے عقلِ ترا رسوا کند

مگر تیری لغزش تجھے حاجتمند بنادے گی۔ اور دم بھر میں تیری عقل کی قلعی کھول دے گی

عقلِ تو گورے مجسّص از بروں | واندروں پیست یک لاشے زبوں

تیری عقل باہر سے پختہ مقبرہ کی مانند خوشنما ہے۔ مگر اس کے اندر کیا ہے؟ ایک گندی لاش!

منتہائے عقلِ تعلیمِ خداست | ہر صداقت را ظہور از انبیاست

خدا کی تعلیم ہی عقل کے کمال کو پہنچتی ہے۔ اور انبیاء سے ہی ہر صداقت کا ظہور ہوتا ہے

ہر کہ علمے یافت از تعلیم یافت | تافت آں روئے کہ زو رونے نتافت

جس نے کچھ حاصل کیا وہ تعلیم سے حاصل کیا وہ منہ روشن ہو گیا جس نے خدا سے رُخ نہ پھیرا

باز زبانِ حال گوید روزگار | اے قصیر العمر گیر آموزگار!

وقت زبانِ حال سے کہہ رہا ہے۔ کہ اے تھوڑی عمر والے انسان! استاد پکڑ

ابجد او ناقصاں ہم ناقص ست	اگر ترا گوشے بود حرفے بس ست

ناقصوں کے خیالات بھی ناقص ہی ہوتے ہیں اگر تیرے کان ہیں تو بھی ایک حرف نصیحت کے لیے کافی ہے

حق منزہ از خطا تو چہ خطا	داوری ہا کم کن و بر حق بپا

خدا غلطی سے پاک اور تو غلطیوں کی پوٹ ہے۔ جھگڑا نہ کر بلکہ حق پر قائم رہ

عقلِ تو مغلوب صد حرص و ہواست	نکتہ بر مغلوب کار اشقیاست

تیری عقل حرص و ہوا کی مغلوب ہے۔ اور مغلوب پر بھروسہ کرنا بدبختوں کا کام ہے

از کس و ناکس بیاموزی فنوں	عار داری زاں حکیم بے چگوں

تو ہر کس و ناکس سے علم سیکھتا رہتا ہے۔ مگر اُس لافانی حکیم سے سیکھنے میں تجھے شرم آتی ہے

از تکبر راہِ حق بگذاشتی	اینچہ کردی اینچہ تخمے کاشتی

تو نے تکبر کی وجہ سے حق کا راستہ چھوڑ دیا۔ یہ تُو نے کیا کیا، یہ تو نے کیسا بیج بویا!

اے ستمگر ایں ہمہ مولائے ماست	کز عطایانش ہمہ ارض و سماست

اے ظالم یہی تو وہ ہمارا آقا ہے جس کی عطا سے یہ سب آسمان اور زمین (کی نعمتیں) ہیں

ابر و باران و مہ و مہر آفرید	کرد تابستان و سرما را پدید

جس نے بادل۔ بارش۔ چاند اور سورج پیدا کیے۔ اور گرمی سردی کو ظاہر کیا

تا بفضلِ او غذائے خود خوریم	زندہ مانیم و تنِ خود پروریم

تاکہ ہم اس کے فضل سے اپنی خوراک کھاتے ہیں۔ اور زندہ رہیں اور اپنی پرورش کریں

آنکہ بر تن کرد ایں لطفِ تتم	کے کند محروم جاں را از کرم

جس نے ہمارے بدن پر کمال درجہ کی مہربانی کی ہے وہ ہماری جان کو اپنے کرم سے محروم کر سکتا ہے

ہی قرآں ہست جذبِ ایزدی	تا برندت از خودی در بے خودی

قرآن کی وحی خدا کی ایک کشش ہے تاکہ وہ تجھے نفسانیت سے روحانیت کی طرف لے جائے

ہست قرآں دافعِ شرکِ نہاں	تا مراد را ہم از و یابی نشاں

قرآن اندرونی شرک کو دُور کرتا ہے۔ تاکہ تو خدا کا نشان خدا کی طرف سے ہی پائے

تا رہی از کبر و خود بینی و ناز	تا شوی ممنونِ فضلِ کارساز

تاکہ تو تکبر خود بینی اور فخر سے نجات پائے اور اُس کارساز کے فضل کا ہی ممنون ہو

دُور شو از کبر تا رحم آیدش	بندگی کُن بندگی مے بایدش

کبر سے دُور ہو کہ اُسے تجھ پر رحم آئے۔ بندگی کر کیونکہ اُسے تو بندگی درکار ہے

زندگی در مُردن و بیخود بکاست	ہر کہ اُفتاد است اول آخر بخاست

زندگی تو مرنے عاجزی اور رونے سے ہے جو اس کے آگے گر گیا وہی نجات پائے گا

ہست جامِ نیستی آبِ حیات	ہر کہ نوشید است او رست از ممات

نیستی کا جام ہی دراصل میں آبِ حیات ہے جس نے وہ پی لیا وہ موت سے خلاصی پا گیا

عاقل آں باشد کہ جوید یار را	در اَز تذلّل معابر آرد کار را

عقلمند وہ ہے جو خُدا کو تلاش کرتا ہے اور اپنا سارا معاملہ عجز و نیاز سے نکالتا ہے

ایلہی بہتر ازاں عقل و خرد	کت بچاہِ کبر و نخوت افگند

اُس عقل و دانش سے بیوقوفی اچھی۔ جو تجھے کبر و نخوت کے کنوئیں میں ڈال دے

طالبِ حق باش و بیروں از خود آ	خودروی ہا ترک کُن بہرِ خُدا

خُدا کا طالب ہو اور خودی سے باہر آ۔ اور خدا کے لیے خودروی کو ترک کر

من ندانم ہیچ ایمان است و دیں	دم زدن در جنب رب العالمیں

میں نہیں جانتا کہ یہ کونسا دین و ایمان ہے کہ ناپاک انسان خدا کے مقابلے میں دعوے کرے

تُو کجا و آں قادرِ مُطلق کجا	توبہ کن ایں ابلہی ہا کم نما

تو کہاں اور وہ قادر مطلق کہاں ! توبہ کر اور ایسی بیوقوفیاں ظاہر نہ کر

یکدمے گر شیخ فیضش کم شود	ایں ہمہ خلق و جہاں برہم شود

اگر خدا کے فیض کا چشمہ ایک لمحہ کے لیے کم ہو جائے۔ تو یہ تمام خلقت اور جہان زیر و زبر ہو جائے

پست ہستی لاف استعلا مزن	واز گلیم خویش پیروں پا مزن

تو ایک حقیر سی ہستی ہے بڑائی کی لاف نہ مار۔ اور اپنی چادر سے پاؤں باہر نہ نکال

عابد آں باشد کہ پیشش فانی است	عارف آں کو گویدش لاثانی است

بندہ وہ ہے جو خدا کے سامنے ہیچ ہے عارف وہ ہے جو اُسے لاثانی کہتا ہے

تو بخویشتن ما نیک اندیشیدۂ	اے ہلاک اللہ چہ بد فہمیدۂ

تو نے اپنے تئیں نیک خیال کر لیا ہے خدا تجھے ہدایت دے۔ کیسا غلط سمجھا ہے

ایں چنیں بالا ز بالاچوں پری	یا گزاں ذاتِ بیچوں منکری

تُو اتنا اونچا اونچا کیوں اُڑتا ہے؟ شاید تو اُس بے مثل ذات کا منکر ہے

کاخِ دُنیا را چہ دیدستی بنا	کت خوش افتاد ست ایں فانی سرا

دنیائے ہستی کی بنیاد کو تو نے کیا سمجھا ہے؟ کیا تجھے یہ سرائے فانی اچھی لگنے لگی

دل چرا عاقل بہ بند داندریں	تا گماں باید شدن بیروں ازیں

عاقل اس سے کیوں دل لگائے۔ جب کہ اچانک اس سے نکلنا پڑے گا

از پئے دُنیا بُریدن از خُدا	ایں ہمیں باشد نشانِ اشقیا

دُنیا کے لیے خدا سے تعلق توڑنا۔ یہی بدبختوں کی علامت ہے

چوں شود بخشایش حق بر کسے	دل نماند دُنیایش در دلے

جب خدا کی کسی پر مہربانی ہوتی ہے۔ تو اُس کا دل دُنیا سے اُکھڑ جاتا ہے

ہوش کن کیں جا گزرگائے فناست	باخدا اے باش چوں آخر خداست

خبردار ہو کہ یہ دنیا تو سرائے فانی ہے۔ باخدا بن جا کیونکہ آخر کو خدا سے ہی معاملہ پڑیگا

زہرِ قاتل گر بدستِ خود خوری	من چساں دانم کہ تو دانشوری

اگر تو اپنے ہاتھ سے ہی زہرِ قاتل کھالے تو میں کیونکر سمجھوں کہ تو عقلمند ہے

ایں گروہے ہیں کہ از خود فانی اند	جاں فشاں بر گفتۂ ربانی اند

اُن لوگوں کو دیکھ جو فانی ہیں۔ اور خدا کے کلام پر جان چھڑکتے ہیں

فارغ افتادہ زنام و عزّ و جاہ	دل زکف دادہ زفرق افتادہ کلاہ

نام، عزت اور وجاہت سے فارغ ہوگئے۔ دل ہاتھ سے جاتا رہا اور ٹوپی سر سے گر گئی

دُور تر از خود بہ یار آمیختہ	آبرو از بہرِ روئے ریختہ

خودی سے دور ہو کر یار سے واصل ہوگئے۔ اور اُس حسین چہرہ کی خاطر عزت و آبرو کی پرواہ نہ کی

دیدنِ شاں می دہد یاد از خدا	صدق و رزاں در جنابِ کبریا

ان کو دیکھنے سے خدا یاد آتا ہے۔ کیونکہ وہ خدائے کبریا کی جناب میں راستباز ہیں

تو ز استکبار سر بر آسماں	پانزدہ بیروں زراہِ بندگاں

تیرا تو سر تکبر سے آسمان تک پہنچا ہے اور بندوں کے راستہ کو تو نے چھوڑ دیا ہے

تا نہ گردد عجز در نفست عیاں | نورِ حقانی چساں تابد براں

جب تک تیرے نفس میں عاجزی پیدا نہ ہو گی تب تک خدائی نور اُس پر کیونکر روشنی ڈالے گا

تا نہ تمہید دانۂ اندر زمیں | کے زیک صد مے شود تو خود بہیں

جب تک دانہ زمین میں داخل ہو کر مرے گا نہیں۔ تب تک ایک سے سَو کیونکر بنے گا

نیست شو تا بر تو فیضانے رسد | جاں بجنباں تا دگر جانے رسد

نیست ہو جا تاکہ تجھ پر فیضان نازل ہو۔ جان قربان کر تاکہ دوسری زندگی ملے

تا تو زار و عاجز و مضطر نہ | لایق فیضانِ آں رہبر نہ

جب تک تو کمزور عاجز اور مضطر نہیں تب تک اُس رہبر کے فیضان کے قابل بھی نہیں

چیست ایماں وحدہ پنداشتن | کارِ حق را با خدا بگذاشتن

ایمان کیا ہے؟ خدا کو ایک یقین کرنا۔ اور خدا کے کام کو خدا ہی کے سپرد کرنا

چوں ز آموزش خرد را یافتی | پس ز تعلیمش چرا سر تافتی

جب تُو نے اُسی کے سکھائے علم سے عقل کو پایا۔ پھر اُس کی تعلیم سے کیوں رُوگردان ہے

اندرونِ خویش را روشن مدار | آنچہ مے تابد بتابد ز آسماں

اپنے سینہ کو روشن نہ سمجھ۔ جو کچھ بھی روشن ہے وہ آسمان ہی کی بدولت ہے

کور ہست آں دیدہ کش ایں نور نیست | گور ہست آں سینہ کز شک دور نیست

وہ آنکھ نابینا ہے جس میں یہ نور نہیں۔ اور وہ سینہ قبر ہے جو شک سے خالی نہیں

صالحین و صادقین و اتقیا | جملہ رہ دیدند از وحیِ خدا

صالح۔ صادق اور متقی ان سب لوگوں نے خدا کی وحی سے ہی بہدھا راستہ پایا

آں کجا عقلے کہ از خود داندش	فہم آں شخصے کہ او فہماندش

وہ کونسی عقل ہے جو خود اس کی معرفت رکھتی ہے۔ یہ وہی سمجھ سکتا ہے جسے خدا خود سمجھائے

عقل بے وحیش بتے داری براہ	بت پرستی ہا کنی شام و پگاہ

اس کی وحی کے بغیر عقل تیرے راستے میں ایک بت کی طرح ہے اور تو صبح و شام بت پرستی کر رہا ہے

پیش چشمت گر شدے ایں بت عیاں	از سر شک تو شدے جوئے رواں

اگر تیری آنکھوں کے سامنے یہ بت ظاہر ہو جاتا۔ تو تیری آنکھوں سے آنسوؤں کی نہر جاری ہو جاتی

لیک از بد قسمتی چشمت نماند	بت پرستی آخرت چوں بت نشاند

لیکن بدقسمتی ہے کہ تیری آنکھ ہی نہ رہی۔ اور بت پرستی نے آخر کار تجھے بھی بت کی طرح بٹھا دیا

عقل بد اسرار حق بس نارساست	آنچہ گہ گہ مے رسد ہم از خداست

خدائی اسرار سمجھنے میں عقل بہت کمزور ہے جو بات گاہ گاہ اُسے مل جاتی ہے وہ بھی خدا ہی کی طرف سے ہے

گر خرد پاکیزہ رائے آورد	آں نہ از خود ہم زجائے آورد

اگر عقل کبھی کوئی عمدہ رائے دیتی بھی ہے تو وہ اس کی اپنی خوبی نہیں۔ بلکہ وہیں سے لاتی ہے

تو بہ عقلِ خویش در کبر شدید	ما فدائے آنکہ او عقل آفرید

تو اپنی عقل پر نازاں ہو کر سخت متکبر ہو گیا ہے اور ہم اس پر فدا ہیں جس نے خود عقل کو پیدا کیا

در قیاسات تہی جانت اسیر	جانِ ما قربانِ علمِ آں بصیر

تیری جان خالی خولی قیاسوں میں گرفتار ہے۔ مگر ہماری جان اُس بینا خدا کے علم پر قربان ہے

نیک دل با نیکواں دارد سرے	بر گہر نُقت مے زند بد گوہرے

نیک دل انسان نیکوں سے تعلق رکھتا ہے اور بد گوہر آدمی موتی پر تھوکتا ہے

ہست بر اسرار اسرارِ دگر	تا کجا تازد خرِ فکر و نظر

ان گنجینوں پر اور بھید چھپائے ہوئے ہیں۔ عقل و فکر کا گدھا کہاں تک دوڑے گا

ایں چراغِ مردہ از نورِ ہوا	چوں رہِ باریک بنماید ترا

حرص کی شدت سے یہ ٹمٹماتا ہوا چراغ کس طرح تجھے باریک راہ دکھا سکتا ہے؟

وحیِ یزدانی بہ رہ آگہ کند	تا بمنزل نور را ہمرہ کند

خدا کی وحی تجھے راستے سے آگاہ کرتی ہے اور منزل پر پہنچنے تک نور کو تیرے ساتھ کر دیتی ہے

ما فتادہ بے ہنر در جسم و جاں	حمق باشد دم زنی با آں یگاں

ہمارے جسم اور جان میں کوئی ہنر نہیں ہے اس لاشریک کے مقابلہ پر دم مارنا حماقت ہے

چیست دیں خود را فنا انگاشتن	از سرِ ہستی قدم برداشتن

دین کیا ہے؟ اپنے تئیں فنا سمجھنا۔ اور اپنی ہستی سے بالکل الگ ہو جانا

چوں بہ بینی یا دو صد درد و نفیر	کس بہ خیزد کہ گردد دستگیر

جب تو گر پڑتا ہے اور چیختا اور چلاتا ہے۔ تو کوئی نہ کوئی ضرور اٹھتا ہے تاکہ تیرا ہاتھ پکڑے

باخبر را دل تپد بر بے خبرا	رحم بر کورے کند اہلِ بصر

جاننے والے کا دل بے جاننے والے کے لیے تڑپتا ہے۔ اور آنکھوں والا اندھے پر رحم کرتا ہے

ہمچنیں قانونِ قدرت اوفتاد	مر ضعیفاں را قوی آرد بباد

قانونِ قدرت اسی طرح واقع ہوا ہے۔ کہ طاقتور کمزوروں کا دھیان رکھتے ہیں

چوں ازیں قانون شود رحماں بروں	رحم یزداں از ہمہ باید فزوں

تو رحمان اس قانون سے باہر کیونکر ہو سکتا ہے۔ خدا کا رحم تو سب سے زیادہ ہونا چاہیئے

آنکہ او ہر بار ما برداشت ست | ہیچ رحمت را فروگذاشت است

وہ خدا جس نے ہمارے سب بوجھ اٹھا رکھے ہیں۔ اور کسی رحمت کی ہمارے لیے کمی نہیں رکھی

چون زما غافل شود در امر دیں | شرمت آید از چنیں انکار و کیں

وہ دین کے معاملے میں ہم سے کیونکر غافل ہوگا تجھے اس انکار اور بغض سے شرم آنی چاہیے

دل منہ در خاکدانِ بے وفا | یاد کن آخر وفا ہائے خدا

بے وفا دنیا سے دل مت لگا۔ کبھی تو خدا تعالےٰ کی وفاداریاں بھی یاد کر

بارہا شد بر تو ثابت کایں عقول | مبتلا ہستند در سہو و ذہول

تجھ پہ بارہا ثابت ہو چکا ہے کہ یہ عقلیں بھول چوک میں مبتلا رہتی ہیں

بارہا دیدی بعقلِ خود فساد | بارہا زیں عقل ماندی بے مُراد

بارہا تو نے اپنی عقل کی خرابی دیکھی ہے اور بارہا تو اس عقل کی وجہ سے نامراد رہا ہے

بارِ نخوت مے کنی بر عقلِ خویش | باز دلیری مے روی نادیدہ پیش

پھر بھی تو اپنی عقل پر فخر کرتا ہے اور بے سوچے سمجھے دلیری کے ساتھ آگے بڑھا جاتا ہے

نفسِ خود را پاک کن از ہر فضول | ترکِ خود کن تا کند رحمت نزول

اپنے نفس کو ہر غیر ضروری چیز سے پاک کر اور بے نفسی اختیار کر تا کہ خدا کی رحمت نازل ہو

لیک ترکِ نفس کے آساں بود | مُردن و از خود شدن یکساں بود

لیکن نفس کو ترک کرنا کوئی آسان کام ہے۔ مرنا اور نفس کو مارنا دونوں برابر ہیں

ایں چنیں دل کم بود در سینہ | کاں بود پاک از غرور و کینہ

ایسا دل شاذ و نادر ہی کسی سینہ میں ہوتا ہے۔ جو غرور اور کینہ سے پاک ہو

در حقیقت مردمِ معنی کم اند | گو ہمہ از روئے صورت مردم اند

اصل بات یہ ہے کہ حقیقت شناس لوگ کم ہیں۔ اگرچہ شکل کے لحاظ سے سب آدمی ہی ہیں

ہوش کُن اے درچہ اُفتادہ | عقل و دیں از دستِ خود در دادہ

اے وہ جو کنویں میں پڑا ہوا ہے اور عقل اور دین دونوں کھو بیٹھا ہے۔ خبردار ہو

غیر محدود ے بمحدود ے مجو | کارِ نورِ محض از دود ے مجو

غیر محدود (خدا) کو محدود (عقل) کے ذریعہ تلاش نہ کر اور مصفّٰی نور کا کام دھوئیں سے نہ لے

آنچہ باید جُست با عجز و نیاز | تو مجو با کبر و خود بینی و ناز

جو بات کہ عجز و نیاز کے ساتھ ڈھونڈنی چاہیئے اُسے تکبّر، خود بینی اور فخر کے ساتھ نہ ڈھونڈ

وہ چہ خوب ست ایں اُصول سہروی | یادگارِ مولوی در مثنوی

واہ واسلوک کا یہ اصول کیسا عمدہ ہے جو مثنوی میں مولوی رومی کی یادگار ہے

زیرکی ضدِ شکست است و نیاز | زیرکی بگذار و با گونی بساز

عقلمندی کمزوری اور عاجزی کی ضد ہے تو عقلمندی کو چھوڑ اور عاجزی اختیار کر

نانکہ طفلِ خورد را مادر نہار | دست و پا بانند نہ او در کنار

جس طرح چھوٹے بچّے کو ماں دن بھر اپنی گود میں لیے پھرتی ہے

(براہین احمدیہ حصّہ سوم حاشیہ صفحہ ۱۶۳ تا ۱۶۶

مطبوعہ ۱۸۸۲ء)

کلامِ پاک اُن بیچوں دہد صد جام عرفاں را | کسے کو بیخبر زاں مے چہ داند ذوقِ ایماں را

خدا کا پاک کلام عرفان کے سو جام دیتا ہے جو اس شراب سے بے خبر ہے وہ کہاں ایمان کا مزہ جانتا ہے

نہ چشمت آنکہ در کوری ہمہ عمرے بسر کردست | نہ گوش ست آنکہ نشنیدست گاہے قال جاناں را

اُسے آنکھ نہیں کہنا چاہیئے جو ساری عمر اندھی رہی ہو نہ وہ کان کان ہے جس نے کبھی محبوب کی بات نہ سنی ہو

(براہین احمدیہ حصہ سوم حاشیہ صفحہ ۲۰۳)

الا اے کمر بستہ بر افترا | مکوش خویشتن را بہ ترک حیا

اے وہ جس نے افترا پر کمر باندھ رکھی ہے خبردار ہو جا اپنے تئیں بے حیائی کر ہلاک نہ کر

بخاصانِ حق کینہ ہا تا کجا | کنی شرمت آید ز کیہاں خدا

خدا کے خاص بندوں سے کب تک دشمنی کرتا رہے گا کبھی تو تجھے اس جہان کے پروردگار سے شرم آنی چاہیئے

چو چیزے بود روشن اندر بہی | برد ہر چہ بندی بود ابلہی

اگر کوئی چیز اپنی خوبی کی وجہ سے اعلیٰ ہو تو جو بھی اس پر الزام لگائے گا تو بیوقوف ہی کہلائے گا

چو بر نیک گوہر گماں بد بری | بدانند مردم کہ بد گوہری

جب تو کسی نیک آدمی پر بدگمانی کرے گا تو لوگ سمجھ لیں گے کہ تو خود بد اصل ہے

چو گوئی دُرِ پاک را پُر غبار | بغارد دو چشمت شود آشکار

جب تو روشن موتی کو دھندلا کہے گا تو اس سے تیری آنکھوں کا دھندلا پن ظاہر ہو گا

سخنہائے پُر خبث و بے مغز و خام | بود بر خبیثاں نشانے تمام

گندی۔ بے معنی اور بے ہودہ باتیں خبیثوں کی خباثت کو ہی ظاہر کرتی ہیں

ندانید گفتن سخن جز دروغ | برِ حق ندارد دروغے فروغ

تم جھوٹ کے اور کچھ کہنا نہیں جانتے مگر سچ کے سامنے جھوٹ فروغ نہیں پا سکتا

نیارید یاد از حق بے چگوں | پسند او فتاد ست دُنیائے دُوں

تم خدائے بیچگوں کو یاد نہیں کرتے اور یہ ذلیل دُنیا تم کو پسند آگئی ہے

بہ دُنیا کسے دل بہ بندد بجرا | کہ ناگاہ باید شُدن زیں سرا

کوئی اس دنیا سے کیوں دل لگائے جبکہ اچانک ایک دن اس سرائے سے کوچ کرنا ہے

سرانجامِ ایں خانہ رنج ست و درد | بہ پیچش نیایند مردانِ مرد

اِس گھر کا انجام رنج و درد ہے۔ مرد لوگ اس کے داؤ میں نہیں آتے

بدیں گِل میالائے دل چوں خسے | کہ عہد بقایش نماند بسے

اس کچرے سے کیڑوں کی طرح دل کو آلودہ نہ کر کہ اس کے ٹھہرنے کا زمانہ دیر تک نہیں رہتا

زمانِ مکافات آید فراز | تو بر عیشِ دُنیا بدیں ساں مناز

جزا کا دن آ رہا ہے۔ پس تو دُنیا کی زندگی پر ناز نہ کر

فریبے مخور از زر و سیم و مال | کہ ہر مال را آخر آید زوال

سونے، چاندی اور مال سے دھوکا نہ کھا۔ کیونکہ آخر ہر مال پر زوال آجاتا ہے

نہ آوردہ ایم و نہ با خود بریم | تہی آمدیم و تہی بگذریم

نہ ہم کچھ ساتھ لائے اور نہ ساتھ لے جائیں گے خالی ہاتھ آئے تھے اور خالی ہاتھ چلے جائیں گے

الا تا نہ تابی سر از روئے دوست | جہانے نیرزد بیک موئے دوست

خبردار! دوست کی طرف سے منہ نہ موڑ۔ سارا جہان دوست کے ایک بال کی برابری نہیں کر سکتا

خدائیکہ جاں بر رواد فدا | نیابی رہش جز بپے مصطفےٰ

وہ خدا جس کی راہ میں ہماری جان قربان ہے اس کا راستہ تجھے مصطفےٰ کی پیروی کے بغیر نہیں مل سکتا

ابوالقاسمؐ آں آفتابِ جہاں | کہ روشن شد از نیں و زماں

ابوالقاسمؐ وہ آفتاب عالمتاب ہے جس کی وجہ سے زمین و زمان روشن ہوگئے

بشر کے بُدے از فلک نیک تر | نبودے اگر چوں محمدؐ بشر

انسان فرشتہ سے بہتر کیونکر ثابت ہوتا اگر محمد صلعم کی طرح کا انسان پیدا نہ ہوتا

نیاید ترا شرم از کردگار | ق | کہ اہلِ خرد باشی و با وقار

کیا تجھے خدا تعالےٰ سے شرم نہیں آتی کہ عقلمند اور معزز ہونے کے باوجود

پس آنگہ شوی منکرِ آں رسولؐ | کہ یابد ازو نورِ چشمِ عقول

پھر بھی تو اُس رسول کا منکر ہے جس سے خود عقل کی آنکھیں نور حاصل کرتی ہیں

ز سہو و ز غفلت رہیدہ نہؐ | ز طورِ بشر پاکشیدہ نہؐ

تجھے سہو و غفلت سے خلاصی حاصل نہیں ہوئی اور انسانی خصائل سے آزاد ہے

نیاید ز تو کارِ ربّ العباد | مکن داوری ہا ز جہل و عناد

تجھ سے ربّ العباد کا کام نہیں ہو سکتا اس سے تو جہل و عناد کے باعث جھگڑا نہ کر

مدار ناقص و اہکمش چوں جماد | کمالِ خدا را میفگن زیاد

خدا کو جمادات کی طرح ناقص اور گونگا خیال نہ کر اور اُس کے کمال کو بھول مت

تو خود ناقصی و دنی الصفات | منہ تہمتِ نقص بر پاک ذات

تُو تو آپ ناقص ہے اور دنی الصفات ہے اس لیے پاک خدا کی پاک ذات پر ناقص ہونے کا عیب مت لگا

خیالاتِ بیہودہ کردت تباہ | خود از پائے خود اوفتادی بچاہ

بیہودہ خیالات نے تجھے برباد کر دیا اور خود اپنے پیروں سے چل کر تو کنوئیں میں جا پڑا

خیالت شبے بہست تاریک و تار | فرو ہشتہ بر آں شب زکیں صد غبار

تیرے خیالات رات کی طرح تاریک و تار ہیں جس پر نیرے کینے کی وجہ سے سو سو پردے پڑ گئے ہیں

نہ دل را چو دزداں بشب شاد کن | بترس و ز روزِ سزا یاد کن

چوروں کی طرح اپنے دل کو رات کو نے پر خوش نہ کر بلکہ ڈر اور سزا کے دن کو یاد کر

اگر در ہوا ہم چو مرغاں پری | وگر بر سرِ آب ہا بگذری

اگر تو پرندوں کی طرح ہوا میں اڑے۔ اور اسی طرح پانیوں پر چلے

وگر ز آتش آئی سلامت بروں | وگر خاک را زر کنی از فسوں

اور آگ میں سے بھی سلامت نکل آئے۔ اور جادو سے مٹی کو سونا بھی بنا دے

نیاری کہ حق را کنی زیر و پست | ممکن ژاژ خائی چو مجنون و مست

پھر بھی یہ ممکن نہیں کہ تو حق کو تباہ کر سکے پس دیوانوں اور مدہوشوں کی طرح بکواس نہ کر

خدا ہر کہ را کرد مہرِ منیر | نہ گردد ز دستِ تو خاکِ حقیر

جس کو خدا نے چمکدار سورج بنایا ہے وہ تیرے ہاتھوں حقیر مٹی نہیں بن سکتا

دلِ خود بہرزہ مسوزاے دنی | نہ کاہد ز کبرِ تو افزودنی

اے ذلیل انسان اپنے دل کو بے فائدہ نہ جلا۔ بڑھنے والی چیز تیری جلا کیوں سے گھٹ نہیں سکتی

بہار ست و بادِ صبا در چمن | کند ناز ہا با گل و یاسمن

موسم بہار ہے اور بادِ صبا چمن میں گلاب اور چنبیلی کے ساتھ ناز کر رہی ہے

ز نسرین و گل ہائے فصلِ بہار | نسیمِ صبا مے وزد عطر بار

بہار کے پھولوں سے مہکتی ہوئی ہوا خوشبو اڑاتی ہوئی چل رہی ہے

تو اے ابلہ افتادہ اندر خزاں | ہمہ برگ افشاندہ چوں مفلساں

لیکن اے بیوقوف تو خزاں میں پڑا ہوا ہے اور مفلسوں کی طرح تیرے سب پتے جھڑ گئے ہیں

بہ قرآں چرا بر سر کیں دوی | نہ دیدی ز قرآں مگر نیکوئی

قرآن پر دشمنی سے کیوں حملہ کرتا ہے تو نے شاید قرآن میں سوائے نیکی کے اور کچھ بھی نہیں دیکھا

اگر نامدے در جہاں ایں کلام | نہ ماندے بہ دنیا ز توحید نام

اگر جہان میں یہ کلام نہ آتا۔ تو دنیا میں توحید کا نام بھی باقی نہ رہتا

جہاں بود افتادہ تاریک و تار | ازو شد منور رخِ ہر دیار

دنیا تاریک و تار ہوتی۔ اس کی وجہ سے ہر ملک روشن ہوگیا

بہ توحید راہے ازو شد عیاں | ترا ہم خبر شد کہ ہست آں یگاں

اس کی وجہ سے توحید کا راستہ ظاہر ہوگیا۔ اور تجھے بھی پتہ لگ گیا کہ خدا ہے

وگر نہ ببیں حالِ آبائے خویش | بہ انصاف بنگر دراں دین و کیش

نہیں تو پھر اپنے ہی بزرگوں کا حال دیکھ لے اور انصاف کے ساتھ ان کے دین و مذہب پر نظر ڈال

بود آں فرومایہ بدگوہرے | کہ از منعمِ خود بتابد سرے

وہ شخص ذلیل اور بداصل ہوتا ہے جو اپنے محسن سے بغاوت کرے

ز اندازۂ خویش برتر مپر | پئے شکی مکن چوں ندانی ہنر

تو اپنی بساط سے زیادہ نہ اڑ۔ اگر تجھے علم نہیں ہے تو طبابت نہ کر

یقیں داں کہ ایں کارِ یزدانی ست | نہ از دخل و تدبیرِ انسانی ست

یقین کر کہ یہ مذہب خدا کی طرف سے ہے اور انسانی تدبیر کا اس میں کوئی دخل نہیں

شنداین دین بفضلِ خدا ارجمند | نہ کارِ فریب است وساوس دبند

یہ دین اسلام خدا کے فضل سے ممتاز ہے۔ فریب چرب زبانی اور بھانسنا اس کا کام نہیں

درخشد در و نور چوں آفتاب | تو کوری نمے بینی اش زیں حجاب

اس میں آفتاب کی طرح کا نور چمکتا ہے چونکہ تو اندھا ہے اس لیے وہ تجھے دکھائی نہیں دیتا

بہ ناپاکیٔ دل مشو بدگماں | وگر ہجتے است بنما عیاں

اپنی گندہ دلی کی وجہ سے تو اس سے بدگمان نہ ہو۔ ہاں اگر کوئی دلیل ہے تو پیش کر

بشوقِ دل آویختن را بساز | پس آنگہ ببیں قدرتِ کارساز

دلی شوق سے اس کے ساتھ تعلق پیدا کر۔ پھر خدائے کارساز کی قدرت دیکھ

بگوئیں کن زقومت یکے انجمن | کہ بایک تن از ما کند یک سخن

تو اپنی قوم میں سے ایک مجلس کا انتخاب کر۔ تاکہ وہ سب مل کر ہم سے ایک فیصلہ کرلیں

بما ہست فضلِ خداوندِ پاک | ز باطل پرستاں نداریم باک

ہم پہ خدائے پاک کا احسان ہے۔ ہم باطل پرستوں سے نہیں ڈرا کرتے

بجوش است فیضِ احد در دلم | کہ تا بندِ ہر طالبے بگسلم

خدائے واحد کا فیضان میرے دل میں جوش پر ہے تاکہ میں ہر طالب کی زنجیروں کو توڑ دوں

خدا را در لطف ہا ہست باز | نسیم عنایات در اہتزاز

خدا تعالےٰ کے لطف کے دروازے کھلے ہیں اور مہربانیوں کی ہوا چل رہی ہے

کسے کو بتابد سر از عدل و داد | کجا دم زند پیش صدق و سداد

جو شخص عدل و انصاف سے روگردانی کرتا ہے وہ حق اور راستی کے سامنے کب دم مار سکتا ہے

کلامِ خُدا ہر دم از عزّ و جاہ | کند روئے ناشر مسارش سیاہ

خدا کا کلام ہر وقت بڑے جاہ و جلال کے ساتھ اس کے بے شرم منہ کو کالا کرتا رہتا ہے

چساں رائے شخصے بگردد بلند | کہ طغیانِ نفسش بگردن فگند

اس شخص کی رائے کیونکر قابلِ سوت ہوگی جس کو اس کے اپنے نفس کے جوشوں نے پچھاڑ رکھا ہو

دلِ پاک و جولانِ فکر و نظر | دو جوہر بود لازم یک دگر

پاک دل اور غور و فکر کی تیزی یہ دو باتیں لازم و ملزوم ہیں

چو صوفِ صفا در دل آویختند | مدادِ از سوادِ بیوں ریختند

جب لوگ پاکیزگی دل کا صوف دل کی دوات میں ڈال لیتے ہیں تو آنکھوں کی سیاہی کی روشنائی اس میں ڈالتے ہیں

خُدا آفریدت ز یک مشتِ خاک | خودت داد نانِ تا نگردی ہلاک

خدا نے تجھے خاک کی ایک مٹھی سے پیدا کیا اور خود ہی تجھے روٹی دی تاکہ تو ہلاک نہ ہو جائے

بہر حاجتت گشت حاجت روا | کشود از ترحم دو دستِ عطا

تیری ہر ضرورت کا وہ خود متکفل ہوا اور رحم کر کے اپنی سخاوت کے ہاتھ تیرے لیے کھول دیئے

چہ پاداشِ جودش چنیں مے دہی | کہ در علم خود را نظیرش نہی

پھر اس کی عطا کا بدلہ کیا تو یہی دے رہا ہے کہ علم میں خود اس کا ہمسر بنا پھرتا ہے

چہ خود را برابر کنی با خدائے | تفو بر چنیں عقل و ادراک و رائے

کیا تو خدا کے ساتھ اپنے تئیں برابر سمجھتا ہے ایسی عقل سمجھ اور رائے پر ہزار افسوس

خدا چوں دلے را بہ پستی فگند | بہ کوشش نیاریم کردن بلند

جب خدا کسی دل کو قعرِ ذلت میں گراتا ہے تو پھر ہم اس کو اپنی کوشش سے بلند نہیں کر سکتے

بکوشیم و انجامِ کار آں بود | کہ آں خواہش و رائے یزداں بود

ہم تو صرف سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ نتیجہ وہی ہوتا ہے جو خدا کی مرضی اور رائے ہو

(براہین احمدیہ حصہ سوم حاشیہ صفحہ ۲۰۶ و ۲۰۸
مطبوعہ ۱۸۸۲ء)

از نورِ پاک قرآں صبح صفا دمیدہ | بر غنچہ ہائے دلہا بادِ صبا وزیدہ

قرآن کے پاک نور سے روشن صبح نمودار ہو گئی اور دلوں کے غنچوں پر بادِ صبا چلنے لگی

ایں روشنی و لمعاں شمس الضحیٰ ندارد | ایں دلبری و خوبی کس در قمر ندیدہ

ایسی روشنی اور چمک تو دوپہر کے سورج میں بھی نہیں اور ایسی کشش اور حُسن تو کسی چاندنی میں بھی نہیں

یوسف اگرچہ صاحبِ محبوس ماند تنہا | ایں یوسفے کہ گم شد از چاہ بر کشیدہ

یوسف تو ایک کنوئیں کی تہ میں اکیلا گرا تھا مگر اس یوسف نے بہت سے لوگوں کو کنوئیں میں سے نکالا ہے

از مشرقِ معانی صد ہا دقایق آورد | قدِ ہلالِ نازک زاں ناز کی خمیدہ

مشرقِ معانی سے یہ سینکڑوں حقائق اپنے ہمراہ لایا ہے۔ ہلالِ نازک کی کمر ان حقائق سے جھک گئی ہے

کیفیتِ علومش دانی چہ شان دارد | شہد یست آسمانی از وحیِ حق چکیدہ

تجھے کیا پتہ کہ اس کے علوم کی حقیقت کس شان کی ہے۔ وہ آسمانی شہد ہے جو خدا کی وحی سے ٹپکا ہے

آں نیرِ صداقت چوں سر بعالم آورد | ہر بوم شب پرستے در کنجِ خود خزیدہ

یہ سچائی کا سورج جب اس دنیا میں ظاہر ہوا تو رات کے پجاری اُلّو اپنے اپنے کونوں میں جا گھسے

روئے تعیں نہ بیند ہرگز کسے بدُنیا | الّا کسے کہ باشد ہا رویش آرمیدہ

دنیا میں کسی کو یقین کا منہ دیکھنا نصیب نہیں ہوتا۔ مگر اسی شخص کو جو اس کے منہ سے محبت رکھتا ہے

آنکس کہ عالمش شدہ مخزنِ معارف	وآں بیخبر ز عالم کیں عالمے ندیدہ

جو اس کا عالم ہو گیا وہ خود معرفت کا خزانہ بن گیا اور جس نے اس عالم کو نہیں دیکھا اسے دنیا کی کچھ خبر ہی نہیں

باراں فضل رحماں آمد بمقدمش او	بدقسمت آنکہ از وے سوئے دگر دویدہ

رحمان کے فضل کی بارش ایسے شخص کی پیشوائی کو آتی ہے بدقسمت وہ ہے جو اسے چھوڑ کر دوسری طرف بھاگا

میلِ بدی بباشد الا رگے ز شیطاں	آں را بشر ندانم کز ہر شرے رہیدہ

بدی کی طرف رغبت ایک شیطانی رگ ہے میں تو اسے بشر سمجھتا ہوں جو ہر شر سے نجات پائے

اے کانِ دلربائی دانم کہ از کجائی	تو نورِ آں خدائی کیں خلق آفریدہ

اے کانِ حسن میں جانتا ہوں کہ تو کس سے تعلق رکھتی ہے تو تو اُس خدا کا نور ہے جس نے یہ مخلوقات پیدا کی

میلم نماند با کس محبوب من توئی بس	زیرا کہ زاں فغاں رس نورت بمارسیدہ

مجھے کسی سے تعلق نہ رہا اب تو ہی میرا محبوب ہے کیونکہ اس خدائے فریاد رس کی طرف سے تیرا نور ہم کو پہنچا ہے

(براہین احمدیہ حصہ سوم حاشیہ صفحہ ۲۷۴
مطبوعہ ۱۸۸۲ء)

از وحیِ خدا صبحِ صداقت بدمیدہ	چشمیکہ ندید آں صحفِ پاک چہ دیدہ

خدا کی وحی سے صبح صداقت روشن ہو گئی جس آنکھ نے یہ صحف پاک نہیں دیکھے اُس نے کچھ بھی نہیں دیکھا

کاخِ دلِ ما شد ز ہماں نافہ معطر	واں یار بیامد کہ ز ما بود رمیدہ

ہمارا دل اُس نافہ سے معطر ہے اور وہ یار جو ہم سے بھاگا ہوا تھا پھر آ گیا

آں دیدہ کہ نورے نگرفت است ز فرقاں	حقاً کہ ہمہ عمر ز کوری نہ رہیدہ

وہ آنکھ جس نے قرآن سے نور حاصل نہیں کیا خدا کی قسم وہ ساری عمر اندھے پن سے خلاصی نہ پائے گی

آں دل کہ ترا نذرے گلِ گلزار خدا جست | سوگند تواں خورد کہ بویش نشنیدہ

وہ دل جس نے اُسے چھوڑ کر گلِ گلزار خدا ڈھونڈا۔ خدا کی قسم کہا جا سکتا ہے اس کی خوشبو بھی نہیں سونگھی

باخود ندہم نسبتِ آں نور کہ بینم | صد خورد کہ بر پیرانِ او حلقہ کشیدہ

میں خود سے اس نور کو تشبیہ نہیں دے سکتا کیونکہ دیکھتا ہوں کہ اس کے گرد سینکڑوں آفتاب حلقہ باندھے کھڑے ہیں

بے دولت و بدبخت کسانیکہ ازاں نور | سر تافتہ از نخوت و پیچیدہ بدیدہ

وہ لوگ بدقسمت اور بدنصیب ہیں جنہوں نے اس نور سے تکبر کی وجہ سے رُوگردانی کی اور تعلق توڑ لیا

(براہین احمدیہ حصہ چہارم صفحہ ۸۹ مطبوعہ ۱۸۸۴ء)

اے سر خود کشیدہ از فرقاں | پا نہادہ بہ لجۂ طغیاں

اے وہ جس نے قرآن کی طرف سے منہ پھیر لیا ہے۔ اور سرکشی کے گڑھے میں پاؤں رکھا ہے

بانگ کم کن بہ پیشِ نورِ ہدیٰ | توبہ کن از فسوس و بازیہا

نورِ ہدایت کے سامنے اتنی شیخی نہ مار۔ اور تمسخر اور کھیل سے توبہ کر

ایں چہ چشمے ست کور و سخت کبود | کآفتابے درو چو ذرّہ نمود

یہ آنکھ کیسی اندھی اور منحوس ہے۔ جس میں آفتاب ذرہ کے برابر نظر آتا ہے

تا نگیری کنارہ زیں رہ و خو | ہست دُور از کنار کشتیٔ تو

جب تک تو اس طریقہ اور عادت کو نہیں چھوڑتا تب تک تیری کشتی کنارے سے دور رہے گی

با خدایت عناد و کیں تا چند | خندہ و بازیت بدیں تا چند

کب تک تو اپنے خدا سے دشمنی اور کینہ رکھے گا اور دین سے تیری ہنسی ٹھٹھا کب تک جاری رہے گا

خویشتن را کمتر بہ ترک حیا | جائے گریہ مشو باستہزا

بے شرم بن کر اپنے آپ کو ہلاک نہ کر اور تمسخر کر کے خود رونے کا مقام نہ بن

مہر تابان چو بر فلک رخشید | چوں توانی بخاک وخس پوشید

جب آسمان پر چمکتا ہوا سورج نکل آیا پھر تو کس طرح اسے مٹی اور گھاس سے چھپا سکتا ہے

شب توان کرد صد فریب نہاں | لیک در روز روشن ایں نتواں

رات کے وقت تو سو فریب چھپ سکتے ہیں۔ لیکن روز روشن میں ایسا ممکن نہیں

نور فرقاں زتافت است چناں | کو بماند ز نہاں ز دیدہ وراں

قرآن کا نور ایسا نہیں چمکتا ہے کہ دیکھنے والوں کی نظر سے مخفی رہ سکے

آں چراغ ہدیٰ ست دُنیا را | رہبر و رہنما ست دُنیا را

وہ تو تمام دنیا کے لیے ہدایت کا چراغ ہے اور جہان بھر کے لیے رہبر اور رہنما

رحمتے از خُدا ست دُنیا را | نعمتے از سما ست دُنیا را

وہ خدا کی طرف سے دنیا کے لیے ایک رحمت ہے اور آسمان سے اہل جہان کے لیے ایک نعمت

مخزنِ رازہائے ربانی | از خُدا آلۂ خُدا دانی

وہ خداوند کے اسرار کا خزانہ ہے۔ اور خدا کی طرف سے خداشناسی کا آلہ

برتر از پایۂ بشر بکمال | دستگیرِ قیاس و استدلال

وہ اپنے کمالات میں انسان کے مرتبہ سے بالاتر ہے۔ اور قیاس اور استدلال کی دستگیری کرتا ہے

کارسازِ اتم بعلم و عمل | جستجش اعظم و اثرِ اکمل

وہ علم و عمل میں ہمارے لیے کامل کارساز ہے اس کی دلیل پختہ اور اس کا اثر نہایت کامل ہے

هر که بر عظمتش نظر بکشاد | بے توقف خدایش آمد یاد

جو اس کی عظمت کو دیکھ لیتا ہے۔ اُسے فوراً خدا یاد آجاتا ہے

دانکه از کبر و کین ندید آں نور | کور ماند و ز نورِ حق مہجور!

اور جو تکبر اور دشمنی سے اُس روشنی کو نہیں دیکھتا۔ وہ اندھا اور خدا کے نُور سے دور رہتا ہے

وہ چہ دارد و از آں بیگاں اسرار | دل و جانم فدائے آں اسرار

واہ واہ اس خدا کی طرف سے اُس کے پاس کیسے کیسے اسرار ہیں میرے جان و دل اُن اسرار پر قربان ہوں

پرتو از نورِ جلالِ حضرتِ پاک | خورد تاباں ز اوج حق بر خاک

وہ اُس پاک ذات کے جلالی انوار سے پُرتو چمکدار سورج بھی اس کے سامنے خاک ہے

وہ چہ دارد خزائنِ اسرار | دل و جانم فدائے آں انوار

مرحبا وہ کیا کیا خزانے اسرارِ الٰہی کے رکھتا ہے میرے جان و دل ان انوار پر قربان ہوں

ہست آئینہ بہر روئے خدا | عالمے را کشید سوئے خدا

قرآن خدا کے چہرہ کا آئینہ ہے اور اس نے ایک جہان کو خدا کی طرف کھینچا ہے

بے زباناں از و فصیح شدند | زشت رویاں از و صبیح شدند

گونگے اس کی وجہ سے فصیح بن گئے اور بدشکل آدمی اس کے سبب سے خوبصورت ہوگئے

میوہ از روضۂ فنا خوردند | واز خود و آرزوئے خود مردند

انھوں نے باغِ فنا کا پھل کھایا اور اپنی نفسانیت اور خواہشات کی طرف سے مرگئے

دستِ غیبے کشید دامنِ دل | پا بر آورد جذبِ یارِ زگل!

ایک غیبی ہاتھ نے ان کے دل کا دامن کھینچا اور یار کی کشش نے دلدل سے ان کا پیر نکال لیا

بود آں جذبۂ کلامِ خُدا | کہ دلِ شاں ربود از دُنیا

یہ کلامِ الٰہی کی کشش ہی تو تھی جس نے اُن کے دلوں کو دنیا کی طرف سے ہٹا دیا

سینۂ شاں زغیرِ حق پرداخت | واز مئے عشقِ آں یگاں پُرساخت

اُن کے سینہ کو غیر اللہ سے خالی کر دیا۔ اور اُس یگانہ کی محبت کی شراب سے بھر دیا

چوں شد آں نورِ پاک نہالِ شاں | تافت از پردہ بدرِ کالِ شاں

جب وہ پاک نُور ان میں رچ گیا۔ تو پردہ میں سے بدرِ کامل چمکا

دُور شد ہر حجابِ ظلمانی | شد سراسر وجودِ نورانی

وہ ظلمت کے حجابوں سے دور ہوگیا اور سراسر نورانی وجود بن گیا

خاطرِ شاں بجذبِ پنہانی | کرد مائل بہ عشقِ ربانی

اُن کے دل کو ایک مخفی کشش سے خدا کے عشق کی طرف مائل کر دیا

آنچناں عشق تیز مرکب راند | کہ ازاں مشتِ خاک ہیچ نماند

عشق نے اتنا تیز گھوڑا دوڑایا کہ اس مشتِ خاک کا کچھ بھی باقی نہ رہا

نے خودی ماند نے ہوا و ہوس | اوفتادہ بخاک و خوں سرِ کس

نہ خودی رہی نہ حرص و ہوا ہی رہی۔ گویا کسی کا سر خاک اور خون میں پڑا ہو

عاشقانِ جلال روئے خُدا | طالبانِ زلالِ جوئے خُدا

وہ خدا کے جلال کے عاشق ہیں۔ اور خدا کی نہر کے مصفّٰی پانی کے طالب

پُر زعشق و تہی زہر آنے | کشت و زاں شاں نخاست آوازے

عشق سے بھر گئے اور ہر لالچ سے خالی ہو گئے عشق نے ان کو قتل کر دیا اور اُن کی آواز بھی نہ نکلی

پاک گشتند ز لوثِ ہستیٔ خویش	رستہ از بندِ خود پرستیٔ خویش

اپنے وجود کی آلودگی سے پاک ہو گئے اور اپنی خود پرستی کی قید سے آزاد

آں چناں یار در کمند انداخت	کہ ندانند با دگر پرداخت

یار نے ان کو اس طرح اپنی کمند میں جکڑ لیا کہ اور کسی سے اُن کا تعلق نہیں رہا

قدمِ خود زدہ براہِ عدم!	گم بیادش ز فرق تا بقدم!

نیستی کی راہ پر چل پڑے اور خدا کی یاد میں سر سے پیر تک غرق ہو گئے

ذکرِ دلبر غذائے نغزِ حیات	حاصلِ روزگار و مغزِ حیات

محبوب کا ذکر اُن کی زندگی کی لطیف غذا ہے یہی اُن کی زندگی کا مقصود اور حیات کا خلاصہ ہے

سوختہ ہر غرض بجز دلدار	دوختہ چشمِ خود ز غیر نگار

سوائے دلدار کے انھوں نے ہر غرض کو جلا ڈالا اور محبوب کے سوا ہر طرف سے اپنی آنکھیں بند کر لیں

دل و جاں بر رُخے فدا کردہ	وصلِ او اصلِ مدعا کردہ

ایک ہی صورت پر اپنا دل و جان تصدق کر دیا اور اُسی کے وصل کو اپنا اصلی مقصد بنا لیا

مُردہ و خویشتن فنا کردہ	عشق جوشید و کارہا کردہ

مر گئے اور اپنے تئیں فنا کر دیا۔ عشق نے جوش میں آ کر اس سے بڑے بڑے کام کئے

از دیارِ خودی شدند جُدا	سیلِ پُر زور بود برد از جا

خودی کے مقام سے جدا ہو گئے۔ محبت کی زور زور کی تھی۔ بہا کر لے گئی

لاجرم یافتند نُورِ خُدا	چوں خودی رفت شد ظہورِ خُدا

نتیجہ یہ ہوا کہ انھوں نے خدا کے نُور کو پا لیا۔ جب خودی چلی گئی تو خدا ظاہر ہو گیا

تن چو فرسود دلستان آمد | دل چو از دست رفت جان آمد

جب جسم کمزور ہوگیا تو محبوب آگیا جب دل ہاتھ سے نکل گیا تو جان یعنی محبوب مل گیا

عشقِ دلبر بروئے شاں بارید | ابرِ رحمت بکوئے شاں بارید

دلبر کی محبت ان کے چہرے پر ظاہر ہوگئی۔ اور رحمت کا ابر اُن کے گلی کوچوں میں برسا

ہست ایں قوم پاک را جاہے | کہ ندارد جہاں بدو راہے

اِس پاک قوم کی وہ عزت ہے کہ ساری دنیا بھی اس تک نہیں پہنچ سکتی

دست بہر دُعا چو بردارند | موردِ فیض ہائے دادارند

جب وہ دُعا کے لیے ہاتھ اٹھاتے ہیں۔ تو خدائی فیوض کے مورد بن جاتے ہیں

کشفِ رازے گر از خدا خواہند | ملہم از حضرتِ شہنشاہ اند

اگر خدا سے کسی راز کا کشف چاہتے ہیں۔ تو حضورِ خداوندی سے الہام کیے جاتے ہیں

کس بسر وقتِ شاں ندارد راہ | کہ نہاں اند در قبابِ اللہ

کوئی ان کے حال پر واقفیت نہیں پاتا۔ کیونکہ وہ اللہ کے گنبدوں میں مخفی ہیں

گر نماید خدا یکے ز ناماں | برکابش دوند سلطاناں

اگر خدا تعالیٰ ان میں سے کسی کو ظاہر کردے تو اس کے جلو میں بادشاہ دوڑتے ہوئے چلیں

ایں ہمہ عاشقانِ آں یکتا | نور یابند از کلامِ خدا

یہ سب خدائے لاشریک کے عاشق خدا کے کلام سے ہی نور حاصل کرتے ہیں

گرچہ ہستند از جہاں پنہاں | باز گہ گہ ہمے شوند عیاں

اگرچہ عموماً دنیا سے پوشیدہ ہیں۔ تاہم کبھی کبھی ظاہر بھی ہو جاتے ہیں

همچو خورشید و مہ بروں آیند	غیر را چہرہ نیز بنمایند

سورج اور چاند کی طرح باہر نکلتے ہیں۔ اور غیروں کو بھی اپنا چہرہ دکھا دیتے ہیں

بالخصوص آں زماں کہ بادِ خزاں	باغِ مہر و وفا کند ویراں

خاص کر اُس وقت کہ موسمِ خزاں کی ہوا۔ محبت اور وفا کے باغ کو ویران کر دے

دل بہ بندد جہاں بدارِ فنا	لب کشاید بمدحتِ دُنیا

اہلِ جہاں دنیائے فانی سے دل لگا لیں اور اس کی تعریفیں کرنے لگیں

جیفۂ را کنند مدح و ثنا	واز خداوندِ جُود استغنا

ایک سڑی ہوئی لاش کی تو مدح و ثنا کریں مگر خدائے کریم کی طرف سے لاپروائی برتیں

عاشقِ زر شوند و دولت و جاہ	سرد گردد محبتِ آں شاہ

مال و دولت اور عزت و جاہ کے عاشق بن جائیں اور اُس بادشاہ کی محبت ٹھنڈی پڑ جائے

شوکت و شانِ ایں سرائے زوال	خوش نماید بدیدۂ جُہّال

اس سرائے فانی کی شان و شوکت بیوقوفوں کی نظر میں اچھی لگنے لگے

بر زبانہا شود مقامِ خدا	اندروں پُر شود ز حرص و ہوا

صرف زبانوں پر خدا کا ذکر رہ جائے اور اُن کا اندرونہ حرص و ہوا سے بھر جائے

اندریں روزہائے چوں شبِ تار	دست گیرد عنایتِ دادار

ایسے دنوں میں جو اندھیری رات کی طرح ہوتے ہیں خدائے عادل کی مہربانی لوگوں کا ہاتھ پکڑتی ہے

مے فرستد بخلق صاحبِ نور	تا شود تیرگی ز نورش دُور

وہ خلقت کی طرف ایک نورانی وجود بھیجتا ہے تاکہ اس کے نور سے اندھیرا دُور ہو

تا ز شور و فغانِ عاشقِ زار | خلق گردد ز خوابِ خود بیدار
تاکہ اس عاشقِ زار کے شور و فغاں سے مخلوق اپنی نیند سے جاگ اُٹھے

تا شناسند مردماں رہِ راست | تا بدانند منکراں کہ خداست
تاکہ لوگ سیدھے راستے کو پہچانیں۔ اور منکر جان لیں کہ خُدا موجود ہے

ایں چنیں کس چو رو نہد بہ جہاں | پر جہاں عظمتش کند عیاں!
ایسا شخص جب دنیا میں ظاہر ہوتا ہے۔ تو خُدا اس کی عظمت کو جہان پر ظاہر کر دیتا ہے

چوں بیاید بہار باز آید | موسمِ لالہ زار باز آید
جب وہ آتا ہے تو موسم بہار پھر آ جاتا ہے اور گلزار کا موسم لوٹ آتا ہے

وقتِ دیدارِ یار باز آید | بے دلاں را قرار باز آید
یار کے دیدار کا وقت لوٹ آتا ہے۔ اور عاشقوں کو قرار آ جاتا ہے

ماہ روئے نگار باز آید | خور بہ نصف النہار باز آید
معشوق کا چاند سا چہرہ نظر آنے لگتا ہے اور سورج نصف النہار پر واپس آ جاتا ہے

باز خندد بناز لالہ و گل | باز خیزد ز بلبلاں غلغل
لالہ اور گلاب پھر ہنسنے لگتے ہیں۔ اور بلبلیں پھر چہچہانے لگتی ہیں

دستِ غیبش بہ پرورد نِ کرم | صبحِ صدقش کند ظہورِ اتم
خدا کا غیبی ہاتھ مہربانی سے پرورش کرتا ہے اور اس کی سچائی کی صبح کامل نور پر ظاہر ہوتی ہے

نورِ الہام ہمچو بادِ صبا | زدنش آرد ز غیب خوشبوہا
الہام کا نور بادِ صبا کی طرح غیب سے اس کے پاس خوشبوئیں لاتا ہے

مے شود ملہم از امورِ نہاں | زاں سرائر کہ خاصۂ یزداں

وہ مخفی باتوں کا ملہم ہو جاتا ہے یعنی ان رازوں کا جو صرف خدا کا خاصہ ہیں

تا نماید عیاں حقیقتِ کار | تا زند سنگ بر سرِ انکار

تاکہ اصل حقیقت کو نمایاں کر کے دکھا دے اور تاکہ منکروں کو ہلاک کر دے

ہمچنیں آں کریم و پاک و قدیر | مے کند روشنش چو مہرِ منیر

اس طرح وہ کریم پاک اور قادر خدا اس شخص کو روشن آفتاب کی طرح منور کر دیتا ہے

دیدہا مے کند بدو بینا | گوش ہا مے کند بدو شنوا

مخلوق کی آنکھوں کو اس وجہ سے بینا بناتا ہے اور ان کے کانوں کو اس کے ذریعہ شنوا کر دیتا ہے

ہر کہ آمد بدو بصدق و صفا | یابد از وے شفا بحکمِ خدا

جو شخص اس کے پاس صدق و صفا کے ساتھ آتا ہے وہ خدا کے حکم سے شفا پاتا ہے

گفت پیغمبر ستودہ صفات | از خدائے علیم مخفیات

ستودہ صفات پیغمبر نے۔ غیب دان علیم خدا سے علم پاکر کہا ہے

بر سرِ ہر صدی بروں آید | آنکہ ایں کار را ہمے شاید

کہ ہر صدی کے سر پر ایسا شخص ظاہر ہوتا ہے جو اس کام کے لائق ہوتا ہے

تا شود پاک ملت از بدعات | تا بیابند خلق زو برکات

تاکہ مذہب بدعات سے پاک ہو جائے۔ اور مخلوق اس سے برکتیں حاصل کرے

الغرض ذاتِ اولیائے کرام | ہست مخصوصِ ملتِ اسلام

خلاصۂ کلام یہ کہ اولیائے کرام کی ذات مذہب اسلام کے ساتھ مخصوص ہے

ایں مگو کیں گزاف لغو و خطاست	تو طلب کن ثبوت آں بر ماست

تو یہ نہ کہہ کہ یہ بات بیہودہ، لغو اور غلط ہے تو مطالبہ کر اس کا ثبوت ہمارے ذمہ ہے

اے یکے ذرّۂ ذلیل و خوار	چیر شود عاجز از تو آں دادار

اے شخص ایک ذلیل و خوار ذرّے کی طرح ہے تیرے مقابل پر وہ خدا کس طرح عاجز ہو سکتا ہے

ہمر ایں راست ست لافے نیست	امتحاں کن گر اعترافے نیست

یہ سب سچ ہے مبالغہ نہیں ہے۔ اگر تجھے یقین نہیں تو امتحان کر لے

وعدۂ کج بطالباں ندہم	کاذبم گر ازو نشاں ندہم

میں طالبوں سے غلط وعدہ نہیں کرتا اگر اس کا پتہ نہ بتاؤں تو جھوٹا ہوں

من خود از بہر ایں نشاں زادم	دیگر اندہر غمے دل آزادم

میں خود اس نشان کو پورا کرنے کو پیدا ہوا ہوں۔ دوسرے تمام غموں اور فکروں سے آزاد ہوں

ایں سعادت چو بود قسمتِ ما	رفتہ رفتہ رسید نوبتِ ما

چونکہ یہ سعادت ہماری قسمت میں تھی۔ اس لیے رفتہ رفتہ ہماری باری آ گئی

نعرہ ہا مے زنم بر آبِ زُلال	ہمچو مادر دواں پئے اطفال

میں مصفّٰی پانی (کے چشمے) پر کھڑا پکار رہا ہوں جس طرح ماں اپنے بچوں کے پیچھے دوڑتی ہو

تا مگر تشنگانِ بادیہ ہا	گردم آیند زیں فغاں وصلا

تاکہ شاید جنگل کے پیاسے اس شور و پکار سے میرے پاس آ جائیں

لیک شرط است عجز و صدق و صفا	آمدن با نیاز و خوفِ خدا

لیکن عاجزی اور صدق و صفا شرط ہے نیز انکسار اور خوفِ خدا کے ساتھ آنا

جستن از غربت و تذلّلِ دل	واز خلوص و اطاعتِ کامل

غریبی اور ذلی خاکساری کے ساتھ ڈھونڈنا۔ نیز اخلاص اور کمال اطاعت کے ساتھ تلاش کرنا

مگر کنوں ہم کسے بتابد سر	ق	گیرد از راہِ عدل راہ دگر

اور اگر اب بھی کوئی رُوگردانی کرتا ہے اور انصاف کا راستہ چھوڑ کر غلط راہ اختیار کرتا ہے

نے زِما پرسد و نہ خود داند	ق	نے ز کیں روئے خود بگرداند

اور نہ ہم سے پوچھے اور نہ آپ جانے اور نہ کینہ وری ترک کرے

آں نہ انسان کہ کرمکِ دون ست	راندۂ بارگاہِ بے چون ست

تو وہ انسان نہیں بلکہ ذلیل کیڑا ہے۔ اور خدا کے دربار سے راندہ ہُوا ہے

سرو کارے بحق نمے دارد	لاجرم لعنتش برد یارد

اُسے خدا سے کچھ سروکار نہیں اس لیے ضرور ہے کہ خُدا کی لعنت اُس پر برسے

حجّتِ مومناں براوست تمام	کارِ ما پختہ عُذرِ او ہمہ خام

مومنوں کی حجّت اُس پر تمام ہوگئی ہماری بات مضبوط اور اُس کا سارا عُذر لنگڑا ہوگیا

ایھا الجامحون فی الشّھوات	"اکثروا ذکرھا دم اللذات"[1]

اے نفسانی خواہشوں پر پل پڑنے والو موت کو جو لذتوں کو تباہ کر دیتی ہے اکثر یاد کیا کرو

رفتنی است ایں مقامِ فنا	دل چہ بندی دریں دو روزہ سرا

یہ فانی مقام گذر جانے والا ہے دو دن رہنے والی سرائے سے اپنا دل کیا لگاتا ہے

عمرِ اوّل ببیں کجا رفت است	رفت و بنگر ز تو چہ ہا رفت است

اپنی پہلی عمر کو دیکھ کہ کہاں چلی گئی وہ تو ضائع ہوگئی مگر دیکھ تیرے پاس سے کیا کیا چلا گیا۔

---

[1] حدیث نبوی ہے۔

پارۂ عمر رفت در خوردی | پارۂ را بسر کشی بردی
عمر کا ایک حصہ تو بچپن میں گذر گیا۔ اور ایک حصہ تو نے سرکشی میں ضائع کر دیا

تازہ رفت و بماند پس خوردہ | دشمناں شاد و یار آزردہ
عمدہ حصے چلے گئے اب پس خوردہ باقی رہ گیا۔ دشمن خوش ہیں اور دوست غمگین ہیں

صد چو تو مہچو بخورد زمیں | سر ہنوزت بر آسماں از کیں
تیری طرح کے سینکڑوں متکبروں کو زمین کھا گئی۔ مگر ابھی تیرا سر دشمنی کی وجہ سے آسمان پر ہے

بشنو از وضع عالم گذراں | چوں کند از زبانِ حال بیاں
اس گذر جانے والے جہان کی روش سے یہ بات سُن کہ کس طرح وہ زبانِ حال سے بیان کرتا ہے

کیں جہاں با کسے وفا نہ کند | نہ کند صبر تا جُدا نہ کند
کہ یہ جہان کسی کے ساتھ وفا نہیں کرتا اور جب تک اپنے سے جدا نہ کر لے اُسے صبر نہیں آتا

گر بود گوش بشنوی صد آہ | از دلِ مُردۂ درون تباہ
اگر تیرے کان ہوں تو سینکڑوں آہیں سنے گا اس مُردہ دل سے جس کا اندرون تباہ ہو چکا ہے

کہ چرا رو بتافتم ز خُدا | دل نہادم در آنچہ گشت جُدا
کہ میں نے کیوں خدا سے منہ موڑا اور اس چیز سے دل لگایا جو مجھ سے جدا ہو گئی

قدرِ ایں رہ بپرس از اموات | اے بسا گور ہا پُر از حسرات
اس رستے کی قدر مُردوں سے پوچھ بہت سی قبریں ہیں جو حسرتوں سے بھری پڑی ہیں

جائے آں ست کہ چشیں جائے | از تورع بروں نہی پائے
مناسب یہی ہے کہ تو ایسی جگہ سے تقویٰ اور پرہیزگاری کے ساتھ کوچ کر جائے

هر چه اندازدت ز یار جدا | باش ز انجمله کار و بار جدا

تجھے جو چیزیں یار سے الگ کرتی ہیں۔ تو اُن سب سے علیحدہ ہو جا

اے خنک خیرہ سرکشی تا چند | کس ز دلدار بگسلد پیوند

اے خدا بے یدکردار! تو کب تک سرکشی کرے گا کیا کوئی دلدار سے بھی تعلق توڑا کرتا ہے؟

روئے دل را بتاب از اغیار | باش ہر دم بجستجوئے نگار

غیروں کی طرف سے اپنا دل پھیر لے۔ اور ہر دم محبوب کی تلاش میں رہ

رو بدو کن کہ روئے خوبِ یار ست | ہمہ روہا فدائے دلدار ست

اُسی کی طرف اپنا منہ کر کیونکہ محبوب کا چہرہ ہی قابلِ دید ہے اور سب چہرے اس دلدار پر قربان ہیں

تو برون آ ز خود لقا این ست | تو در و محو شو بقا این ست

تو اپنی خودی سے باہر آ کہ یہی لقا ہے اور اُس میں محو ہو جا کہ یہی بقا ہے

ہر کہ غافل ز ذات بیچون ست | اُو نہ دانا کہ سخت مجنون ست

جو اُس بے مثل ذات سے غافل ہے وہ عقلمند نہیں بلکہ سخت دیوانہ ہے

تا کے رو بتابی از رخِ دوست | دیگرے را نشاں دہی کہ چو اوست

تو کب تک دوست سے روگردان رہے گا۔ کسی اور کا پتہ بتا جو اُس جیسا ہو

در دو عالم نظیرِ یار کجا! | عاشقاں را بغیر کار کجا

دونوں جہان میں یار کی نظیر نہیں ملتی۔ اُس کے عاشقوں کو غیر سے کیا کام

چو بدل آتشے ز عشق افروخت | دلستاں ماند و غیر او ہمہ سوخت

جب دل میں عشق کی آگ بھڑکی تو محبوب رہ گیا اور اُس کے سوا سب کچھ جل گیا

لیکن انیست بخشش یزداں | تا نہ بخشند یافتن نتواں

لیکن یہ خدا کی بخشش ہے جب تک اُدھر سے مہربانی نہ ہو اپنی کوشش سے یہ بات نہیں ملتی

آں کساں را عطا شود زِ خُدا | کز کمندِ خودی شوند رہا

یہ مقام خدا کی طرف سے اُن لوگوں کو عطا ہوتا ہے، جو خودی کی قید سے آزاد ہو جاتے ہیں

نہ بر حکمِ کلامِ حق بروند | ورنہ فرامینِ او بروں نشوند

خدا تعالیٰ کے احکام کے ماتحت چلتے ہیں اور اُس کے فرمانوں سے باہر نہیں ہوتے

دیگرے را تمے دہند ایں جا | ور دہندش ثبوتِ آں بنما

اور لوگوں کو یہ مقام نہیں ملتا ۔ اگر ملتا ہے تو ثبوت پیش کر

غیر را آں وفا و مہر کجا | زہدِ خشک است غایتِ عقلا

غیر میں وہ وفا اور محبت کہاں ہو سکتی ہے، عقلمندوں کا انتہائی مقام زہدِ خشک ہے

عاقلانے کہ بر خرد نازند | بے خبر از حقیقت و رازند

وہ عقلمند جو اپنی عقل پر نازاں ہیں دراصل وہ حقیقت اور خدائی رازوں سے بے خبر ہیں

ہمچو گورے سپید کردہ بروں | اندروں پُر زِ خُبثِ گوناگوں

انھوں نے قبروں کی طرح اپنے ظاہر کو سفید کر رکھا ہے اور باطن طرح طرح کی گندگیوں سے بھرا ہوا ہے

مر خدا را چو سنگ دادہ قرار | عاجز از نطق و ساکت از گفتار

خدا تعالیٰ کو ایک پتھر کی طرح سمجھ رکھا ہے۔ جو بولنے سے عاجز اور گفتار سے محروم ہے

آں خدائے کہ حیّ و قیوم ست | نزدِ شاں یک وجودِ موہوم است

وہ خدا جو حیّ و قیوم ہے۔ اُن کے نزدیک ایک وہمی وجود ہے

آں حفیظ و قدیر و ربِّ جماد | نزدِ ِشاں اوفتادہ ہمچو جماد

وہ حفیظ و قدیر اور بندوں کا ربّ اُن کے نزدیک جمادات کی طرح بے جان پڑا ہے

خود پسنداں بعقلِ خویش اسیر | فارغ از حضرتِ علیم و قدیر

خود پسند اور اپنی عقل کے اسیر ہیں اور خدائے علیم و قدیر سے بیگانہ ہیں

آنکہ خود بیں و معجب اُفتاد است | حضرتِ اَفدسش کجا یاد است

وہ شخص جو خود پسند اور متکبّر ہے خدائے پاک اُسے کہاں یاد ہے

خوئے عُشاق عجز بہست و نیاز | نشنیدیم عشق و کبر انباز

عاشقوں کی عادت تو عجز و نیاز ہے ہم نے کبھی عشق اور تکبّر کو ساتھ ساتھ نہیں پایا

گر بجوئی سوارِ ایں رہ راست | اندر آنجا بجو کہ گرد بجاست

اگر تو اس سیدھے راستے کے سوار کی تلاش میں ہے۔ تو وہاں ڈھونڈ جہاں گرد اُڑ رہی ہے

اندر آنجا مجو کہ زور نماند | خود نمائی و کبر و شور نماند

اسے ایسی جگہ ڈھونڈھ جہاں زور نہیں رہا۔ شیخی نہیں رہی تکبّر اور شور نہیں رہا

فانیاں را جہانیاں نرسند | جانیاں را زبانیاں نرسند

اس دنیا کے لوگ فانی لوگوں کو نہیں پہنچ سکتے اور زبانی دعوی سچے عاشقوں کو نہیں پہنچ سکتے

خلق و عالم ہمہ بشور و شر اند | عشق باتاں بعالمِ دگر اند

تمام خلق اور جہاں شور و شر میں مبتلا ہے۔ لیکن عاشق ایک اور ہی عالم میں ہیں

تا نہ کارِ دلت بجاں بر سد | چوں پیامت ز دلستاں بر سد

جب تک تیرے دل کی حالت موت کی حد تک نہ پہنچ جائے تب تک اس دلبر کا پیغام تجھ تک کیونکر پہنچے گا

تا نہ از خود روی جُدا گردی | تا نہ قربانِ آشنا گردی!

جب تک تو خود روی سے الگ نہ ہو۔ اور جب تک تو دوست پر فدا نہ ہو

تا نیائی ز نفسِ خود بیروں | تا نہ گردی برائے او مجنوں!

جب تک اپنی نفسانیت نہ چھوڑے اور جب تک خدا کے لیے دیوانہ نہ ہو جائے

تا نہ خاکت شود لبسانِ غبار | تا نہ گردد غبارِ تو خوں بار

جب تک تیری خاک غبار کی طرح نہ ہو جائے اور جب تک تیرے غبار سے خون نہ ٹپکنے لگے

تا نہ خونت چکد برائے کسے | تا نہ جانت شود فدائے کسے

جب تک تیرا خون کسی کے لیے نہ بہے اور جب تک تیری جان کسی پر قربان نہ ہو

چوں دہندت بکوئے جاناں راہ | خود کُن از راہِ صدق و سوز نگاہ

اُس وقت تک تجھے کس طرح کوئے جاناں میں راستہ دیں گے تو آپ ہی صدق و سوز سے غور کر لے

نیست ایں عقل مرکبِ آں راہ | ہوش کُن! ہوش کُن!! مشو گمراہ

یہ عقل تو اُس راستے کی سواری نہیں ہے۔ ہوش کر۔ ہوش کر۔ گمراہ نہ ہو

اصل طاعت بود فنا رہ ہوا | تو کجا و طریقِ عشق کجا

فرمانبرداری کی اصلیت یہ ہے کہ اپنی خواہش جاتی رہے پس تو کہاں اور عشق کا راستہ کہاں

تو نشستہ بکبر از اصرار! | کردہ ایماں فدائے استکبار

تُو تو (خدا سے) متکبر ہو کر بیٹھا ہے اور اپنے ایمان کو تکبر پر قربان کر دیا ہے

ایں چہ عقل تو ایں چہ دانش و رائے | کہ کنی ہمسری بآں یکتائے

یہ تیری عقل دانش اور سمجھ کیسی ہے کہ تو اُس یکتا خدا کی ہمسری کرتا ہے

ایں چہ اُستادِ نا مقصت آموخت | ایں چہ قہرِ خدا و خشمت دوخت

تیرے نامعقول اُستاد نے یہ تجھے کیا سکھایا ہے اور خدا کے قہر نے تیری دونوں آنکھیں کیونکر سی دی ہیں

ایں چہ از فکرِ خود خطا خوردی | اوّل الدّن دُر دے آوردی

اپنی عقل کی وجہ سے تو نے یہ کیا غلطی کی ہے تو نے تو شراب کے مٹکے میں سے پہلا جام ہی تلچھٹ کا نکالا

چوں شود عقلِ ناقصت چو خدا | خاک زادے چساں پرد بہ سما

تیری ناقص عقل خدا کے برابر کس طرح ہو سکتی ہے ایک خاکی وجود اُڑ کر آسمان تک کیونکر پہنچ سکتا ہے

آنچہ صد سہو و صد خطا دارد | علمِ آں پاک از کجا آرد

عقل جو خود صدہا سہو و خطا میں مبتلا ہے وہ اس خدائے پاک کا علم کہاں سے لائے

سہو کن را ثنا کنی ہیہات | ایں چہ سہو و خطا کنی ہیہات

افسوس کہ تو بھولنے والی عقل کی تعریف کرتا ہے یہ کیا سہو اور خطا کر رہا ہے تجھ پر افسوس

آنچہ لغزد بہر قدم صد بار | چوں زدریا رساندت بکنار

جو ہر قدم پر سو دفعہ لغزش کھاتی ہے وہ تجھے دریا میں سے کنارہ تک کیونکر پہنچا سکتی ہے

ایں سراب است سوئے آں منتاب | مے نماید ز دُور چشمۂ آب

یہ (عقل) تو سراب ہے اس کی طرف جانے میں جلدی نہ کر جو دور سے پانی کا چشمہ نظر آتی ہے

کشتیٔ تو شکستہ است و خراب | باز افتادہ در نہنگِ گرداب

تیری کشتی شکستہ اور خراب ہے پھر بھنور کے چکر میں بھی پڑ گئی ہے

ناز کم کن بریں چنیں کشتی | کم خرام اے دنی بدیں زشتی

ایسی کشتی پر فخر نہ کر۔ اے ذلیل انسان اس بدصورتی کے باوجود مٹک کر نہ چل

نرسی تا یقین ز راہِ قیاس | ہمہ بر ظن و وہم ہست اساس

قیاس کی راہ سے تو یقین تک نہیں پہنچے گا اس کی تو سب بنیاد شک اور وہم پر ہے

گر ز فکر و نظر گداز شوی | ایں نہ ممکن کہ اہلِ راز شوی

اگر غور و فکر کرتے کرتے تو پگھل بھی جائے تب بھی ناممکن ہے کہ صاحبِ اسرار ہو جائے

گر دو صد جانِ تو ز تن برود | ایں نہ ممکن کہ شک و ظن برود

اگر تیرے بدن میں سے دو سو جانیں بھی نکل جائیں تب بھی ممکن نہیں کہ شک اور ظن دور ہو

ہست دارو ئے دل کلامِ خدا | کے شوی مست جز بجامِ خدا

دلی تسکین کا علاج تو خدا کا کلام ہے خدا کے جام کے سوا تو مست کب ہو سکتا ہے

ہست بر غیر راہ و آں بستہ | ہمہ ابوابِ آسماں بستہ

اس کا دامن غیر کے لیے مسدود ہے اور آسمان کے سارے دروازے (غیر کے واسطے) بند ہیں

تا نشد مشعلے ز غیب پدید | از شبِ تارِ جہل کس نہ رہید

جب تک غیب سے کوئی مشعل پیدا نہ ہو تب تک جہالت کی اندھیری رات سے کوئی رہائی نہیں پاتا

باید اینجا نہ کبر ہا دوری | تو بعقل و قیاس مغروری

اس جگہ تو تکبر سے بچنا چاہیئے۔ مگر تو عقل اور قیاس پر مغرور ہے

ایں چہ غفلت کہ خوش بدیں کیشی | و از خدا ہیچ گہ نلرزیشی

یہ کیسی غفلت ہے کہ تو اپنے اس طریق پر خوش ہے اور کسی وقت بھی خدا سے نہیں ڈرتا

رہ طلب کن وصالِ یار ز یار | نکنی بر زورِ خود کمن زنہار

جا۔ اور یار سے ہی اس کا وصل طلب کر اور ہرگز اپنی طاقت پر بھروسہ نہ کر

تا نہ گردد نگوں سرت بہ نیاز | پردہ از نفس تو نگردد باز

جب تک نیاز کے ساتھ تیرا سر نیچا نہ ہوگا تب تک تیرے نفس کے حجاب دور نہ ہوں گے

تا نہ ریزد ترا ہمہ پر و بال | اندریں جا پریدن است محال

جب تک تیرے سارے پر و بال نہ جھڑ جائیں گے تب تک اس جگہ پرواز کرنا ناممکن ہے

ناتوانی مست قوّتے اینجا | ایں چنیں قوّتے بیار و بیا

ناتوانی اِس جگہ کی طاقت ہے۔ پس ایسی قوت پیدا کر اور آجا

پردۂ نیست بر رُخِ دلدار | تو ز خود پردۂ خودی بردار

دلدار کے منہ پر کوئی نقاب نہیں تو اپنے اوپر سے انانیت کا پردہ اُٹھا دے

ہر کہ را دولتِ ازل شد یار | کارِ او شد تذلّل اندر کار

ازلی خوش قسمتی جس شخص کی مددگار ہو جاتی ہے تو اُس کا کام اپنے معاملہ میں خاکساری ہو جاتا ہے

آں در آمد بہ حضرتِ بے چوں | کہ شد از تنگنائے کبر و رُوں

وہی شخص بے مثل خدا کی حضوری میں آجاتا ہے جو تکبر کے تنگ کوچہ سے باہر نکل جاتا ہے

حق شناسی ز خود روی ناید | خود روی خود روی بیفزاید

خود روی سے حق شناسی حاصل نہیں ہوتی بلکہ خود روی تو خود روی کو ہی زیادہ کرتی ہے

از خودی حالِ خود خراب مکُن | شب پری کارِ آفتاب مکُن

خودی سے اپنا حال تباہ نہ کر تو تو چمگادڑ ہے۔ آفتاب کا کام اختیار نہ کر

تا بشر پُر بود ز تنکبارہ | اندرونش تہی بود از یار

جب تک بشر تکبر سے بھرا ہوتا ہے اُس کا دل یار سے خالی ہوتا ہے

چوں رسد عجز کس بحدِ تمام | شورش عشق را رسد ہنگام

جب کسی کا انکسار پورے کمال تک پہنچ جاتا ہے اُس وقت عشق کی شورش کا وقت آپہنچتا ہے

ایکہ چشمت زِ کبر پوشیدہ | چہ کنم تا کشایدت دیدہ

اے وہ شخص کہ تیری آنکھ تکبّر نے پردہ ڈال رکھا ہے میں کیا کروں کہ تیری آنکھ کھل جائے

گر ترا در دل ست صدقِ طلب | خود رو یہا مکن زِ ترکِ ادب

اگر تیرے دل میں سچی طلب ہے تو بے ادبی سے خود روی نہ کر

راہِ راہِ خدا بجو زِ خُدا | تو نہ چوں خُدا بجائے خود آ

خدا کے راستے کا بھید خدا سے ہی طلب کر جب تو خدا نہیں ہے تو اپنی جگہ پر آجا

بندگانیم بندہ را باید | کہ کند ہر چہ خواجہ فرماید

ہم تو بندے ہیں اور بندہ کو مناسب ہے کہ جو کچھ آقا فرمائے وُہ کرے

منصبِ بندہ نیست خود رائی | خود نشستن بکار فرمائی

بندہ کا منصب خود رائی کرنا نہیں اور نہ آپ ہی حکومت کرنے بیٹھ جانا ہے

ہر کہ بر وفقِ حکم مشغول است | بر سرِ اجرت است و مقبول است

جو شخص حکم پورا کرنے میں مصروف ہے اسی کو مزدوری ملے گی اور وہی مقبول ہے

وانکہ بے حکم خود ترا شد کار | مزد واجب نمے شود زنہار

اور جو شخص بغیر حکم کے خود سے کام کرتا ہے اُس کی مزدوری کبھی واجب نہیں ہوتی

ما ضعیفیم و او فتادہ بخاک | خود چہ دانیم رازِ حضرتِ پاک

ہم تو ضعیف ہیں اور خاک پر گرے ہوئے ہم خود خدائے قدوس کا راز کس طرح جان سکتے ہیں

ما ہمہ ہیچ اوست کامل ذات | علم ما چوں شود بچو او جہات

ہم سب بے حقیقت ہیں اور وہی کامل وجود ہے تو ہمارا علم اُس کے علم کی طرح کیونکر ہو سکتا ہے

ذات بے چوں کہ نام اوست خدا | کے خیالِ خرد رسد آنجا

وہ بے مثل ذات جس کا نام خدا ہے اُس تک عقل کا خیال کیونکر پہنچ سکتا ہے

آنکہ او آمدست از بر یار | او رساند بہ دلستاں اسرار

وہ جو خدا کے پاس سے آتا ہے وہی اس دلستاں کے راز لوگوں کو پہنچاتا ہے

آنچہ ما فی الضمیر تست نہاں | کے چو تو داندش دگر انساں

جو بات تیرے دل میں پوشیدہ ہے اُسے دوسرا انسان تیری طرح کیونکر جان سکتا ہے

پس تو ما فی الضمیر آں دادار | مثلِ او چوں بدانی اے غدار

پھر تو اُس بات کو جو خدا کے خیال میں ہے اے بے وفا کیونکر اُس کی طرح جان سکتا ہے

آنکہ چشم آفرید نور دہد | آنکہ دل داد او سرور دہد

جس نے آنکھ پیدا کی وہی نور بخشتا ہے جس نے دل دیا وہی سرور عنایت کرتا ہے

چشمِ ظاہر بیں کہ چوں نہ کرم | خالقش داد نیّرِ اعظم

ظاہری آنکھ کو دیکھ کہ کس طرح اپنی مہربانی سے خالق نے اُس کو آفتاب عطا کیا

او برائے مصالحِ دوراں | گاہ پیدا نمود و گاہ نہاں

اور زمانے کی بھلائی کے لیے کبھی اُس آفتاب کو ظاہر کیا اور کبھی پوشیدہ کر دیا

ایں چنیں ست حالِ چشمِ دروں | آفتابش کلامِ آں بے چوں

یہی حال باطنی آنکھ کا ہے۔ اس کا آفتاب اس بے نظیر خدا کا کلام ہے

ہوش دارد بشر کہ عقلِ بشر	دارد اندر نظر ہزار خطر

ہے انسان ہوش کرے کہ انسانی عقل کی بینائی میں ہزاروں خطرات ہیں

سرکشیدن طریقِ شیطانی ست	برخلافِ سرشتِ انسانی ست

سرکشی شیطان کا طریقہ ہے۔ اور انسانی فطرت کے برخلاف ہے

تا نہ فضلش رہِ تو بگشاید	صد فضولی بکن چہ کار آید

جب تک اس کا فضل تیری راہ کو نہ کھولے تو کتنی ہی بے فائدہ کوششیں کرے سب بے کار ہیں

در سرائر چہ جائے استنباط	شتر ے چوں خزد بسم خیاط

باریک رازوں میں قیاس کی گنجائش نہیں اونٹ سوئی کے ناکے میں کیونکر گھس سکتا ہے

تو نہ با خبر اناں کوئے!!	تو نہ دانی جمالِ آں روئے

تو اُس کوچہ سے بے خبر ہے تو اُس چہرے کے حُسن کو نہیں جانتا

خبرے زو بمردماں چہ دہی	ماہِ نادیدہ را نشاں چہ دہی

پھر اُس کے متعلق لوگوں کو کیا خبر دیتا ہے جس ہاں کو تو نے دیکھا نہیں اُس کا نشان کیا بتاتا ہے

سخنِ یار و سینہ افسردہ	جامۂ زندہ است بر مُردہ

دوست کی باتیں کرنا اور سینہ بجھا ہوا یہ تو ایسی بات ہے جیسے مردہ پر زندہ کا لباس

گر بری ریگ را بزرگ دہند	جنبشِ باد خواہدش افگند

خواہ ریت[1] کو تو کتنی ہی اُونچی جگہ لے جائے ہوا کی ذرا سی حرکت اُسے وہاں سے گرا دے گی

ہست ناراکے کہ ہر قیفاں	مے شود زاں محافظِ تن و جاں

ہمارا ایک خدا ہے کہ ہر قیفاں جو اُس کی طرف سے ہے ہمارے جان و تن کا محافظ ہوتا ہے

[1] یعنی ریت کی عمارت

آں خدائے کہ آفریدِ جہاں | ہست ہر آفریدہ را نگراں
وہ خدا جس نے جہان کو پیدا کیا | وہی ہر مخلوق کا نگہبان ہے
ہر چہ بایدش برائے مخلوقات | از لباس و خوراک و راہِ نجات
مخلوقات کے لیے جو کچھ بھی درکار ہے مثلاً لباس، خوراک اور نجات کا راستہ
خود مہیا کند بمنّت وجود | کہ کریم ست و قادر ست و ودود
وہ اپنے وجود کو مہربانی اور احسان سے خود مہیا کرتا ہے کیونکہ وہ کریم قادر اور محبت کرنے والا ہے
چشم خود کن بکشتِ صحرا باز | خوشہ با خوشہ ایستادہ بناز
کھل ہیں کھیتوں کی طرف آنکھیں کھول کر دیکھ کہ خوشہ کے ساتھ خوشہ ناز کے ساتھ کھڑا ہے
ہمہ از بہرِ ماست تا بخوریم | درد و رنجِ گرسنگی نہ بریم
یہ سب ہمارے لیے ہے کہ ہم اُسے کھائیں اور بھوک کا درد اور تکلیف نہ اٹھائیں
آنکہ از بہرِ چند روزہ حیات | ایں قدر کردہ است تائیدات
وہ جس نے چند روزہ زندگی کے لئے اس قدر مدد کی ہے
چوں نہ کردے برائے دارِ بقا | نظرے کن بعقل و شرم و حیا
وہ آخرت کے لیے جو ہمیشہ کا گھر ہے کیوں امداد نہ کرتا عقل اور شرم و حیا سے اس بات پر غور کر
سنگ افتد بریں چنیں فرہنگ | کہ ز صد قاست دور صد فرسنگ
ایسی عقل پر تو پتھر پڑیں جو سچائی سے سو کوس دُور پڑی ہے
اگر کنی موئے نفسِ خویش خطاب | کہ چہ آنت گذر شود بجناب
اگر تو اپنے آپ سے ہی پوچھے کہ اس درگاہ میں تیرا گذر کیونکر ہو

خود ندائے بیاید ت ز درون | کہ ز تائید حضرتِ بے چوں

تو خود تیرے اندر سے ہی یہ آواز آئے گی کہ خدائے بے نظیر ہی کی تائید سے یہ ہو سکتا ہے

نا یداندر قیاس و فہم کسے | کہ شود کارِ پیل از مگسے

کسی شخص کی عقل و فہم میں یہ بات نہیں آسکتی کہ ہاتھی کا کام ایک مکھی سے ہو

پس چہ ممکن کہ ذرّۂ امکاں | خود کند کارِ حق بزور و تواں

پھر یہ کیونکر ممکن ہے کہ مخلوقات کا ایک ذرّہ آپ ہی اپنے زور و طاقت سے خدا کا کام کرے

شانِ دادارِ پاک را بشناس | وز چنیں کسر شانِ او بہراس

خدائے قدوس کی شان کو سمجھ اور اس کی ایسی توہین سے خوف کھا

خویشتن را شریک او سازی | پیش او دم زنی با نبازی

تو اپنے تئیں اس کا شریک بناتا ہے اور اس کے بالمقابل برابری کا دعویٰ کرتا ہے

اینچہ عقل است اے بتر ز دواب | اینچہ بر فہم تو فتاد حجاب

اے چارپایوں سے بھی گئے گذرے انسان یہ کیا عقل ہے؟ تیری سمجھ پر یہ کیسے پردے پڑ گئے

گر کسے گوید ت باستکفار | کہ دریں شہر جوں تو ہست ہزار

اگر کوئی تجھے تحقیر سے یوں کہے کہ اس شہر میں تیرے جیسے ہزاروں ہیں

نیستی از کسے بعقل فزوں | یا تو ہم پایہ اند مردم دوں

اور تو عقل میں کسی سے بڑھ کر نہیں ہے اور ادنیٰ ادنیٰ انسان بھی تیرے برابر ہیں

مشتعل مے شوی بکیں خیزی | در دل آری کہ خونِ او ریزی

تو یہ باتیں سن کر تو جوش میں آجاتا اور لڑنے کو تیار ہو جاتا ہے تیرا جی چاہتا ہے کہ اسے قتل کر دے

آنچہ بر خود روا نمے داری | چوں پسندی بحضرتِ باری
جس بو بات تو اپنے لیے جائز نہیں رکھتا وہی خدا کے لیے کیونکر پسند کرتا ہے

چوں پسندی کہ کارساز اُمور | اُبکمے ہست واز سخن معذور
تو کس طرح پسند کرتا ہے کہ سب کاموں کا کارساز گونگا اور بات کرنے سے عاجز ہو

چوں پسندی کہ واہبِ ہر نُور | بخل ورزیدہ باشد است و قصور
تو کس طرح پسند کرتا ہے کہ ہر نور کے بخشنے والے نے بخل اختیار کر لیا ہو اُس سے غلطی ہوگئی

چوں پسندی کہ حضرتِ بغفور | ہست عاجز چو مُردگانِ قبور
تو کس طرح پسند کرتا ہے کہ غفور خدا قبروں کے مُردوں کی طرح عاجز ہے

بہرِ تعظیم ہست مذہب و دیں | اُف بر آں دیں کہ مے کند توہیں
مذہب اور دین تو خدا کی عظمت کے لیے ہیں ایسے مذہب پر تف ہے جو اس کی توہین کرتا ہے

آنکہ او خلق را زبا نہا داد | خاک را طاقتِ بیا نہا داد
وہ خدا جس نے خلق کو زبان دی اور خاک کو گویائی کی قوت بخشی

چوں بود گنگ بے زبان ہیہات | شرمت آید ز پاک و کامل ذات
وہ خود کس طرح گونگا اور بے زبان ہو سکتا ہے تجھے اس پاک اور کامل وجود سے شرم کرنی چاہیے

جامع ہر کمال و عزّ و جلال | چوں بود ناقص اے اسیرِ ضلال
وہ ساری کمالات اور جاہ و جلال کا جامع ہے اے گرفتارِ گمراہی وہ ناقص کس طرح ہو سکتا ہے

ہمہ اوصافِ او چو گشت عیاں | چوں بماند نے تکلمش پنہاں!
جب اُس کی تمام صفات ظاہر ہو گئیں۔ تو پھر اُس کا بولنا کیونکر مخفی رہ سکتا تھا

دیدہ آخر برائے آں باشد | کہ بدو مرد راہ داں باشد

آنکھیں آخر اسی کام کے لیے ہوتی ہیں کہ آدمی اُن سے راستہ دیکھے

وہ چہ ایں چشم ہست و ایں دیدہ | کہ بروآفتاب پوشیدہ

یہ تیری آنکھ اور نظر بھی خوب ہے! کہ آفتاب اُسے نظر نہیں آتا

گر بدل باشدت خیالِ خدا | ایں چنیں ناید از تو استغنا

اگر تیرے دل میں خدا کا خیال ہوتا تو اتنی لاپروائی تجھ سے ظہور میں نہ آتی

از دل و جاں طریقِ او جوئی | باز سرِ صدق سوئے او پوئی

تو اپنے جان و دل سے اس کا راستہ ڈھونڈتا اور صدق سے اس کی طرف دوڑتا

ہر کرا دل بود بدلدارے | خبرش پرسد از خبرداے

جس کا دل کسی معشوق سے لگا ہوا ہوتا ہے وہ تو واقف کار سے اس کی خبر معلوم کرتا رہتا ہے

گر نباشد لقائے محبوبے | جوید از نزدِ یار مکتوبے

اگر محبوب کی ملاقات میسّر نہ ہو تو یار کے خط ہی کا طالب ہوتا ہے

بے دلآرام نایدش آرام | گہ برویش نظر گہے بکلام

اُسے محبوب کے سوا آرام نہیں آتا کبھی اُس کے منہ کو دیکھتا ہے کبھی اُس کے کلام کو

آنکہ داری بدل محبّتِ اُو | نایدت صبر مجز بہ صحبتِ اُو

جس شخص میں کی محبت تیرے دل میں ہے۔ تجھے بغیر اُس کی ملاقات کے صبر نہیں آتا

فرقتِ او گر اتفاق افتد | درتن و جانِ تو فراق اُفتد

اگر اُس سے اتفاقاً جدائی ہو جائے تو تیرے بدن سے تیری جان نکلنے لگے

دلت از ہجرِ او کباب شود | چشمت از نقشِ او پُرآب شود

تیرا دل اُس کے ہجر سے کباب ہو جائے اور اُس کے جانے سے تیری آنکھیں آنسو بہانے لگیں

باز چوں آں جمال و آں روئے | شد نصیبِ دو چشم در کوئے

پھر جب وہ حسن اور وہ چہرہ کسی گلی میں تیری آنکھوں کے سامنے آجائے

دست در دامنش زنی بجنوں | کہ ز نادیدنت دلم شد خوں!

تو تو دیوانہ وار اُس کا دامن پکڑ کر کہتا ہے کہ تجھے نہ دیکھنے کی وجہ سے میرا دل خون ہو گیا

ایں محبت بذرّۂ امکان! | وا ز دل افگندۂ خدائے بگان

مخلوقات میں سے ایک ذرّہ کے ساتھ تو ایسی محبت کر خدائے لاثانی کو تو نے دل سے اُتار رکھا ہے

لا اُبالی فتادۂ زاں یار | فارغی زاں جمال و زاں گفتار

تو اُس یار سے بالکل بے پروا ہو گیا ہے اور اُس کے جمال اور گفتار سے بے تعلق

مردگاں را ہمے کشی بکنار | وا ز دلآسامِ زندۂ بیزار!

مُردوں کو تو گود میں لیتا ہے پر زندہ محبوب سے بیزار ہے

کس ندیدی کہ قانع از یار ست | عشق و صبر ایں دو کار دشوار ست

کیا تو نے کوئی ایسا عاشق سنا ہے جو یار سے بے پروا ہو عشق اور صبر دونوں کا جمع ہونا مشکل ہے

آنکہ در قعرِ دل فرود آید | دیدہ از دیدنش نیاساید

جو دل کی گہرائیوں میں اُتر جاتا ہے تو پھر آنکھ اُس کے دیکھنے سے سیر نہیں ہوتی

تو دلِ خود بدیگراں دادہ! | یکسر از یار فارغ اُفتادہ

تو نے اپنا دل دوسروں کو دے رکھا ہے اور یار کی طرف سے بالکل لاپروا ہو گیا ہے

ایں بود حال و طور عاشقِ زار	ایں بود قدرِ دلبرا ے مُردار

کیا عاشقِ زار کا حال ایسا ہی ہوا کرتا ہے اے مردار کیا یہی دلبر کی قدر ہے

عاشقاں را بود ز صدق آثار	اے سیہ دل ترا بعشق چہ کار

عاشقوں میں تو صدق کے آثار پائے جاتے ہیں اے سیہ دل بھلا تجھے عشق سے کیا کام

تا ز تو ہستی ات بدر نرود	تخمِ شرک از دلِ تو بر نرود

جب تک تیری خودی تجھ سے دُور نہ ہوگی تب تک شرک کا بیج تیرے دل میں سے نہیں نکلے گا

پائے سعیت بلند تر نرود	تا ترا دُود دل بسر نرود

تیری کوشش کا قدم اونچا نہیں پڑے گا جب تک تیرے دل کا دھواں سر تک نہ پہنچ جائے

یار پیدا شود در آں ہنگام	کہ تو گردی نہاں ز خود بتمام

یار اُس وقت ظاہر ہوگا جب تو اپنے آپ سے پوری طرح غائب ہو جائے

تا نہ سوزی ز سوز و غم نہ زہی	تا نمیری ز موت ہم نہ زہی

جب تک تو نہیں جلے گا سوز و غم سے نجات نہیں پائیگا اور جب تک تو مرے گا نہیں موت سے بھی رہائی نہیں پائے گا

چیست آں ہر زہ جان و تن کہ نسوخت	آتشش اندر دلے بنان کہ نسوخت

وہ جان و تن کیسے بیہودہ ہیں جو عشق میں نہیں جلتے ایسے دل کو آگ لگا دے جو نہیں جلتا

کلبۂ جسمِ خود بکن برباد	چوں نمے گردد از خدا آباد

اپنے جسم کی جھونپڑی کو برباد کر دے اگر وہ خدا سے آباد نہیں ہوتی

پائے خود را جدا کن از تنِ خویش	چوں نگیرد رہِ صداقت پیش

اپنے جسم سے اپنے پیر کو کاٹ ڈال اگر وہ صداقت کا رستہ اختیار نہیں کرتا

هیچ چیزے بے ذات چوں نیست | جگرے خوں شود و کو دل نیست

کوئی چیز بھی اس بے مثل ذات کی مانند نہیں وہ دل نہیں جو جائے ہو اس کی محبت میں خون نہیں ہوتا

گنج با شے جہاں فدائے نگار | بہ ز صد گنج خاکِ پائے نگار

سارے جہان کے خزانے اس محبوب پر قربان ہیں اور محبوب کے پیروں کی خاک سینکڑوں خزانوں سے بہتر ہے

ہر چہ از دستِ او رسد آں بہ | خارِ او از ہزار بستاں بہ

جو کچھ اس کے ہاتھ سے پہنچے وہی اچھا ہے اس کا ایک کانٹا ہزار گلزار سے بہتر ہے

ذلت از بہرِ او ز عزت بہ | قلت از بہرِ او ز کثرت بہ

اس کی خاطر ذلت برداشت کرنا عزت سے بہتر ہے اس کی خاطر غربت اختیار کرنا دولتمندی سے بہتر ہے

محزوں از بہرِ او حیاتِ مدام | صد لذایذ فدائے آں آلام

اس کی خاطر مرنا ہمیشہ کی زندگی ہے۔ ان تکلیفوں پر سینکڑوں لذتیں قربان ہیں

اے کہ در کوئے دلستاں گذری | با وفا باش در زِ جاں گذری

اے وہ شخص! جو دلبر کے کوچے میں سے گذر رہا ہے تو باوفا رہ خواہ جان چلی جائے

عاشقانے کہ طالبِ یار اند | جاں فشانان ز بہرِ دلدار اند

وہ دیوانے جو یار کے طالب ہیں وہ تو دلدار کے لیے جان قربان کر دیتے ہیں

گر نیابند راہِ آں دلبر | از غمش جاں کنند زیر و زبر

اگر وہ اس محبوب تک پہنچنے کا راستہ کھلا نہیں پاتے تو اس کے غم میں اپنی جان تہ و بالا کر دیتے ہیں

از خدا ہم رنگ مے دارند | وز رہِ نام ننگ مے دارند

وہ یار کے رنگ میں رنگین ہوتے ہیں اور شہرت سے انہیں عار آتی ہے

لذّتِ خود بدرد مے بینند | حُسن در روئے زرد مے بینند
وہ اپنی لذت درد میں پاتے ہیں اور روئے زرد میں حُسن دیکھتے ہیں

تو کہ چوں خر بگل فرو مانی | ہمّتِ آں یلاں چہ مے دانی
تو جو گدھے کی طرح کیچڑ میں پھنسا ہوا ہے۔ اُن پہلوانوں کی ہمت کو کہاں جان سکتا ہے

سہل باشد حکایت از غم و درد | داند آں کس کہ رُود بنعم ہا کرد
غم اور درد کی باتیں کرنی آسان ہیں مگر اُن کا مزا وہی جانتا ہے جسے نعم پیش آئیں

آفرینِ خدا بر آں جانے | کہ ز خود شد برائے جانانے
خدا کی رحمت ہو اُس جان پر جس نے محبوب کی خاطر خودی چھوڑ دی

منزلِ یارِ خویش کرد بدل | واز ہوا ہا رمید صد منزل
دل میں یار کا ٹھکانا بنا لیا اور ہوا و ہوس سے سینکڑوں کوس دور چلا گیا

از خودی دور شد خدا یابد | گم شد و دستِ رہنما یابد
خودی سے دور ہو گیا اور خدا کو پا لیا اپنے تئیں کھو کر رہنما کے ہاتھ کو حاصل کر لیا

تو چہ یابی کہ غافلی زیں راہ | واز جلالِ خدا نہ آگاہ
تو بھلا کیا پائے گا کہ اس راستہ ہی سے غافل ہے۔ اور خدا کے جلال سے بھی واقف نہیں

ہمہ کارت بعقلِ خام افتاد | ہمہ سعیٔ تو ناتمام اُفتاد
تیرے سارے کام عقلِ خام سے ہی وابستہ رہے اور تیری ساری کوششیں ناکام رہیں

مجمل طولی ہمیں سخن یاد ست | کہ بشر عاقل است و آزاد ست
طولیٰ کا طرح بس یہی بات یاد ہے کہ انسان عاقل ہے اور آزاد ہے

اے کہ دیوانہ پئے اموال | وہ کہ درکارِ دیں چنیں اہمال

اے وہ جو کہ زر و مال کے پیچھے دیوانہ ہو رہا ہے افسوس دین کے کام میں اس قدر فرو گذاشت

پیشتر دل را بجانبِ دیں کُن | فکرِ آخر غمِ نخستیں کُن

اپنے دل کا رُخ دین کی طرف کر دے اور آخرت کے فکر کو سب سے مقدم فکر بنا لے

عصرِ تو قیاس در ہمہ حال | ہست برحقِ تو یک استدلال

تیرا ہر حال میں قیاس پر ہی انحصار رکھنا تیری بیوقوفی پر ایک دلیل ہے

تا نہ فرماں رسد باعلانے | چوں شود کس مطیعِ فرمانے

جب تک اعلان کے طور پر کوئی حکم نہ پہنچے تو کیوں کوئی ایسے حکم کو بجا لائے

تا نہ حکمے شود ظہور پذیر | چوں توانی شدن مطیعِ امیر

جب تک حاکم کا حکم ظاہر نہ ہو تب تک تو حاکم کی اطاعت کس طرح کر سکتا ہے

تا نہ گردد کسے زِ حق مامور | کفر و ایماں چساں کنند ظہور

جب تک کوئی حق کی طرف سے مامور نہ ہو تو لوگوں کے کفر اور ایمان کیونکر ظاہر ہوں

تا نیاید اشارتے زِ نگار | چہ بر آید زدستِ عاشقِ زار

جب تک اس محبوب کی طرف سے اشارہ نہ ہو تو عاشقِ زار کے ہاتھوں سے کیا کام ہو سکتا ہے

فرق در سرکش و مطیعِ خدا | جز بہ حکمش چساں شود پیدا

خدا کے سرکش اور اس کے مطیع میں جو فرق ہے بغیر اس کے حکم کے کس طرح ظاہر ہو سکتا ہے

شرطِ تعمیلِ حکم چوں حکم است | پس وجودش بجو نخست اے مست

تعمیلِ حکم کی شرط چونکہ حکم کا موجود ہونا ہے اس لیے اے دیوانے پہلے خود اس حکم کو ڈھونڈ

ورنہ ایں دعویٰ غلط بگذار | کہ رَوَم زیر حکمِ آں دادار

ورنہ اس غلط دعوے کو ترک کر کہ میں خدا کے حکم کے ماتحت چل رہا ہوں

خود تراشیدن از خودی فرماں | آں نہ حکمِ خدا ست اے ناداں

اپنی مرضی سے حکم گھڑ لینا اے نادان یہ خدا کا حکم نہیں ہو سکتا

نہ بجز وحی است و نے بعقل ردا | کہ شود ظنِ خویش حکمِ خدا

وحی اور عقل دونوں کی رُو سے یہ جائز نہیں کہ اپنا ظنّ خدا کا حکم بن جائے

حکمِ او آں بود کہ او فرمود | پس چو فرمود خود نگہ کن زود

اس کا حکم تو وہ ہے جو خود اس نے دیا اور جب وہ حکم دے دے تو فوراً توجّہ کر

کہ ازیں شد ثبوتِ وحیِ خدا | شد ضرورت مسلّمش زیں جا

جہاں سے خدا کی وحی کا ثبوت ملتا ہے اسی دلیل سے خود اس کی ضرورت بھی ثابت ہوتی ہے

اگر دہندت بصیرتِ دینی! | ورگمانہا ہلاکِ خود بینی!

اگر تجھے دینی معرفت نصیب ہو تو تُو گمان میں اپنی ہلاکت دیکھے

بنگر آخر بعقل و فکر و قیاس | کہ خرد را نہ محکم است اساس

عقل فکر اور قیاس سے دیکھ تو سہی کہ عقل کی بنیاد مضبوط نہیں ہے

تا نباشد رفیقِ او دگرے | نایدش از رہِ یقیں خبرے!

جب تک دوسرا اس کا رفیق نہ بنے تب تک اس کو یقین کی راہ کی خبر نہیں ملتی

تا نہ بینی بدیدہا جائے! | تا نہ یابی خبر ز بینائے

جب تک تو کسی جگہ کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ لیتا یا کسی دیکھنے والے سے اس کی خبر نہیں پا لیتا

خود نگوید ترا خرد زنہار | کہ چنیں دارد آں مکاں آثار

سب تیرے خود عقل تجھے ہرگز نہیں بتاتی کہ فلاں مکان کے یہ یہ نشان ہیں

ایں چہ ممکن کہ دمِ زند بعاد | کہ چنین اند آں دیار و بلاد

پھر کیونکر ممکن ہے کہ عالم آخرت کے بارے میں وہ عقل دم مار سکے کہ وہ ملک اور مقامات ایسے ہیں

ایں چہ ممکن است وایں چہ بیراہی | کہ بجہل است لافِ آگاہی

یہ کیسی بیوقوفی اور گمراہی کی بات ہے کہ تو جاہل ہو کر علم کی لاف مارتا ہے

چوں روی از قیاسِ خود بر ہے | کہ ندیدی بعمر خویش گہے

تو عقل کے قیاس سے ایسی راہ پر کس طرح چل سکتا ہے جسے تو نے عمر بھر میں کبھی بھی نہیں دیکھا

چوں شد از عالم دگر خبرت | مادرت دیدہ بود یا پدرت

تجھے عالم آخرت کی خبر کیونکر ہو گئی کیا تیری ماں نے اُسے دیکھا تھا یا تیرے باپ نے

ور ندیدہ است کس چساں دانی | کہم خرام اے دنی بعریانی

اگر کسی نے نہیں دیکھا تو پھر تجھے کیونکر معلوم ہوا اے کمینے ننگا ہوتے ہوئے مٹک کر چل

تو کہ داری ز انبیا انکار | ایں ہمہ کوری است و استکبار

تو جو انبیاء کا منکر ہے یہ بھی سب تیرا اندھاپن اور تکبر ہے

یک نظر کن بفطرتِ انساں | کہ ندارند جوہرے یکساں

انسانوں کی فطرت پر ایک نظر ڈال کر وہ سب برابر قابلیت نہیں رکھتے

مختلف اوفتاد ہر بشرے | کس بچیزے نرود کس بشرے

ہر شخص دوسرے شخص سے مختلف ہے کوئی نیکی میں بڑھ گیا کوئی بدی میں

پس چو یک بیش و دیگر است کسے | ہمچنیں در قبولِ فیض ہمے

جس جب ایک زیادہ اور دوسرا کم ہے تو اسی طرح فیضِ خداوندی کے قبول کرنے میں بھی ان کے مدارج ہیں،

خود نگہ کن کنوں ز صدق و صفا | کہ چہ ثابت ہمے شود زیں جا

اب صدق و صفا کے ساتھ خود دیکھ لے کہ اس سے کیا ثابت ہوتا ہے

شبِ تار است لنوبتِ بیش از بیش | از سرِ خود روی مدہ سرِ خویش

اندھیری رات ہے اور خواب بہت زیادہ ہے خود روی کی وجہ سے کہیں اپنا سر نہ دے دینا

پسِ دیوار چوں نمے دانی | چوں بدانی غیوبِ ربانی

جب تو دیوار کے پیچھے کی چیز نہیں جانتا پھر غیبِ خداوندی کو کیونکر جان سکتا ہے

در شگفتم کہ با چنیں نقصاں | از چہ بر عقل مے شنوی نازاں

میں حیران ہوں کہ باوجود اس قدر نقص کے تو عقل پر کس وجہ سے نازاں ہے

اینچہ عقل است و اینچہ معرفت است | اینچہ قہرِ خدا و چشمبت بست

یہ کیسی عقل اور کیسی معرفت ہے خدا کا یہ کیسا قہر ہے کہ جس نے تیری آنکھیں بند کر دی ہیں

ایں جہانت چو عید خوش افتاد | و آں وعیدِ خدا نداری یاد

تجھے یہ جہان عید کی طرح پسند آگیا اور خداوند کی سزا تجھے یاد نہ رہی

بشنو از وحیِ حق چہ گوید راز | از جنابِ وحید و بے انباز

خدا کی وحی کو سن کہ کیا راز بیان کرتی ہے خدائے وحدہ لاشریک کی طرف سے

کاں خرد ہا کہ در دلِ عقلاست | ہمہ یک ذرہ از آتشِ ماست

یعنی یہ سب عقلیں جو دانشمندوں کے دلوں میں ہیں یہ سب ہماری آگ کی ایک چنگاری ہیں

لیک کلامِ خدا نہ بر فلک است	تا بگوئی کہ ہست دُور از دست

خدا کا کلام آسمان پر نہیں ہے۔ تاکہ تُو یہ کہے کہ ہماری پہنچ سے دُور ہے

یا بگوئی کہ کار ہست محال	بر فلک رفتنم کدام مجال

یا تو کہے کہ کام بہت مشکل ہے میری کیا طاقت کہ آسمان پر جا سکوں

نے بزیرِ زمیں کلامِ خدا	تا بگوئی کہ چوں نرم آنجا

اور نہ خدا کا کلام زمین کے نیچے ہے تاکہ تو کہے کہ میں وہاں کس طرح گھسوں

چوں ز قعرِ زمیں بروں آرم	خود چنیں طاقتے نمے دارم

کہ میں زمین کی گہرائیوں میں سے کیونکر باہر نکالوں میں تو ایسی طاقت نہیں رکھتا

قلزمِ مذہبِ تو کردہ داورِ پاک	نورِ عرش آمدست بر سرِ خاک

خدائے قدوس نے تیرا مذہب رفع کر دیا عرش کا نور زمین پر آگیا ہے

گر ترا رحم آں یگاں بکشد	دولتت سوئے او عیاں بکشد

اگر اس خدائے واحد کا رحم تجھے کھینچ لے تو تیری خوش نصیبی اس نور کی طرف تجھے لے جائے گی

اللہ اللہ چہ بخت از انوار	ہست رشحِ دگر دراں گفتار

اللہ اللہ کیسے کیسے انوار اس نے کھیرے ہیں اس کلام میں تو اور ہی طرح کا فیضان ہے

چہل گرد و نرو دید لنش یکسو!!	رود د ہد صد کتا بلنشے زاں رُو

اس کے دیکھنے سے جہالت دُور ہو جاتی ہے اور اُس کی زیارت سے سینکڑوں مشکلیں حل ہو جاتی ہیں

نور بار آورد تلاوتِ اُو	عالمے زیرِ بارِ منتِ اُو

اس کی تلاوت نور کا پھل لاتی ہے ایک جہان اس کے احسانوں کے نیچے دبا ہوا ہے

چشمِ بدُور اں چہ ہست جمال | ہست یک چشمۂ ز آبِ زلال

چشمِ بد دُور یہ حسن کیسا عجیب ہے۔ یہ تو گویا مصفّٰی پانی کا ایک چشمہ ہے

تا جہاں رسمِ دلبری بنہاد | کس چو اُو دلبری ندارد یاد

جب سے جہان میں محبوبی کی رسم قائم ہوئی ہے کسی کے خیال میں بھی ایسا دلبر نہیں آیا

آں شعاعے کہ زو شد است عیاں | کس ندیدہ ز مہر و مہ بہ جہاں

وہ روشنی جو اس سے ظاہر ہوئی کسی نے اس دنیا میں سورج اور چاند میں بھی نہیں دیکھی

پند بر عقلِ خام ناز کنی! | چہ کنم تا تو دیدہ باز کنی!

کہاں تک تو ناقص عقل پر اترا تا رہے گا میں کیا کروں تا کہ تو آنکھیں کھولے

نقصِ خود بنگر و کمالِ خُدا | ذلّتِ خویشتن جلالِ خُدا

تو اپنا نقص دیکھ اور خدا کا کمال دیکھ اپنی ذلت دیکھ اور خدا کا جلال دیکھ

از رہِ عقل راہِ ربِّ مجید | کس ندیدہ است و کس نخواہد دید

عقل کے ذریعہ سے خدائے بزرگ کا راستہ نہ کسی نے کبھی دیکھا اور نہ کبھی دیکھے گا

اندر آنجا کہ سوختن باید | چوں رہے از قیاس بکشاید

ایسی جگہ جہاں جلنے کی ضرورت ہو وہاں محض قیاس سے کس طرح راستہ کھل سکتا ہے

تا نشد وحیِ حق مدد فرما ق | تا نیاورد بُو نسیمِ صبا

جب تک خدا کی وحی نے مدد نہ کی۔ اور جب تک بادِ بہار خوشبو نہ لائی

عقل را زاں چمن نہ بود خبر | طائرِ فکر بود سوختہ پر

اس وقت تک عقل کو اس چمن کی خبر نہ تھی اور فکر کے پرندے کے پَر جلے ہوئے تھے

آں صبا نگفتہ ز یار آورد | تا خرد نیز رو بکار آورد

وہ بادِ بہار (دعا) یار کی طرف سے ایک خوشبو لائی یہاں تک کہ عقل بھی کام دینے لگی

بارہا آبِ خود نگار آورد | تا نخیلِ قیاس بار آورد

کئی دفعہ وہ محبوب خود پانی لایا۔ یہاں تک کہ عقل کا درخت بار آور ہوگیا

وقتِ عیش است و موسمِ شادی | تو چہ در سوگ و ماتم اُفتادی

یہ تو عیش کا وقت اور خوشی کا موسم ہے۔ تو کیوں ماتم اور سوگ میں پڑا ہوا ہے

خند بادے بخواہ از دادار | تا خس و خارِ تو پَر دیک بار

خدا تعالےٰ سے ایک ایسی آندھی مانگ کہ تیرا کوڑا کرکٹ یکدم اُڑ جائے

در خورد مر شکے نگیرد راہ | تو ز دلدارِ خویش دیدہ بخواہ

سورج اور چاند کے متعلق کوئی شبہ نہیں ہوا کرتا تو اپنے محبوب سے آنکھیں مانگ

گمرہی نادمے کہ سر تابی! | چوں بجوئی ز صدقِ دل یابی

تو اس وقت تک گمراہ ہے جب تک تو سرکش ہے جب سچے دل سے تلاش کریگا تو ہی کو پائے گا

نیستی طالبِ حقیقتِ راز | بس ہمیں مشکل است اے ناساز

تو حقیقت کا طالب ہی نہیں ہے۔ اے کندہ ناتراش یہی تو مشکل ہے

بر وجودش ز صنعت استدلال | ایں مجاز است نے چو اصل وصال

خدا کے وجود پر اس کی صنعتوں سے استدلال کرنا صرف مجاز ہے نہ کہ سچا وصل

وصلش از آلہ مجازی نیست | باد کُن دیدہ جائے بازی نیست

اس کا وصل مجازی وزیبہ سے نہیں ہوا کرتا۔ آنکھیں کھول یہ مذاق نہیں ہے

گر بر آتش دو صد جگر سوزی	نیستت از قیاس پیروزی

اگر تو آگ پر دو سو جگر بھی کباب کرے تب بھی عقل سے کامیابی حاصل نہیں کر سکتا

خبرے نیستت ز جانانہ	مے زنی ہر زہ گام کورانہ

تجھے تو محبوب کی خبر بھی نہیں اور اندھا دھند بے ہودہ قدم مار رہا ہے

آں یقینے کہ بخشندت دادار	چوں قیاسِ خودت نہد بکنار

وہ یقین جو خدا تجھے بخشتا ہے ویسا یقین تیری اپنی عقل تیرے پاس کب لا سکتی ہے

آں یکے از دہانِ دلدارے	نکتہ ہائے شنید و اسرارے

ایک تو وہ ہے جس نے دلدار کے اپنے منہ سے نکتے اور اسرار سُنے

و آں دگر از خیالِ خود بگماں	پس کجا باشد ایں دو کس یکساں

اور دوسرا وہ جو شک میں گرفتار ہے پس کس طرح یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں

ایکہ مغرور راہِ مظنونی	تو نہ عاقل کہ سخت مجنونی

اے وہ شخص جو ظن اور گمان کی راہ پر مغرور ہے تو عقلمند نہیں بلکہ سخت دیوانہ ہے

آں خدا را کہ دوست منّت ہا	بشمری زیرِ منّتِ عقلا

وہ خدا جو احسان کا سرچشمہ ہے تو اس کو عقلمندوں کا زیرِ احسان سمجھتا ہے

ایں خدائے عجیب در دلِ تست	کہ چنیں پایدار و ماندہ دُرست

یہ عجیب خدا تیرے دل میں سمایا ہوا ہے جو ایسا کمزور لاچار اور سست ہے

تا نہ از عاقلاں مدد ہا یافت	نتوانست سوئے خلق شتافت

کہ جب تک عقلمندوں کی طرف سے اسے مدد نہ ملی تب تک وہ مخلوق کی طرف نہ اُٹھا

کے پسند د خرد کہ آں اکبر | شہرتے یافت از طفیلِ بشر

عقل اس امر کو کس طرح تسلیم کر سکتی ہے کہ خدا نے انسان کے طفیل ساری شہرت حاصل کی ہے

شبِ تار است و دشت بیم دداں | چوں بخوابی بغفلت اے ناداں

اندھیری رات ہے جنگل ہے اور درندوں کا ڈر اے نادان پھر تو کیوں غفلت کی نیند سو رہا ہے

خیز و بر حالِ خود نگاہ بکن | خطرِ راہ بیں و آہ بکن!

اٹھ اور اپنے حال پر نظر کر راستہ کے خطرات دیکھ اور آہیں بھر

خیز و از نفسِ خود بپرس نشاں | کہ چہ خواہد مراتبِ عرفاں

اٹھ اور اپنے نفس سے ہی یہ بات پوچھ کہ وہ معرفت کے کیسے کیسے درجے مانگتا ہے

مے تپد از برائے رفعِ حجاب | یا قیاسش بس است در ہر باب

زیادہ حجاب دور ہونے کے لیے تڑپ رہا ہے یا ہر بات میں وہ قیاس کو کافی سمجھتا ہے

اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ گفت خدا | خیز و در نفس جو تعطش ہا

خدا نے افلا تبصرون فرمایا ہے اٹھ اور اپنے نفس کی پیاس کی حقیقت معلوم کر

تو اسیری بصد ہزار خطا | ہر خطائے نبرد از اژدہا

تو لاکھوں غلطیوں میں گرفتار ہے اور ہر غلطی اژدہوں سے بھی زیادہ خطرناک ہے

عجبا ایں کوری است و بے بصری | کہ ازیں کارِ خام بے خبری

یہ اندھاپن اور نابینائی عجیب طرح کی ہے کہ تو اس کچی بات سے بھی بے خبر ہے

سخن راست است و تو نہ فہمی سخن خطا نیجاست | تو نہ فہمی سخن خطا نیجاست

بات سچی ہے غلط نہیں ہے غلطی یہ ہے کہ تو بات کو نہیں سمجھتا

سرِّ سربستہ و درائے درا | کہ کشاید بدونِ وحیِ خدا
مخفی اور نہاں در نہاں بھید خدا کی وحی کے سوا کون کھول سکتا ہے

رازِ ذاتِ نہاں کہ گوید باز | جز خدائیکہ ہست محرمِ راز
اس مخفی ذات کا بھید کون ظاہر کرسکتا ہے سوائے اس خدا کے جو راز دان ہے

مشتِ خاکے فتادہ است براہ | تُند بادے بجوید از درگاہ!
انسان ایک مشتِ خاک ہے جو راستے میں گرا ہوا ہے وہ خدا کی جناب سے ایک آندھی مانگتا ہے

تو نہ فہمی ہنوز ایں سخنم ! | در دلت چوں فرو شوم چہ کنم
تو ابھی میری یہ بات نہیں سمجھتا۔ میں ترے دل میں کیونکر اُتر جاؤں

اے دریغا کہ دل ز درد گداخت | دردِ ما را مخاطبے نشناخت
افسوس کہ ہمارا دل غم کے مارے گداز ہوگیا مگر ہمارے درد کو مخاطب نے پھر بھی نہیں پہچانا

اے خورِ روئے یار زود بر آ | کہ دل آزرد از شبِ یلدا!
اے یار کے مکھڑے کے سورج جلدی نکل۔ کہ اندھیری رات کی وجہ سے دل غمگین ہے

یک نگاہے بس است در دیں ہا | کاش بیند کسے ز خوفِ خدا
مذہبوں کے معاملہ میں ایک نظر ہی کافی ہے کاش کوئی خدا کے خوف کے ساتھ ان کو دیکھتا

آشکار است کفر و ایماں ہم | گفتمت آشکار و پنہاں ہم
کفر بھی ظاہر ہے اور ایمان بھی یہ بات میں نے تجھے ظاہر بھی بتائی اور پوشیدہ بھی

ترکِ خوفِ خدا و بد عملی | ایں دو چیز اند نخم تیرہ دلی
خدا کا خوف ترک کردینا اور برے عمل کرنا۔ یہی دو چیزیں سیاہ دلی کا باعث ہیں

ورنہ روئے نگار نیست نہاں | ہر حجابے زنست اے بیجاں

ورنہ محبوب کا چہرہ تو چھپا ہوا نہیں ہے اے مردہ دل جو بھی پردہ ہے وہ خود تیری طرف سے ہے

از رگِ جاں قریب تر یار ست | ہر زہ از تو درازیٔ کار ست

یار تو شاہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے محض تیری بیہودگی نے بات لمبی کر دی ہے

ہر کہ برخواست از خودی یکبار | خود نشیند بکارِ او دادار

جو یک دم اپنی خودی سے الگ ہو جاتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کا کام خود سنبھال لیتا ہے

حیّ و قیوم و قادر ست نگار | تو مپندار مردہ اے مردار

وہ محبوب تو حی و قیوم اور قادر ہے۔ اے ذلیل انسان تُو اسے مُردہ نہ سمجھ

میلِ رفتن گرست جانبِ یار | جانبِ صدق را عزیز بدار

اگر تجھے یار کی طرف جانے کا شوق ہے تو راستی کے پہلو کو مقدم رکھ

ور شکے ہست خیز و تجربہ کن | تا شکوتت بر آورم از بُن

اور اگر کچھ شبہ ہے تو اُٹھ اور تجربہ کر لے تا کہ میں ترے شکوک جڑ سے نکال پھینکوں

گر خرد پاک از خطا بودے | ہر خرد مند با خدا بودے

اگر عقل غلطی سے پاک ہوا کرتی۔ تو چاہیئے تھا کہ ہر عقلمند با خدا ہوتا

کس نرست از ذہول و سہو و خطا | جز خداوندِ عالم الاشیا

کوئی بھی بھول چوک اور غلطی سے بچا ہوا نہیں۔ سوائے اس خدا کے جو ہر چیز کا علم رکھتا ہے

نظرے کن ز روئے استقرا[1] | گر کسے رستہ است باز نما

تو استقرا کی رُو سے غور کر۔ اگر کوئی ان باتوں سے بچا ہے تو تُو ہی بتا دے

[1] استقراء: جزئیات پر نظر کر کے سب لوگوں پر ایک قاعدہ نافذ کرنا

ورنہ باز آ ز شورش و انکار | حیفۂ کذب را مخور زنہار

ورنہ فساد اور انکار سے باز آ۔ اور جھوٹ کی سڑی ہوئی لاش کو ہرگز نہ کھا

آخرت با خدا فتد سر و کار | خود نگہ کن تبرس ز مال دادار

آخر کار تجھے خدا سے ہی کام پڑے گا۔ تو آپ ہی سوچ لے اور اس عادل سے ڈر

در خرابات او فتادہ دلے | خود بخود چوں برول شود ز گلے

وہ دل شراب خانہ میں پڑا ہوا ہے وہ دلدل میں سے آپ ہی کیوں کر نکل سکتا ہے

او بہ باطل نہادۂ باز آ | دل بہ بد روئے دادۂ باز آ

تو نے باطل کی طرف توجہ کر رکھی ہے باز آجا ایک بدصورت پر عاشق ہو گیا ہے تو باز آجا

در مزابل فتادۂ باز آ | ایں کجا ایستادۂ باز آ

تو نجاست کی کوڑیوں پر پڑا ہوا ہے باز آ کہاں کھڑا ہے باز آ

آخر اے لاف زن ز عقل و خرد | ہوش کن پا منہ بروں از حد

اے عقل و خرد کی لاف گزاف مارنے والے ہوش میں آ۔ اور حد سے پاؤں باہر نہ رکھ

دم زدن در خیال ہائے محال | ہست شوریدہ مشربی و ضلال

ناممکن باتوں کا دعویٰ کرنا بد اطواری اور گمراہی ہے

ہر کہ رخت افگند بہ ویرانہ | مے نماید بتر ز دیوانہ

جو شخص ویرانوں میں اپنا ٹھکانا بناتا ہے وہ پاگلوں سے بھی بدتر ہے

چوں چنیں سر زنی ز راہ صواب | چہ ندانی کہ آخر است حساب

جب تو سیدھے راستے سے اس طرح کیوں انکار کرتا ہے کیا نہیں جانتا کہ آخر حساب دینا پڑے گا

پائے تو لنگ منزلِ تو دراز | تر سمت چوں رسی ازیں تگ و تاز

تیرا پیر لنگڑا اور منزل دور ہے مجھے ڈر ہے کہ اس حالت میں تو منزل پر کیونکر پہنچے گا

خوئے چنیں است فطرتِ انساں | کہ چو بیند کہ مشکل است گراں

آدمی کی اپنی فطرت بھی یہی ہے کہ جب مشکل کو سخت دیکھتا ہے

اوّل از زور و تاب و طاقتِ خویش | می کند سعی و جہد بیش از بیش

تو پہلے اپنے ہی زور قوت اور طاقت کے ساتھ زیادہ سے زیادہ محنت اور کوشش کرتا ہے

تا کہ کارِ بستہ بکشاید! | زیرِ بارِ سپاسِ کس نایدا

تاکہ رکا ہوا کام چل نکلے اور وہ کسی کا مرہونِ احسان نہ ہو

چوں ببیند کہ کار رفت از دست | رسنِ اختیار رفت از دست

لیکن جب دیکھتا ہے کہ کام اس کی طاقت سے باہر ہے اور اختیار کی رسی اس کے ہاتھ سے نکل گئی ہے

رو نہد سوئے کوچۂ یاراں | مدد ے جوید از مددگاراں

تو اپنے دوستوں کی گلی کا رُخ کرتا ہے اور مددگاروں سے مدد مانگتا ہے

زود دستِ برادراں جوید | نزدِ ہر کار داں ہمے پوید

اپنے بھائیوں کے ہاتھوں کا زور تلاش کرتا ہے اور ہر واقف کار کے پاس دوڑ کر جاتا ہے

چوں بماند ز ہر طرف ناچار! | نالد آخر بدرگہِ دادار.

پھر جب ہر طرف سے لاچار ہو جاتا ہے۔ تو آخر میں خدا کے حضور روتا ہے

نعرہ ہا مے زند بحضرتِ پاک | واز تضرع جبیں نہد بر خاک

اس پاک درگاہ کے سامنے چیخیں مارتا ہے اور عاجزی سے ماتھے کو خاک پر رکھتا ہے

درِ خود بندد و بگرید زار | کاے کشایندۂ رہِ دشوار
اپنا دروازہ بند کرکے رو رو کر عرض کرتا ہے کہ اے مشکل کشا

گنہِ من بہ بخش و پردہ بپوش | تا نہ دشمن زند بشادی جوش
میرے گناہ بخش اور میری پردہ پوشی کر تاکہ دشمن خوشی سے باغ باغ نہ ہو

چوں چنیں فطرتِ بشر اُفتاد | زاں سہ گونہ صفت کہ کردم یاد
جب انسان کی فطرت ایسی ہے یعنی اس میں وہ تینوں صفات موجود ہیں جن کا میں نے ذکر کیا ہے

آں حکیمش زلُطفِ بے پایاں | حسبِ فطرت بداد ہم سامان
تو اس حکیم نے بھی بے حد مہربانی کے ساتھ اسے اس کی فطرت کے موافق سامان عطا کیے

از پئے جہدِ خویش عقلش داد | راہِ فکر و قیاس و خوض کشاد
جدّ و جہد کے لیے خدا نے اسے عقل بخشی ۔ فکر۔ قیاس اور غور کا راستہ کھول دیا

باز پئے کارِ باہمی امداد | رحم در قلبِ یک دگر بنہاد
باہمی امداد کے لیے اس نے ایک دوسرے کے دل میں رحم رکھ دیا

از شعوب و قبائل و اقوام | کرد کارِ نظام و ربط تمام
برادریاں۔ قبیلے اور قومیں بنا کر اس نے ایک نظام قائم کیا اور تعلقات مکمل کر دیے

باز پئے حاجتِ فیوضِ خُدا | کرد الہام را ز رحم عطا
اور خدائی فیضان کی ضرورت کے لیے اپنے رحم سے الہام مرحمت فرمایا

تا رسد کارِ آدمی بکمال | تا میسر شود ہمہ آمال
تاکہ آدمی کا کام اپنے کمال کو پہنچ جائے تاکہ ساری خواہشیں پوری ہو جائیں

تا بحدِّ یقیں رسد تعلیم | تا دو گونہ شود رہِ تفہیم!

تاکہ تعلیم یقین کی حد تک جا پہنچے اور عقل و سمجھ کا راستہ ڈبل ہو جائے

زاں دو گونہ مناہجِ تلقین | مے کشاید رہِ حصولِ یقیں

تلقین کے ان دو راستوں سے یقین حاصل کرنے کا رستہ کھل جاتا ہے

ہر طبیعت بحسبِ فہم و خیال | مے برآید بداں زِ چاہِ ضلال

ہر طبیعت اپنی سمجھ اور خیال کے مطابق ان وسائل کے ذریعہ گمراہی کے کنوئیں سے باہر نکل آتی ہے

غرض آں میل فطرتی کہ خدا | ق کرد در فطرتِ بشر پیدا

غرض یہ کہ وہ قدرتی میلان جو خدا تعالیٰ نے انسان کی فطرت میں پیدا کیا ہے

آں ہمے خواست وحیٔ ربانی | نظرے کن بغور تا دانی!

وہ بھی خدائی الہام کا طلب گار تھا غور سے دیکھ تاکہ تو حقیقت کو سمجھے

فطرت چوں فتادہ است چناں | چوں کشی سر زِ فطرت اے ناداں

جب تیری فطرت ہی اسی طرح واقع ہوئی ہے پھر اے نادان اس فطرت سے کیوں روگردانی کرتا ہے

اقتضائے طبیعتِ انساں | کہ نہاد است ایزدِ منّاں

انسانی طبیعت کا تقاضا جو اس محسن خدا نے اس میں ودیعت کیا ہے

گہ بشر را کشد بسوئے قیاس | تا نہد کار را بہ عقل اساس

کبھی بشر کو قیاس کی طرف کھینچتا ہے تاکہ اپنے کام کی بنیاد عقل پر رکھے

گاہ دیگر کشد بہ منقو[ل] | تا بیارامد از بیانِ ثقات

پھر دوسرے وقت وہی تقاضا اسے روایات کی طرف لاتا ہے تاکہ معتبر انسانوں کے بیان سے تسلی پکڑے

زینکہ آرامِ قلب و اطمینان | جز بہ اخبارِ صادقاں نتواں

کیونکہ سکونِ دل اور اطمینانِ قلب راست بازوں کی روایتوں کے سوا پیدا نہیں ہو سکتا

نیز ہاں واجب است در تعلیم | کہ بقدرِ خرد بود تفہیم

نیز چونکہ تعلیم کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ شاگرد کی عقل کے مطابق سمجھایا جائے

لاجرم رہ کشادہ اند دو تا | تا رسد ہر طبیعتے بخدا

اس لئے دو راستے کھول دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر طبیعت کا انسان خدا تک پہنچ سکے

تا ذکی و غبی و اشرف و دُوں | رہ بیابند سوئے آں بے چوں

تاکہ ذہین اور غبی شریف اور رذیل اس بے مثل خدا کی طرف راہ پائیں

دیگر ایں است نیز ہم بُرہاں | بر ضرورتِ وحیِ آں رحماں

ایک اور دلیل بھی اس رحمان کی وحی کی ضرورت پر یہ ہے

کہ چنیں شہرتِ خدائے یگاں | ہرگز از جہدِ عقل ہا نتواں

کہ خدائے واحد کی اس قدر شہرت صرف عقلوں کی کوشش سے نہیں ہو سکتی تھی

گر نہ گفتے خدا انا الموجود | چوں فتادے جہاں برش بسجود

اگر خدا خود ہی نہ کہتا کہ میں موجود ہوں تو سارا جہان اس کے سامنے سربسجود کیوں ہوتا

ایں ہمہ شورِ ہستیٔ آں یار | کہ ازو عالم ست عاشقِ زار

اس یار کی ہستی کے متعلق اس شور سے معلوم ہوتا ہے کہ سارا عالم اس کا عاشقِ زار ہے

خود بمنت نہاد بر سرِ ش احساں | نہ بشر کرد بر سرش احساں

یہ شور بھی رب العالمین نے خود ہی ڈالا ہے نہ کہ آدمی نے اس پر احسان کیا ہے

اے دریغ ایں چہ آدمی زادند | کز خدا در خودی بیفتادند

افسوس یہ کیسے انسان ہیں جو خدا کو چھوڑ کر خودی میں پڑ گئے

عقل چوں شد چو فیضِ وحی نہ بود | دیدہ را آفتاب ہست وجود

جب وحی کا فیضان ہی نہ تھا تو عقل کہاں سے آگئی آنکھ کا وجود تو آفتاب کی وجہ سے ہے

او اگر نورِ خود نہ بخشیدے | چشمِ ما خود بخود چہاں دیدے

اگر سورج اپنا نور نہ دیتا تو ہماری آنکھ خود بخود کس طرح دیکھ سکتی

بلبل از فیضِ گل سخن آموخت | منکر از وے بہاں کہ چشم بدوخت

گل کے فیضان سے بلبل نے بات کرنا سیکھی وہی شخص اس بات سے منکر ہو سکتا ہے جو اپنی آنکھیں بند کر لے

ہمہ عالم گواہِ آلا بلش | ابلہ منکر زِ وحی و القا بلش

سارا جہان خدا کی نعمتوں کا گواہ ہے۔ لیکن بے وقوف خدا کی وحی اور القا کا منکر ہے

مہرِ پاکاں بجانِ خود بنشاں | تا شوی جانِ من ہم از پاکاں

اپنے دل میں پاک لوگوں کی محبت بٹھا تا کہ اے جانِ من تو بھی پاکوں میں داخل ہو جائے

ایں خرد جملہ خلق مے دارند | ناز کم کن کہ چوں تو بسیارند

یہ عقل تو ساری مخلوقات کے پاس ہے اس پر ناز نہ کر کیونکہ تیرے جیسے بہت ہیں

چارۂ ما بغیرِ یار کجا | ما کجائیم و عقلِ زار کجا

یار کے سوا ہمارا علاج اور کمال ہے ہماری ہستی کیا اور ہماری کمزور عقل ہی کیا

زہرِ فرقت چشی و ناکامی | باز منکر زِ وحی و الہامی

تو جدائی کا زہر چکھ رہا ہے اور نامراد ہے اس پر بھی وحی و الہام سے منکر ہے

جانِ تو بر لب از نخورد آبِ | باز از آبِ زندگی رو تاب
پانی نہ پینے کی وجہ سے تو جاں بلب ہے ۔ پھر بھی آبِ حیات سے منہ پھیر رکھا ہے

کورِ ہستی دیگیں بدیدہ وراں | دہ چہ داری شقاوت و خسراں
تو دیدہ ور ہے اور آنکھوں والوں سے دشمنی رکھتا ہے تیری بدبختی اور نقصان پر افسوس ہے

دارو ئے دردِ دل و فطنت است | آں بہ دارالشفائے وحی خداست
درد دل کی دوا ہماری عقل نہیں ہے وہ دوا تو وحی الٰہی کے شفاخانہ میں ہے

نشود عینِ زر تصورِ زر | زر ہماں است کو فتد بہ نظر
سونے کا تصور سونا نہیں ہوا کرتا بلکہ سونا وہی ہے جو نظر آ جائے

ہست بر عقل منتِ الہام | کہ ازو پخت ہر تصورِ خام
عقل پر الہام کا یہ احسان ہے کہ اس کی وجہ سے ہر ناقص تصور پختہ ہو گیا

آں گماں بُرد و ایں نمود فراز | آں نہاں گفت و ایں کشود آں راز
اس نے تو گمان کیا اور اس نے کھلم کھلا ظاہر کر دیا اس نے خفیہ کہا اور اس نے راز کو ظاہر کر دیا

آں فرو ریخت ایں بکف بسپرد | آں طمع داد و ایں بجا آورد
اس نے گرا دیا اور اس نے ہاتھ میں دیا اس نے حرص لالچ دیا اور اس نے پورا کر دیا

آنکہ بشکست ہر بتِ دلِ ما | ہست وحیِ خدائے بے ہمتا
وہ جس نے ہمارے دل کے ہر بت کو توڑ دیا وہ خدائے لاثانی کی وحی ہی تو ہے

آنکہ ما را رخِ نگار نمود! | ہست الہام آں خدائے ودود
وہ جس نے ہمیں معشوق کا چہرہ دکھا دیا وہ خدائے مہربان کا الہام ہی تو ہے

آنکہ داد از یقین دل جامے | ہست گفتار آں دلآرامے

وہ جس نے دلی یقین کا جام ہمیں دیا وہ اس محبوب کی گفتار ہی تو ہے

وصلِ دلدار و مستی از جامش | ہمہ حاصل شدہ ز الہامش

دلبر کا وصل اور اس کے جامِ شراب کا نشہ سب اس کے الہام سے حاصل ہوئے

وصلِ آں یار اصلِ ہر کامیست | وانکہ زیں اصل غافل آں خامیست

ہر مقصد کا اصل اس یار کا وصل ہے اور جو اس اصل سے غافل ہے وہ کچا ہے

بے عنایات ما ہمہ بے زاد | بے عنایات ما ہمہ برباد

اس کی نعمتوں کے سوا ہم سب تہی دست ہیں اور اس کی عنایتوں کے بغیر ہم سب برباد ہیں


یکدم لوگ قطرہ کی طرف جھک گئے اور اس جانب سے منہ پھیر لیا جدھر دریا تھا

جنت و حشر و نشر خندند | ایں قصہ بعید از خرد ہاست

جنت اور حشر نشر پر ہنستے ہیں کہ یہ کہانی عقل سے بعید ہے

چوں ذکرِ فرشتگاں بیاید | گویند خلافِ عقلِ داناست
جب فرشتوں کا ذکر آتا ہے تو کہتے ہیں کہ یہ بات داناؤں کی سمجھ کے برخلاف ہے

اے سیّد سرگردہ ایں قوم! | ہشدار کہ پائے تو نہ برجاست
اے سیّد! تو جو اس قوم کا لیڈر ہے خبردار ہو جا کہ تیرا قدم راہ راست پر نہیں ہے

پیرانہ سراں چہ دہ سرافتاد | روتوبہ کن ایں نہ راہ تقویٰ ست
تجھے بڑھاپے میں یہ کیا سوجھی ہے۔ اور توبہ کر۔ یہ تقویٰ کا طریق نہیں ہے

ترسم کہ بدیں قیاس یک روز | گوئی کہ خدا خیال بیجاست
مجھے ڈر ہے کہ ایسے ہی قیاسات سے تو ایک دن کہہ دے گا کہ خدا کا خیال بھی غلط ہے

اے خواجہ برو کہ فکرِ انساں | در کارِ خدا ز نوعِ سوداست
ارے میاں ان باتوں کو چھوڑ کہ خدائی میں دخل دینا جنون کی ایک قسم ہے

اعتر قیاس ہا چہ خیزد | بنشیں کہ نہ جائے شور و غوغاست
اعتر قیاس سے کیا بنتا ہے! (صبر سے) بیٹھ جا کہ یہ فضول باتوں کا مقام نہیں ہے

اے بندہ بصیرت از خدا خواہ | اسرارِ خدا نہ خوانِ یغماست
اے بندے خدا سے بصیرت طلب کر کیونکہ خدائی اسرار لوٹ کا مال نہیں ہیں (جو یونہی سمجھ میں آجائیں)

(برکات الدعا صفحہ ۱۰ مطبوعہ ۱۸۹۳ء)

روئے نیاز طالباں نمی دارد حجاب | ہمدم خشک و تر خورد مہ تابد ہمہ آفتاب
طالب کا چہرہ طالبوں سے پوشیدہ نہیں ہے۔ وہ سوکھے اور ہرے سب پر چمکتا ہے اور چاند میں بھی

لیکن آں بڑے جیں از غافلاں ماند نہاں | حاشیتے باید کہ بردارند از بہرش نقاب

لیکن وہ جیسی چہرہ غافلوں سے پوشیدہ ہے بجا حاشیہ چاہیے تاکہ اس کی خاطر نقاب اٹھائی جائے

دامنِ پاکش ز نخوتہائے آید بدست | ہیچ راہے نیست غیر از عجز و درد و اضطراب

اس کا مقدس دامن تکبر سے ہاتھ نہیں آتا اس کے لیے کوئی راہ سوائے درد اور بے قراری کے نہیں ہے

ایں خطرناک است راہ کوچۂ یار قدیم | یاں سلامت بیدت از خودروی ہا شتاب

اس محب ازلی کا راستہ بہت خطرناک ہے اگر تجھے یہاں کی سلامتی چاہیئے تو خودروی کو ترک کر دے

تا کلامش فہم و عقلِ ناسزایاں کم رسد | سر کراز خود گم شود او یابد آں راہ صواب

تاکہ اس کلام کی عقل ناسزا لوگوں کی عقل اس کے کلام کی رمز تک نہیں پہنچ سکتی جو خودی کا انکار کر دے وہی صحیح راستہ پاتا ہے

مشکلِ قرآں ز دانائے دنیا حل شود | ذوقِ آں مے داند آں مستے کہ نوشد آں شراب

قرآن کو سمجھنے کا مسئلہ اہل دنیا سے حل نہیں ہو سکتا اس شراب کا مزا وہی جانتا ہے جو اس شراب کو پیتا ہے

ایکہ آگاہی ندارد از انوارِ دروں | در حق ما ہر چہ گوئی نشنود جائے عتاب

اے وہ شخص جسے باطنی انوار کی کچھ خبر نہیں تو جو کچھ بھی ہمارے حق میں کہے ناراضگی کا موجب نہیں

از سرِ صدق و نصیحت ایں سخنہا گفتہ ایم | تا مگر زیں مرہم بگردد آں زخم خراب

ہم نے نصیحت اور خیر خواہی کے طور پر یہ باتیں کہی ہیں تاکہ وہ خراب زخم اس مرہم سے اچھا ہو جائے

از دعا کن چارۂ آزارِ انکارِ دعا | چوں علاج مے زمے وقتِ خمار و التہاب

انکارِ دعا کے مرض کا علاج دعا ہی سے کر جیسے خمار کے وقت شراب کا علاج شراب سے ہی کیا جاتا ہے

ایکہ گوئی گر دعا را اثر بودے کجاست | سوئے من بشتاب تا بینی ز اعجاز آفتاب

اے شخص جو کہتا ہے کہ اگر دعا میں اثر ہے تو دعا کہاں ہے آ کر میری طرف دوڑ تاکہ میں تجھے سورج کی طرح معجزہ دکھاؤں

ہاں مکن انکار زیں اسرار قدرتہائے حق | قصہ کوتہ کن بیا از دعائے مستجاب

غبار خدا کی قدرتوں کے بھید دل کا انکار نہ کر بات ختم کر اور ہم سے دعائے مستجاب دیکھ لے

(منقول از برکات الدعا صفحہ ۸ مطبوعہ ۱۸۹۳ء)

یکے شد دیں احمد ہیچ خویش و بیگانہ نیست | ہر کسے در کار خود باد ین احمد کار نیست

دین احمد کیسی ہو گیا کہ کوئی اس کا غم خوار نہیں ہر شخص اپنے اپنے کام میں مصروف ہے احمد کے دین سے کچھ اسلام نہیں

ہزاراں سیل ضلالت صدہزاراں تن ربود | جیب بر چشمے کہ اکنوں نیز ہم پرشیانہ نیست

گمراہی کے سیلاب ہزارہا لاکھوں انسانوں کو بہا کر لے گیا اس آنکھ پر افسوس جو اب بھی پریشان نہیں ہوتی

اے خداوندان نعمت ایں چنیں غفلت چرا ست | کیخود از خوابید یا خود بخت دیں بیدار نیست

اے دولت مندو! اس قدر غفلت کیوں ہے تم ہی نیند سے بے ہوش ہو یا دین کی قسمت سو گئی ہے

اے مسلماناں خدارا یک نظر بر حال دیں | آنچہ مے بینم بلا را حاجت اظہار نیست

اے مسلمانو خدا کے لیے دین کی طرف ایک نظر تو دیکھ لو میں جو بلائیں دیکھ رہا ہوں ان کے اظہار کی حاجت نہیں

آتشش افتادہ است در خرمن یخہائے ما | دیدنش از دور کار مردم بیدار نیست

ہے جو افتاد ہم لوگوں کے کھلیانوں میں آگ لگ گئی ہے دین داروں کا یہ کام نہیں کہ اسے دور سے دیکھتے رہیں

ہر زماں از بہر دیں خونیں دلِ من می تپد | محرم ایں درد ما جز عالم اسرار نیست

ہر لمحہ دل دین کی خاطر خون ہو ہو کر رہا ہے ہمارے اس درد کا واقف خدا کے سوا اور کوئی نہیں

آنچہ بر ما می رود از ستم کیش قدر جز خدا | زہرہ نے تو نیز لیکن زہرہ گفتار نیست

ظلم جو ہم پر گذر رہا ہے خدا کے سوا کون جان سکتا ہے ہم زہر پی رہے ہیں لیکن بولنے کی طاقت نہیں رکھتے

ہر کسے غمخواری اہل و اقارب مے کند | اے دریغ ایں بیکسے را ہیچ کس غمخوار نیست

ہر شخص اپنے اہل و عیال کی غمخواری کرتا ہے۔ مگر افسوس کہ دین بیکس کا کوئی غمخوار نہیں

خونِ ایں بیکس رواں چوں کشتگانِ کربلا | اے عجب ایں مرد را اہل و تبار آرے نیست

کشتگانِ کربلا کی طرح اس دین کا خون بہتا ہوا دیکھتا ہوں مگر تعجب ہے کہ ان لوگوں کو اس محبوب سے کچھ بھی محبت نہیں

چیرہ دستانے چو ایں بیکس بخاک و خون تپند | کایں ہمہ جود و سخاوت در رہِ دادار نیست

جب میں نصرانی کا اس بیکس کی سخاوت دیکھتا ہوں تو حیران ہو جاتا ہوں کہ یہ بے دلی اور سخاوت خدا کی راہ میں نہیں ہے

اے کہ داری قدرت ہم عزم و تائیدات دیں | لطف کن کارِ ترا نظیر و یارے بسیار نیست

اے وہ شخص جو قوتِ بھی رکھتا ہے اور نصرتِ دین کا ارادہ بھی رکھتا ہے جتنا ہو سکے دے یہ تھوڑے بہت کا خیال نہیں

بیں کہ چوں در خاک مے غلطد نسیمِ نامساں | آنکہ مثلِ او بزیرِ گنبدِ دوار نیست

دیکھ کہ کس طرح نالائقوں کے ظلم سے خاک میں لوٹ رہا ہے وہ دین جس کا آسمان کے نیچے کوئی ثانی نہیں

اندریں وقتِ مصیبت چارۂ ما بیکساں | جز دعائے با مداد و گریۂ اسحار نیست

اس مصیبت کے وقت ہم غریبوں کا علاج سوائے صبح کی دعا اور سحری کے رونے کے اور کچھ نہیں

اے خدا ہرگز مکن شاد ایں دلِ تاریک را | آنکہ او را منکرِ دینِ احمدِ مختار نیست

اے خدا اس سیہ دل کو کبھی خوش نہ کر جو کہ احمد مختار کے دین کا منکر نہیں ہے

اے برادر پنج روزہ ایں عشرت ما بود | دائما عیش و بہارِ گلشن و گلزار نیست

اے بھائی بس چند دن عیش و عشرت کے ہیں گلشن اور گلزار کی بہار اور رونق ہمیشہ نہیں رہا کرتی

(برکات الدعا صفحہ ۳۲ مطبوعہ ۱۸۹۳ء)

رہبرِ ما سیدِ ما مصطفےٰ است | آنکہ ندید ست نظیرش سروش
مصطفےٰ ہمارا پیشوا اور سردار ہے جس کا ثانی فرشتوں نے بھی نہیں دیکھا
آنکہ خدا مثلِ رخش نافرید | آنکہ رخش مخزنِ ہر عقل و ہوش
وہ ایسا ہے کہ خدا نے اس کے چہرہ جیسا اور کوئی مکھڑا پیدا نہیں کیا اور جس کا طریقہ ہر قسم کی عقل اور دانش کا خزانہ ہے
دشمنِ دیں حملہ بر دے کند | حیف بود گر بنشینم خموش
دشمنِ دین اس پر حملہ کرتا ہے شرم کی بات ہوگی اگر میں خاموش بیٹھا رہوں
چوں سخنِ سفلہ بگوشم رسید | در دلِ من خاست چو محشر خروش
جب کمینہ دشمن کی بات میرے کان میں پہنچی تو میرے دل میں قیامت کا ہوش پیدا ہوا
چند توانم کہ شکیبے کنم | چند کند صبر دلِ زہر نوش
کب تک میں صبر کرتا رہوں۔ زہر پینے والا دل کب تک صبر کر سکتا ہے
آں رہ مسلماں نبود از کافرست | کش نبود از پئے آں پاک ہوش
وہ شخص مسلمان نہیں بلکہ کافروں سے بھی بدتر ہے جسے اس پاک نبی کے لیے غیرت نہ ہو
جاں شود اندر رہ پاکش فدا | مژدہ بسمل است گر آید بگوش
اس کے پاک مذہب پر ہماری جان قربان ہو مبارک بات یہی ہے اگر سننے میں آئے
سر کہ نہ در پائے عزیزش رود | بار گراں است کشیدن بدوش
وہ سر جو اس کے مبارک قدموں میں نہ پڑے لعنت کا بوجھ ہے جسے کندھوں پر اٹھانا پڑتا ہے

(مجموعہ اشتہارات جلد ششم صفحہ ۵۹۳)

مجریہ ۱۷ مارچ ۱۸۹۲ء

لہ یہ سعدی کا شعر قدرے تغیر کے ساتھ ہے۔

حمد و شکر آں خدائے کردگار | کز وجودش ہر وجودے آشکار

اس خدائے کردگار کی حمد اور شکر واجب ہے جس کے وجود سے ہر چیز کا وجود ظاہر ہوا

ایں جہاں آئینہ دارِ روئے اُو | ذرہ ذرہ رہ نماید سوئے اُو

یہ جہان اس کے چہرے کے لیے آئینہ کی طرح ہے ذرہ ذرہ اُسی کی طرف راستہ دکھاتا ہے

کرد در آئینہ ارض و سما | آں رُخِ بے مثلِ خود جلوہ نما

اس نے زمین و آسمان کے آئینہ میں اپنا بے مثل چہرہ دکھلا دیا

ہر گیاہے عارفِ بُنگاہ اُو | دست ہر شاخے نماید راہ اُو

گھاس کا ہر تنکا اس کے کون و مکان کی معرفت رکھتا ہے اور درختوں کی ہر شاخ اُسی کا راستہ دکھاتی ہے

نُورِ مہ و مہر ز فیضِ نُور اُوست | ہر ظہورے تابعِ منشورِ اُوست

چاند اور سورج کی روشنی اُسی کے نور کا فیضان ہے ہر چیز کا ظہور اُسی کے شاہی فرمان کے ماتحت ہوتا ہے

ہر سرے سِرّے ز خلوت گاہِ اُو | ہر قدم جویدہ دریا جاہِ اُو

ہر سر اس کے اسرار خانہ کا ایک بھید ہے اور ہر قدم اُسی کا باعظمت دروازہ تلاش کرتا ہے

مطلب ہر دل جمالِ روئے اوست | گمرہے گر ہست ہر کوئے اوست

اُسی کے منہ کا جمال ہر ایک دل کا مقصود ہے اور کوئی گمراہ بھی ہے تو وہ بھی اُسی کے کوچہ کی تلاش میں ہے

اختر و ماہ و انجم و خاک آفرید | صد ہزاراں کرد صنعتہا پدید

اس نے چاند سورج ستارے اور زمین کو پیدا کیا اور لاکھوں صنعتیں ظاہر کر دیں

ایں ہمہ صنعش کتابِ کارِ اوست | بے نہایت اندریں اسرارِ اوست

اس کی یہ تمام صناعیاں اس کی کاریگری کا دفتر ہیں اور ان میں اس کے بے انتہا اسرار ہیں

ایں کتابے پیش چشمِ ما نہاد	تا ازو راہِ ہدیٰ داریم یاد

یہ پیغمبر کی کتاب اُس نے ہماری آنکھوں کے سامنے رکھ دی تاکہ اس کی مدد سے ہم ہدایت کا راستہ یاد رکھیں

تا شناسی آں خدائے پاک را	کو نماند خاکیان و خاک را

تاکہ تو اس خدائے پاک کو پہچانے جو دنیا والوں اور دنیا سے کوئی مشابہت نہیں رکھتا

تا شود معیار بہرِ وحی دوست	تا شناسی از ہزاراں آنچہ زوست

تاکہ خدا کی وحی کے لیے یہ بطور معیار کے ہو تاکہ تو ہزاروں کلاموں میں سے پہچان لے کہ کونسا اس کی طرف سے ہے

تا خیانت را نماند ہیچ راہ	تا جدا گردد سفیدی از سیاہ

تاکہ خیانت کا کوئی راستہ کھلا نہ رہے اور نور تاریکی سے الگ ہو جائے

پس ہماں شد آنچہ آں حاملِ رسالت	کارِ دستش شاہدِ گفتارِ خاست

پس وہی ہوا جو اُس خدا کا منشا تھا اور اُس کا کام اُس کے کلام کا گواہ قرار پایا

مشرکاں وآنچہ پورش مے کنند	ایں گواہاں تیرِ دورش مے کنند

مشرک لوگ جو بہانے کرتے ہیں یہ گواہ (قولِ خدا اور فعلِ خدا) اُن عذرات کو تیروں سے چھلنی کر دیتے ہیں

گر بگوئی غیر را رحمان خدا	تُف زند بر روئے تو ارض و سما

اگر تو کسی اور کو خدائے رحمان کہہ دے تو تیرے منہ پر زمین و آسمان تھوکیں

ور تناشی بہرِ اں یکتا پسر	بر تو بارد لعنت زیر و زبر

اور اگر اس یکتا کے لیے تو کوئی بیٹا تجویز کرے تو نیچے اور اوپر سے تجھ پر لعنتیں برسنے لگیں

یا زبانِ حال گوید ایں جہاں	کاں خدا فرد است و قیوم و دیگاں

یہ جہان زبانِ حال سے یہ کہہ رہا ہے کہ وہ خدا یکتا قیوم اور واحد ہے

نے پدر دارد نہ فرزند و عدد ان | نے مبدّل شد ز ایام کہن

نہ اس کا کوئی باپ ہے نہ بیٹا اور نہ بیوی اور نہ ازل سے اس میں کوئی تغیر آیا

یک دمے گر شرح فیضش کم شود | ایں ہمہ خلق و جہاں برہم شود

اگر ایک لحظہ کے لیے اس کے فیض کی بانٹ کم ہو جائے تو یہ سب مخلوقات اور جہان درہم برہم ہو جائیں

یک نظر فانونِ قدرت را ببیں | تا شناسی شانِ ربُّ العالمیں

قانونِ قدرت پر ایک نظر ڈال تاکہ تو رب العالمین کی شان کو پہچانے

کاخِ دُنیا را چہ دید استی بنا | کز پئے آں مے گذاری صدق را

کاخِ دُنیا کی پائداری ہی کیا ہے؟ جو اس کی خاطر تو سچائی کو چھوڑتا ہے

عابد آں باشد کہ پیش خانی است | عابد آں کو گوید ش لاثانی است

عابد وہ ہے جو خدا کے سامنے فانی ہے عابد وہ ہے جو کہتا ہے کہ وہ لاثانی ہے

ترک کن کار استی ہم عذرِ خام | میل موئے راستی چوں شد حرام

جھوٹ اور بہانہ بازی چھوڑ دے۔ سچ کی طرف رغبت کرنا تجھے کیوں حرام ہو گیا

راہِ بد را نیک اندیشیدۂ | اے ہلاک اللہ چہ بد فہمیدۂ

غلط راستے کو تو نے صحیح سمجھ لیا ہے تجھے خدا ہدایت دے کیسا غلط سمجھا ہے

رو تے خود خود مے نماید آں یگاں | تو کشی تصویرِ او چوں کودکاں

وہ خدائے واحد اپنا چہرہ خود دکھاتا ہے تو بچوں کی طرح اس کی تصویر اپنے دل سے کھینچتا ہے

آں رخے کاں فعلِ حق بنمودہ است | در حقیقت روئے حق آں بودہ است

وہ چہرہ جسے خدا کے فعل نے ظاہر کیا ہے۔ اصل میں وہی خدا کا چہرہ ہے

وال چو خود کردی بُتے داری براہ	بُت پرستی باکنی شام و پگاہ

لیکن جو تو نے خود تراشا ہے وہ تیرے راستہ میں ایک بت ہے اور تو صبح و شام بت پرستی کرتا ہے

اے دو چشمے بستہ از انوارِ او	چوں نہ بینی روئے او در کارِ او

اے وہ جس نے اس کے نور سے اپنی اس کے کلام سے اپنی دونوں آنکھیں بند کر لیں تو اس کے فعل میں اس کا چہرہ کیوں نہیں دیکھتا

ایں چنیں در افترا باچوں پری	یا مگر از ذاتِ بے چوں منکری

اس قدر بڑھ بڑھ کر کیوں افترا باندھتا ہے شاید تو اس بے مثل ذات سے منکر ہے

دل چرا بندی دریں دُنیائے دُوں	ناگہاں خواہی شدن زینجا بروں

اس ذلیل دنیا سے کیوں دل لگاتا ہے جہاں سے تو یک دم باہر چلا جائے گا

از پئے دُنیا بریدن از خُدا	بس ہمیں باشد نشانِ اشقیا

دنیا کی خاطر خدا سے تعلق توڑنا یہی بدبختوں کی علامت ہے

چوں شود بخشایشِ حق بر کسے	دل نمے ماند بدنیا یش بسے

جب کسی پر خدا کی مہربانی ہوتی ہے تو اس کا دل دنیا میں کچھ زیادہ نہیں لگتا

لیک ترکِ نفس کے آساں بود	مُردن واز خود شدن یکساں بود

لیکن ترکِ نفس کبھی آسان نہیں ۔ مرنا اور خودی کا چھوڑنا برابر ہے

آں خدا خود را نمود از کارِ خویش	کرد قائم شاہدِ گفتارِ خویش

اس خدا نے اپنے تئیں اپنے افعال سے ظاہر کیا اور ہمیں اپنے کلام کا گواہ قرار دیا

ہر چہ اُو را بود از حسنِ مزید	جملہ آں پیشِ چشمِ ما کشید

اس کے علاوہ جو اور حسن اس کی ذات میں تھا اس کا جلوہ بھی اس نے زیادہ کلام ہمارے سامنے کھینچ دیا

تو کشی از پیشِ خود تصویرِ او | خالقِ او مے شوی اے تیرہ خو

تو اپنی طرف سے اس کی تصویر کھینچتا ہے اور اے بد باطن آپ اُس کا خالق بنتا ہے

آنکہ خود از کارِ خود جلوہ نما است | آں خدا نے آنکہ در دستِ ما است

وہ جو اپنے فعل سے اپنا جلوہ دکھا رہا ہے خدا وہ ہے نہ کہ وہ جسے ہمارے ہاتھوں نے بنایا ہے

اے ستمگر ایں ہماں مولائے ماست | آنکہ قرآں مادحِ او جا بجا است

اے ظالم ہمارا مولا وہی ہے جس کی تعریف قرآن نے جا بجا کی ہے

ہر چہ قرآں گفت مے گوید سما | چشم بکشا تا بہ بینی ایں ضیا

جو کچھ قرآن نے کہا وہی آسمان بھی کہتا ہے آنکھ کھول تا کہ تو اس روشنی کو دیکھے

بس ہمیں فخرے بود اسلام را | کو نماید آں خدائے تام را

اسلام کو یہی فخر تو حاصل ہے کہ وہ اس کامل خدا کو پیش کرتا ہے

کو دشِ زالسان کہ از خشمِ جہاں | نے تراشد از خودش چوں دیگراں

وہ اسی طرح کہتا ہے جو اس کی صفت سے ظاہر ہے وہ دوسروں کی طرح اپنے پاس سے کوئی خدا نہیں تراشتا

غیرِ مسلم خود تراشد پیکرش | خود تراشد قامت و پا و سرش

غیر مسلم اس کے وجود کو خود تراشتا ہے۔ وہ آپ ہی اس کا قد اور پیر اور سر تجویز کرتا ہے

خود تراشیدہ نمے گردد خدا | ہمچو طفلاں بازی است و افترا

یہ خود تراشیدہ وجود خدا نہیں ہو سکتا وہ تو بچوں کا کھیل ہے اور جھوٹ

ایں تراشیدن جہانے شد تباہ | کم کسے سوئے خدا بُرد است راہ

اس خدا تراشی کی وجہ سے ایک جہان برباد ہو گیا اور کسی کو سچے خدا کا راستہ نہیں ملا

چوں تو کورے نیستی چشمے گشا | بیں چہ ظاہر مے کند ارض و سما

جب تو اندھا نہیں ہے تو آنکھیں کھول اور دیکھ کہ آسمان و زمین کیا ظاہر کرتے ہیں

ہر طرف بشنو صدائے القدیر | ذوالجلال و ذوالعلی نورے منیر

ہر طرف یہی آواز آتی ہے کہ ایک قادر خدا ہے ایک صاحب جلال صاحب عزت اور روشنی بخش نور موجود ہے

ہیچ مخلوقے خدائے خود مگیر | کے شود یک کہ یکے چوں آں قدیر

تو کسی مخلوق کو اپنا خدا نہ بنا۔ ایک کیڑا کیونکر اُس قدیر کی طرح ہو سکتا ہے

پیشِ اُو لرزد زمین و آسماں | پس تو مشتِ خاک را مشش مداں

اس کے آگے زمین و آسمان لرزتے ہیں پس تو ایک مشت خاک کو اس کی طرح نہ سمجھ

گر خدا گوئی مسیحے را بزور | جانِ تو گوید کہ کذابی و کور

اگر تو کسی کمزور مخلوق کو زبردستی خدا کہہ بھی دے تو خود تیرا دل بول اٹھے گا کہ تو جھوٹا اور اندھا ہے

دل نداند خدا جز آں خدا | ایں چنیں اقناد فطرت زابتدا

دل سوائے اس واحد خدا کے کسی اور کو خدا تسلیم نہیں کرتا شروع سے انسانی فطرت اسی طرح واقع ہوئی ہے

از رہِ کین و تعصب دُور شو | یک نظر از صدق کن پُر نور شو

کینہ اور تعصب کی راہ کو چھوڑ دے صدق سے غور کر اور روشن دل ہو جا

کیں ریاضِ عقل را ویراں کند | عاقلاں را گمرہ و ناداں کند

کینہ اور تعصب عقل کے باغ کو اجاڑ دیتے ہیں اور عقلمندوں کو گمراہ اور بیوقوف بنا دیتے ہیں

کے بشر گردد خدائے لایزال | داوری ہا کم کن اے صیدِ ضلال

ایک انسان کس طرح غیر فانی خدا بن سکتا ہے اے گمراہی کے شکار جھگڑا نہ کر

آب شور اند رکفت ہست اے عزیز | تا زہا کم کن اگر داری تمیز

اے عزیز تیرے ہاتھ میں صرف کھاری پانی ہے۔ اگر تجھ میں تمیز ہے تو شیخیاں نہ مار

تو ہلاکی گر نجوئی آں خدا | آنکہ بنماید ترا ارض و سما

تو ہلاک ہو جائے گا اگر اس خدا کو تلاش نہ کرے گا جسے زمین و آسمان تجھے دکھا رہے ہیں

ہم بقرآں بیں جمالِ آں قدیر | قول و فعل حق زُلالِ بیک غدیر

تو قرآن سے بھی اس قادر خدا کا حسن دیکھ خدا کا قول اور خدا کا فعل ایک ہی تالاب کے صاف پانی ہیں

مُردم اندر حسرتِ ایں مُدعا | چُوں نمے خواہند خلق ایں چشمہ را

میں تو اس بات کے غم سے مرگیا کہ خلقت اس چشمہ کو کیوں طلب نہیں کرتی

ہست قرآں در رہِ دیں رہنما | در ہمہ حاجاتِ دیں حاجت روا

قرآن دین کے راستہ کا رہنما ہے اور مذہب کی سب ضروریات کو پورا کرنے والا ہے

آں گروہِ حق کہ از خود فانی اند | آب نوش از چشمۂ فرقانی اند

وہ اہلِ حق جو فانی ہیں۔ وہ فرقانی چشمے سے پانی پینے والے ہیں

فارغ افتادہ زنام و عز و جاہ | دل زکف واز فرق افتادہ کلاہ

وہ نام نمود اور جاہ اور عزت کی طرف سے بے پروا ہیں ان کے ہاتھ سے دل اور سر سے ٹوپی گر گئی ہے

دُور تر از خود بہ یار آمیختہ | آبرو از بہرِ روئے ریختہ

خودی سے دُور اور یار سے واصل ہو گئے ہیں اور اس کی خاطر اپنی عزت و آبرو سے دستبردار ہیں

از بروں چوں اجنبی دل پُر ز یار | کس نداند رازِ شاں جُز کردگار

ظاہر اجنبی دکھائی دیتے ہیں مگر دل یار کی محبت سے بھرا ہے خدا کے سوا ان کا بھید کوئی نہیں جانتا

دیدنِ شاں مے دہد یاد از خدا | صدق در زاں در جنابِ کبریا

ان کے دیکھنے سے خدا یاد آتا ہے خدا کے لیے انھوں نے صدق و وفا اختیار کیا ہے

آں ہمہ را بود فرقاں رہبرے | ہر یکے زاں در شدہ ہمچوں دُرے

ان سب لوگوں کا رہنما قرآن ہی تھا اور اسی دروازہ کی برکت سے ان میں سے ہر ایک موتی کی طرح ہو گیا

آں ہمہ زاں دلبرے جاں یافتند | جاں چہ باشد روئے جاناں یافتند

ان سب نے اسی محبوب سے زندگی حاصل کی۔ زندگی کیا خود اس محبوب کو پا لیا

چشمِ شاں شد پاک از شرک و فساد | شد دلِ شاں منزلِ ربُّ العباد

ان کی نظر شرک اور فساد سے پاک ہو گئی اور ان کا دل رب العالمین کا گھر بن گیا

سیّدِ شاں آنکہ نامش مصطفےٰ است | رہبرِ ہر زمرۂ صدق و صفا است

ان لوگوں کا سردار وہ ہے جس کا نام مصطفےٰ ہے تمام اہل صدق و صفا کا وہی رہنما ہے

مے درخشد روئے حق در روئے اُو | بوئے حق آید ز بام و کوئے اُو

اس کے چہرہ میں خدا کا چہرہ چمکتا نظر آتا ہے اس کے در و دیوار سے خدا کی خوشبو آتی ہے

ہر کمالِ رہبری بروے تمام | پاک روی و پاک رویاں را امام

رہبری کے تمام کمالات اس پر ختم ہیں خود بھی مقدس ہے اور سب مقدسوں کا امام ہے

اے خدا! اے چارۂ آزارِ ما | کُن شفاعت ہائے اُو در کارِ ما

اے خدا! اے ہماری تکلیفوں کی دوا ہمارے معاملہ میں اس کی شفاعت ہمیں نصیب کر

ہر کہ مہرش در دل و جانش فتد | تا گماں جانے در ایمانش فتد

جس کے جان و دل میں اس کی محبت داخل ہو جاتی ہے تو یکدم اس کے ایمان میں ایک جان پڑ جاتی ہے

کے ز تاریکی بر آید آں غراب | کور مغز ایں مشرقِ صدق و صواب

وہ کوا اندھیرے سے کب نکل سکتا ہے جو اس صدق و صواب کے طلوع کے مقام سے بھاگتا ہے

آنکہ او را ظلمتے گیرد براہ | نیستش چوں روئے احمد مہر و ماہ

وہ شخص جسے تاریکی گھیر لے اس کے لیے احمد کے چہرہ کی طرح اور کوئی چاند سورج نہیں ہے

تا بعشق بحرِ معانی مے شود | از زمینی آسمانی مے شود

اس کا پیرو معرفت کا ایک سمندر بن جاتا ہے اور زمینی سے آسمانی ہو جاتا ہے

ہر کہ در راہِ محمدؐ زد قدم | انبیا را شد مثیل آں محترم

جس نے محمد کے طریقہ پر قدم مارا وہ قابل عزت شخص نبیوں کا مثیل بن جاتا ہے

تو بجب داری ز فوزِ ایں مقام | پائے بندِ نفس گشتہ صبح و شام

تو اس درجہ کی کامیابی پر تعجب کرتا ہے کیونکہ تو ہر وقت اپنے نفس کا غلام ہے

آنکہ فخر و ناز بر عیسیٰ ترا ست | بندۂ عاجز بچشمِ تو خدا ست

اے وہ شخص کہ تجھے عیسیٰ پر فخر اور ناز ہے اور خدا کا ایک عاجز بندہ تیری نظر میں خدا ہے

شد فراموشت خداوندے و دود | پیشِ عیسیٰ او فتادی در سجود

تجھے خدائے شفیق بھول گیا اور تو عیسیٰ کے آگے سجدہ میں گر گیا

من ندانم ایں چہ عقل است و ذکا | بندۂ را ساختن ربُّ السما

میں نہیں سمجھ سکتا کہ یہ کیسی عقل اور ذہانت ہے کہ ایک بندہ کو خدا بنایا جائے

فانیاں را نسبتے با او کجا | از صفاتِ او کمال است و بقا

فانی انسانوں کو خدا سے کیا نسبت اس کی صفت تو کامل ہونا اور ہمیشہ رہنا ہے

چارہ سازِ بندگاں قادر خدا | آنکہ ناید تا ابد بروے فنا

وہ بندوں کا چارہ گر اور خدائے قادر ہے جس پر کبھی بھی فنا نہیں آسکتی

حافظ و ستار و جواد و کریم | بیکساں را یار و رحمٰن و رحیم

حفاظت کرنے والا پردہ پوش سخی اور کریم ہے بے کسوں کا دوست ہے صدر حم کرنے والا اور مہربان

تو چہ دانی آں خدائے پاک را | آں جلالِ او تو دادی خاک را

تو اُس خدائے پاک کا جلال کیا جان سکتا ہے وہ عورت کا مقام تو تو نے ایک خاکی انسان کو دے رکھا ہے

ہاں دمے ہر دم زکفارہ زنی | پس نہ مرد استی کہ کمتر از زنی

تو ہر دم کفارہ کی شیخیاں ہی بگھارتا رہتا ہے پس تو مرد نہیں بلکہ عورت سے بھی گیا گذرا ہے

نسخۂ سہل است گر یابد سزا | زید۔ و گردد بکر زاں فعلش رہا

یہ تو بڑا آسان نسخہ ہے کہ سزا ملے زید کو۔ اور بکر اپنے گناہ سے پاک ہو جائے

لیک زیں نسخہ نمے یابی نشاں | در ورق ہائے زمین و آسماں

لیکن اس نسخہ کا تجھے نام و نشان بھی نہیں ملے گا زمین و آسمان (کی کتاب) کے ورقوں میں

تا خدا بنیادِ ایں عالم نہاد | ظالمے ہم ننگ دارد زیں فساد

جب سے خدا نے اس دنیا کی بنیاد رکھی ہے اس وقت سے ظالموں کو بھی ایسی شرارت سے عار آتی ہے

چوں ندارد فاسقے آں را پسند | چوں پسند حضرتِ پاک و بلند

جب ایک فاسق بھی اس بات کو ناپسند کرتا ہے تو خدا تعالیٰ جو پاک ہے وہ اسے کس طرح پسند کر سکتا ہے

ما گنہگاریم نالاں نیز ہم | او غیورے ہست رحماں نیز ہم

ہم گنہگار بھی ہیں اور روتے بھی ہیں (اسی طرح) وہ غیرت مند بھی ہے اور رحم کرنے والا بھی

زہر و تریاق است در ما مستتر | ایں کشد ایں مے دہد جانِ دگر

ہم میں زہر اور تریاق دونوں مخفی ہیں۔ وہ قتل کرتا ہے اور یہ دوسری زندگی بخشتا ہے

زہر را دیدی نہ دیدی چارہ اش | آنکہ بود از ازل کفارہ اش

تو نے زہر کو تو دیکھ لیا مگر اس کا علاج نہ دیکھا جو ہمیشہ سے اس کا کفارہ ہے

چوں دو چشمت دادہ اند اے بے خبر | پس چرا پوشی یکے وقتِ نظر

اے بے خبر جب تجھے دو آنکھیں دی گئی ہیں تو دیکھتے وقت تو ایک کو کیوں ڈھانک لیتا ہے

یک نظر بیں سوئے ایں دنیائے دوں | چوں بگردی از پئے آں سرنگوں

ذرہ اس ذلیل دنیا پر نظر ڈال کہ کس طرح تو اس کے پیچھے سرگرداں پھر رہا ہے

آنچہ داری از متاع و منزلت | بے مشقت ہا نگشتہ حاصلت

جو کچھ بھی سامان اور دولت تیرے پاس ہے وہ تجھے بغیر محنت کے حاصل نہیں ہوئی

پایدت تا مدتے جہدے دراز | تا خوری از کشتِ خود نانے فراز

ایک لمبے عرصہ کی کوشش درکار ہے تاکہ تو اپنی کھیتی سے روٹی کھائے

چوں ہمیں قانونِ قدرت اوفتاد | پس ہمیں یاد آر در کشتِ معاد

جب قانونِ قدرت ایسا ہی واقع ہوا ہے پس آخرت کی کھیتی کے لیے بھی یہی بات یاد رکھ

خوب گفت اہل قادر رب الوریٰ | لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی

رب العالمین قادر خدا نے کیا خوب فرمایا ہے کہ انسان کو اپنی کوشش کا بدلہ ضرور ملتا ہے

ہم دریں معنیست گر تو بشنوی | یادگارِ مولوی در مثنوی

اگر تو سنے تو اسی مطلب کا مضمون وہ بھی ہے۔ جو مثنوی میں مولوی معنوی کی یادگار ہے

گندم از گندم بروید جَو ز جَو | از مکافاتِ عمل غافل مشو

گیہوں سے گیہوں پیدا ہوتا ہے اور جَو سے جَو پس تو عمل کے بدلہ سے غافل نہ ہو

آنکہ بر کفّارہ ہا خاطر نہاد | عقل و دیں ہر دو بباد آسان بداد

جس نے کفارہ پر دل جما لیا اس نے عقل اور دین دونوں کو برباد کر دیا

دیں و دُنیا جہد خواہد ہم تلاش | رو برائش جہد کن ناداں مباش

دین اور دنیا محنت اور تلاش کو چاہتے ہیں۔ تو بھی اس کی راہ میں کوشش کر اور ناداں نہ بن

(ضیاء الحق صفحہ ۱ مطبوعہ ۱۸۹۵ء)

وحیِ حق پر از اشاراتِ خداست | گر نہ فہمد جاہلے کج دل رواست

خدا کی وحی اشاروں سے بھری ہوئی ہوتی ہے اگر کوئی جاہل اور کم فہم نہ سمجھے تو یہ عین ممکن ہے

چشمۂ فیض است وحیِ ایزدی | لیکن آں فہمد کہ باشد مہتدی

خدا کی وحی فیضان کا ایک چشمہ ہے لیکن اُسے وہی سمجھ سکتا ہے جو خود ہدایت یافتہ ہو

وحیِ قرآں رازہا دارد بسے | نسبتے باید کہ تا فہمد کسے

قرآنی وحی میں بکثرت اسرار ہیں مناسبت ہونی چاہیئے تاکہ کوئی اسے سمجھ سکے

واجب آمد نسبت اندر دیں نخست | کار بے نسبت نمے آید درست

دین کے لیے پہلے مناسبت ہونی ضروری ہے۔ بغیر مناسبت کے کام ٹھیک نہیں بیٹھتا

آں سعیدے کش ابوبکر است نام | نسبتے مے داشت با خیر الانام

وہ سعید انسان جس کا نام ابوبکر ہے وہ آنحضرت کے ساتھ ایک نسبت (یعنی باطنی تعلق) رکھتا تھا

زیں نہ شد محتاجِ تفتیشِ دراز | جانِ او بشناخت روئے پاکباز

اس وجہ سے وہ کسی لمبی تحقیقات کا محتاج نہ ہوا۔ اس کی جان نے ایک پاکباز کے چہرہ کو پہچان لیا

ہست فرقے در نظرہائے سعید | آنچہ ہاروں دید آں قاروں ندید

اے سعید انسان! نظر نظر میں فرق ہوتا ہے۔ جو ہارون نے دیکھ لیا وہ قارون نہ دیکھ سکا

بود ہاروں پاک و ایں کرمے پلید | کے بماند بایزیدے بایزید

ہارون ایک پاک انسان تھا اور قارون ایک گندہ کیڑا۔ بایزید، بایزید سے کس طرح برابر ہو سکتا ہے

گر نباشد نسبتے در جائے گاہ | ظلمتے در ہر قدم گیرد براہ

اگر کسی کو مقامِ مقصد کا پتہ نہ ہو تو وہ ہر قدم پر ٹھوکریں کھاتا ہے

آں یکے را مہ عیاں پیشِ نظر | دیگرے را ابر کردہ کور و کر

ایک کو چاند صاف نظر آتا ہے۔ دوسرے کو ابر نے اندھا اور بہرا کر رکھا ہے

آں نشستہ با نگارِ دل رُبا | ایں ز کوری ہا در انکار و ابا

ایک تو دل ربا محبوب کے ساتھ بیٹھا ہے اور دوسرا بینائی کی وجہ سے مخالفت اور انکار میں مبتلا ہے

مہ نمے آید نظر در وقتِ ابر | ہمچنیں صدیق در چشمانِ کبر

چاند ابر کے وقت نظر نہیں آیا کرتا اسی طرح صدیق بھی کافر کی آنکھ کو دکھائی نہیں دیتا

اے برادر ناقل کُن تلاش | ہاں مرو چوں تو سنے آہستہ باش

اے بھائی صبر و سہولت سے تلاش میں لگ۔ گھوڑے کی طرح نہ دوڑ۔ آہستہ چل

اے پئے تکفیرِ ما بستہ کمر | خانہ ات ویراں تو در فکرِ دگر

اے وہ کہ جس نے ہماری تکفیر پر کمر باندھ رکھی ہے تیرا اپنا گھر تو ویران ہے مگر تو اوروں کی فکر میں پڑا ہوا ہے

صد ہزاراں کفر در جانت نہاں | زد چہ نالی بہر کفر دیگراں

لاکھوں کفر تو تیری اپنی جان کے اندر چھپے ہوئے ہیں بھلا تو اوروں کے کفر پر کیوں روتا ہے

خیز و اوّل خویشتن را کُن درست | کہ تبیں را چشم مے باید نخست

اُٹھ اور پہلے اپنے تئیں ٹھیک کر۔ معترض کے لیے پہلے چشم بصیرت ہونی چاہیئے

لعنتی گر لعنتے بر ما کند! | او نہ بر ما خویش را رُسوا کند

اگر کوئی لعنتی ہم پر لعنت کرتا ہے تو وہ لعنت ہم پر نہیں پڑتی وہ تو خود اپنے تئیں ذلیل کرتا ہے

لعنتِ اہلِ جفا آساں بود | لعنت آں باشد کہ از رحماں بود

ظالموں کی لعنت کا برداشت کرنا آسان ہے اصلی لعنت تو وہ ہے جو رحمان کی طرف سے آئے

(ضیاء الحق صفحہ ۲ مطبوعہ ۱۸۹۵ء)

جاں فدائے آنکہ او جاں آفرید | دل نثارِ آنکہ زو شد دل پدید

جان اُس پر قربان ہے جس نے اس جان کو پیدا کیا دل اس پر نثار ہے جس نے دل کو بنایا

جاں از و پیداست زیں مے جوید ش | ربّنا اللہ ربنا اللہ گوید ش

جان چونکہ اس کی مخلوق ہے اس لیے اُسے ڈھونڈتی ہے اور کہتی ہے کہ تو ہی ہمارا رب ہے تو ہی ہمارا رب ہے

اگر وجودِ جاں نبودے زو جہاں | کے شدے مہرِ جمالش نقشِ جاں

اگر جان کا وجود اس کی طرف سے ظاہر نہ ہوتا۔ تو اُس کے حسن کی محبت جان پر کس طرح نقش ہوتی

جسم جاں را کرد پیدا آں یگاں | ایں نمود دل سوئے اُو چوں عاشقاں

جسم اور جان کو اسی یگانے پیدا کیا ہے اسی لیے عاشقوں کی طرح دل اس کی طرف دوڑتا ہے

او نمک بارِ محبت اندرِ جانِ ما | جانِ جانِ ماست آں جانانِ ما

اس نے ہماری روح پر محبت کا نمک چھڑکا ہے۔ وہ ہمارا محبوب ہماری جانوں کی جان ہے

ہر وجودے نقشِ ہستی زو گرفت | جانِ عاشق رنگِ ہستی زو گرفت

ہر وجود نے اسی سے اپنی ہستی کا نقش حاصل کیا ہے اور عاشق کی جان نے بھی ہستی کا رنگ اسی سے لیا ہے

ہر کہ نزدش خود بخود جانے بود | او نہ دانا سخت نادانے بود

جس شخص کے نزدیک روح خود بخود پیدا ہو گئی ہے وہ شخص دانا نہیں بلکہ سخت بیوقوف ہے

گر وجودِ مانہ زال رحمان بدے | جانِ ما با جانِ او یکساں بُدے

اگر ہمارا وجود اس رحمان کی مخلوق نہ ہوتا تو ہماری جان اور اس کی جان ایک جیسی ہوتی

آنکہ جانِ ما بجانش ہمسر است | جائے ننگ و عار نے پیشہر است

وہ جس کی جان سے ہماری جان برابر ہو وہ پیشہر نہیں ہے بلکہ قابلِ شرم وجود ہے

سرِ مفہومِ خدائی قدرت است | منکرِ آں ہا یقِ صد لعنت است

خدا شناسی کا بھید اس کی قدرت میں ہے قدرت کا منکر سینکڑوں لعنتوں کا مستحق ہے

گر خدائی صدق ایں گفتار را | ہم ز نانک بشنو ایں اسرار را

اگر تو اس بات کی سچائی کو نہیں جانتا تو نانک سے ہی یہ راز کی باتیں سُن لے

گفت ہر نورے ز نورِ حق بتافت | ہر وجودے نقشِ خود زاں دست یافت

اس نے کہا کہ ہر نور خدا کے نور سے چمکا ہے اور ہر وجود نے اسی کے ہاتھ سے اپنا نقش حاصل کیا ہے

ویدے مے گوید کہ ہر جاں چوں خداست | خود بخود نے کردۂ ربُّ العلیٰ ست

وید کہتا ہے کہ ہر روح خدا کی مانند ہے اور آپ ہی آپ ہے نہ کہ رب العالمین کی پیدا کی ہوئی

لیکن ایں مردِ خدا اہلِ صفا	آنکہ کرد از کذب قومے را رہا

لیکن یہ مردِ خدا اور اہلِ صفا انسان جس نے ایک قوم کو جھوٹ سے آزاد کیا

گفت ہر جانے ز دستش شد پدید	قادر ست او جسم و جاں را آفرید

فرماتا ہے کہ ہر روح خدا کے ہاتھ سے ظاہر ہوئی ہے۔ وہ قادر ہے اسی نے جسم اور روح کو پیدا کیا ہے

گر کنی در گفتۂ ایں عارفاں	رو چہ نالی بہرِ ویدِ آریاں

تو بھی ان عارفوں کی باتوں پر غور کر آریوں کے وید کے لیے کیوں روتا پھرتا ہے

بود نانک عارف و مردِ خدا	رازہائے معرفت را رہ کشا

نانک ایک عارف اور با خدا مرد تھا۔ اور معرفت کے بھیدوں کو کھولنے والا

وید زاں راہِ معارف دُور تر	سادہ کی ما نجانے بے ہنر

وید اس حقایق و معارف سے بہت دور ہے وہ بے ہنر تو عارف کی تعریف بھی نہیں جانتا

ایں نصیحت گر ز نانک بشنوی	در دو عالم از شقاوت ہا رہی

اگر تو نانک کی اس نصیحت کو سُن لے۔ تو دونوں جہان میں بدبختی سے نجات پائے

او نہ از خود گفت ایں گفتار را	گوش او بشنید ایں اسرار را

اس نے اپنے پاس سے یہ بات نہیں کہی بلکہ اس کے کانوں نے خدا کی طرف سے اس راز کو سنا ہے

وید را از نورِ حق مہجور یافت	از خدا ترسید و راہِ نور یافت

اس نے وید کو خدا کے نور سے خالی پایا۔ وہ خدا سے ڈرا اور اس نے نور کا راستہ پا لیا

اے برادر ہم تو سوئے او بیا	دل چہ بندی در جہانِ بے وفا

اے بھائی تو بھی اس کی طرف آ۔ اس بے وفا دُنیا سے کیا دل لگاتا ہے

(دست بچن طبع اول مطبوعہ ۱۸۹۵ء)

آنانکہ گشت کوچۂ جاناں مقامِ شاں	ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ شاں

وہ لوگ جن کی جائے رہائش کوچۂ جاناں بن گئی ہے اس جہان کے دفتر میں اُن کا نام ہمیشہ ثبت رہتا ہے

ہر گز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق	ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ شاں

وہ شخص نہیں مرتا جس کا دل عشق سے زندہ ہو گیا مرتا وہ ہے جس کا مقصد ان عاشقوں جیسا نہیں ہوتا

اے سوہ دل کوش پئے مدعیِ اہلِ دل	جہل مقصورِ تست نفہمی کلامِ شاں

اے سوہ دل صاحب دلوں کی مذمت کی کوشش نہ کر تو اپنی نادانی کی وجہ سے اُن کا کلام نہیں سمجھ سکتا

(ست بچن صفحہ ۱۶)

تو یک قطرہ داری ز عقل و خرد	مگر قدرتش بحرِ بے حد و عد

تیرے پاس تو عقل اور دانائی کا صرف ایک قطرہ ہے لیکن خدا کی قدرت بے پایاں سمندر ہے

اگر بشنوی قصۂ صادقاں	بجنبان سرِ خود چو مستہزیاں

جب تو راستبازوں کے حالات سُنے تو چاہیئے کہ اپنا سر ٹھٹھا کرنے والوں کی طرح ہلائے

تو خود را خرد مند فہمیدۂ	مقاماتِ مرداں کجا دیدۂ

تو خود کو عقلمند سمجھتا ہے۔ مگر تو نے مردانِ خدا کے مقامات دیکھے ہی نہیں

(ست بچن صفحہ ۳۳)

توانم کہ ایں عہد و پیماں کنم	کہ جاں در رہِ خلق قرباں کنم

مجھ میں یہ طاقت ہے کہ یہ عہد و پیمان کروں۔ کہ مخلوق کے لیے اپنی جان قربان کر دوں گا

لہ حافظ شیرازی کا مصرع ہے

تواں کہ سر بہم دریں رہ دہم | ولے بدگماں را چہ درماں کنم

میں یہ بھی کر سکتا ہوں کہ اس رستہ میں سر بھی دے دوں مگر بدگمان کا کیا علاج کروں

(ست بچن صہ۱۲ مطبوعہ ۱۸۹۵ء)

عزیزاں مے دہم صد بار سوگند | بروئے حضرتِ دادار سوگند

اے دوستو میں تمہیں سینکڑوں قسمیں دیتا ہوں اور جنابِ الٰہی کی ذات کی قسمیں دیتا ہوں

کہ در کارم جناب از حق بجویید | بہ محبوبِ دلِ ابرار سوگند

کہ میرے مقابلہ میں خدا سے ہی جواب مانگو میں تمہیں نیکوں کے دلوں کے محبوب کی قسم دیتا ہوں

(مجموعہ اشتہارات حصہ سوم صہ۲۴۲)

بنگر کہ آں مؤید من شیخ نجف را | چنداں امان نداد کہ تکمیلِ چل کند

دیکھ لے کہ اس میرے مددگار نے شیخ نجفی کو اتنی مہلت نہ دی کہ چالیس دن پورے کر لیتا

(مجموعہ اشتہارات حصہ سوم صہ۲۹۷)

گر ہبل لات و گر یاں و شیخی است | شیخِ نجدی بہتر از صد نجفی است

اگر یہی لات و گر یاں اور یہی نجفی ہے تو ایسے سو نجفیوں سے شیخ نجدی (شیطان) بہتر ہے

(اشتہار لیکھرام کی موت)

۱۵ مارچ ۱۸۹۷ء

صادق آں باشد کہ ایام بلا | لہ مے گذارد با محبت با وفا
صادق وہ ہوتا ہے کہ ابتلاؤں کے دن محبت اور وفاداری سے گذارتا ہے

گر قضا را عاشقے گردد اسیر | بوسد آں زنجیر را کو آشنا
اگر قضائے الٰہی سے عاشق قید ہو جاتا ہے تو وہ اس زنجیر کو چومتا ہے جس کا سبب آشنا ہو۔

(کتاب البریہ صروری مطبوعہ ۱۸۹۷ء)

کے پرستد بندہ را اجز آنکہ نادانے بود | پس بگرید پیروِ شاں ہر کہ گریانے بود
کسی بندہ کی پرستش کون کر سکتا ہے سوائے اس کے جو نادان ہو پس جو رونے والا ہو ان لوگوں کی حالت پر رونے

آں خداوندے کہ نقش ہست بر ہر برگ ثبت | ہر کہ جوید آں خدا را او مسلمانے بود
وہ خدا جس کا نام ہر پتے پر نقش ہے جو اس خدا کو ڈھونڈتا ہے وہی سچا مسلمان ہوتا ہے

(کتاب البریہ صفحہ ۶۸)

محمد است امام و چراغ ہر دو جہاں | محمد است فروزندۂ زمین و زماں
محمد ہی دونوں جہانوں کا امام اور چراغ ہے محمد ہی زمین و زماں کا روشن کرنے والا ہے

خدا نگویمش از ترسِ حق گر بخدا | خدا نما ست وجودش برائے عالمیاں
میں خوف خدا کی وجہ سے اس کو خدا تو نہیں کہتا مگر خدا کی قسم اس کا وجود اہل جہان کے لیے خدا نما ہے

(کتاب البریہ صفحہ ۱۲۹) ۱۸۹۸ء

لہ صحیح مصرع شعر ابیاتی ہیں (تذکرہ صفحہ ۳۱۲ و ۳۱۳)

بیا بیا بے قوم نشانہائے خداوند قدیر | چشم بکشا کہ بچشم تو نشانے است کبیر

اے قوم خدائے قادر کے نشانات دیکھ آنکھ کھول کہ تیری آنکھ کے سامنے ایک عظیم الشان نشان ہے

رو بدو آر کہ گر ایں پند پذیرد رو تافت | ورنہ ایں روئے سیہ بہست بتر از خنزیر

اس کی طرف اپنا رخ کر کہ اگر وہ قبول کرلے تو منہ چمک اٹھے گا ورنہ یہ روئے سیاہ سور سے بھی بدتر ہے

چوں تو تابی سر خود زاں ملک ارض و سما | گر نگیرد غضب ایں چہ پناہ ست و نصیر

جو زمین و آسمان کے بادشاہ سے کیوں منہ پھیرتا ہے اگر اس کا غضب تجھے پکڑ لے تو کون تجھے پناہ اور مدد دے سکتا ہے

قمر و شمس و زمیں و فلک و آتش و آب | ہمہ در قبضۂ آں یار عزیز اند اسیر

چاند سورج زمین و آسمان آگ اور پانی سب اس دوست والے دوست کے قبضہ میں قیدی ہیں

قدسیاں جملہ ملائک ز ہیبت پاک | انبیا را دل و جاں خون و الم دامنگیر

سب فرشتے اس کی ہیبت سے لرزتے ہیں انبیاء کی جان اور دل خون ہے اور خوف دامنگیر ہے

جنت و دوزخ سوزندہ از و مے لرزند | تو چہ چیزی چہ تمامت بہ ترا اے کرم حقیر

جنت اور جلانے والا دوزخ اس کے خوف سے کانپتے ہیں اے ناچیز کیڑے تیری ہستی ہی کیا ہے اور تیری مغفرت ہی کیا ہے

چند ایں جنگ و جدل ابجہ خواہی کرد | توبہ کن توبہ کہ در گذرد از تقصیر

تو خدا تعالیٰ سے کب تک یہ جنگ و جدل کرتا رہے گا۔ توبہ کر توبہ۔ تا کہ وہ تیری خطائیں معاف کردے

من اگر در نظر یار مقامے دارم | پس چہ نقصاں ترا بگو بہ تکفیر

میں اگر یار کی نظر میں کوئی درجہ رکھتا ہوں تو تیری بدگوئی اور تکفیر سے مجھے کیا نقصان پہنچ سکتا ہے

لعنت آنست کہ از سوئے خدا مے بارد | لعنت بدگران است بیکے ہر زہ فقیر

لعنت وہ ہوتی ہے جو خدا کی طرف سے نازل ہو بد اصل لوگوں کی لعنت محض بیہودہ شور ہے

اے برادر رہ دین است بہ بس دشوار | خاک شو خاک مگر باز کنندش اکسیر

اے بھائی دین کا راستہ بہت مشکل راستہ ہے۔ خاک ہو جا خاک۔ تاکہ پھر تجھے اکسیر بنا دیں

تو بلائی اگر از کبر بتابی سر خویش | من از و آمدم و با تو بگویم چو نذیر

اگر تو تکبر سے روگردانی کرے گا تو ہلاک ہو جائے گا میں اُس کے پاس سے آیا ہوں اور بطور نذیر تجھے سمجھا تا ہوں

آں خدائیکہ ز خلق و ز جہاں بیخبر اند | بمن او جلوہ نمود است اگر اہلی بپذیر

وہ خدا جس سے مخلوق اور لوگ بے خبر ہیں اُس نے مجھ پر تجلی کی ہے۔ اگر تو عقلمند ہے تو مجھے قبول کر

(سراج منیر صفحہ ۱ مطبوعہ ۱۸۹۷ء)

اے فرید وقت در صدق و صفا | با تو باد آں رو کہ نامِ اُو خدا

اے صدق و صفا میں اس زمانہ کے یگانہ انسان تیرے ساتھ وہ ذات ہو جس کا نام خدا ہے

بر تو بارد رحمتِ بارِ ازل | در تو تابد نورِ دلدارِ ازل!

تجھ پر اُس یار قدیم کی رحمتوں کی بارش ہو اور تجھ میں اس محبوب ازلی کا نور چمکتا رہے

از تو جانِ من خوش ست اے خوشخصال | دیدمت مردے دریں قحط الرجال

اے نیک خصلت انسان تجھ سے میری جان راضی ہے اس قحط الرجال میں میں نے تجھ کو ہی ایک مرد پایا ہے

در حقیقت مردم معنی کم اند | گو ہمہ از روئے صورت مردم اند

در اصل حقیقی انسان کم ہوتے ہیں اگرچہ دیکھنے میں سب آدمی ہی نظر آتے ہیں

اے مرا روئے محبت سوئے تو | بوئے اُنس آمد مرا از کوئے تو

اے وہ کہ میری محبت کا رُخ تیری طرف ہے مجھے تیرے کوچہ سے اُنس کی خوشبو آتی ہے

کس ازیں مردم ہمارو نے نکرد | ایں نصیبت بود اے فرخندہ مرد

ان لوگوں میں سے کسی نے بھی ہماری طرف رُخ نہ کیا اے نیک نصیب انسان یہ بات تیری قسمت میں ہی تھی

ہر زماں با لعنتے یادم کنند | خستہ دل از جور و بیدادم کنند

یہ لوگ تو ہر وقت مجھے لعنت سے یاد کرتے ہیں۔ اور ظلم و جفا سے مجھے دکھ دیتے رہتے ہیں

کس بچشمِ یار صدیقے نہ شد | تا بچشمِ غیر زندیقے نہ شد

یار کی نظر میں کوئی شخص صدیق قرار نہیں پاتا جب تک وہ غیروں کی نظر میں زندیق نہ ہو

کافرم گفتند و دجّال و لعین | بہرِ قتلم ہر کسے در کمیں!

انہوں نے مجھے کافر دجال اور لعنتی کہا اور ہر کمینہ میرے قتل کے لیے گھات میں بیٹھ گیا

بنگرایں بازی کناں راچوں جہند | از حسد بر جانِ خود بازی کنند

ان بازیگروں کو دیکھ کہ کس طرح اچھلتے ہیں یہ حسد کے مارے اپنی جان سے ہی کھیلتے ہیں

مومنے را کافرے دادن قرار | کارِ جاں بازی ست نزدِ ہوشیار

کسی مومن کو کافر ٹھیرانا سمجھ دار آدمی کے نزدیک بڑے خطرہ کی بات ہے

زانکہ تکفیرے کہ از ناحق بود! | واپس آید بر سرِ المش فقد

کیونکہ جو تکفیر ناحق کی جاتی ہے۔ وہ تکفیر کرنے والے کے سر پر ہی واپس پڑتی ہے

سفلۂ کو غرق در کفرِ نہاں | ہر زہ نالد بہرِ کفرِ دیگراں!!

وہ سفلہ جو خفی کفر میں غرق ہے وہ اوروں کے کفر پر ناحق بیہودہ غل مچاتا ہے

گر خبر زاں کفرِ باطن داشتے | خویشتن را بدتر از انگاشتے

اگر اس کو اپنے باطنی کفر کی خبر ہوتی تو اپنے آپ کو ہی بہت برا سمجھتا

تا مرا از قوم خود ببریدہ اند | بہرِ تکفیرم چہا کوشیدہ اند

جب سے لوگوں نے مجھے اپنی قوم سے کاٹ دیا ہے تب سے انھوں نے میرے کافر بنانے میں کتنی کوششیں کی ہیں

افترا ہا بیش ہر کس بردہ اند | از خیانت ہا سخن پروردہ اند

ہر شخص کے روبرو افترا پردازیاں کیں اور خیانت کے ساتھ خوب باتیں بنائیں

تا مگر لغزد کسے زاں افترا | سادہ لوحے کافر انگارد مرا

تاکہ کوئی تو اس افترا کی وجہ سے پھسل جائے اور بھولا آدمی مجھے کافر سمجھنے لگے

در رہِ ما فتنہ ہا انگیختند | با نصاریٰ رائے خود آمیختند

انھوں نے ہمارے راستے میں فتنے کھڑے کیے اور عیسائیوں کے ساتھ ساز باز کی

کافرم خواندند از جہل و عناد | ایں چنیں کورے بدُنیا کس مباد

جہل و عداوت کی وجہ سے مجھے کافر کہا۔ کاش دنیا میں اتنا اندھا کوئی نہ ہو

بخل و نادانی تعصب ہا فزود | ایں بجوشید و دو چشمِ شاں ربود

بخل و نادانی نے تعصب کو بڑھایا اور کینہ بھڑک کر اُن کی دونوں آنکھیں نکال لے گیا

ما مسلمانیم از فضلِ خدا | مصطفیٰ ما را امام و مقتدا

ہم خدا کے فضل سے مسلمان ہیں۔ محمد مصطفیٰ ہمارے امام اور پیشوا ہیں

اندریں دیں آمدہ از مادریم | ہم بریں از دارِ دُنیا بگذریم

ہم ماں کے پیٹ سے اسی دین میں پیدا ہوئے اور اسی دین پر دُنیا سے گذر جائیں گے

آں کتابِ حق کہ قرآں نامِ اوست | بادۂ عرفانِ ما از جامِ اوست

خدا کی وہ کتاب جس کا نام قرآن ہے ہماری شرابِ معرفت اُسی جام سے ہے

آں رسولے کش محمد ہست نام | دامنِ پاکش بدستِ ما مدام

وہ رسول جس کا نام محمد ہے۔ اُس کا مقدس دامن ہر وقت ہمارے ہاتھ میں ہے

مہرِ او با شیر شد اندر بدن | جاں شد و با جاں بدر خواہد شدن

اُس کی محبت مآل کے دودھ کے ساتھ ہمارے بدن میں داخل ہوئی وہ جان بن گئی اور جان کے ساتھ ہی باہر نکلے گی

ہست او خیر الرسل خیر الانام | ہر نبوت را برو شد اختتام

وہی خیر الرسل اور خیر الانام ہے اور ہر قسم کی نبوت کی تکمیل اُس پر ہو گئی

ما ازو نوشیم ہر آبے کہ ہست | نو شدہ سیراب سیرابے کہ ہست

ہم جو پانی ہے وہ ہم اُسی سے لے کر پیتے ہیں جو بھی سیراب ہے وہ اُسی سے سیراب ہوا ہے

آنچہ مارا وحی و الہام آئے بود | آں نہ از خود از ہماں جائے بود

جو وحی و الہام ہم پر نازل ہوتا ہے وہ ہماری طرف سے نہیں وہیں سے آتا ہے

ما ازو یابیم ہر نور و کمال | وصلِ دلدارِ ازل بے او محال

ہم ہر روشنی اور ہر کمال اُسی سے حاصل کرتے ہیں محبوب ازلی کا وصل بغیر اُس کے ناممکن ہے

اقتدائے قولِ او در جانِ ماست | ہر چہ زو ثابت شود ایمانِ ماست

اُس کے ہر ارشاد کی پیروی ہماری فطرت میں ہے جو بھی اس کا فرمان ہے اُس پر ہمارا پورا ایمان ہے

از ملائک و از خبرہائے معاد | ہر چہ گفت آں مرسلِ ربُّ العباد

فرشتوں کے متعلق اور آخرت کے حالات کے متعلق، جو کچھ اُس رب العباد کے پیغمبر نے فرمایا

آں ہمہ از حضرتِ احدیت است | منکرِ آں مستحقِ لعنت است

وہ سب خدائے واحد کی طرف سے ہے اور، اُس کا منکر لعنت کا مستحق ہے

معجزات اُو ہمہ حق اندر است | مُنکرِ آں موردِ لعنِ خدا است

اس کے معجزے سب کے سب سچے اور درست ہیں۔ اُن کا منکر خدا کی لعنت کا مورد ہے

معجزاتِ انبیائے سابقین | آنچہ در قرآں بیانش بالیقیں

پہلے سب نبیوں کے معجزے جن کا ذکر صاف اور واضح طور پر قرآن میں ہے

بر ہمہ از جان و دل ایماں ماست | ہر کہ انکارے کند از شقیاست

ان سب پر دل و جان ہمارا ایمان ہے جو انکار کرتا ہے وہ بدبختوں میں سے ہے

یک قدم دوری ازاں نوشن کتاب | نزدِ ما کفر است و خسران و تباب

اس نورانی کتاب سے ایک قدم بھی دُور رہنا ہمارے نزدیک کفر و زیاں اور ہلاکت ہے

لیک دونان را بمغزش راہ نیست | ہر دلے از سرِّ آں آگاہ نیست

لیکن ذلیل لوگوں کو قرآن کی حقیقت کی خبر نہیں ہر ایک دل اُس کے بھیدوں سے واقف نہیں ہے

تا نباشد طالبے پاک اندروں | تا نجوشد عشقِ یارِ بے چگوں!

جب تک طالب حق پاک باطن نہیں ہوتا اور جب تک اُس یارِ بے مثال کا عشق اُس کے دل میں جوش نہیں مارتا

رازِ قرآں را کجا فہمد کسے | بہرِ نورے نورمے باید بسے!

تب تک کوئی قرآنی اسرار کو کیونکر سمجھ سکتا ہے نور کے سمجھنے کے لیے بہت سا نور باطن ہونا چاہیئے

ایں نہ من قرآں ہمیں فرمودہ است | اندرو شرطِ تطہر بودہ است

یہ میری بات نہیں بلکہ قرآن نے بھی یہی فرمایا ہے کہ قرآن کو سمجھنے کے لیے پاک ہونے کی شرط ہے

گر بقرآں ہر کسے را راہ بود | پس چرا شرطِ تطہر را فزود

اگر ہر شخص قرآن کو (خود ہی) سمجھ سکتا۔ تو خدا نے تطہر کی شرط کیوں زاید لگائی

نُور را داند کسے کو نُور شد | واز حجابِ سرکشی ہا دُور شد

نُور کو وہی شخص سمجھتا ہے جو خود نور ہو گیا ہو۔ اور سرکشی کے حجابوں سے دُور ہو گیا ہو

ایں ہمہ کوراں کہ تکفیرم کنند | بیگماں از نُورِ قرآں غافل اند

یہ سب اندھے جو میری تکفیر کر رہے ہیں۔ یقیناً قرآن کے نُور سے بے خبر ہیں

بے خبر از رازہائے ایں کلام! | ہرزہ گویاں ناقصان و ناتمام

اور اس کلام کے اسرار سے ناواقف ہیں۔ بیہودہ گو۔ ناقص اور خام ہیں

در کفِ شاں استخوانے بیش نیست | در سرِ شاں غیرِ نُور اندیش نیست

اُن کے ہاتھ میں ہڈی سے بڑھ کر کچھ نہیں اور اُن کے سر میں نور اندیش عقل نہیں ہے

مُردہ اند و فہمِ شاں مُردار ہم | بے نصیب از عشق و از دلدار ہم

وہ خود مردہ ہیں اور اُن کا فہم بھی مردار ہے وہ عشق اور معشوق دونوں سے محروم ہیں

الغرض فرقاں مدارِ دینِ ماست | اُو انیسِ خاطرِ غمگینِ ماست

الغرض قرآن ہمارے دین کی بنیاد ہے وہ ہمارے غمگین دل کو تسلی دینے والا ہے

نورِ فرقاں مے کشد سوئے خُدا | مے تواں دیدن ازو رُوئے خدا

فرقان کا نور خدا کی طرف کھینچتا ہے۔ اس سے خدا کا چہرہ دیکھ سکتے ہیں

ما چہ سال بندیم زاں دلبر نظر! | ہمچو رُوئے او کجا رُوئے دگر!

ہم اس معشوق سے اپنی آنکھیں کیونکر بند کر سکتے ہیں۔ اس کے چہرہ جیسا خوبصورت اور کوئی چہرہ کہاں ہے

رُوئے من از نورِ رُوئے او بتافت | یافت از فیضش دلِ من ہر چہ یافت

میرا منہ اس کے منہ کے نور کی وجہ سے چمک اٹھا میرے دل نے جو کچھ بھی پایا اسی کے فیض سے پایا

چوں ندوزم چشم کس نداند آں جمال	جانِ من قربانِ آں شمس الکمال

جس قدر میری آنکھیں اس کے حسن کو جانتی ہیں کوئی نہیں جانتا میری جان کمالات کے اس سورج پر قربان ہے

ہمچنیں عشقم بروئے مصطفےٰ	دل پرد چوں مرغ سوئے مصطفےٰ

ایسا ہی عشق مجھے مصطفےٰ کی ذات سے ہے میرا دل ایک پرندہ کی طرح مصطفےٰ کی طرف اڑ کر جاتا ہے

تا مرا دادند از حسنش خبر	شد دلم از عشق او زیر و زبر

جب سے مجھے اس کے حسن کی خبر دی گئی ہے میرا دل اس کے عشق میں بے قرار رہتا ہے

منکرم بینم رخِ آں دلبرے	جاں فشانم گر دہد دل دیگرے

میں اس دلبر کا چہرہ دیکھ رہا ہوں۔ اگر کوئی اسے دل دے تو میں اس کے مقابلہ پر جان نثار کر دوں

ساقیِ من بست آں جاں پرورے	ہر زماں مستم کند از ساغرے

وہی روح پرور شخص تو میرا ساقی ہے جو ہمیشہ جامِ شراب سے مجھے سرشار رکھتا ہے

محو روئے او شدہ است ایں روئے من	بوئے او آید ز بام و کوئے من

یہ میرا چہرہ اس کے چہرہ میں محو اور گم ہو گیا اور میرے مکان اور کوچہ سے اسی کی خوشبو آ رہی ہے

بسکہ من در عشقِ او مستم نہاں	من ہمانم۔ من ہمانم۔ من ہماں

از بسکہ میں اس کے عشق میں غایب ہوں۔ میں وہی ہوں۔ میں وہی ہوں۔ میں وہی ہوں

جانِ من از جانِ او یابد غذا	از گریبانم عیاں شد آں ذکا

میری روح اس کی روح سے غذا حاصل کرتی ہے اور میرے گریباں سے وہی سورج نکل آیا ہے

احمد اندر جانِ احمد شد پدید	اسم من گردید آں اسم وحید

احمد کی جان کے اندر احمد ظاہر ہو گیا اس لیے میرا وہی نام ہو گیا جو اس لاثانی انسان کا نام ہے

فارغ افتادم بدوراز عزّ و جاہ | دل ز کف دامن ز فرق افتادہ کلاہ

اس کے عشق میں میں عزت و جاہ سے مستغنی ہو گیا۔ دل ہاتھ سے جاتا رہا اور سر سے ٹوپی گر پڑی

بر من ایں بیناں کہ من زاں آستاں | تا فتم سرایں چہ کذب فاحشاں

مجھ پر یہ افترا کریں اس درگاہ سے روگرداں ہوں۔ فاسق لوگوں کا یہ کتنا بڑا جھوٹ ہے

سر تپانیدزاں حرم من چوں منے | لعنتِ حق بر گمانِ دشمنے!

کیا میرے جیسا شخص اپنے اس چاند سے منہ پھیر سکتا ہے؟ دشمن کے اس خیال پر خدا کی لعنت ہو

آں منم کاندر رہِ آں سرورے | در میانِ خاک و خوں بینی سرے

میں تو وہ ہوں کہ اس سردار کی راہ میں تو میرا سر خاک اور خون میں تھڑا ہوا دیکھے گا

تیغ گر بارد بکوئے آں نگار | آں منم کاوّل کند جاں را نثار

اگر اس محبوب کی گلی میں تلوار چلے تو میں وہ پہلا شخص ہوں گا جو اپنی جان قربان کرے گا

گر ہمیں کفر است نزدِ کیں ورے | خوش نصیبے آں کہ چوں من کافرے

اگر دشمن کے نزدیک یہی کفر ہے تو وہ بڑا خوش نصیب ہے کہ میری طرح کا کافر ہے

کافرم گفتند و دجّال و لعیں | من ندانم ایں چہ ایماں ست و دیں

ان لوگوں نے مجھے کافر دجال اور لعنتی کہا۔ میں نہیں جانتا کہ یہ کونسا دین و ایمان ہے

ایں طبیعتہائے شاں چوں سنگہاست | در برشاں گر دلے بودے کجاست

ان کی یہ طبیعتیں پتھر کی طرح سخت ہیں۔ ان کے پہلو میں اگر دل ہے۔ تو دکھاؤ وہ کہاں ہے

کارِ ایشاں ہر زمانے افترا ست | یارِ ایشاں ہر دمے حرص و ہواست

ان لوگوں کا کام ہر وقت افترا پردازی ہے اور حرص و ہوا ہر دم ان کا رفیق ہے

دل پراز خبث است باطن پُر ز شر | صحتِ نیت از ایشاں دُور تر

اُن کے دل خباثتوں سے پُر ہیں اور اُن کے باطن شرارتوں سے نیک نیتی اُن سے بہت دور ہے

صحتِ نیت چو باشد در دلے | بر گلِ صدق او فتد چوں بُلبُلے

جب دل میں نیک نیتی ہوتی ہے تو وہ صدق کے پھول پر بلبل کی طرح گرتا ہے

بر شرارت ہا نے بندد میاں | ترسد از دانائے اسرار نہاں

اور شرارتوں پر کمر نہیں باندھتا۔ وہ پوشیدہ بھیدوں کے جاننے والے سے ڈرتا ہے

لیکن ایں بے باکی و ترکِ حیا | افترا بر افترا بر افترا

لیکن یہ بے باکی اور بے شرمی اور افترا پر افترا

ایں نہ کارِ مومنان و اتقیاست | ایں نہ خوئے بندگانِ باصفاست

یہ ایمانداروں اور پرہیزگاروں کا کام نہیں ہے۔ نہ یہ پاک دل بزرگوں کی خصلت ہے

ہر کہ او ہر دم پرستارِ ہوا | من چساں دانم کہ ترسد از خدا

وہ جو ہر وقت اپنی خواہشوں کا غلام ہے میں کیونکر جانوں کہ وہ خدا سے ڈرتا ہے

خویشتن را نیک اندیشیدہ اند | ہائے ایں مردم چہ بد فہمیدہ اند

انھوں نے اپنے تئیں نیک خیال کر رکھا ہے افسوس ان لوگوں نے کیسا غلط سمجھا ہے

اتباعِ نفس اعراض از خدا | بس ہمیں باشد نشانِ اشقیا

(۱) نفس کی پیروی اور خدا سے روگردانی بس یہی بدبختوں کی نشانی ہے

ہر کہ را ایماں خبث در جانش بود | کافرم گر بوئے ایمانش بود

جس کے دل میں اس طرح کی گندگی ہے اگر اس میں ایمان کی بو بھی ہو تو پھر میں کافر ہوں

من بریں مردم نخواندم آں کتاب | کاں منزہ او فتاد از ارتیاب

میں نے ان لوگوں کے سامنے وہ کتاب پڑھی جو ریب اور شک سے پاک ہے (یعنی قرآن)

ہم خبر ہا پیش کردم زاں رسول | کو صدوق از فضلِ حق پاک از فضول

نیز اُس رسول کی حدیثیں بھی پیش کیں جو فضلِ خدا سے استباز ہے اور لغو گوئی سے پاک ہے

لیک ایشاں را حق روئے نمود | پیش گرگے گرگ بیشے چہ سُود

لیکن ان کا ارادہ ہی حق قبول کرنے کا نہ تھا بھیڑیے کے آگے بھیڑیا رونا فضول ہے

کافرم گفتند و رو ہا تافتند | آں یقیں گویا دلم بشگافتند

انھوں نے مجھے کافر کہا اور منہ پھیر لیا اور یقین کر لیا گویا انھوں نے میرا دل چیر کر دیکھ لیا ہے

اندریناں خوب گفت آں شاہِ دیں | کافراں دل بر دل چوں مومنیں

انھی کے بارے میں اُس شاہِ دین نے کیا خوب فرمایا ہے کہ یہ لوگ دل کے کافر ہیں اور ظاہر کے مومن

بر زباں قرآں مگر در سینہ ہا | حُبِّ دُنیا ہست و کبر و کینہ ہا

ان کی زبان پر قرآن ہے مگر ان کے سینوں میں دُنیا کی محبت۔ تکبر اور عداوتیں ہیں

دانشِ دیں نیز لاف است و گزاف | پشت بنمودند وقتِ ہر مصاف

دین کی سمجھ کا دعویٰ بھی صرف لاف و گزاف ہے کیونکہ ہر جنگ کے وقت انھوں نے پیٹھ دکھائی ہے

جاہلانے غافل از تازی زباں | ہم ز قرآں ہم ز اسرارِ نہاں

یہ وہ جاہل ہیں جو عربی زبان سے ناواقف ہیں نیز قرآن اور اُس کے باریک بھیدوں سے بھی

کبر شاں چوں تا کمالِ خود رسید | غیرتِ حق پردہ ہائے شاں درید

جب ان کا تکبر اپنے کمال کو پہنچ گیا تو خدا کی غیرت نے ان کے پردے پھاڑ دیئے

دشمنانِ دیں چو شمرِ تا بکار | دیں چو زین العابدیں بیمار و زار

شمر تا بکار کی طرح یہ لوگ دین کے دشمن ہیں اور دین زین العابدین کی طرح بیمار اور کمزور ہے

تن ہمے لرزد دل و جاں نیز ہم | چوں خیانت اے ایشاں بنگرم

میرا بدن کانپ جاتا ہے اور جان و دل لرز جاتے ہیں جب میں اُن کی خیانتیں دیکھتا ہوں

مکر ہا بسیار کردند و کنند | تا نظامِ کارِ ما برہم زنند

انھوں نے بہت مکر کیے اور اب بھی کر رہے ہیں تاکہ ہمارے کام کے نظام کو درہم برہم کر دیں

لیکن آں امر کہ ہست از آسماں | چند زوال آید برد از حاسداں

لیکن جو امر کہ ہست آسمان کی طرف سے ہے اُس پر حاسدوں کے حسد سے کیونکر زوال آسکتا ہے

من چہ چیرم چنگ شاں را آں خداست | کو دو دستش ایں یمامہ را بناست

میں کیا چیر ہوں اُن کی لڑائی تو اس خدا کے ساتھ ہے جس کے دونوں ہاتھوں سے یہ باغ اور یہ محل تیار ہوا ہے

ہر کہ آویزد بکارِ بارِ حق! | او ستادہ از پئے پیکارِ حق!

جو شخص خدائی کارو بار میں دخل انداز ہوتا ہے وہ دراصل خدا سے جنگ کرنے کھڑا ہوتا ہے

فانی ایم و تیرِ ما تیرِ حق است | صید ما در اصل نخچیرِ حق است

ہم تو فانی لوگ ہیں اور ہمارا تیر خدا کا تیر ہے اور ہمارا شکار دراصل خدا کا شکار ہے

صادق او را در پناہِ آں یگاں! | دستِ حق در آستینِ اُو نہاں

صادق تو اس یکتا کی پناہ میں ہوتا ہے اور خدا کا ہاتھ اُس کی آستین میں چھپا ہوا ہوتا ہے

ہر کہ پا دستِ خدا پیچد ز کیں | بیخِ خود کند چو شیطانِ لعیں

جو شخص کینہ کی وجہ سے خدا کے ساتھ لڑتا ہے وہ شیطانِ لعین کی طرح اپنی ہی جڑ اکھیڑتا ہے

اے بسا نفسے کہ ہمچو بلعم است | کارِ او از دستِ موسیٰ برخاست

بہت سے لوگ بلعم کی طرح ہیں جن کا کام موسیٰ کے ہاتھوں نمس ہو جاتا ہے

آمدم بروقت چوں ابرِ بہار | با من آمد صد نشانِ لطفِ یار

میں ابرِ بہار کی طرح وقت پر آیا ہوں اور میرے ساتھ خدا کی مہربانیوں کے سینکڑوں نشانات ہیں

آسماں از بہرِ من بارد نشاں | ہم زمیں الوقت گوید ہر زماں

آسمان میرے لیے نشان برساتا ہے اور زمین بھی ہر دم یہی کہتی ہے کہ وقت یہی ہے

ایں دو شاہد بہرِ من استادہ اند | باز در من ناقصاں افتادہ اند

میری تائید میں یہ دو گواہ کھڑے ہیں پھر بھی یہ بیوقوف میرے پیچھے پڑے ہوئے ہیں

بائے ایں مردم عجب کور دل اند | صد نشاں بینند و غافل بگذرند

ہائے افسوس یہ لوگ عجب طرح کے اندھے اور بہرے ہیں سینکڑوں نشان دیکھتے ہیں پھر بھی غافل گذر جاتے ہیں

ایں چنیں اینہا چرا بالا پرند | یا گرنہاں ذاتِ ہیچوں منکرند

یہ اس قدر کیوں اونچے اڑتے ہیں (یعنی اتنے متکبر کیوں ہیں) شاید اس لیے کہ ذات کے منکر ہیں

او چو بر کس مہربانی مے کند | از زمینی آسمانی مے کند

وہ خدا تو جب کسی پر مہربانی کرتا ہے تو اسے زمینی سے آسمانی بنا دیتا ہے

عرش بخشد فضل و لطف و جود | ہر دمے را پیش آید در سجود

اپنے فضل لطف اور کرم سے وہ عرش بخشتا ہے سورج اور چاند کو اس کے سامنے سجدہ میں گرتا ہے

من نہ از خود دعوتے کردہ ام | امرِ حق شد اقتدائے کردہ ام

میں نے اپنے پاس سے یہ دعوٰی نہیں کیا۔ بلکہ خدا کے حکم کی پیروی کی ہے

کارِ حق است ایں نہ از کرِ بشر | دشمنِ ایں دشمنِ آں داد گر

یہ خدا کا کام ہے نہ کہ انسان کا کر اس کا دشمن اُس عادل خدا کا دشمن ہے

آں خدا کایں عاجزے را چیدہ است | رحمتش در کوئے ما بارید ہ است

وہ خدا جس نے اس عاجز کو منتخب کیا ہے اس کی رحمت ہماری گلی میں برسی ہے

مردم و جاناں پس از مردن رسید | گم شدم آخر رخے آمد پدید

جب میں مرگیا (مرنے کے بعد میرا محبوب آگیا جب میں فنا ہوگیا تو اُس کا چہرہ مجھ پر ظاہر ہوگیا

سیلِ عشق دلبرے پُر زور بود | غالب آمد خشت ما را در ربود

دلبر کے عشق کی رَو زوروں پر تھی۔ وہ غالب آگئی اور ہمارا سب سامان بہا کر لے گئی

من ندارم مایۂ کردار ہا! | عشق جوشید و ازو شد کار ہا

میرے پاس اعمال کا ذخیرہ نہیں بلکہ عشق جوش میں آیا اور اُس سے یہ سب کام ہو گئے

بہر من شد نیستی طورِ خدا | چوں خودی رفت آمد آں نورِ خدا

میرے لیے نیستی ہی خدا کا طور بن گئی جب خودی جاتی رہی تو خدا کا نور آگیا

روبدو کردم کہ آنروئے اوست | ہر دلِ فرخندہ مائل سوئے اوست

میں نے اسی کی طرف اپنا رُخ پھیر لیا کیونکہ دیکھنے کے لائق وہی چہرہ ہے اور ہر مبارک دل اُسی کی طرف مائل ہے

در دو عالم مثلِ اوروئے کجاست | جز سرِ کویش دگر کوئے کجاست

دونوں جہان میں اس کی طرح کا کوئی چہرہ کمال ہے اور اس کے کوچہ کے سوا اور کوئی کوچہ کہاں ہے؟

آں کساں کز کوچۂ او غافل اند | از سگانِ کوچہ ہا ہم کمتر اند

وہ لوگ جو اُس کے کوچہ سے غافل ہیں۔ وہ گلیوں کے کتوں سے بھی زیادہ ذلیل ہیں

خلق دعالم جملہ در شور و شر اند | عاشقانش در جہانِ دیگر اند

مخلوقات اور دُنیا سب شور و شر میں مبتلا ہے مگر اس کے عاشق اور ہی عالم میں ہیں

آں جہاں چوں ماند بر کس ناپدید | از جہاں آں کور و بد بختے چہ دید

وہ عالم جس شخص سے پوشیدہ رہا۔ اُس بدبخت نے دنیا میں آکر دیکھا ہی کیا؟

راہِ حق پرصادقاں آساں تر است | ہر کہ جوید دامنش آید بدست

صادقوں پر خدا کا راستہ پانا آسان ہے جو خدا کو ڈھونڈتا ہے تو اس کا دامن اس کے ہاتھ میں آجاتا ہے

ہر کہ جوید صلش از صدق و صفا | رہ دہندش سوئے آں رب السما

جو بھی صدق و صفا کے ساتھ اُس کا وصل چاہتا ہے اُس کے لیے آسمانوں کا خدا وصل کا راستہ کھول دیتا ہے

صادقاں را مے شناسد چشمِ یار | کید و مکر اینجا نمے آید بکار

یار کی نظر سچوں کو پہچان لیتی ہے۔ مکر اور چالاکی یہاں کام نہیں دیتی

صدق مے باید برائے وصلِ دوست | ہر کہ بے صدقش بجوید حق اوست

دوست کے وصل کے لیے صدق درکار ہے جو بغیر صدق کے اُسے ڈھونڈتا ہے وہ بیوقوف ہے

صدق ورزے در جنابِ کبریا | آخرش مے یابد از یمنِ وفا

خدا کے حضور صدق کو اختیار کرنے والا آخر کار اپنی وفا کی برکت سے اُسے پالیتا ہے

صد دلے مسدود بگشاید بہ صدق | یار رفتہ باز مے آید بہ صدق

سینکڑوں بند دل صدق کی وجہ سے کھل جاتے ہیں کھویا ہوا دوست صدق کی وجہ سے واپس آجاتا ہے

صدق و رزاں را ایمں باشد نشاں | کز پئے جاناں بکف دارند جاں

سچوں کی یہی علامت ہے کہ محبوب کی خاطر ان کی جان ہتھیلی پر ہوتی ہے

| دوختہ در صورتِ دلبر نظر | واز ثنا و سبِّ مردم بے خبر |

دلبر کی صورت پر ان کی نظر لگی ہوتی ہے اور لوگوں کی تعریف اور مذمت سے وہ بے خبر ہوتے ہیں

| کارِ عقبے با عملہا بستہ اند | رستہ آں دلہا کہ برشش خستہ اند |

آخرت کے لیے ان کے سب عمل ہیں وہ دل نجات یافتہ ہیں جو خدا کے بے زخمی اور شکستہ ہیں

| از سخنہا کے شود ایں کار و بار | صدق مے باید کہ تا آید بکار |

باتیں بنانے سے یہ کام نہیں چلتا کامیابی کے لیے وفاداری درکار ہے

| علم را عالم بتے دارد براہ | بت پرستی ہا کند شام و پگاہ |

عالموں نے اپنے علم کو بت بنایا ہوا ہے اور وہ صبح شام بت پرستی میں مشغول ہیں

| گر بعلمِ خشک کار دیں بُدے | ہر لئیمے راز دار دیں بُدے |

اگر خشک علم پر ہی دین کا مدار ہوتا تو ہر نالائق انسان دین کا محرم راز ہوتا

| یار ما دارد بباطن ہا نظر | ہاں مشو نازاں تو ہا فخرِ دگر |

ہمارا یار تو باطن پر نظر رکھتا ہے تو اپنی کسی اور خوبی پر نازاں نہ ہو

| ہست آں عالی جناب بے پس بلند | بہرِ وصلش شورہا باید فگند |

وہ بارگاہ نہایت اونچی اور عالی شان ہے اس کے وصل کے لیے بہت آہ و زاری کرنی چاہیے

| زندگی در مردن و عجز و یکاست | ہر کہ افتاد ست او آخر نخاست |

زندگی مرنے اور انکسار اور گریہ و زاری میں ہے جو گر پڑا وہی آخر زندہ ہو کر اٹھے گا

| تا نہ کارِ صد کس ناتواں رسد | کے فغانش تا درِ جاناں رسد |

جب تک سو درد کا مارا جان لینے تک نہ پہنچے تب تک اس کی آہ و فریاد درِ جاناں تک نہیں پہنچتی

هر کہ ترک خود کند یابد خدا | چیست وصل از نفس خود گشتن جدا

جو خودی کو ترک کرتا ہے وہ خدا کو پا لیتا ہے وصل کیا چیز ہے اپنے نفس سے الگ ہو جانا

لیک ترکِ نفس کے آساں بود | مُردن از خود شدن یکساں بود

لیکن نفس کو مارنا آسان کام نہیں مرنا اور خودی کا چھوڑنا برابر ہے

تا نہ آں بادے وزو بر جانِ ما | می نہ ریاید ذرۂ امکانِ ما

جب تک ہماری جان پر وہ ہوا نہ چلے جو ہماری ہستی کے ذرہ تک کو اُڑا لے جائے

کے دریں گرد و غبارے ساختہ | مے تواں دید آں رُخِ آراستہ

تب تک اس مصنوعی گرد و غبار میں وہ حسین چہرہ کس طرح دیکھا جا سکتا ہے

تا نہ قربانِ خدائے خود شویم | تا نہ محوِ آشنائے خود شویم

جب تک ہم اپنے خدا پر قربان نہ ہو جائیں اور جب تک اپنے دوست کے اندر محو نہ ہو جائیں

تا نہ باشیم از وجودِ خود بروں | تا نہ گردد پُر ز مہرش اندروں

جب تک ہم اپنے وجود سے علیحدہ نہ ہو جائیں اور جب تک سینہ اس کی محبت سے بھر نہ جائے

تا نہ بر ما مرگ آید صد ہزار | کے حیاتے تازہ بینیم از نگار

جب تک ہم پر لاکھوں موتیں وارد نہ ہوں تب تک ہمیں اُس محبوب کی طرف سے نئی زندگی کب مل سکتی ہے

تا نہ ریزد دہر پر و بالے کہ ہست | مرغِ ایں رہ را پریدن مشکل است

جب تک اپنے اگلے بال و پر نہ جھاڑ ڈالے تب تک اس راہ کے پرندے کے لیے اُڑنا مشکل ہے

بد نصیبے آنکہ وقتش شد بباد | یار آزردہ دل اغیار شاد

بدقسمت ہے وہ شخص جس کا وقت برباد ہو گیا۔ یار ناراض ہو گیا اور دشمنوں کا دل خوش ہوا

از خردمنداں مرا انکار نیست | لیکن ایں رہ راہ وصل یار نیست

مجھے دانائوں کی عقلمندی سے انکار نہیں ہے مگر یہ یار کے وصل کا راستہ نہیں

تا نہ باشد عشق و سودا و جنوں | جلوہ ننماید نگار بے چگوں

جب تک عشق اور سودا اور جنون نہ ہو تب تک وہ بے مثال محبوب اپنا جلوہ نہیں دکھاتا

چوں نہاں است آں عزیز محترم | ہر کسے راہے گزید لاجرم

چونکہ وہ عزت والا محبوب پوشیدہ ہے تو ہر شخص کوئی نہ کوئی راستہ اس سے ملنے کے لیے اختیار کرتا ہے

آں رہے کو عاقلاں بگزیدہ اند | از تکلف روئے حق پوشیدہ اند

لیکن عقل والوں نے جو راستہ اختیار کیا ہے تو انہوں نے بے تکلف خدا کے چہرہ کو اور بھی چھپا دیا ہے

پردہ ہا بر پردہ ہا افراختہ | مطلبے نزدیک دور انداختہ

پہلے پردوں پر اور پردے ڈال دیئے مقصد نزدیک تھا مگر اسے اور دور کر دیا

ما کہ با دیدار او رو تافتیم | از رہ عشق و فنا یش یافتیم

ہم لوگ جنہوں نے اس کے دیدار سے اپنا چہرہ روگردان کیا ہے ہم نے تو اسے عشق اور فنا کے راستہ سے پایا ہے

ترک خود کردیم پیر آں خدا | از فنائے ما پدید آمد بقا

اس خدا کے لیے جب ہم نے اپنی خودی ترک کر دی تو ہماری فنا کے نتیجہ میں بقا ظاہر ہوگئی

اندریں رہ درد سر بسیار نیست | جاں بخواہد دادنش دشوار نیست

اس راستے میں زیادہ تکلیف اٹھانی نہیں پڑتی وہ صرف جان مانگتا ہے اور اس کا دینا مشکل نہیں ہے

گر نہ او خواندے مرا از فضل وجود | صد فضولی کردمے بے سود بود

اگر وہ خود اپنے فضل و کرم سے مجھے نہ بلاتا تو خواہ میں کتنی ہی کوششیں کرتا سب بے فائدہ ہوتیں

از نگاہے ایں گدارا شاہ کرد	قصّہ ہائے راہِ ما کوتاہ کرد

اُس نے ایک نظر سے اس فقیر کو بادشاہ بنا دیا اور ہمارے لیے راستہ کو مختصر کر دیا

راہِ خود بر من کشود آں دلستاں	دانمش زانساں کہ گل را باغباں

اس محبوب نے خود اپنا راستہ میرے لیے کھولا ہے یہ بات اس طرح جانتا ہوں جیسے باغبان پھول کو

ہر کہ در عہدم زمن ماند جدا	مے کند بر نفسِ خود جور و جفا

جو میرے زمانہ میں مجھ سے جدا رہتا ہے تو وہ خود اپنی جان پر ظلم کرتا ہے

پُر ز نورِ دلستاں شد سینہ ام	شد ز دستے صیقلِ آئینہ ام

محبوب کے نُور سے میرا سینہ بھر گیا میرے آئینہ کا صیقل اسی کے ہاتھ نے کیا

پیکرم شد پیکرِ یارِ ازل	کارِ من شد کارِ دلدارِ ازل

میرا وجود اُس یار ازلی کا وجود بن گیا اور میرا کام اُس دلدار قدیم کا کام ہوگیا

بسکہ جانم شد نہاں در یارِ من	بوئے یار آمد ازیں گلزارِ من

چونکہ میری جان میرے یار کے اندر مخفی ہوگئی اس لیے یار کی خوشبو میرے گلزار سے آنے لگی

نورِ حق داریم زیرِ چادرے	از گریبانم بر آمد دلبرے

ہماری چادر کے اندر خدا کا نور ہے۔ وہ دلبر میرے گریبان میں سے نکلا

صاحب	احمدِ آخر زماں نامِ من است

احمد آخر زماں میرا نام ہے اور میرا جام ہی دُنیا کے لیے، آخری جام ہے

	طالبِ راہِ خدا را مژدہ باد!

راہِ خدا کے طالب کو خوشخبری ہو کہ اُسے خدا نے کامیابی کا زمانہ دکھلایا

هر کہ را یارے نہاں شد از نظر | از خبر دارے ہمیں پرسد خبر

جس کسی کا دوست اس کی نظر سے غایب ہو جاتا ہے تو وہ کسی واقف سے اس کی خبر پوچھتا ہے

هر کہ را جویانِ نگارے مے بود | کے بیک جایش قرارے مے بود

اور جو کسی معشوق کا طلب گار ہوتا ہے تو اسے ایک ہی جگہ پر کب چین آتا ہے

مے دود ہر سو ہمے دیوانہ وار | تا مگر آید نظر آں روئے یار

وہ ہر طرف دیوانہ وار دوڑتا ہے تاکہ شاید یار کا چہرہ کہیں نظر آ جائے

هر کہ را عشقِ دلبرے در جانِ اوست | دل بدر شد او فتد از ہجرِ دوست

جس کی جان میں دلبر کا عشق سما گیا ہے تو دوست کے فراق میں اس کا دل ہاتھ سے نکل نکل جاتا ہے

عاشقاں را صبر و آرامے کجا | تو بہ از روئے دلارامے کجا

عاشقوں کے لیے صبر اور آرام کہاں! اور معشوق کے چہرے سے روگردانی کہاں؟

هر کرا عشقِ رُخِ یارے بود | روز و شب با آں رخش کارے بود

جسے دوست کے منہ سے محبت ہوتی ہے اسے تو دن رات اس کے چہرہ کا ہی خیال رہتا ہے

گر قضش گر اتفاقے او فتد | در تن و جانش فراقے او فتد

اگر اتفاقاً اس سے جدائی ہو جائے تو اس کے جان و تن میں جدائی ہو جاتی ہے

یک زمانے زندگی بے روئے یار | مے کند بر وے پریشاں روزگار

یار کے بغیر اس کی زندگی کا ایک لمحہ بھی اس پر زندگانی کو تلخ کر دیتا ہے

باز چوں بیند جمال و روئے او! | مے دود چوں بحر اسے سوئے او

پھر جب وہ اس کا حسن اور اس کا چہرہ دیکھتا ہے تو بے حواسوں کی طرح اس کی طرف دوڑتا ہے

مے زند دردامنش دستار خوں | کز فراقت شد دلم اے یار خوں

اور یہ کہہ کر دیوانہ وار اس کے دامن کو پکڑ لیتا ہے کہ اے دوست میرا دل تیری جدائی میں خون ہو گیا

ایں چنیں صدق ار بود اندر دلے | گل بجوید جائے ہمچوں بلبلے

اگر ایسا صدق کسی کے دل میں ہو تو وہ بلبل کی طرح پھول کو اپنا ٹھکانا بنا لیتا ہے۔

گر تو افتی با دو صد درد و نفیر | کس ہمے خیزد کہ گردد دستگیر

اگر تو دو سو چیخوں اور آہوں کے ساتھ گر پڑے تو پھر ضرور کوئی مدد کے لیے کھڑا ہو جاتا ہے

تا فتن رو از خورِ تاباں کہ من | خود برآرم روشنی از خویشتن

یہ خیال کر کے، روشن سورج سے منہ پھیر لینا کہ میں اپنے اندر سے آپ ہی روشنی پیدا کر لوں گا

ایں ہمیں استارہ نامرادی بود | بیخ شقوت نخوت و خامی بود

یہی تو نامرادی کے آثار ہوا کرتے ہیں۔ بدبختی کی جڑ تکبر اور خامی ہے

عالمے را کور کرد ستِ ایں خیال | سرنگوں افگند در چاہِ ضلال

اس خیال نے ایک جہان کو اندھا کر رکھا ہے اور اسے گمراہی کے کنوئیں میں سر کے بل ڈال دیا ہے

سوئے آبے تشنہ را باید شتافت | ہر کہ جست از صدقِ دل آخر بیافت

پیاسے کو پانی کی طرف دوڑنا چاہیئے جس نے صدقِ دل سے تلاش کی اس نے آخر کار مقصود کو پا لیا

آں خردمندے کہ جوید کوئے یار | آبرو ریزد ز بہرِ روئے یار

وہ آدمی عقلمند ہے جو یار کی گلی ڈھونڈتا ہے اور روئے یار کی خاطر اپنی عزت ڈبوتا ہے

خاک گردد تا ہوا بربایدش | گم شود تا کس رہے بنمایدش

وہ خاک بن جاتا ہے کہ ہوا اسے لے اڑے اور فنا ہو جاتا ہے تاکہ کوئی اسے راستہ دکھائے

بے عنایاتِ خدا کار است خام | پختہ داند ایں سخن را والسّلام

خدا کی مہربانی کے بغیر کام ادھورا رہتا ہے عقلمند ہی اس بات کو جانتا ہے۔ والسلام

(سراج منیر، آخری صفحات
مطبوعہ ۱۸۹۷ء)

سخن نزدم مراں از شہریارے | کہ ہستم بر درے اُمیدوارے

میرے سامنے کسی بادشاہ کا ذکر نہ کر کیونکہ میں تو ایک اور دروازہ پر امیدوار پڑا ہوں

خداوندیکہ جاں بخش جہان ست | بدیع و خالق و پروردگارے

وہ خدا جو دنیا کو زندگی بخشنے والا ہے اور بدیع اور خالق اور پروردگار ہے

کریم و قادر و مشکل کشائے | رحیم و محسن و حاجت برارے

کریم و قادر ہے اور مشکل کشا ہے رحیم ہے۔ محسن ہے اور حاجت روا ہے

فتادم بر درش زیرا کہ گویند | برآید در جہاں کارے ز کارے

میں اُس کے دروازہ پر پڑا ہوں کیونکہ مثل مشہور ہے کہ دنیا میں ایک کام میں سے دوسرا کام نکل آتا ہے

چو آں یار وفادار آید م یاد | فراموشم شود ہر خویش و یارے

جب وہ یار وفادار مجھے یاد آتا ہے تو ہر رشتہ دار اور دوست مجھے بھول جاتا ہے

بغیر او جہاں بندم دلِ خویش | کجا بے رویش نے آید قرارے

میں اُسے چھوڑ کر کسی اور سے کس طرح دل لگاؤں کہ بغیر اُس کے مجھے چین نہیں آتا

دلم در سلسلۂ ریشم مجو بند | کہ بستیمش بدامانِ نگارے

دل کہ میرے نرمی سینے میں نہ ڈھونڈ کہ میں نے اُسے ایک محبوب کے دامن سے باندھ دیا ہے

دلِ من دلبرے را تخت گاہے | سرِ من درہ یارے نثارے

میرا دل دلبر کا تخت ہے اور میرا سر یار کی راہ میں قربان ہے

چہ گویم فضلِ او بر من چگون ست | کہ فضلِ اوست ناپیدا کنارے

میں کیا بتاؤں کہ مجھ پر اُس کا فضل کس طرح کا ہے کیونکہ اُس کا فضل تو ایک ناپیدا کنار سمندر ہے

عنایتہائے او را چوں شمارم | کہ لطفِ اوست بیروں از شمارے

میں اُس کی مہربانیوں کو کیونکر گنوں کہ اُس کی مہربانیاں تو حدِ شمار سے باہر ہیں

مرا کارے نیست با آں دلستانے | ندارد کس خبر زاں کاروبارے

مجھے اُس دلبر سے ایسا تعلق ہے کہ کسی کو بھی اُس معاملہ کی خبر نہیں

بنالم بر درش زاں سال کہ نالد | بوقتِ وضعِ حملے بار دارے

میں اُس کے دروازے پر اس طرح روتا ہوں جس طرح بچہ پیدا ہوتے وقت حاملہ عورت روتی ہے

مرا با عشقِ او وقتے ست معمور | چہ خوش وقتے چہ خرم روزگارے

میرا وقت اُسی کے عشق سے بھرپور ہے واہ کیا اچھا وقت ہے اور کیا عمدہ زمانہ ہے

ثنا ہا گویمت اے گلشنِ یار | کہ فارغ کردی از باغ و بہارے

اے یار کے گلزار تیرے کیا کہنے تو نے تو مجھے دُنیا کے باغ و بہار سے بے پروا کر دیا

(حجۃ اللہ صفحہ ۱ مطبوعہ ۱۸۹۷ء)

بردباری مے کند زور آورے | جاہلے فہمد کہ ہستم برترے

طاقتور تو اپنا حلم ظاہر کرتا ہے مگر جاہل یہ سمجھتا ہے کہ وہ غالب آگیا ہے

(حجۃ اللہ صفحہ ۱۲)

آنکس کہ تو رسد شہاں را چہ کند	با فرّ تو فرّ خسرواں را چہ کند

جس کی تجھ تک رسائی ہے وہ بادشاہوں کی کیا سمجھتا ہے اور تیری شان کے آگے وہ بادشاہوں کی کیا حقیقت سمجھتا ہے

چوں بندہ شناخت بداں عزّ و جلال	بعد از تو جلالِ دیگراں را چہ کند

جب بندہ نے تیرے عزّ و جلال کو پہچان لیا تو پھر تجھے چھوڑ کر وہ دوسروں کی شوکت کو کیا کرے

دیوانہ کنی ہر دو جہانش بخشی	دیوانۂ تو ہر دو جہاں را چہ کند

اپنا دیوانہ بنا کر تو اس سے دونوں جہان بخش دیتا ہے مگر تیرا دیوانہ دونوں جہانوں کو کیا کرے

(آخری شعر خواجہ محمد نقشبند کا ہے)

(اشتہار ۲۵ جون ۱۸۹۷ء)

اے خدا اے چشمۂ نور ہدیٰ	از کرم ہا چشم ایں اُمّت کشا!

اے خدا۔ اے ہدایت کی روشنی کے چشمے مہربانی فرما کر اس اُمّت کی آنکھیں کھول دے

یک نظر کن سوئے ایں رازِ نہاں	تا رہی اے طالب از وہم و گماں

اے طالب تو اس پوشیدہ راز[1] کی طرف ایک نظر کر تا کہ تو وہم اور شبہات سے نجات پائے

(راز حقیقت صدر ق مطبوعہ ۱۸۹۸ء)

سرآں کاریکہ گردد از دعائے محو جانانے	نہ شمشیرے کند آں کار نے بادے نہ بارانے

فنا فی اللہ شخص کی دعا سے جو کام ہو جاتا ہے وہ کام نہ تلوار کر سکتی ہے نہ ہوا نہ بارش

عجب دلدار و شوخے کز دست عاشقے باشد	بگرداند جہانے را ز بہر کار گر یانے

اس کے عاشق کے ہاتھ میں عجب تاثیر ہوتی ہے خدا اس ہونے والے کا کام بنانے کے لیے ایک دنیا کو پلٹ دیتا ہے

---

[1] پوشیدہ راز سے مطلب حضرت اقدس کا اپنی کتاب راز حقیقت سے ہے

اگر جنبد لبِ مردے زِ بہرِ آنکہ سرگرداں	خدا از آسماں پیدا کند ہر نوع سامانے

اگر اس آدمی کا ہونٹ ہلتا ہے جو خدا کا عاشق ہے تو اللہ تعالیٰ آسمان سے ہر طرح کا سامان پیدا کر دیتا ہے

زِ کارافتادہ ایں کارے آرد خدا زیں رہ	ہمیں باشد دلیلِ آنکہ ہست از خلق پنہانے

خدا اس طرح ایک ناکارہ انسان سے کام لیتا ہے اور یہی اُس مخفی ہستی کی موجودگی کا ثبوت ہے

مگر باید کہ باشد طالبِ او صابر و صادق	نہ بیند روزِ نومیدی وفادار از دل و جانے

مگر چاہیئے کہ اُس کا طالب صابر اور سچا ہو اُس کا دلی و وفادار نامرادی کا دن نہیں دیکھتا

(اخبار الحکم ۱۰/۱۳ اگست ۱۸۹۸ء)

صدق را ہر دم مدد آید زِ ربّ العالمیں	صادقاں را دستِ حق باشد نہاں در آستیں

سچائی کو ہر دم رب العالمین سے مدد پہنچتی ہے صادقوں کی آستین میں خدا کا ہاتھ پوشیدہ ہوتا ہے

ہر بلا کز آسماں بر صادقے آید فرود	آخرش گردد نشانے از برائے طالبیں

ہر وہ مصیبت جو آسمان سے کسی صادق پر آتی ہے وہ آخر میں طالبانِ حق کے لیے ایک نشان ہو جاتی ہے

(ضرورت الامام صفحہ ۳۲ طبوعہ ۱۸۹۸ء)

ذلّتِ صادق مجو اے بے تمیز	زیں رہے ہرگز نخواہی شد عزیز

اے بے تمیز صادق کی ذلت کے درپے نہ ہو کہ تو اس طریقہ سے ہرگز عزت نہیں پائے گا

(راز حقیقت صفحہ آخر)

بترسید از خدائے بے نیاز سخت قہارے	نہ پندارم کہ باشد ہیچ خدائے سے کو کارے

لوگو بے نیاز اور قہار خدا سے ڈرو میں نہیں سمجھتا کہ متقی اور نیک آدمی کبھی نقصان اٹھاتا ہو

مرا باور نمے آید کہ رسوا گرد آں مردے	کہ مے ترسد ازاں یارے کہ غفار ست و ستارے

مجھے یقین نہیں آتا کہ وہ شخص کبھی رسوا ہوا ہو جو اُس یار سے ڈرتا ہے جو غفار و ستار ہے

اگر آں چیز کیکہ بینم عریاں نیز دیدندے	ز دُنیا توبہ کردندے بچشم زار و خونبارے

اگر وہ چیز جسے میں دیکھ رہا ہوں دوست بھی دیکھتے ۔ تو حصول دنیا سے رو رو کر توبہ کرتے

خور تاباں سیہ گشت است از بد کاریٔ مردم	زمیں طاعون ہمے آرد پئے تخویف و انذارے

لوگوں کی بدکاریوں سے چمکتا ہوا سورج بھی سیاہ ہو گیا اور زمین بھی ڈرانے کی خاطر طاعون لا رہی ہے

بہ تشویش قیامت مانداں تشویش گر بینی	علاجے نیست بر دفع اں مگر حسن کردارے

یہ مصیبت قیامت کی مانند ہے اگر تو غور کرے اور اس کے دور کرنے کا علاج سوائے نیک اعمال کے اور کچھ نہیں

فتاید تا تلقن مرزناں جناب عزت و غیرت	کہ گر خواہد کشد در یک دمے چوں کرم بیکارے

اُس بارگاہ عالی سے سرکشی نہیں کرنی چاہیئے اگر وہ چاہے تو ایک دم میں مکھی کیڑے کی طرح تجھے فنا کر دے

من از ہمدردی ایں گفتم تو خود ہم فکر کن یارے	خرد ہر ایں رہ درست اے دانا و ہشیارے

میں نے ہمدردی سے یہ بات کہی ہے اب تو خود غور کر لے اے سمجھ دار انسان عقل اسی دن کے لیے ہوا کرتی ہے

(ایام الصلح صفحہ ۲۲ مطبوعہ ۱۸۹۹ء)

اے قدیر و خالقِ ارض و سما	اے رحیم و مہربان و رہنما!

اے قادر اور آسمان زمین کے پیدا کرنے والے! اے رحیم۔ مہربان اور رستہ دکھانے والے

ایکہ مے داری تو بر دلہا نظر | ایکہ از تو نیست چیزے مستتر

اے وہ جو کہ دلوں پر نظر رکھتا ہے اے وہ کہ تجھ سے کوئی چیز بھی چھپی ہوئی نہیں

گر تو مے بینی مرا پر فسق و شر | گر تو دیدستی کہ ہستم بد گہر

اگر تو مجھے نافرمانی اور شرارت سے بھرا ہوا دیکھتا ہے اور اگر تو نے دیکھ لیا ہے کہ میں بدذات ہوں

پارہ پارہ کن منِ بدکار را | شاد کن ایں زمرۂ اغیار را

تو مجھ بدکار کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈال اور میرے ان دشمنوں کے گروہ کو خوش کر دے

بر دلِ شاں ابرِ رحمت ہا ببار | ہر مرادِ شاں بفضلِ خود برآر

ان کے دلوں پر اپنی رحمت کا بادل برسا اور اپنے فضل سے ان کی ہر مراد پوری کر

آتش افشاں بر در و دیوارِ من | دشمنم باش و تبہ کن کارِ من

میرے در و دیوار پر آگ برسا میرا دشمن ہو جا اور میرا کاروبار تباہ کر دے

در مرا از بندگانت یافتی | قبلۂ من آستانت یافتی

لیکن اگر تو نے مجھے اپنا فرمانبردار پایا ہے اور اپنی بارگاہ کو میرا قبلہ مقصود پایا ہے

در دلِ من آں محبت دیدۂ | کز جہاں آں راز را پوشیدۂ

اور میرے دل میں وہ محبت دیکھی ہے جس کا بھید تو نے دنیا سے پوشیدہ رکھا ہے

با من از روئے محبت کار کن | اندکے افشائے آں اسرار کن

تو محبت کی رو سے مجھ سے پیش آ اور ان اسرار کو تھوڑا سا ظاہر کر دے

ایکہ آئی سوئے ہر جوئندۂ | واقفی از سوزِ ہر سوزندۂ

اے وہ کہ تو ہر تلاشی کے پاس آتا ہے اور ہر جلنے والے کے سوز سے واقف ہے

زاں تعلق ہا کہ با تو داشتم: زاں محبت ہا کہ در دل کاشتم

تو اس تعلق کے باعث جو میں تجھ سے رکھتا ہوں اور اس محبت کی وجہ سے جو میں نے اپنے دل میں بوئی ہے

خود بروں آ از پئے ابراء من اے تو کہف و ملجا و ماوائے من

تو آپ میری برئیت کے لیے باہر نکل۔ تو ہی میرا حصار اور جائے پناہ اور ٹھکانا ہے

آتشے کاندر دلم افروختی وز دمم آں غیر خود را سوختی

وہ آگ جو تو نے میرے دل میں روشن کی ہے اور اس کے شعلوں سے تو نے اپنے غیر کو جلا دیا ہے

ہم ازاں آتش رخِ من بر فروز ہم شبِ تارم مبدل کن بروز

اسی آگ سے میرے چہرہ کو بھی روشن کر دے اور میری اس اندھیری رات کو دن سے بدل دے

چشم بکشا ایں جہانِ کور را اے شدید البطش بنما زور را

اس اندھی دنیا کی آنکھیں کھول اور اے سخت گیر خدا تو اپنا زور دکھا

ز آسماں نورِ نشانِ خود نما یک گلے از بوستانِ خود نما

آسمان سے اپنے نشان کا نور ظاہر کر اور اپنے باغ میں سے ایک پھول دکھا

ایں جہاں لبریز از فسق و فساد غافلاں را نیست وقتِ موت یاد

میں اس جہان کو فسق و فجور سے پُر دیکھتا ہوں غافلوں کو موت کا وقت یاد نہیں رہا

از حقایق غافل و بیگانہ اند ہمچو طفلاں مائلِ افسانہ اند

وہ حقایق سے غافل اور ناواقف ہیں اور بچوں کی طرح کہانیوں کے شایق ہیں

سرد شد از ہا در رخِ دوست روئے دلہا نا فتہ از کوئے دوست

ان کے دل خدا کی محبت سے سرد ہیں ان دلوں کے رُخ خدا کی طرف سے پھر گئے ہیں

سیلاب جوش پر ہے اور رات سخت اندھیری۔ مہربانی فرما کر سمندج پڑھا دے

سیل و جوش است و شب تاریک و تار | از کرم ما آفتابے را برار

(حقیقت المہدی صفحہ ۱ مطبوعہ ۱۸۹۹ء)

مدتوں سے ہم زمین کو فساد سے بھرا ہوا دیکھتے ہیں بہتر یہی ہے آؤ ہم دعا مانگ کر صدق اور راستی طلب کریں

دیرگاہیست کہ بینیم زمیں پُر فساد | بر کریم دست دعا صدق و رہ دے طلبیم

(اشتہار ۴ اکتوبر ۱۸۹۹ء)

جس کے جان و دل اور باطن خدا کے حضور سے روشن کیے گئے ہیں اُس کی صحبت میں ایک لحہ گذارنا بھی کیمیا ہے

ہر کہ روشن شد دل و جان و دماغ از حضرتش | کیمیا باشد بسر بردن دمے در صحبتش

دنیا اندھیری رات اور زمانہ ابر سیاہ کی مانند ہے۔ دنیا کا بادی بھی تھوڑے ہی عرصہ کے لیے دنیا میں رہتا ہے

چیست دنیا چوں شب تاریک و زماں ابر سیاہ | آنکہ باشد پیشوا یک ساعتے در خدمتش

(الحکم ۱۶ جولائی ۱۹۰۰ء)

الہامی شعر

میری دعا آسمان تک پہنچ گئی ہے لیے اگر میں تجھے (قبولیت کی) امید دلاؤں تو تعجب نہ کر

بر مقام فلک شدہ یارب | گر امیدے دہم مدار عجب

(اربعین حصہ چہارم صفحہ ۱ مطبوعہ ۱۹۰۰ء)

الہامی شعر

سالِ دیگر کہ مے داند حساب | تا کجا رفت آنکہ با ما بود دیار

آئندہ سال کا حساب کون جانتا ہے جو دوست گذشتہ سال ہمارے ساتھ تھے وہ اب کدھر گئے؟

(سعدی کا شعر ہے) (الحکم ۱۷ مئی ۱۹۰۱ء)

الہامی مصرع

سلامت بر تو اے مردِ سلامت

اے سلامتی والے انسان تجھ پر سلامتی ہو

(الحکم ۱۰ جون ۱۹۰۱ء)

ترا با ہر کہ روئے آشنائیست | قرارِ کارت آخر بر جدائیست

تجھے جس کسی سے بھی دوستی کا تعلق ہے اُس کا انجام آخر جدائی ہے

ز فرقت بر دلے بارے نباشد | کہ با میرندہ اش کارے نباشد

اُس شخص کی جدائی سے دل کو صدمہ نہیں ہوتا جسے مرنے والے سے کوئی تعلق نہیں ہوتا

(اخبار الحکم جلد ۵ نمبر ۲۹ صفحہ ۹ مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۰۱ء)

غرقِ ورطۂ بحرِ محبت | نہ بر مہرش نظر باشد نہ بر کیں

بحرِ عشق کے بھنور میں غرق ہونے والے کو نہ اُس کی محبت پر نظر ہوتی ہے نہ غصہ پر

بگوشِ عاشق از لبہائے دلدار | چناں نغزیں عزیز آید کہ تحسیں

دلبر کے ہونٹوں سے عاشق کے کانوں میں ملامت بھی ایسی ہی پسندیدہ ہے جیسے کہ شاباش

چناں رویش خوش افتاد از سرِ عشق | کہ قرباں مے کند بروے دل و دیں

عشق کی وجہ سے محبوب کا چہرہ اتنا دلپسند ہوتا ہے کہ وہ اُس پر اپنا دل اور دین قربان کر ڈالتا ہے

شبِ روزش بہ دلبر کار باشد | دل و جانش شود آں یارِ شیریں

دن رات اُسے دلبر سے ہی کام رہتا ہے اور وہ پیارا دوست اس کا دل اور جان بن جاتا ہے

بسوزد ہر چہ غیرِ یار باشد | ہمیں ایں عشق را رسم است و آئیں

جو بھی یار کے سوا ہو عاشق سب کو جلا دیتا ہے۔ اس عشق کی یہی رسم ہے اور یہی طریقہ

خلق و عالم جملہ در شور و شر اند | عشق یاراں در مقامِ دیگر اند

مخلوقات اور دنیا سب شور و غوغا میں مبتلا ہیں۔ مگر عاشق ایک اور ہی مقام پر ہیں

اے دل اگر ہم عشق کے کوچہ کو طے نہ کریں۔ | گر دلا زیں کوچہ بیروں نگذریم | ہم سگانِ کوچہ ما بہتر اند

تو گلیوں کے کتے بھی ہم سے بہتر ہیں

(اخبار الحکم جلد ۵ نمبر ۳۸ صفحہ ۲

مورخہ ۱۷ اکتوبر ۱۹۰۱ء

گراں کفرم بدست آید بقرباں کنم صد دیں | خداوندا بیارانم بریں کفرے بریں آئیں

اگر مجھے یہ کفر مل جائے تو میں صد دین اس پر قربان کر دوں۔ الٰہی مجھے اسی کفر اور اسی طریقہ پر موت دے

گر مہرِ خویش بر کنم از روئے دلبرم	آں مہر بر کسا فگنم آں دل کجا برم

اگر میں اپنی محبت کو اپنے دلبر کی جانب سے ہٹالوں تو پھر اس محبت کو کس سے لگاؤں اور میں دل کو کہاں لے جاؤں

من آں نیم کہ چشم بہ بندم ز روئے دوست	ور بینم اینکہ تیر بیاید برابرم

میں وہ نہیں ہوں کہ دوست کے چہرہ کی طرف سے آنکھ بند کروں خواہ مجھے نظر آتا ہو کہ تیر سیدھا میری طرف آرہا ہے

(الحکم ۱۰ مئی ۱۹۰۲ء)

دلم مے بلرزد چو یاد آورم	مناجاتِ شوریدہ اندر حرم

میرا دل کانپنے لگتا ہے جب میں یاد کرتا ہوں ایک عاشق کی مناجات کو جو اس نے حرم میں کی تھی

(الحکم ۱۷ مئی ۱۹۰۲ء)

الہامی شعر

از پئے آسائش محمد احسن را	تارکِ روزگار مے بینم

میں اس کی خاطر محمد احسن کو روزگار کا تارک دیکھتا ہوں

(اخبار القادیان یکم ستمبر ۱۹۰۲ء)

چو آمد از خدا طاعوں بہ بیں از چشمِ اکرامش | تو خود ملعونی اے فاسق چرا ملعوں نمی نامش

جب طاعون خدا کی طرف سے آیا تو اسے عزت کی نظر سے دیکھ اے فاسق تو آپ ملعون ہے اس کا نام ملعون کیوں رکھتا ہے

زمانِ توبہ وقتِ صلاح و ترکِ خبث است ایں | کسے کو بر بدی چسپید نہ یابم نیک انجامش

یہ توبہ کا زمانہ اصلاح اور ترکِ گناہ کا وقت ہے اب بھی جو بدی سے چمٹا رہے مجھے اس کا انجام اچھا معلوم نہیں ہوتا

(دافع البلا صفحہ ۱ مطبوعہ ۱۹۰۲ء)

مائدۂ چیریست دیگر خشک ناں چیزے دگر | خوردنی ہر گز نباشد نانِ خشک اے بے ہنر

خوانِ نعمت اور چیز ہے خشک روٹی اور چیز ہے اے بے سمجھ سوکھی روٹی کھانے کے قابل نہیں ہوتی

دوستاں را مائدہ بہ ہند از مہر و کرم | پارہائے خشک ناں ہیگانگاں را نیز ہم

دوستوں کو فضل و کرم سے عمدہ نعمتیں ملتی ہیں۔ لیکن غیروں کو سوکھی روٹی کے ٹکڑے ہی ملتے ہیں

نیز ہم مشکِ گاں آں خشک ناں ملے فگنند | مائدہ از لطفہا پیشِ عزیزاں مے برند

اس خشک روٹی کو کتوں کے آگے بھی ڈالتے ہیں اور خوانِ نعمت کو لطف کے ساتھ عزیزوں کے سامنے لے جاتے ہیں

ترک کن ایں خشک ناں را ہوش کن فرزانہ باش | گر خردمندی پئے آں مائدہ دیوانہ باش

تو اس سوکھی روٹی کو چھوڑ۔ ہوش کر عقل کر۔ اگر عقلمند ہے تو خوانِ نعمت کا طلب گار بن

(دافع البلا صفحہ ۲۴ مطبوعہ ۱۹۰۲ء)

آسماں بارد نشاں الوقت میگوید زمیں | بار بغض و کینہ و انکار ایناں را ببیں

آسمان نشان برساتا ہے اور زمین الوقت کہتی ہے۔ اس پر بھی تو ان لوگوں کی عداوتوں کینوں اور انکار کو دیکھ!

اے ملامت گر خدا را بنگر یک نظر | چوں خطا خاموش ماند ے در چنیں وقتِ خطر

اے ملامت کرنے والے خدا کے لیے زمانہ کے حالات پر ایک نظر ڈال کیوں خدا ایسے خطرے کے وقت کیونکر خاموش رہتا

خستگانِ دیں مرا از آسماں طلبیدہ اند | آمدم وقتیکہ دلہا خوں ز غم گردیدہ اند

دین کے مصیبت زدوں نے مجھے آسمان سے بلایا ہے اور میں ایسے وقت پر آیا ہوں کہ دل غم کے مارے خون ہو چکے تھے

دعوئ ما را ز غیر صد نشانہا دادہ اند | مہر و مہ ہم از پئے تصدیق ما استادہ اند

ہمارے دعویٰ کو سینکڑوں نشانوں سے تقویت دی گئی چاند اور سورج بھی ہماری تصدیق کے لیے کھڑے ہو گئے

(تحفہ گولڑویہ صفحہ ۱۴ مطبوعہ ۱۹۰۲ء)

مہر و مہ مدے از خدا ہمے آید | کجاست اہلِ بصیرت کہ چشم بکشاید

مجھے ہر لحظہ خدا کی طرف سے مدد آرہی ہے اہل بصیرت کہاں ہیں۔ جو اُسے آنکھ کھول کر دیکھیں

(تحفۃ الندوۃ صفحہ ۱ مطبوعہ ۱۹۰۲ء)

اے پئے تحقیرِ من بستہ کمر | نیستت جز ہجوِ من کارِ دگر

اے وہ جو میری ذلت کے درپے ہے اور سوائے میری برائی کرنے کے تجھے اور کوئی کام نہیں

مے کشائی ہر دمے بر من زباں | چوں نترسی از خدائے راز داں

تو جو ہر وقت میرے برخلاف اپنی زبان کھولتا ہے خدائے غیب دان سے کیوں نہیں ڈرتا

از سرِ تقویٰ ہمے باید جدال | تا کجا دشنام ہا اے بد خصال

تقویٰ کو مدنظر رکھ کر جنگ کرنی چاہیئے اے بدخصال انسان کب تک گالیاں دیتا رہے گا

نیستی گرگِ بیابانی نہ مار | ترک کن ایں خوئے دارِ حق شرم دار

تو جنگل کا بھیڑیا نہیں ہے۔ نہ سانپ ہے۔ یہ عادت چھوڑ اور خدا سے شرم کر

اے عجب از سیرتے پُر غضب | از حقیقت بے خبر دُور از ادب

اے غصّہ ور انسان تیری سیرت سے تعجب آتا ہے کہ تو حقیقت سے بے خبر اور ادب سے دُور ہے

خیز و اوّل فہم خود را کن درست | نکتہ چیں را چشم مے باید نخست

اُٹھ اور سب سے پہلے اپنی سمجھ کو درست کر۔ نکتہ چیں انسان کی سب سے پہلے اپنی آنکھ ٹھیک ہونی چاہیئے

دل شود از بدزبانی ہا سیاہ | بدزباناں را درِ آنجا نیست راہ

بدزبانی سے دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ بدزبان لوگوں کی خدا کے حضور میں رسائی نہیں ہے

کم نشیں با زمرۂ مستہزئیں | تا بیابی حصّۂ از مُتّقیں

تمسخر کرنے والے لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھ۔ تاکہ تو ہدایت یافتوں میں شامل ہو

روز و شب بد گفتنم کارِ تو شد | لعنت و تحقیر کردارِ تو شد

دن رات تیرا کام مجھے بُرا کہنا ہے۔ لعنت اور تحقیر تیرا پیشہ ہو گیا ہے

لعنت اُں باشد کہ از رحمٰن بود | لعنتِ نااہل و دُوں آساں بود

لعنت تو وہ ہوتی ہے جو رحمان کی طرف سے ہو۔ نااہل اور رذیل انسان کی لعنت کوئی حقیقت نہیں رکھتی

گر سفیہے لعنتے بر ما کند | اُو نہ بر ما خویش را رُسوا کند

اگر کوئی احمق ہم پر لعنت کرے۔ وہ ہم پر نہیں پڑتی بلکہ وہ خود اپنے آپ کو بدنام کرتا ہے

ہر کہ مے دارد دلِ پرہیزگار | چوں عجب دارد ز کارِ کردگار

جس شخص کا دل پرہیزگار ہے۔ وہ خدا کے کام پر کیوں تعجب کرے

آنکہ از یک قطرہ انسانے کند | واز دو مشتِ تخم بُستانے کند

وہ خدا جو ایک قطرہ سے انسان کو پیدا کر دیتا ہے اور دو مٹھی بیجوں سے ایک باغ بنا دیتا ہے

چوں منے را گر مسیحائے کُند | یا گدائے را شہنشاہے کُند

اگر وہ مجھ جیسے کو مسیح بنا دیتا ہے یا ایک فقیر کو شہنشاہ کر دیتا ہے

نیست از فضل و عطائے او بعید | گر نہ باشد ہر کہ از انکار دید

تو اس کے فضل و کرم سے یہ بات بعید نہیں وہ اندھا ہے جس نے اس بات کو انکار کی نظر سے دیکھا

ہاں مشو نومید زاں عالی جناب | بندہ باش و ہر چہ می خواہی بیاب

خبردار تو اُس عالی بارگاہ سے ناامید نہ ہو۔ بندہ بن جا پھر جو تو چاہتا ہے لے لے

قادر است و خالق و رب مجید | ہر چہ خواہد می کند بر کس کہ دید

وہ قادر، خالق اور بزرگ رب ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے کس نے اس کی لاچاری دیکھی ہے

نطفہ را روئے درخشاں می دہد | سنگ را لعل بدخشاں می دہد

ایک قطرۂ منی سے چمکدار چہرہ بنا دیتا ہے اور پتھر سے لعل بدخشاں پیدا کر دیتا ہے

بر کسے چوں مہربانی می کند | از زمینی آسمانی می کند

جب کسی پر مہربانی کرتا ہے۔ تو اُسے زمینی سے آسمانی بنا دیتا ہے

ہمچنیں بر من عطائے کردہ است | فضلہا بے انتہائے کردہ است

اسی طرح مجھ پر بھی اس نے مہربانی فرمائی ہے اور بے انتہا فضل کیے ہیں

مظہر انوارِ اسمِ بے چوں شدم | در معارف از ہمہ افزوں شدم

میں خود اس لاثانی ذات کا مظہر بن گیا اور تحقیق و معارف میں سب سے بڑھ گیا

یارِ من بر من کرم دارد بسے | صد نشاں دارم اگر آید کسے

میرا خدا مجھ پر بے حد مہربانی رکھتا ہے میرے پاس سینکڑوں نشان ہیں اگر کوئی دیکھنے کو آئے

بشنو یدا اے مردگاں من زندہ ام | اے شبانِ تیرہ من تابندہ ام

اے مُردو۔ سُن لو کہ میں زندہ ہوں اے اندھیری راتو تم بھی سن لو کہ میں روشن ہوں

ایں دو چشمِ من کہ زیبِ ایں سرم | بنید آں یارے کہ یارِ دلبرم

میری یہ دونوں آنکھیں جو میرے سر کی رونق ہیں۔ اُس یار کو دیکھتی ہیں جو میرا دلبر ہے

ایں قدم تا عرشِ حق دارد گذر | ایں دو گوشم را رساند از حق خبر

اس میرے قدم کی میر خدا کے عرش تک پہنچتی ہے۔ اور میرے ان دونوں کانوں کو حق کی طرف سے خبریں ملتی ہیں

صد ہزاراں نعمتم بخشیدہ اند | ایں رخم از غیرِ حق پوشیدہ اند

مجھے لاکھوں نعمتیں بخشی گئی ہیں۔ اور میرے اس چہرہ کو غیروں سے چھپا دیا گیا ہے

مے دہم فرعونیاں را ہر زماں | چوں یدِ بیضائے موسیٰ صد نشاں

میں ہر وقت فرعونی صفت لوگوں کو ید بیضا جیسے سینکڑوں نشان دکھاتا ہوں

زیں نشانہا بدرگاں کور و کر اند | صد نشاں بینند و غافل بگذرند

بدفطرت لوگ ان نشانوں کی طرف سے اندھے اور بہرے ہیں سینکڑوں نشان دیکھ کر بھی پروا نہیں کرتے

دُور افتادم ز چشمانِ بشر | از مقامم کس نمے دارد خبر

میں لوگوں کی آنکھوں سے دُور ہوں۔ کسی کو میرے مقام کی خبر نہیں ہے

در من افتادند از نقصِ عقول | بخت برگردیدہ محروم از قبول

عقل کی کمی کی وجہ سے انہوں نے مجھ سے مقابلہ کیا اور بدقسمت ہو کر مجھے قبول کرنے سے محروم رہ گئے

کس ز رازِ جانِ من آگاہ نیست | عقلِ شاں را تا درِ ما راہ نیست

میرے باطن کے راز سے کوئی بھی واقف نہیں۔ اُن کی عقل کی ہمارے دروازہ تک رسائی نہیں

از سرِ حمق است جوش و جنگِ شاں | واز پئے اطفائے حق آہنگِ شاں

ان کا جوش اور لڑائی بیوقوفی کی وجہ سے ہے۔ اور خدا کے نور کا بجھانا ان کا مقصد ہے

اے مزوّر گر بیائی سوئے ما | واز وفا رخت افگنی در کوئے ما

اے زیرک خوردہ انسان! اگر تو ہماری طرف آئے اور ہمارے پاس وفادار ہو کر رہے

واز سرِ صدق و صداقت پروری | روزگارے در حضورِ ما بری

نیز سچا بن کر اور طلب حق کی نیت سے کچھ عرصہ ہمارے پاس رہے

عالمے بینی ز ربّانی نشاں | سوئے رحمان خلق و عالم را کشاں

تو تُو خدائی نشانات کا ایک عالم دیکھے گا جو دنیا کو خدا کی طرف کھینچنے کے لیے آتے ہیں

من نمے خواہم کہ آزارے دہم | بر سرِ ہر ماہ دینارے دہم

میں نہیں چاہتا کہ اس معاملہ میں تجھے کوئی تکلیف دوں بلکہ ہر مہینے ایک اشرفی تیرے اخراجات کے لیے دینے کو تیار ہوں

ہمچنیں یک سال مے باید قیام | از منِ ایں عہد است واز تو التزام

اسی طرح ایک سال تک میرے پاس رہنا چاہیئے میری طرف سے یہ عہد ہے اور تیری طرف سے پابندی ضروری ہے

گر گذشت ایں سال و عدم بے نشاں | ہر چہ مے گوئی ہمے گو بعد ازاں

اگر میرے وعدہ کا یہ سال بغیر کسی نشان کے گذر گیا تو تجھے جو کچھ کہنا ہے اس کے بعد کہیو

صالحاں را ایں طریق و سنت است | راہِ استنجال راہ و لعنت است

یہی نیکوں کا طریقہ اور اُن کی سنت ہے۔ جلد بازی کا رستہ لعنت کی راہ ہے

ہر کہ روشن شد دروں از حضرتش | کیمیا باشد دمے در صحبتش

جس شخص کا باطن خدا کی درگاہ سے روشن ہوگیا اس کی صحبت میں تو ایک لمحہ گذارنا بھی کیمیا ہے

ہر کہ او را ظلمتے گیرد براہ | دامنِ پاکاں است او را عذرخواہ

جس شخص کو ظلمت گھیر لیتی ہے۔ اس کے لیے تو پاک لوگوں کا دامن ہی شفیع ہے

آں خدا با یارِ خود یاری کند | با وفاداراں وفاداری کند

وہ خدا اپنے دوست کے ساتھ دوستی کرتا ہے اور وفاداروں کے ساتھ وفاداری کرتا ہے

ہر کہ عشقش در دل و جانش فتاد | ناگہاں جانے در ایمانش فتاد

جس کے جان اور دل میں اس کا عشق داخل ہو جاتا ہے تو یکدم اس کے ایمان میں جان پڑ جاتی ہے

عشقِ حق گردد عیاں بر روئے او | بوئے او آید ز بام و کوئے او

خدا کا عشق اس کے چہرہ سے ظاہر ہو جاتا ہے اور اس کی خوشبو اس کے مکان اور گلی سے آتی ہے

دیدِ او باشد بحکمِ دیدِ او | خود نشیند حق پئے تائیدِ او

اس کی زیارت خدا کے دیدار کا حکم رکھتی ہے اور خدا تعالیٰ آپ اس کی نصرت میں لگ جاتا ہے

بس نمایاں کارہا کاندر جہاں | مے نماید بہر اکرامش عیاں

بہت سے بڑے بڑے کام خدا تعالیٰ اس دنیا میں اس کی عزت کے لیے دکھاتا ہے

صد شعاعش مے دہد چوں آفتاب | تا مگر جانے بر آید از حجاب

آفتاب کی طرح سے روشنی کی سینکڑوں شعاعیں دیتا ہے تاکہ کوئی جان ظلمت کے حجابوں سے نجات پائے

ایں چنیں بر من کرما کردہ است | منکرم بر خود ستمہا کردہ است

خدا تعالیٰ نے مجھ پر ایسے کرم فرمائے ہیں۔ میرے منکروں نے خود اپنے آپ پر ظلم کر رکھا ہے

عِلمِ قرآں عِلمِ آں طیّب زباں	عِلمِ غیب از وحیِ خلّاقِ جہاں
قرآن کا علم۔ اس پاک زبان کا علم	اور الہام الٰہی سے غیب کا علم
ایں سہ علم چوں نشانہا دادہ اند	ہر سہ ہمچوں شاہداں استادہ اند
یہ تین علم مجھے نشانی کے طور پر دیئے گئے ہیں اور تینوں بطور گواہ میری تائید میں کھڑے ہیں	
آدمی زادے ندارد ہیچ فن	تا درآویزد دریں میداں بمن
کوئی انسان یہ طاقت نہیں رکھتا کہ اس میدان میں مجھ سے مقابلہ کرے	
حجّتِ رحماں بایشاں شد تمام	یادہ گوئی ماند در دستِ عوام
رحمان کی طرف سے اُن پر حجت پوری ہوگئی۔ نالائق لوگوں کے پاس صرف بیہودہ گوئی رہ گئی	
از کسوف و ترکِ آں نوریکہ بود	مہر و مہ ہم پیشِ آمد در سجود
کسوف اور خسوف کے موقع پر اپنے بے نور ہو جانے کی وجہ سے چاند اور سورج بھی میرے سامنے سجدے میں گر پڑے	
ایں نشاں بر آسماں رحماں نمود	بر زمیں ہم دستِ ہیبت ہا کشود
رحمان نے یہ نشان تو آسمان پر دکھایا۔ اور زمین پر بھی اپنا ہیبت ناک ہاتھ دکھایا	
ہست لطفِ یارِ من بر من اتم	او مرا شد من ہم از بہرش شدم
میرے یار کی مجھ پر کامل مہربانی ہے۔ وہ میرا ہوگیا اور میں اُس کا ہوگیا	
دلبرم در شد بجان و مغز و پوست	راحتِ جانم بیا در روئے اوست
میرا دلبر میری جان مغز اور پوست میں رچ گیا میری جان کی خوشی اُسی کے منہ کی یاد ہے	
رازہا دارم بیارِ دلبرم	شد عیاں از من بہارِ دلبرم
میرے محبوب اور میرے درمیان کئی راز ہیں اور اس کی شان میرے وجود سے ظاہر ہوتی ہے	

هر کسے دستے بدامانے زند | ما بہ ذیلِ حیّ و قیوم و احد

ہر شخص کسی نہ کسی کے دامن کو پکڑتا ہے مگر ہم نے حیّ و قیوم اور یکتا خدا کے دامن کو پکڑا ہے

اے دریغا قوم من نشناختند | نقدِ ایماں در حسد ہا باختند

افسوس میری قوم نے مجھے نہ پہچانا اور ایمان کی دولت حسد سے برباد کر دی

ایں جہانِ پر ستم کور و کراست | چشم نشناسد چو چشم بوم کمتر است

یہ ظالم دنیا اندھی اور بہری ہے اس کی آنکھیں اُلّو کی آنکھوں سے بھی گئی گذری ہیں

ذرّہ بودم مرا بنو اختند | چوں خورے گشتم ز چشم انداختند

(اس لیے کہ جب میں ایک ذرّہ تھا تو انھوں نے میری قوت کی کہ جب میں سورج بن گیا تو انھوں نے مجھے اپنی نظر سے گرا دیا

(تحفہ غزنویہ صفحہ ۱ مطبوعہ ۱۹۰۲ء)

ہماں ز قبیح بشر کامل از خدا باشد | کہ با نشانِ نمایاں خدا نما باشد

نشانوں میں وہی خدا کی طرف سے کامل ہوتا ہے جو روشن نشانوں کے ساتھ خدا نما ہوتا ہے

بتابد از رخِ او نورِ عشق و صدق و وفا | ز خلقِ او کرم و غربت و حیا باشد

اس کے چہرہ سے عشق اور صدق و صفا کا نور چمکتا ہے کرم انکسار اور حیا اس کے اخلاق ہوتے ہیں

صفاتِ او ہمہ ظلِّ صفاتِ حق باشند | ہم استقامت او ہمچو انبیا باشد

اس کی ساری صفات خدا کی صفات کا پرتو ہوتی ہیں اور اس کا استقلال بھی نبیوں کے استقلال کی مانند ہوتا ہے

روان بچشمۂ او کوثرِ سرمدی باشد | ہماں مرائیۂ اش رشکِ کبریا باشد

اس کے سرچشمہ سے ابدی فیضان کا سمندر جاری ہوتا ہے اور اس کے چہرہ میں خدائے بزرگ کا چہرہ نظر آتا ہے

صعودِ او ہمہ سوئے فلک بود ہر دم | وجودِ او ہمہ رحمت چو مصطفےٰ باشد

اس کی پرواز ہر وقت آسمان کی طرف ہی ہوتی ہے۔ اور اس کا وجود مصطفےٰ کی طرح سراسر رحمت ہوتا ہے

خبر دہد بہ تقدس نشانہ مصحفِ پاک | ہم از رسول سلامے بصد ثنا باشد

لہذا اس کی تشریف آوری کی خبر قرآن مجید میں دیتا ہے اور رسول کی طرف سے بھی سینکڑوں ثنا اور سلام بھیجے جاتے ہیں

نثار سازد روحِ جانانِ خود سرِ اخلاص | اگرچہ سیلِ مصیبت بزور ہا باشد

وہ اپنے معشوق کی راہ میں کبھی اخلاص میں کمی نہیں آنے دیتا۔ خواہ مصیبتوں کا طوفان کتنے ہی زور دل پر ہو

براہِ یارِ عزیزِ از بلا نہ پرہیزد | اگرچہ در رہِ آں یار اژدہا باشد

اس عزت والے دوست کی راہ میں وہ کسی بلا سے نہیں ڈرتا خواہ اس یار کے راستے میں اژدہا بیٹھا ہو

کند حرام ہمہ عیش و خواب را بر نفس | چو جملہ عارف و عامی دریں بلا باشد

وہ نیند اور عیش کو اپنے اوپر حرام کر لیتا ہے جبکہ سب نیک و بد اس عیش و عشرت کی بلا میں گرفتار ہوتے ہیں

دلِ او کفِ کلمش باشد او فتادہ ز فرق | فراغت از ہمہ خود بینی و ریا باشد

اس کا دل ہاتھ سے اور ٹوپی سر سے گری ہوئی ہوتی ہے اور ہر قسم کی خود بینی اور ریا سے پاک ہوتا ہے

اصول او ہمہ بر خلق رحم باشد و لطف | طریق او ہمہ ہمدردی و عطا باشد

اس کا اصول مخلوقات پر رحم اور لطف ہے اور اس کا طریقہ کلی طور پر ہمدردی اور سخاوت ہوتا ہے

ہمیشہ نفسِ شریفش بکاہد از حسرت | کہ چوں گروہ بداں تابعِ ہدیٰ باشد

اس کا شریف دل ہمیشہ اس حسرت سے غمگین رہتا ہے کہ بُرے لوگوں کی جماعت کس طرح ہدایت پائے گی

ہمیشہ محترز از صحبتِ بداں ماند | غیور از پئے دیں ہمچو اصفیا باشد

وہ ہمیشہ شریروں کی صحبت سے مجتنب رہتا ہے اور اولیاء اللہ کی طرح دین کے لیے غیرتمند ہوتا ہے

پناہ دیں بود و ملجاء مُسلماناں | بقدرِ ہمت خود دافعِ قضا باشد

وہ دیں کی پناہ اور مسلمانوں کی جائے حفاظت ہوتا ہے اور اپنی ہمت کے زور سے قضا کو دفع کر دیتا ہے

ہزار سر زنی و مشکلے نہ گردد حل | چو پیشِ او بروی کارِ یک دُعا باشد

تو زور لگا کر ہزار سر مارے گرتیرے مشکل حل نہیں ہوتی لیکن جب تو اس کے سامنے جاتا ہے تو اسکا ایک دعا کافی ہوتی ہے

چو شیر زندگیٔ او بود دریں عالم | زصیدِ اُو دگراں را ہمہ غذا باشد

اس جہان میں اس کی زندگی شیر کی زندگی کی طرح ہوتی ہے یعنی دوسروں کو اس کے شکار سے غذا میسر آتی ہے

گہے نشاں بنماید زبہرِ دیں قویم | گہے بمعرکہ جنگش باشقیا باشد

کبھی وہ دینِ اسلام کی خاطر نشان دکھاتا ہے اور کبھی بدبختوں کے ساتھ اسی لڑائی کا معرکہ پیش آتا ہے

بود منظفر و منصور از خدائے کریم | زمعضلاتِ شریعت گرہ کشا باشد

وہ خدائے کریم کی طرف سے مظفر و منصور ہوتا ہے اور شریعت کی مشکلات کو حل کرنے والا ہوتا ہے

زمہرِ یارِ ازل پرتوِ خش بیارد نور | زشانِ حضرتِ اعلیٰ درو ضیا باشد

اس یارِ ازلی کی محبت کا نور اس کے چہرہ سے برستا ہے اور اس جنابِ عالی کی شان کی اس میں چمک ہوتی ہے

کشوفِ اہلِ کشوف از برائے او باشد | ہم از نجوم پے مقدمش صدا باشد

اہلِ کشوف کے کشف اسی کی خاطر ہوتے ہیں اور ستاروں سے بھی اس کی تشریف آوری کی آواز آتی ہے

غرض مقامِ ولایت نشانہا دارد | نہ ہر کہ دلق پوشد زاولیا باشد

غرض ولایت کا مقام بہت سے نشان رکھتا ہے یہ نہیں کہ جو گدڑی پہن لے وہ ولیوں میں شمار ہونے لگے

کلیدِ ایں ہمہ دولت محبت ست و وفا | خوشا کسیکہ چنیں دولتش عطا باشد

اس ساری دولت کی کنجی محبت اور وفا ہے خوش قسمت ہے وہ جسے ایسی دولت مل جائے

سخن ز فقر بدزدی ہمے تواں گفتن — ولے علامتِ مردانِ رہ صفا باشد

فقر کی باتیں چوری کر کے بھی بیان کی جا سکتی ہیں لیکن اس راہ کے مردوں کی علامت صدق و صفا ہے

ز مشکلاتِ رہ و راستی چہ شرح دہم — کہ شرطِ ہر قدمے گریہ و بکا باشد

راہ و راست کی مشکلات کی تفصیل میں کیا بیان کروں کہ ہر قدم کے لیے گریہ و زاری لازمی ہے

بسوزد آنکہ نسوزد بصدق در رہِ یار — بمیرد آنکہ گریزد ہ از فنا باشد

خدا کرے وہ جل جائے جو دوست کی راہ میں نہیں جلنا خدا کرے وہ مر جائے جو فنا سے بھاگتا ہے

کلاہِ فتح و ظفر ہیچ سر نمے یابد — مگر سرے کہ پئے حفظِ دیں فدا باشد

کوئی سر فتح و ظفر کا تاج نہیں پہن سکتا سوائے اس کے جو دین کی حفاظت کے لیے قربان ہو

نشانہائے سعادی بہ ہیچ کس ندہند — مگر کسیکہ ز خود گم پئے خدا باشد

کسی شخص کو آسمانی نشان نہیں ملتے مگر اسی کو جو خدا کی خاطر فنا ہو جائے

کسے رسد بمقامِ خوارق و اعجاز — کہ در مقامِ مصافات و اصطفا باشد

وہی شخص خوارق اور معجزوں کے درجہ پر پہنچتا ہے جو دوستی اور برگزیدگی کے مقام پر ہو

ضرورت است کہ در دیں چنیں امام آید — چو خلق جاہل و بیدین و مردہ سا باشد

ضرورت ہے کہ دین میں ایسا امام آئے کہ جب خلقت جاہل بے دین اور مُردوں کی طرح ہو جائے

جہانیان ہمہ ممنونِ منتش باشند — چرا کہ او پنہ ملت الہدیٰ باشد

اہلِ جہان سب اس کے زیرِ بارِ احسان ہوتے ہیں کیونکہ وہ مذہبِ اسلام کی پناہ ہوتا ہے

اگرچہ تیغ ندارد مگر بہ تیغِ دلیل — ہمے درد صفِ قومیکہ کاسر اباشد

اگرچہ وہ تلوار نہیں رکھتا مگر دلیل کی تلوار سے اس قوم کی صفیں الٹ دیتا ہے جو گمراہ ہو

چو پہلواں بدر آید ز نزدِ ربِّ کریم | بہر دمش مددِ صدقِ مدّعا باشد

رب کریم کے پاس سے وہ ایک پہلوان کی طرح آتا ہے اور ہر لحظہ اس کا مقصد یہی ہوتا ہے کہ صدق کی مدد کرے

چہ دشتہا کہ نہاید بروزِ کشتی و جنگ | بایں امید کہ نفسے مگر رہا باشد

کشتی اور لڑائی کے دن وہ بڑھ بڑھ کر ہلہ دکھاتا ہے صرف اس اُمید پر کہ کوئی جان نجات پا جائے

ہمیں ست طایفۂ برگزیدگانِ خدا | ہمیں علامتِ قبلی از خدائے ما باشد

یہی خدا کے برگزیدہ لوگوں کی جماعت ہے ہمارے خدا کی طرف سے ان کی یہی نشانیاں مقرر ہیں

بجنگ و حرب گذارند ہر دمے کہ بود | کہ تا حفاظتِ مردم ز فتنہ ہا باشد

وہ اپنا ہر سانس جنگ اور لڑائی میں گذارتے ہیں تاکہ فتنوں سے لوگوں کی حفاظت ہو

بخیر و عافیت بگذرد شب اندر خواب | کہ پاسبانیٔ ایشاں بصد عنا باشد

تیری رات آرام سے نیند میں بسر ہوتی ہے اس لیے کہ وہ بڑی دردمندی سے تیری پاسبانی کرتے ہیں

غلامِ ہمتِ مردانِ کارزار بباش | کہ امنِ مرز و بوم از مردم وغا باشد

تو ان مردانِ کارزار کی ہمت کا غلام بن جا کہ مردانِ جنگ کے طفیل ہی حدوں اور مرزوں کو امن حاصل ہوتا ہے

پناہ بیضۂ اسلام اُس جوانمرد ست | کہ خون دل زپئے دینِ مصطفےٰ باشد

وہی جوانمرد دینِ اسلام کی پشت و پناہ ہوتا ہے جس کا دل دینِ مصطفےٰ کے لیے خون ہوتا ہے

ازیں بود کہ ہمہ اہلِ نیک طینت را | سر نیاز بدرگاہِ شاں فرا باشد

یہی وجہ ہے کہ سب اچھی اور نیک فطرت لوگوں کا سر عاجزی سے ان لوگوں کی درگاہ پر جھکا رہتا ہے

دماغ و کبر بمردانِ حرب نادانی ست | کہ ہر کہ کبر کند سخت بے حیا باشد

ان بہادر لوگوں کے مقابل تکبر اور بڑائی کرنا بے وقوفی ہے جو تکبر کرتا ہے وہ سخت بے حیا ہے

چہ جائے کبر کایشاں پناہِ ہر بشر اند | طفیل شاں ہمہ عمّامہ و قبا باشد

تکبر کا کیا موقعہ ہے کہ وہ تو ہر انسان کی جائے پناہ ہیں اور انہی کی طفیل سب کی عزتیں محفوظ ہیں

اگر تو ان شاں یکے مے جدا بشوی | متاعِ دایۂ ایماں ز تو جدا باشد

اگر تو ان کی پناہ کی جگہ سے ایک لحظہ بھی جدا ہو تو ایمان کی پونجی اور دولت تجھ سے جدا ہو جائے گی

سلرست زیرِ تبر صادقانِ مخلص را | کہ نا رہد سرِ قومیکہ در بلا باشد

ان مخلص راستبازوں کا سر تبر کے نیچے رہتا ہے تاکہ اس قوم کا سر بچ جائے جو مصیبت میں ہو

اصولِ شاں ہمہ بخشودی ست و مہر و کرم | طریقِ شاں رہ عجز و سرِ رضا باشد

ان کا اصول محض ہمدردی محبت اور شفقت ہے اور ان کا طریقہ عاجزی اور رضا کی طلب ہے

ہزار جانِ گرامی فدائے آں دل باد | کہ مست و محوِ رضاہائے کبریا باشد

ہزاروں قیمتی جانیں اس ایک دل پر قربان ہوں جو خداوند کبریا کی رضا میں سرشار اور بے خود رہتا ہے

بہ کنجِ خلوتِ پاکاں اگر گذر بکنی | عیاں شود کہ چہ نورے دراں سرا باشد

پاک لوگوں کی خلوت میں اگر تیرا گذر ہو۔ تو تجھے معلوم ہو کہ وہاں کیسے کیسے انوار برستے ہیں

بدولتِ دو جہاں سر فرو نمے آرند | بعشقِ یار دلِ نازنیاں دو تا باشد

دونوں جہان کی دولت کی طرف بھی یہ لوگ توجہ نہیں کرتے اُن کا درد مند دل محبوب کے عشق میں چُور رہتا ہے

منازِ با گلۂ سبز و خرقۂ پشمیں | کہ زیرِ دلقِ ملمع فریب ہا باشد

سبز کلاہ اور اُونی خرقہ پر ناز نہ کر کہ نمائشی گدڑی کے نیچے بہت سے فریب ہوتے ہیں

ز دست و بازوئے آں مرد خدمتے آید | کہ سوختہ دل و جاں از پئے ہدیٰ باشد

وہی مرد ایسے دست و بازو کے ساتھ خدمت کر سکتا ہے جس کے دل و جان ہدایت کے لیے پُرسوز ہوں

کسیکہ دل بہ غمِ خلق تو زدش شب و روز | محقق است کہ او خادمِ الٰہی باشد

جس کا دل مخلوق کی خاطر رات بھر بے چین رہے یہ ثابت شدہ بات ہے کہ وہ ہی لوگوں کا خادم ہوا کرتا ہے

نہیب حادثہ از بنیادِ دیں زجا ببرد | اگر ز ملتِ ما ظلِّ تشاں جدا باشد

حادثات کی غارتگری دین کی بنیاد کو ہلا دے اگر ہمارے مذہب سے ان لوگوں کا سایہ الگ ہو جائے

ازیں بود کہ چو سالِ صدی تمام شود | بر آید آنکہ بدیں نائبِ خدا باشد

یہی وجہ ہے کہ جب صدی کے سال ختم ہوتے ہیں تو ایسا مظاہر ہوتا ہے جو دین کیلئے خدا کا قائمقام ہوتا ہے

رسید مژدہ ز غیبم کہ من ہماں مردم | کہ او مجددِ ایں دین در نہما باشد

مجھے غیب سے یہ خوشخبری ملی ہے کہ میں وہی انسان ہوں جو اس دین کا مجدد اور راہ نما ہے

لوائے ما بتہِ ہر سعید خواہد بود | ندائے فتح نمایاں بنامِ ما باشد

ہمارا جھنڈا ہر خوش قسمت انسان کی پناہ ہوگا۔ اور کھلی کھلی فتح کا نعرہ ہمارے نام پر ہوگا

عجب مدار اگر خلق سوئے ما بدوند | کہ ہر کجا کہ غنی مے بود گدا باشد

اگر مخلوقات ہماری طرف دوڑ کر آئے تو تعجب نہ کر کہ جہاں دولتمند ہوتا ہے وہاں فقیر جمع ہو جاتے ہیں

گلے کہ روئے نیاز اں بباغ ما گہے نخواہد دید | بباغ ماست اگر قسمتت رسا باشد

وہ پھول جو کبھی خواں کا منہ نہیں دیکھے گا وہ ہمارے باغ میں ہے اگر تیری قسمت یاور ہو

منم مسیح بہ بانگِ بلند مے گویم | منم خلیفہ شاہے کہ بر سما باشد

میں بلند آواز سے کہتا ہوں کہ میں ہی مسیح ہوں اور میں ہی اس بادشاہ کا خلیفہ ہوں جو آسمان پر ہے

مقدر است کہ روئے بریں زمیں بینم | ہزار بار دل و جاں بر رہم فدا باشد

یہ بات مقدر ہو چکی ہے کہ ایک دفعہ روئے زمین پر ہزار دل جان و دل میری راہ میں قربان ہوں گے

زمینِ مردہ ہمی خواست عیسوی انفاس — ترا وعظِ بے عملاں خود اثر کجا باشد

مری ہوئی زمین بھی دمِ عیسیٰ کو چاہتی ہے۔ جو آپ بے عمل ہوں ان کے وعظ کا اثر کہاں ہوتا ہے

گشادہ اند درِ فضل گر کنوں نائی — ترا مساعدیٔ بختِ تار ما باشد

فضل کے دروازے کھولے گئے ہیں اگر تو اب بھی نہ آئے۔ تو یہ تیری بدبختی کی نحوست ہے

بہر وطالبِ آں مہدی و مسیح مباش — کہ کارِ شاں ہمہ خونریزی و وغا باشد

بیہودگی سے تو اس مسیح اور مہدی کا طلبگار نہ ہو۔ جن کا کام سراسر خونریزی اور جنگ ہوگا

عزیزِ من درہِ تائیدِ دیں دگر راہے ست — مشو کہ تیغ برآری اگر ترا باشد

اے میرے عزیز دین کی تائید کا اور ہی رستہ ہے یہ نہیں کہ اگر کوئی انکار کرے تو تُو فوراً تلوار نکال لے

چہ حاجت ست کہ تیغ از برائے دیں بکشی — نہ دیں بود کہ بخونریزیش بقا باشد

اس بات کی کیا ضرورت ہے کہ تو دین کی خاطر تلوار کھینچے وہ دین دین نہیں جس کی بنا خونریزی پر ہو

چو دیں مدلل و معقول و با صفا باشد — کدام دل کہ نہ اش جذبش ابا باشد

جبکہ دین مدلل معقول اور روشن ہو تو وہ کونسا دل ہوگا جسے ایسے مذہب سے انکار ہو؟

چو دیں درست بود خنجرے نمے باید — کہ زورِ قولِ موجہ عجب نما باشد

جب دین صحیح ہو تو اس کے لیے خنجر درکار نہیں کیونکہ با دلائل کلام کی طاقت معجزنما ہوتی ہے

تو از سرائے طبیعت نیامدی بیروں — ازیں ہمہ ہوست جبر با جفا باشد

چونکہ تو ابھی نفسانی خواہشات کے چکر سے نہیں نکلا اس وجہ سے تیری ساری خواہش ظالمانہ جبر کے لیے ہے

زِ جبر حجتِ حق بر جہاں نیاید راست — برو دلیل بدہ گر خرد ترا باشد

سچائی کو دنیا میں جبر کے بھیلانا مناسب نہیں۔ اگر تجھے عقل ہے تو جا اور اس کے برخلاف دلائل پیش کر

ز جبر کو کہ مصدق رہ شکست آید | ازیں بود کہ رہِ جبر را خطا باشد

جبر سے تو راست بازوں کی جماعت ٹوٹ جاتی ہے۔ اسی وجہ سے جبر کا طریقہ غلط ہے

بہوش باش کہ جبر است خود دلیلِ گریز | تسلّیِ دلِ مردم ازیں کجا باشد

خبردار ہو کہ جبر تو خود شکست کی دلیل ہے اس سے لوگوں کے دلوں کی تسلّی کہاں ہوتی ہے

مرا بکفر کنی متہم ازیں گفتار | کہ کفر نزدِ تو ابرار را سزا باشد

تو اس بات کی وجہ سے مجھ پر کفر کا الزام لگاتا ہے کیونکہ تیرے نزدیک نیکوں کو کافر کہنا درست ہے

مگر چہ جائے عجب گر تو ایں چنیں گوئی | کہ ہر کہ بے ہنر افتاد زار خا باشد

اگر یہ تیرا قول ہے تو کچھ تعجب کی بات نہیں کیونکہ جو بے ہنر ہوتا ہے وہ بکواسی ہوتا ہے

بگو ہر آنچہ بگوئی چو خود نمے دانی | کہ ساکنانِ درش را چہ اجتبا باشد

جو چاہے کہہ۔ کیونکہ تجھے علم ہی نہیں کہ اس کے دروازہ پر رہنے والوں کا کتنا بڑا مرتبہ ہے

خوشم بجور کشیدن اگر چہ کشتہ شوم | ازیں کہ ہر عمل و فعل را جزا باشد

میں تو ہر ظلم اٹھانے کو تیار ہوں خواہ قتل ہو جاؤں اس لیے کہ ہر عمل اور کام کی جزا ضرور ملتی ہے

دو چشمِ خویش صفا کن کہ تا رخم بینی | وگرنہ پیشِ تو صد عدل ہم جفا باشد

تو اپنی دونوں آنکھیں صاف کر تا کہ میرا چہرہ دیکھ سکے ورنہ تیری نظر میں تو ہر انصاف بھی ظلم دکھائی دے گا

مرا بریں سخنم اہل فضول عیب کند | کہ بے خبر زرہ و رسمِ دینِ ما باشد

میری اس بات میں وہ فضول گو عیب نکالتا ہے جو ہمارے دین کی راہ و رسم سے بے خبر ہے

کجاست ملہم صادق کہ تا حقیقتِ ما | بروئیاں ہمہ از پردۂ خفا باشد

ایسا ملہم صادق کہاں ہے کہ جس پر ہماری حقیقت پردۂ حجاب میں سے بھی ظاہر ہو

زمانِ یقظہ بیا مد ہنوز دور خوابی
شنو کہ ہر سحر از ما ندا بما شد

جاگنے کا وقت آگیا مگر ابھی تو نیند میں ہے سُن کہ ہر پچھلی رات کو فرشتہ یہی آواز دیتا ہے

بہ علم و فضل و کرامت کسے کما نرسد
بجاست اگر ز ارباب ادّعا باشد

علم و فضل اور کرامت کے زمرے کو کوئی ہم تک نہیں پہنچ سکتا کہاں ہے وہ شخص جو علم و فضل و کرامت کا مدّعی ہے

ہزار نقد نمائی یکے چو سکۂ ما
بہ نقشِ خوب و عیار و صفا کجا باشد

تو ہزاروں سکّے دکھائے پھر بھی چمک دمک اور کھرا ہونے میں ہمارے سکّہ کی برابری نہیں کر سکتا

مُؤیّدیکہ مسیحا دم ست و مہدیٔ وقت
بشانِ اُو دگرے کے تواند باشد

وہ تائید یافتہ شخص جو مسیحا دم اور مہدیٔ وقت ہے اُس کی شان کو اتقیا میں سے کوئی نہیں پہنچ سکتا

چو غنچہ بود جہانے بخویش و سربستہ
من آمدم بمثل و میکہ از صبا باشد

یہ جہان ایک غنچہ کی طرح بند تھا میں دام کے لیے ان پرکتوں کو لے کر آیا ہوں جو باد صبا لایا کرتی ہے

چہ فتنہ ہا کہ بزادست اندریں ایام
کدام راہِ بدی کو در اختفا باشد

اِس زمانہ میں کس قدر فتنے پیدا ہو گئے ہیں اور کونسا راستہ بدی کا ہے جو مخفی ہے

محال ہست کہ ایں فتنہ ہا شوی محفوظ
مگر ترا چو بمن گامِ اقتدا باشد

ناممکن ہے کہ تُو اِن فتنوں سے بچ سکے سوائے اس کے کہ تو میری پیروی کرے

کسیکہ سایۂ بال ہمائش سُود ندارد
بیایدش کہ دو روزے بظلِّ ما باشد

وہ شخص جسے ہمائے بھی فائدہ نہ دیا ہو اُسے چاہیئے کہ دو دن ہمارے زیر سایہ رہے

مُسلّم است مرا از خدا حکومتِ عام
کہ من مسیحِ خدایم کہ بر سما باشد

خدا کی طرف سے میری حکومت ثابت ہو چکی ہے کیونکہ میں اُس خدا کا مسیح ہوں جو آسمان پر ہے

بدیں خطاب مرا ہرگز التفات نبود | چہ جرمِ من چو چنیں حکم از خدا باشد

مجھے اس عتاب کا ہرگز کوئی شوق نہ تھا لیکن میرا کیا قصور ہے جب کہ خدا کی طرف سے ایسا ہی حکم ہے

بتاج و تختِ زمیں آرزو نمے دارم | نہ شوقِ افسرِ شاہی بدل مرا باشد

میں کسی زمینی تاج و تخت کی خواہش نہیں رکھتا نہ میرے دل میں کسی بادشاہی تاج کا شوق ہے

مرا بس است کہ ملکِ سما بدست آید | کہ ملک و ملکِ زمیں را بقا کجا باشد

میرے لیے یہی کافی ہے کہ آسمانی بادشاہت ہاتھ آجائے کیونکہ زمینی ملکوں اور جائدادوں کو بقا نہیں ہے

سوالِ تم بفلک کردہ اند روزِ نخست | کنوں نظر بمتاعِ زمیں چرا باشد

جبکہ خدا نے مجھے روزِ اوّل سے آسمان کے حوالہ کر دیا ہے تو اب دنیاوی پونجی پر میری نظر کیونکر پڑ سکتی ہے

مرا کہ جنتِ علیاست مسکن و ماوٰی | چرا بمزبلۂ ایں نشیب جا باشد

جب کہ میرا مسکن و ماوٰی جنت الفردوس ہے تو پھر میرا ٹھکانہ اس گڑھے کی کوڑی میں کیوں ہو

اگر جہاں ہمہ تحقیرِ من کند چہ غمے | کہ با من ست قدیرِ یکہ ذوالعلیٰ باشد

اگر سارا جہان بھی میری تحقیر کرے تو مجھے کیا غم کیونکہ میرے ساتھ وہ قادر خدا ہے جو بڑی بڑی قوتوں والا ہے

منم مسیح زمان و منم کلیمِ خدا | منم محمد و احمد کہ مجتبیٰ باشد

میں ہی مسیح وقت ہوں اور میں ہی کلیم خدا ہوں یعنی ہی وہ محمد اور احمد ہوں جو مجتبیٰ ہے

نہ بلعم است کہ بدتر ز بلعم آں ناداں | کہ جنگِ او بکلیمِ حق از ہوا باشد

وہ نہ صرف بلعم ہے بلکہ بلعم سے بھی بدتر وہ نادان ہے جس کی لڑائی خدا کے کلیم کے ساتھ ہوائے نفس کے ماتحت ہو

ازاں قفس بہ پریدم بروں کہ دُنیا نام | کنوں بکنگرۂ عرش جائے ما باشد

میں اُس پنجرہ سے نکل کر اُڑ چکا ہوں جس کا نام دُنیا ہے اب تو عرش کے کنگرہ پر ہماری جگہ ہے

مرا بگلشنِ رضوانِ حق نشست گذر | مقامِ من چمنِ قدس و اصطفا باشد

اللہ تعالےٰ کی رضا کے باغ میں میرا گذر ہوا ہے۔ میرا مقام برگزیدگی اور تقدس کا چمن ہے

کمالِ پاکی و صدق و صفا کہ گم شدہ بود | دوبارہ از سخن و وعظِ من بپا باشد

پاکیزگی اور صدق و صفا کا کمال جو معدوم ہو گیا تھا وہ دوبارہ میرے کلام اور وعظ سے قائم ہوا ہے

مرنج از سخنم اے کہ بے سخت بے خبری | کہ اینکہ گفتہ ام از وحیِ کبریا باشد

اے وہ شخص جو بالکل بیخبر ہے میری بات سے ناراض نہ ہو کہ جو میں نے کہا ہے یہ خدا کی وحی سے کہا ہے

چونکہ قرآن میں تمہارا نام یہودی رکھا گیا ہے اس لیے خدا نے مجھے یہودیوں کے لیے عیسیٰ بنا دیا

ورنہ اندر اصل ہم از تخم عیسیٰ نیستید	نیز ہم من ابن مریم نیستم انصاف بود

ورنہ دراصل تم اُن یہودیوں کے تخم سے نہیں اور میں بھی جسمانی طور پر ابن مریم نہیں ہوں

گر یہود نے شما را بود ے ہم اثر	از شما نیز ہم ظہور پس زغوغا چہ سود

اگر تم دہتے تو ہمارا نشان بھی نہ ہوتا صرف تمہاری وجہ سے میرا ظہور ہوا۔ پھر فُل چانے سے کیا فائدہ

ہر چہ بود از یک بدہ دین اسرائیلیاں	آں ہمہ در ملت احمد فروش خود نمود

یہودیوں کے مذہب میں جو کچھ بری باتیں موجود تھیں وہ سب دین احمدی میں بھی پیدا ہو گئیں

قوم او ہر قوم ما نا قص عیار — بعض ز ایشاں صالحاں و بعض دیگر چوں خذود

یہ ہماری قوم یہود کی امت کی مشابہ ہے بعض ان میں سے اچھے ہیں اور بعض خنزیروں کی طرح خراب

چونکہ ما شد نبتی ما کہ صالحین ما ست — از جرم عیسیٰ شد سخن از ناں رب ودود

چونکہ ہمارا نبی ہمارے دین کا سرتاج مثیل موسیٰ تھا اس لیے میں بھی خدائے مہربان کی طرف سے عیسیٰ بنا دیا گیا

شد ز ما اینجا یہود بد گہر پیدا شدند — تا بیازارند عیسیٰ را چو آں قوم کہ بود

اس امت میں بھی بد ذات یہودی پیدا ہو گئے تا کہ وہ بھی گذشتہ قوم کی طرح اس عیسیٰ کو ستائیں

الغرض آں ذوالمنن در ہر صلاح و ہر فساد — ہمچو اسرائیلیاں بر قوم ما ہر در کشود

الغرض اس محسن خدا نے ہر نیکی اور ہر بدی میں یہودیوں کی طرح ہماری قوم پر بھی ہر قسم کا دروازہ کھول دیا

چوں خدا نام رسول پاک ما موسیٰ نہاد — نام شد بوجہل را فرعون چوں گفتیش فرود

چونکہ خدا نے ہمارے پاک رسول کا نام موسیٰ رکھا تو ابوجہل کی دشمنی جب بڑھ گئی تو اس کا نام فرعون قرار پایا

پس در اوّل چوں کلیم آمد بکام کردگار — ہم پے تکمیل عیسیٰ را در آخر شد ورود

پس جس طرح پہلے زمانہ میں خدا کے حکم سے ایک کلیم آیا تو تکمیل کے لیے آخری زمانہ میں ایک عیسیٰ کا نزول ہو گیا

بعد از اں ما فاقتی از مقتضائے شقوت است — در نہاں گفتار ما ہر شک و شبہت را ربود

یہ بات بھی کہ کبھی بد گوئی کرتا بدبختی کا تقاضہ ہے در نہ ہماری ان باتوں نے تو تیرا ہر شک و شبہ دور کر دیا ہے

پس چہ حاصل تیر بر ما ختن اے رہ زناں — ہر کہ ناید باز تا پنہاں رود تو دود

پس اے رہزناں ہم پر تیر چلانے کا کیا فائدہ کیونکہ جو دھوئیں کی طرح باہر نہ آئے وہ جہنم کا ایندھن بنتا ہے

(ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم

صفحہ ۱۳۶ و ۱۳۷

اگر محفل عارفی کی صحبت میں رہے گا تو جلدی جنگل کے کانٹوں تنہائی اور دنیا کے لعنتوں کو دیکھے گا

(مکتوبات احمدیہ حصہ اول صفحہ ۷۵)

الہامی شعر

طریق زہد و تعبد ندانم اے زاہد	خدائے من قدم ما نہد بر رہ داؤد

اے زاہد! میں ریاکارانہ زہد و طاعت کے طریق کو نہیں جانتا کیونکہ میرے خدا نے میرا قدم داؤد کے راستے پر ڈالا ہے

(مکتوبات احمدیہ حصہ اول صفحہ ۷۱)

سپاس اس خداوند یکتائے را	بمہر و بمہ عالم آرائے را

اس بے مثل خداوند کا شکر ہے جس نے دنیا کو چاند اور سورج سے آراستہ کیا

بہر لحظہ امید یاری از وست	بہر حالتے دوستداری از وست

ہمیں ہر وقت اس کی طرف سے مدد کی امید ہے اور ہر حالت میں اسی سے محبت کا تعلق ہے

جہاں جملہ یک صنعت آباد اوست	خنک نیک بختے کہ در یاد اوست

سارا جہاں اسی کی کاریگری کا مظہر ہے خوش قسمت ہے وہ نیک بخت جو اس کی یاد میں رہتا ہے

رسول خدا پرتو از نور اوست	ہمہ خیر ما زیر مقدور اوست

رسول اللہ اسی کے نور کا پرتو ہیں اور ہماری ساری بھلائیاں انہیں کے ساتھ وابستہ ہیں

ہماں سرور و سید و نور جاں	محمد کزو ہست نقش جہاں

وہی سردار، سید اور جان کا نور۔ محمد ہے جس کی وجہ سے جہان کی تخلیق ہوئی

بشر کجا بدے ایں نک و تک تر | نبودے اگر چوں محمد بشر

انسان رفعت سے کیوں کر بڑھ جاتا اگر محمد سا بشر پیدا نہ ہوتا

دلش ہست نورانی و سرمدی | بتابد درو قرۂ ایزدی

اس کا دل نورانی اور ازلی ہے اور اس میں خدا کی عظمت اور شان چمکتی ہے

کسے کش بود مصطفےٰ رہنما | سرِ بخت اُو باشد اندر سما

وہ شخص جس کا رہنما مصطفےٰ ہو اس کا نصیب بلندی میں آسمان تک پہنچتا ہے

پُر از یاد او ہست جان و دلم | بخواب اندر اندیشہ ہم نگسلم

میرے جان و دل اس کی یاد سے معمور ہیں خواب میں بھی مجھے کوئی دوسرا خیال نہیں آتا

پس ازوے سلام تو اے شفیق | کرم گستر و ہم رہ و ہم طریق

اس کے بعد اے مہربان اور شفیق اور ہم خیال دوست میں تجھے سلام کہتا ہوں

کہ یادِ من خستہ کردی ز دُور | فرستادۂ نامۂ ہمچو حُور

کیونکہ تو نے اس عاجز کو اتنی دور سے یاد کیا اور ایک خط حور کی طرح حسین بھیجا

چناں نظم و طرزش کہ مانند آں | ندیدم بعمرِ خود اندر جہاں

اس کی نظم اور طرز ایسی تھی کہ اس جیسی میں نے کبھی دُنیا میں نہیں دیکھی

صفا ایچناں اندر آں بیش بیش | کہ حاسد بریدہ دراں روئے خویش

اس میں ایسی اعلیٰ درجہ کی صفائی ہے کہ دشمن اس میں اپنا منہ دیکھ سکتا ہے

ظہوری گر آگہ شدے زاں صفا | نشستے پس زانوئے اختفا

اگر ظہوری شاعر اس صفائی سے واقف ہو جاتا تو وہ منہ چھپا کر بیٹھ جاتا

چناں در سخن صنعت بند و بست | کہ عقد گہر را دہد صد شکست

آپ کی باتوں میں ایسی چمک اور ایسی ترتیب ہے کہ وہ موتیوں کے ہار کو بھی مات کرتی ہیں

تو گفتی سر ریبے است صنعت اساس | مرصع ز یاقوت و مرجان و الماس

گویا وہ ایک ایسا چبوترہ اور منتخب تخت ہے جو یاقوت، مرجان اور الماس سے جڑا ہوا ہے

زہے نحو آں بود نحو سداد | ہمہ منطقم صرف آں نحو باد

واہ وا اس کی نحو کیسی اعلےٰ نحو ہے کہ میری ساری گویائی اس نحو پر قربان ہے

سخن را زاں گونہ آراستہ | نمے آید از پیر و نوخاستہ

اس میں کلام کو اس طرح آراستہ کیا گیا ہے کہ اور کوئی نہیں کر سکتا خواہ بوڑھا ہو یا جوان

سخن کو نمود ست درّ عدن | بہ معنی رسانید لفظِ سخن

کلام سے گویا ایک درِّ عدن ظاہر ہوگیا جس نے الفاظ کو معانی تک پہنچا دیا

سخن نام و دریافت زاں نامہ | زہے پختگی ہائے آں خامہ

اس خط سے سخن نے نام پایا واہ وا اور اس تحریر کی پختگی کے کیا کہنے

سخن آں چناں باید و استوار | چہ حاصل سخن گفتنِ نابکار

بات ایسی ہی عمدہ اور پختہ ہونی چاہیے۔ بے سود باتیں کرنے کا کیا فائدہ!

خموشی بہ از گفتنِ ایں چنیں | کہ لبہا دہ جنباند از آفریں

ایسی (فضول) باتوں سے تو چپ رہنا اچھا ہے جو لوگوں کے منہ سے تعریف حاصل نہیں کر سکتیں

سخن معدنِ درّ و سیم و طلاست | اگر نیک دانی ہمیں کیمیاست

کلام تو موتی چاندی اور سونے کی کان ہے اگر تو اس بات کو خوب سمجھ لے تو یہی کیمیا ہے

سخن گرچہ باشد چو لولوئے تر | گذاریدنش نیز خواہد ہنر

بات اگرچہ گوہر آبدار کی طرح ہو۔ مگر اس کے پیش کرنے کو بھی ہنر چاہیئے

سخن قامتے ہست یا اعتدال | فصاحت چو خد و بنا گوش و خال

کلام کی مثال ایک خوبصورت قد کی سی ہے اور اس کی فصاحت رخسار، نوک اور تل کی طرح ہے

چو گفتار باشد بلیغ و اتم | اثرہا کند در دلے لاجرم

جب کلام بلیغ اور اعلیٰ ہوتا ہے۔ تو ضرور دل پر اثر کرتا ہے

وگر منطقے مہمل است و خراب | چو خوابِ پریشاں رود بے حساب

لیکن اگر گفتگو بے معنی اور خراب ہو تو وہ خواب پریشاں کی طرح رائگاں جاتی ہے

زباں گرچہ بحرے بود موجزن | طلاقت نگیرد بجز علم و فن

زبان اگرچہ طوفانی سمندر کی طرح ہو۔ پھر بھی فصاحت بغیر علم و فضل کے نہیں آتی

کسے کو ندارد وقوفے تمام | چہ طورش بیافت بود در کلام

جو شخص (زبان کی) پوری واقفیت نہیں رکھتا۔ اس کے کلام میں روانی کیونکر آسکتی ہے

بحمداللہ کآں مشفقِ پُر سداد | دریں جملہ اوصاف یکتا فتاد

خدا کا شکر ہے کہ آپ جیسا مخلص شفیق ان سب صفات میں یکتا ہے

عجب ذوق مے داشت آں روزِ چند | کہ بودیم در خدمتِ ارجمند

وہ دن نہایت پُر لطف تھے۔ جب ہم آپ کی بابرکت خدمت میں حاضر تھے

کجا شد دریغ آں زمانِ وصال | کجا شد چناں خرم آں ماہ و سال

افسوس۔ وہ ملاقات کا زمانہ کہاں گیا اور وہ مبارک مہینہ اور سال کدھر چلا گیا

بدستم از آں جز تہیا لے نماند | از آں جامے یک سفالے نماند

میرے ہاتھ میں سوائے اس کے خیال کے کچھ بھی نہ رہا اور اس جام شراب کی ایک ٹھیکری بھی باقی نہ رہی

دریں گوشہ چوں یادِ یاراں کنیم | دو دیدہ چو ابر بہاراں کنیم

اس کنج تنہائی میں جب ہم دوستوں کو یاد کرتے ہیں تو دونوں آنکھوں کو ابر بہار کی طرح بنا دیتے ہیں

دلِ خود بدنیا چہ بندد کسے | کہ ایام الفت ندارد بسے

کوئی اس دنیا سے اپنا دل کیا لگائے کہ محبت کے دن زیادہ باقی نہیں رہا کرتے

چہ فرق است روز و شب جز کرہ یار | فتد خاک بر فرقِ ایں روزگار

یار کے بغیر دن اور رات میں فرق ہی کیا ہے ؟ اس زمانہ کے سر پر خاک پڑے

دو دستِ دعا پیشِ حق گسترم | کہ چہرت نماید بفضل و کرم

میں اپنے دونوں ہاتھ خدا کے حضور میں پھیلاتا ہوں کہ وہ اپنے فضل و کرم سے تیرا چہرہ دکھائے

بمکتوب گہ گہ بکن شاد کام | خط و نامہ ہا ما چرا شد حرام

کبھی کبھی خط لکھ کر ہمیں خوش وقت کر دیا کر۔ تو نے ہمیں خط بھیجنا کیوں ترک کر دیا

دگر آنچہ تحریر کرد آں رفیق | کرم گستر و مہربان و شفیق

نیز اس کرم ۔ کرم فرما ۔ مہربان اور شفیق نے جو یہ لکھا ہے

کہ از بحثِ دیں زاں نکردیم یاد | کہ خوفِ ملال تو در دل فتاد

کہ ہم نے اس لیے اس خط میں دین کی بحث کا ذکر نہیں کیا کہ ہمارے دل میں ناراضگی پیدا نہ ہو (تو واضح ہو)

من آں نیستم کز رہِ بغض و کیں | برنجم ز تحریک در بحثِ دیں

کہ میں ایسا انسان نہیں ہوں کہ دشمنی اور کینہ وری کی وجہ سے دینی مباحث کی تحریک سے ناراض ہو جاؤں

تُرا ناحق ایں بدگمانی فتاد	دروغے کسے بدگماں ہم مباد

آپ کو ناحق یہ بدگمانی ہوئی۔ خدا کرے کسی کا دل بدظن نہ ہو

بہ غمخواریت گویم اے نیک مرد	نہ باید بہ غم خوار دل رنجہ کرد

اے نیک مرد میں تجھے بطور غمخوار عرض کرتا ہوں اور غم خوار سے ناراض نہیں ہونا چاہیئے

کہ انکار بر زندگیٔ نبیؐ	نشان است بر موت دلہا جلی

کہ نبی صلعم کی زندگی سے انکار منکروں کے دلوں کی موت کی کھلی کھلی علامت ہے

جہاں جملہ مُردہ فتادست و زار	یکے زندہ او ہست از کردگار

سارا جہان مُردہ اور بیمار ہے۔ خدا کی طرف سے صرف وہی ایک زندہ ہے

چنیں است ثابت بقولِ سروش	اگر رازِ معنے نیابی خموش

الہام الٰہی سے یہی ثابت ہے۔ اگر تیری سمجھ میں یہ راز نہ آئے تو چُپ رہ

اگر در ہوا ہمچو مُرغاں پری	وگر بر سرِ آب ہا بگذری

اگر پرندوں کی طرح تو ہوا میں اُڑنے لگے۔ یا پانی پر چلنے لگے

وگر ز آتش آئی سلامت برُوں	وگر خاک را زر کنی از فسوں

اور اگر تو آگ سے سلامت باہر نکل آئے یا پھونک مار کر مٹی کو سونا بنا دے

اگر منکری از حیاتِ رسُولؐ	سراسر زیاں است و کارِ فضول

لیکن اگر تو رسولؐ کی زندگی کا منکر ہے تو یہ سب باتیں سراسر فضول اور بے کار ہیں

خدایش چو خوانندہ گواہ جہاں	چرا دانشِ عاقل از غائباں

خدا نے جب اُسے اہل دنیا کے لیے شاہد فرمایا تو عقلمند اُسے غائب کیوں سمجھے

اگر مکر او خبر داشتے | بجاں دامنش نیز نگذاشتے

اگر مکر کو اس کی خبر ہوتی تو خواہ جان دینی پڑتی مگر اس کا دامن نہ چھوڑتا

بہر منبرش خطاب از خداست | دریغا ازیں پس گماناں چراست

خدا کی طرف سے ہر منبر اس رسول کا خطاب ہے۔ تو افسوس اس کے بد فضول گمان کیوں ہیں

اگر یکدمے گم شود آفتاب | شود عالم از تیرگی ہا خراب

اگر آفتاب ایک دم کے لیے بھی غائب ہو جائے تو دنیا اندھیرے میں مبتلا ہو جائے

خردمند نیکو منش طبع راست | نتابد سر از آنچہ حق دیدہ است

ہر شخص عقل مند صالح اور نیک فطرت ہے وہ حق اور سچائی سے روگردانی نہیں کرتا

چو بیند سخن رازِ حق پروری | دگر در سخن کم کند داوری

جب وہ حق شناسی سے بات پر غور کرتا ہے تو پھر وہ اس بات میں جھگڑا نہیں کرتا

مشو عاشق زشت رُو زینہار | وگر خوب گم گردد از روزگار

تو ہرگز کسی بد شکل کا عاشق نہ ہو چاہے دنیا سے حسین گم ہو جائیں

مکافات دارد ہمہ کار و بار | تو خار و خسک تا توانی مکار

ہر بات کی جزا سزا مقرر ہے اس لیے جہاں تک ممکن ہے تو کانٹے اور گوکھرو نہ بو

زمین از زراعت تہی داشتن | بہ از تخم خار و خسک کاشتن

زمین کو زراعت سے خالی رکھنا اس سے بہتر ہے کہ اس میں کانٹے اور گوکھرو بوئے جائیں

نہ ہے دولتِ من کہ فضلِ مجید | مرا اندریں اعتقاد آفرید

یہ میری خوش قسمتی ہے کہ خدا کے فضل نے مجھے اس اعتقاد پر پیدا کیا ہے

زمن نیک تر آنکہ بعد از خبر	نیارد بدل اعتقاد دگر

اور مجھ سے بھی اچھا وہ شخص ہے جو علم ہو جانے کے بعد دل میں اس کے خلاف اعتقاد نہ رکھے

زباں را کند منع زاں ہر سخن	کہ دور از ادب باشد و سوءِ ظن

اور زبان کو ہر اس بات سے باز رکھے جو ادب کے خلاف اور بدظنی ہو

بدنیا ہمہ نوعِ سود و زیاں	باغلب رسد از ممرِّ زباں

دنیا میں ہر قسم کا نفع اور نقصان اکثر زبان کے راستے سے پیدا ہوتا ہے

نوال از سخن مایۂ یافتن	مقرب شدن پایۂ یافتن

کلام کے ذریعے دولت مل سکتی ہے۔ نیز مقرب ہونا اور عزت پانا بھی ممکن ہے

ہم از گفتگو ہا یکے آں بود	کہ در گفتنش خطرۂ جاں بود

اسی طرح بعض باتیں ایسی ہوتی ہیں کہ ان کے کہنے میں جان کا خطرہ ہو جاتا ہے

چساں گفتۂ من بفہمی تمام	چساں ریزم اندر دلت ایں کلام

میری بات کو تو پوری طرح کیونکر سمجھے کس طرح میں اپنے کلام کو تیرے دل میں ڈال دوں

اگر جاہلے سر بتابد ز پند	عجب نیست کو خود بہ جہل است بند

اگر کوئی جاہل نصیحت ماننے سے انکار کرے تو تعجب نہیں کیونکہ وہ پہلے ہی جہالت میں پھنسا ہوا ہے

ولے از تو دارم عجب اے اخی	کہ فرزانہ باشی و نادان شوی

لیکن اے بھائی مجھے تو تیری طرف سے حیرانی ہے کہ تو دانا ہو کر نادان بنتا ہے

رسولے معظم کہ دادار جاں	چراغِ جہانش بگوید عیاں

وہ رسول معظم جسے خدا نے صاف طور پر جہان کا چراغ فرمایا ہے

چہ چیز از تو فتاد و حجاب است دبند | چہ دیوار داری کشیدہ بلند

تو پھر کونسی چیز ہے جو تیری راہ میں حائل ہے اور حجاب بن رہی ہے تو کونسی اونچی دیوار ہے جو تیرے سامنے کھنچی ہوئی ہے

مشو غرہ بر گفتۂ یک کسے | کہ عقل و تدبّر نہ دارد بسے

تو اس شخص کے قول پر فریفتہ نہ ہو۔ جو عقل و دانش نہیں رکھتا

دہر فاضلے بہرہ گیر اے جوان | بعقل و ادب باش پیر اے جوان

اے جوانمرد۔ ہر عالم سے فائدہ اٹھا اور عقل و ادب کی رو سے اے جوان تو بزرگ بن جا

قدم نہ بہ تقلید اہلِ کمال | کہ خود رو فتد ناگہاں در ضلال

اہل کمال کی تقلید کی راہ پر چل۔ کہ آدمی خود رائی سے ناگہاں گمراہی میں جا پڑتا ہے

میانہ گزیں باش و با اعتدال | کہ یک سو روی باشد از اختلال

میانہ روی اور اعتدال کے طریقہ کو اختیار کر کہ یک طرفہ چلنا فساد کا موجب ہوتا ہے

دو چشم کسے چوں سلامت بود | بیک چشم دیدن ندامت بود

جس کی دونوں آنکھیں سلامت ہوں تو صرف ایک آنکھ سے دیکھنا اس کے لیے باعث ندامت ہوتا ہے

بہ تحقیق باید نظر چست داشت | دو دیدہ معطل نباید گذاشت

ہمیشہ تحقیق کی نظر چست رکھنی چاہیئے اور آنکھوں کو بے کار نہیں چھوڑنا چاہیئے

چو صوفی صفا در دل آمیختند | مدد از سوادِ عیون ریختند

جب صفائی کا صوف دل میں ملاتے ہیں تو آنکھوں کی سیاہی سے روشنی ڈالتے ہیں

دو چیز است چوپانِ دُنیا و دیں | دلِ روشن و دیدۂ دُور بیں

دو چیزیں دین و دُنیا کی محافظ ہیں۔ ایک تو روشن دل دوسرے دُور اندیش نظر

خدا را ست آن بندگان کرام | کہ از بہر شان مے کند صبح و شام

خدا کے نیک بندے ایسے بھی ہیں جن کے لیے خدا صبح و شام کو پیدا کرتا ہے

بدنبال جنتے چو مے بنگرند | جہانے بدُنبالِ خود مے کشند

جب وہ کن انکھیوں سے دیکھتے ہیں تو ایک جہان کو اپنے پیچھے کھینچ لیتے ہیں

اثر ہاست در گفتگوہائے شاں | چکد نُورِ وحدت زِ روہائے شاں

اُن کے کلام میں اثر ہوتا ہے اور اُن کے چہروں سے توحید کا نور ٹپکتا ہے

دراں شاں پئے اظہارِ ہر خیر و شر | نہاد ست حق خاصیت مستتر

ان میں نیکی اور بدی کے اظہار کے لیے خدا تعالےٰ نے مخفی خاصیت رکھ دی ہے

بگفتن اگرچہ خدا نیستند | ولے از خدا ہم جدا نیستند

اگرچہ کہنے کو وہ خدا نہیں ہیں۔ لیکن خدا سے جُدا بھی نہیں ہیں

کسے را کہ او ظلِّ یزداں بود | قیاسش بخود جہل و طغیاں بود

جو شخص خدا کا ظلّ ہو اس کو اپنے پر قیاس کرنا جہالت اور سرکشی ہے

بدشّش اگر ایراد سُو گر آید کتاب | ازیں سُو بزودی بگویم جواب

اس کے رد میں اگر کوئی کتاب شائع ہو تو میں اس طرف سے فوراً جواب دوں گا

ولیکن بباید کتابے تمام | کہ باشد محیطِ ہمہ ما یُرام

مگر یہ چاہیے کہ وہ کتاب پوری ہو اور تمام مقاصد پر حاوی ہو

زِ عہدے کہ کردم نگردم کنے | نہ گردم رباید صبا زیں رہے

میں کبھی اس عہد سے نہیں پھروں گا جو میں نے کیا ہے ہوا میری گرد کو بھی اس رستے سے نہیں ہٹا سکتی

مگر کآسمانی دگر گونہ کار | فراز آید از گردشِ روزگار

سوائے اس کے کہ آسمان سے کوئی اور امر گردشِ زمانہ کی وجہ سے نازل ہو

چہ گویم زتدریسِ اطفالِ حال | کہ دارم دل از حال شاں پُر ملال

اس زمانہ کے بچوں کی تعلیم کا کیا حال بیان کروں کہ میرا دل ان کی وجہ سے بہت رنجیدہ ہے

معلّم میسّر شود بست کس | ولیکن بزر مشکل این است بس

بیسیوں اُستاد مل سکتے ہیں۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ صرف روپیہ سے ملتے ہیں

کجا آں قناعت گزیں اوستاد | کہ بر اند کے آمد از انحاد

وہ قانع اُستاد اب کہاں رہے جو اپنے اخلاص کے باعث تھوڑے گذارہ پر مل جاتے تھے

بکوشیم و انجامِ کار آں بود | کہ آں خواہش و رائے یزداں بود

ہم کوشش کرتے ہیں مگر نتیجہ وہی ہوتا ہے جو خدا کی مرضی اور خواہش ہوتی ہے

فتادست در فاضلاں حرص و آز | ہمہ جا یگاہ شد در طمع باز

عالموں کے دلوں میں حرص اور لالچ پیدا ہو گیا ہے اور ہر جگہ طمع کے دروازے کھل گئے ہیں

طمع عہد ہائے گراں بگسلد | زدلدار پیوندِ جاں بگسلد

لالچ تو بڑے بڑے مضبوط اقراروں کو توڑ دیتا ہے بلکہ محبوب کے ساتھ گہرے رابطہ کو بھی توڑ دیتا ہے

بجویند از حرص کثرت بمال | ازاں خود فتد اندراں اختلال

یہ لوگ حرص کی وجہ سے کثرتِ مال چاہتے ہیں حالانکہ مال کمانے میں بھی حرص کی وجہ سے فتور پڑتا ہے

دریغا ندانند ایں مردماں | کہ آہستگی ہم رساند بداں

افسوس کہ یہ لوگ نہیں جانتے۔ کہ آہستگی سے بھی اُن کی یہ مراد پوری ہو سکتی ہے

زماند بما پیادق آہستہ راند | کہ ناگاہ بر جائے فرزیں نشاند

زمانے نے بہت سے پیادے شطرنج کے آہستہ آہستہ بڑھائے یہاں تک کہ آخر کو ہم فرزین کی جگہ بٹھا دیا

بنظم ایں قدر ما جرائے بوفت | بپوشی گر از من خطائے برفت

یہ تھوڑا سا حال میں نے نظم میں لکھا ہے اگر مجھ سے کوئی غلطی ہوئی ہو تو پردہ پوشی کر

کہ من بندۂ ناکس و کمترم | نہ گوہر شناسم نہ با گوہرم

کیونکہ میں ایک کمزور اور عاجز انسان ہوں نہ جوہر شناس ہوں نہ جوہری

بود چشم اہل ہنر از عیب پاک | اگر جاہلے عیب بیند چہ باک

ہنرمندوں کی آنکھ تو عیب گیری کے نقص سے پاک ہوتی ہے اگر جاہل عیب بین ہوا کرے تو اس کا کوئی مضایقہ نہیں

(اخبار بدر جلد ۸ نمبر ۱۷ صفحہ ۲۹ اپریل ۱۹۰۹ء)

کے شوی عاشق رُخ یارے | تا نہ بر دل رخش کند کارے

تو کبھی کسی معشوق کا عاشق ہو سکتا ہے جب تک اس کا چہرہ تیرے دل میں بس نہ جائے

ہمچنیں زاں لبے دو گفتارے | آں کند کار ہا کہ دیدارے

اسی طرح اُن ہونٹوں کے دو بول وہی اثر رکھتے ہیں جیسے محبوب کا دیدار

لاجرم عشق دلبر خوش خو | خیزد از گفتگو چو دیدن رو

بے شک دلبر خوشخو کا عشق اس کی گفتگو سے بھی پیدا ہو جاتا ہے جیسا کہ اس کے دیکھنے سے

گفتگو با کشش بود بسیار | بے سخن کم اثر کند دیدار

کلام میں بڑی کشش ہوا کرتی ہے۔ کلام کے بغیر دیدار کا اثر کم ہوا کرتا ہے

هر کہ بذوقِ کلام یافتہ راہِ این رہ تمام یافتہ است

جس کو ذوقِ کلام نصیب ہو گیا اس نے عشق کے راستہ کا سارا راز معلوم کر لیا

زیرِ لب گفتگوئے جانانہ زندگی بخشدت بیک آنے

محبوب کی شیریں کلامی پل بھر میں تجھے زندگی عطا کر دے گی

دوزخے کو عذاب پُر ہول ثم اصل آں ہست لا یکلمہم

وہ دوزخ جو ثم کی طرح عذاب سے پُر ہے اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ خدا تعالیٰ اُن سے کلام نہیں کرے گا

دل نہ گردد مصفا نہ خیزد بیم تا چو موسیٰ نہ شوی تو کلیم

نہ دل صاف ہوتا ہے نہ خوف دور ہوتا ہے جب تک تو موسیٰ کی طرح کلیم نہ بن جائے

ہست دارندۂ دل کلامِ خدا کے شوی مست جز بجامِ خدا

دل کی دوا خدا کا کلام ہے تو خدا کے اس جام کے بغیر سیراب کیونکر ہو سکتا ہے؟

تا نہ او گفت خود انا الموجود عقدۂ ہستیش کسے نکشود

جب تک اس نے خود انا الموجود نہ کہا تب تک اس کی ہستی کا عقدہ کوئی کھول سکا

تا نتابد مشعلے ز غیب پدید از شبِ تارِ جہل کس نرہید

جب تک غیب سے مشعل ظاہر نہ ہوئی تب تک جہالت کی اندھیری رات سے کسی نے رہائی نہ پائی

تا نہ خود را نمود خود دادار کس ندانست کوئے آں دلدار

جب تک خدا نے خود اپنے تئیں ظاہر نہ کیا تب تک کسی کو اس دلدار کی گلی کا پتہ نہ لگا

تا نہ خود از سخن یقیں نہ بخشید کس ز زندانِ ریب و شک نرہید

جب تک اس نے خود اپنے کلام کے ذریعہ یقین نہ بخشا تب تک کوئی شک و شبہ کے قید خانہ سے آزاد نہ ہوا

هر چه باشد نفی و صدق و اعتقاد | بے یقیں سست باشدش بنیاد

زہد اور صدق اور اعتقاد کی جو بات بھی ہو بغیر یقین کے اس کی بنیاد کمزور ہوتی ہے

گر یقیں نیست بر خدائے یگاں | از محالات قوتِ ایماں

اگر خدائے واحد پر یقین نہیں ہے تو قوتِ ایمان ناممکن ہے

بے یقیں دین و کیش بیہودہ است | بے یقیں ہیچ دل نیاسودہ ست

دین و مذہب بغیر یقین کے بالکل فضول ہیں کوئی دل بغیر یقین کے آرام نہیں پاسکتا

بے یقیں دل تجلیات یقیں! | کس ندیدستہ زِ دامِ دیو لعیں

بغیر یقین کے اور بغیر یقین کی روشنیوں کے کوئی شخص شیطان لعین کے پھندے سے آزاد نہ ہوسکا

بے یقیں از گمرہ نرستہ کسے | دانم احوالِ شیخ و شاب بسے

یقین کے بغیر کوئی شخص بھی گناہ سے نہیں چھٹتا میں بہت سے بوڑھوں اور جوانوں کے حال سے آگاہ ہوں

آں خدائے کہ ذاتِ او دست نہاں | دُور تر از دو چشمِ عالمیاں

وہ خدا جس کی ذات پوشیدہ ہے اور اہل جہان کی آنکھوں سے بہت دُور ہے

بر وجودش یقیں چساں آید | گر نظر نیست گفتگو باید

اس کے وجود پر کس طرح یقین حاصل ہو اگر دیدار نہیں تو گفتگو تو ضروری ہے

زیں سبب ہست حاجتِ گفتار | گر میسّر نمے شود دیدار

اسی واسطے الہام کی ضرورت ہے کیونکہ خدا تعالےٰ ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آتا

بے کلام و شہادتِ آیات | کے یقیں میشود کہ ہست آں ذات

بغیر کلام اور نشانات کی گواہی کے کس طرح یقین آئے کہ وہ ذات موجود ہے

بے یقینی کے ہمی شود دل پاک | مُردہ چوں سر بر آرد از تہِ خاک

بغیر یقین کے دل بھی کب پاک ہوسکتا ہے خاک کے نیچے سے مُردہ کیونکر سر اُٹھا سکتا ہے

گر یقیں نیست نیز ایماں نیست | زہد و صدق و ثبات و عرفاں نیست

اگر یقین نہیں تو ایمان بھی نہیں ہے اس طرح بغیر یقین کے زہد۔ صدق۔ استقلال اور عرفان بھی حاصل نہیں ہوتا

جُز یقیں مشکل ست صدق و ثبات | سخت دشوار ترکِ منہیات

بغیر یقین کے وفاداری اور استقامت مشکل ہے اور گناہوں کا ترک کرنا بھی سخت دشوار ہے

زیں سبب خلق شد چو مُردارے | سرد تہی گشت از سرِ یارے

اسی وجہ سے خلقت مُردار کی طرح ہوگئی اور یار کی محبت سے دل خالی ہوگیا

روز و شب کاروبارِ فسق و فجور | حاصلِ عمر کفر و کبر و غرور

لوگ دن رات فسق و فجور میں مبتلا ہیں زندگی کا حاصل کفر۔ تکبّر اور غرور ہوگیا ہے

دین و مذہب برائے آں باشد | کز یقیں سوئے حق کشاں باشد

دین اور مذہب تو اس لیے ہوتا ہے کہ یقین پیدا کرکے وہ خدا کی طرف کھینچے

ایں چہ دینے کہ مے کشد ہر آں | سوئے شیطان و سیرتِ شیطاں

یہ دین کیسا ہے جو ہر لحظہ شیطان اور شیطانی حرکتوں کی طرف کھینچتا ہے

از ریا عیبِ خویش مے پوشند | ہر دم از حرص و آز مے جوشند

یہ لوگ ریا سے اپنے عیبوں کو چھپاتے ہیں اور ہر وقت ان میں لالچ اور حرص جوش مار رہے ہیں

چوں یقیں نیست بر خدائے وحید | لاجرم نفس شد خبیث و پلید

چونکہ خدائے واحد پر یقین ہی نہیں ہے اس لیے بے شک نفس گندہ اور پلید ہوگیا ہے

نفسِ دُزدان تا نہ بیند آں انوار — کے شود سرد خواہش مُردار

نفسِ دُزدان جب تک وہ انوار نہ دیکھے تب تک مردار کی خواہش کب سرد ہو سکتی ہے

ہست الہامِ کلامِ ربّانی — آنہ خُدا آلۂ خُدا دانی

خدا کی قسم یہ خدا کا کلام ہی ہے جو خدا کی طرف سے خدا شناسی کا آلہ ہے

اژدہائے دہانِ کہ نفسش نام — بے کلامِ خدا نہ گردد رام

وہ اژدہا جس کا نام نفس ہے خدا کے کلام کے بغیر مطیع نہیں ہوتا

ایں فسوں است بہرِ ایں مارے — کز لبِ یارِ یک دو گفتارے

اس سانپ کا یہی منتر ہے کہ محبوب کے منہ سے ایک دو باتیں سُن لی جائیں

وہ چہ دارد اثر کلامِ خُدا — دیو بگریزد از پیامِ خُدا

وہ خدا کا کلام کیا اثر رکھتا ہے کہ اس کے پیام سے شیطان بھاگتا ہے

وز در اکارِ مست با شبِ تار — چوں سحر شد گریزد آں غدّار

جو کہ تعلق اندھیری رات کے ساتھ ہے جہاں صبح ہوئی اور وہ غدار بھاگا

ہمچو نقولِ خُدا کدام سحر — کہ رود تیرگی ازو یکسر

خدا کے کلام جیسی اور کونسی صبح ہے جس کی وجہ سے اندھیرا بالکل دُور ہو جائے

ہر کہ ایں در برو خدا بکشاد — بے توقف خدایش آمد یاد

جس شخص پر خدا نے الہام کا دروازہ کھول دیا اُسے ہمیشہ خدا یاد رہتا ہے

آنچناں دُور شد ز خبث و فساد — کہ نماند اثر ز استعداد

وہ خباثت اور فساد سے اتنا دور ہو جاتا ہے کہ ان باتوں کی صلاحیت ہی اس میں نہیں رہتی

هاں کہ در عمرِ خود ندید آں نور | کور ماند و نہ نورِ حق مبحور!

کہ جس نے عمر بھر وہ روشنی نہیں دیکھی وہ اندھا اور خدا کے نور سے دُور ہی رہا

کس نیابد ازاں بیگاں اسرار | جز سعیدے کہ یابد آں گفتار

کوئی بھی اس معبود بیگانہ سے اسرار حاصل نہیں کرتا سوائے اس سعادت مند کے جسے الہام نصیب ہوجائے

ہر کہ ایں مہر بد سرِ اُو تافت | فوقِ مہرِ خدا ہماں کس یافت

جس کے سر پر یہ آفتاب چمکا وہی خدا کی محبت کا مزا چکھتا ہے

ہیچ دانی کلامِ رحماں چیست | دانکہ آں خوریافت آں مہ کیست

تجھے خبر بھی ہے کہ رحمان کا کلام کیا چیز ہے اور وہ چاند کونسا ہے جس کے پاس کلام رحمان کا سورج ہے

آں کلامش کہ نُور ہا دارد | شک و ریب از قلوب بردارد

اس کا وہ کلام جو اپنے اندر انوار رکھتا ہے دلوں سے شک و شبہ کو دُور کر دیتا ہے

نور در ذاتِ خویش و نور دہد | رگِ ہر شک و ہر گماں ببرد

وہ خود بھی نور ہے اور دوسروں کو بھی نور عطا کرتا ہے اور ہر شک اور گمان کی جڑ کاٹ دیتا ہے

دل کہ باشد گرفتۂ اوہام | یابد از وے سکینت و آرام

وہ دل جو وہم میں گرفتار ہو اسی سے تسکین اور آرام پاتا ہے

ہیچ میخے کہ ہست فولادی | در دل آید فزایدت شادی

وہ ایک فولادی میخ کی طرح دل میں گڑ جاتا ہے اور خوشی کو بڑھاتا ہے

زو رہد عادتِ فساد و شقاق | چارۂ زہرِ نفس چوں تریاق

اس کی برکت سے فساد اور جھگڑے کی عادت دُور ہوتی ہے اور وہ تریاق کی طرح نفس کے زہر کا علاج ہے

کارہائے کند بہ انسانے | ہمچو بادِ صبا بہ بستانے

الہام انسان کے ساتھ وہی کام کرتا ہے جو بادِ صبا باغ کے ساتھ کرتی ہے

مے کشاید دو چشمِ انسان را | مے نماید جمالِ رحماں را

الہام آدمی کی دونوں آنکھوں کو کھول دیتا ہے اور رحمان کا جمال دکھلا دیتا ہے

دیدِ وحیِ خدا چو گردد باز | بستہ گردد بہ آدمی دیدِ آز

جب خدا کی وحی کا دروازہ کھلتا ہے تو آدمی پر حرص کا دروازہ بند ہو جاتا ہے

یک کششِ کارے کند بہ دروں | در دل آید فرو رخِ بیچوں

اس کی ایک کشش انسان کے باطن کو دعوت کر دیتی ہے اور اس کیلئے خدا کا چہرہ دل کے اندر اتر جاتا ہے

زاں کششِ دل ہمی شود بیدار | متنفر زِ غیر و طالبِ یار!

اس کشش سے دل بیدار ہو جاتا ہے اور وہ غیر سے متنفر اور خدا کا طالب بن جاتا ہے

رُو زِ ہر حرص و آز تابندہ | سوئے یارِ ازل شتابندہ

وہ ہر لالچ اور حرص سے منہ پھیر لیتا ہے اور یارِ ازلی کی طرف دوڑتا ہے

میوہ از روضۂ فنا خوردہ | واز خود و آرزوئے خود مُردہ

باغِ فنا کا میوہ کھاتا ہے خودی اور خواہشِ نفسانی کی طرف سے مر جاتا ہے

سیلِ عشقش زِ جائے خود بردہ | رخت در جائے دیگر آوردہ

خدا کی محبت کا سیلاب اسے اپنی جگہ سے بہا کر لے جاتا ہے اور وہ کسی اور جگہ اپنا ڈیرہ ڈال چکا ہے

پاک و طیب بچشمِ بے چوناں | پیشِ کورانِ نجیث و ملعوناں

خدائے بیچوں کی نظر میں پاک صاف ہو جاتا ہے اگرچہ اندھوں کے نزدیک خبیث اور ملعون ہوتا ہے

دیں چو پُر شد ز شیشۂ عطار	لاابالی ز لعنتِ اغیار

وہ دین سے ایسا پُر ہوتا ہے جیسے عطار کا شیشہ اور نا اہلوں کی لعنت سے لاپروا ہو جاتا ہے

دستِ غیبے کشیدہ دامنِ دل	برکشیدہ دو دستِ یار ز گل

ایک غیب کا ہاتھ اس کے دامن کے دل کو کھینچ لیتا ہے اور یار کے دونوں ہاتھ اسے کیچڑ سے نکال لیتے ہیں

پاک دل پاک جان و پاک ضمیر	دُور تر از مکاید و تزویر

وہ پاک دل پاک روح اور پاک خیال ہو جاتا ہے۔ چالاکیوں اور جھوٹ سے بہت دُور

اسپِ خیالِ عشق تیز مرکب راند	کہ ازاں مشتِ خاک ہیچ نماند

عشق نے گھوڑے کو اتنا تیز دوڑایا کہ اس مشتِ خاک کا کچھ بھی باقی نہ رہا

کشتۂ دلبر و دلآرامے	رستہ یکسر ز ننگ و از نامے

دلبر اور دلارام پر قربان اور ننگ و ناموس بالکل بے پروا ہو جاتا ہے

پُر نہ عشق و تہی نہ ہر آزے	قصہ کوتاہ کرد آوازے

وہ عشق سے بھرپور اور حرص سے خالی ہوتا ہے ایک ہی آواز نے اس کا کام تمام کر دیا ہے

آں ندائے یقیں کہ گوش شنید	کرد کار و ز غیرِ حق ببرید

اُسی یقینی آواز نے جو اس کے کانوں میں پڑی بڑا کام کیا اور اُسے غیر اللہ سے منقطع کر دیا

رفتہ بیروں ز حلقۂ اغیار	دل بریدہ ز غیرِ آں دلدار

وہ غیروں کے دائرہ سے باہر نکل گیا اور غیر اللہ سے بے تعلق ہو گیا

پاک گشتہ ز لوثِ ہستیِ خویش	رستہ از بندِ خود پرستیِ خویش

وہ اپنی ہستی کی آلودگی سے پاک ہو گیا اور خود پرستی کی قید سے آزاد

یکتان یار در کمند انداخت | کہ نداند بدیگرے پرداخت

یار نے اس طرح اُسے اپنی کمند میں لے لیا۔ کہ وہ دوسروں سے کوئی واسطہ ہی نہیں رکھتا

قدم خود زدہ براہِ عدم | گم بیادش ز فرق تا بقدم

فنا کے راستے پر چل پڑا اور اس کی یاد میں سر سے پیر تک گم ہو گیا

ذکرِ دلبر غذائے او گشتہ | ہمہ دلبر برائے او گشتہ

دلبر کا ذکر اس کی غذا ہو گیا بلکہ سارا دلبر اس کے لیے ہو گیا

سوختہ ہر غرض مجز دلدار | دوختہ چشم دل ز غیر نگار

اُس نے سوائے دلدار کے اپنی ہر خواہش کو جلا دیا اور محبوب کے سوا ہر چیز کی طرف سے آنکھ بند کر لی

دل و جاں بر رُخے فدا کردہ | وصلِ او اصلِ مدعا کردہ

اس کے چہرہ پر جان و دل فدا کر دیا اور اس کے وصل کو اپنا خاص مدعا بنا لیا

مردہ و خویشتن فنا کردہ | عشق جوشید و کارہا کردہ

وہ مر گیا اور اس نے اپنے تئیں فنا کر دیا۔ عشق جوش میں آیا اور اس نے سب کام کر دیئے

از خودی ہائے خود فتاد جُدا | سیلِ پُر زور برد بُرد از جا

اپنی خودی سے الگ ہو گیا۔ سیلاب بہت زور کا تھا اُسے بہا کر لے گیا

تن چو فرسود دل ستان آمد | دل چو از دست رفت جان آمد

جب بدن کمزور ہو گیا تو محبوب آ گیا جب دل ہاتھ سے چلا گیا تو محبوب تشریف لے آیا

عشق دلبر بروئے او بارید | ابرِ رحمت بکوئے او بارید

محبوب کا عشق اس کے چہرے سے ظاہر ہونے لگا اور ابرِ رحمت اس کے کوچہ میں برسنے لگا

از یقینے کہ شد و گفتارے | در دلِ او بروست گلزارے

اس یقین کی وجہ سے جو الہام نے پیدا کیا تھا۔ اس کے دل میں ایک گلزار کھل گیا

ہر ظہورے یکے سبب دارد | واحد آں کو بدل طلب دارد

ہر نئی بات کا ایک سبب ہوا کرتا ہے اس کو وہی سمجھتا ہے جس کے دل کو طلب لگی ہوئی ہو

پس چناں شورشِ محبتِ یار | کہ بشوید ہم از خودی آثار

پس دوست کی محبت کی ایسی شورش ہو خودی کے آثار تک مٹا ڈالے

ایں میسر نمے شود زنہار | جز سخنہائے دلبر و دلدار

ہرگز میسر نہیں آسکتی سوائے دلبر اور دلدار کی باتوں کے

عشق کو رو نماید از دیدار | نیز گہ گہ بخیزد از گفتار

عشق جو دیدار سے پیدا ہوا کرتا ہے کبھی کبھی گفتار سے بھی پیدا ہوتا ہے

بالخصوص آں سخن کہ از دلدار | خاصیت دارد اندریں اسرار

خاص کر دلدار کی وہ باتیں جو اسرار کے طور پر عشق پیدا کرنے والی خاصیت اپنے اندر رکھتی ہیں

کشتۂ او نہ یک نہ دو نہ ہزار | ایں قتیلانِ او بروں ز شمار

ان باتوں کے فدائی صرف ایک دو یا ہزار انسان ہی نہیں ہیں بلکہ اس کے کشتے بے شمار ہیں

ہر زمانے قتیل تازہ بخواست | غازۂ روئے او دمِ شہداست

ہر وقت وہ ایک نیا قتیل چاہتا ہے اس کے چہرہ کا غازہ شہیدوں کا خون ہوتا ہے

ایں سعادت چو بود قسمتِ ما | رفتہ رفتہ رسید نوبتِ ما

یہ سعادت چونکہ ہماری قسمت میں تھی رفتہ رفتہ ہماری نوبت بھی آپہنچی

کربلائے است سیر ہر آنم | صد حسین است در گریبانم[1]

کربلا میری ہر آن کی سیر گاہ ہے۔ سینکڑوں حسین میرے گریبان کے اندر ہیں

آدم نیز احمدِ مختار | در برم جامۂ ہمہ ابرار

میں آدم بھی ہوں اور احمد مختار بھی میرے جسم پر تمام ابرار کے خلعت ہیں

کارہائے کہ کرد با من یار | برتر آں دفتر است از اظہار

وہ کام جو خدا نے میرے ساتھ کیے وہ اتنے زیادہ ہیں کہ شمار میں نہیں آسکتے

آنچہ داد است ہر نبی را جام | داد آں جام را مرا تمام

جو جام اس نے ہر نبی کو عطا کیا تھا وہی جام اس نے کامل طور سے مجھے بھی دیا ہے

دلِ من بُرد و اُلفتِ خود داد | خود مرا شد بوحیِ خود اُستاد

وہ میرا دل لے گیا اور اپنی الفت مجھے دے دی اور وحی کے ذریعہ آپ میرا اُستاد بن گیا

وحی اُو را عجب اثر دیدم | رُوئے آں مہرباں قمر دیدم

میں نے اُس کی وحی میں عجب اثر دیکھا یعنی اُس سورج کا چہرہ اس چاند کے طفیل نظر آگیا

دیدم از خلق رنج و کروہات | وانچہ چیز است پیش ایں لذات

میں نے مخلوق سے جو رنج اور تکلیفیں دیکھیں وہ اِن لذتوں کے آگے کیا چیز ہیں

دیدم از ہجرِ خلق جلوۂ یار | کارِ دیگر بر آمد از یک کار

میں نے خلقت سے بچھڑ کر یار کا جلوہ دیکھا۔ ایک کام سے دوسرا کام نکل آیا

---

[1] اس شعر کا صرف یہ مطلب ہے کہ حضرت حسین تو ایک ہی مرتبہ کربلا گئے تھے مگر میں ہر وقت کربلا (یعنی مصیبت) میں ہوں اور مجھ پر ایک سو حسینوں کے برابر مصیبت پڑی ہے یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ایسے ایسے سو حسین میری جیب میں پڑے ہیں (محمد اسماعیل پانی پتی)

آنچہ من بشنوم ز وحیِ خدا | بخدا پاک دانمش و خطا

جو کچھ خدا کی وحی سے میں سنتا ہوں خدا کی قسم میں اُسے غلطی سے پاک سمجھتا ہوں

ہمچو قرآن منزّہ اش دانم | از خطاہا ہمیں است ایمانم

میں اُسے قرآن کی طرح غلطیوں سے پاک جانتا ہوں اور یہی میرا ایمان ہے

من خدا را بدو شناختہ ام | دل بدیں آتشش گداختہ ام

میں نے خدا کو اسی کے ذریعہ سے پہچانا ہے خدا کی اس آگ سے ہی میں نے اپنے دل کو گداز کیا ہے

بخدا ہست ایں کلامِ مجید | از دہانِ خدائے پاک و وحید

خدا کی قسم یہ خدا تعالیٰ کا کلام ہے اور وہ خدائے قدوس اور واحد کے منہ سے نکلا ہوا ہے

آنچہ بر من عیاں شد از دادار | آفتابے است با دو صد انوار

جو کچھ مجھ پر خدا کی طرف سے ظاہر ہوا ہے وہ ایک آفتاب ہے جو سینکڑوں انوار اپنے ساتھ رکھتا ہے

ایں خدائیست ربِّ ارنی بم | بگہ رو آرم ار ازو تابم

یہ ہے میرا خدا جو ربّ الارنی ہے اگر میں اُس سے رُوگردانی کروں تو پھر کس کی طرف رُخ کروں

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے | من بعرفاں نہ کمترم ز کسے

اگرچہ انبیاء بہت ہوئے ہیں۔ مگر میں معرفت الٰہی میں کسی سے کم نہیں ہوں

وارثِ مصطفےٰ شدم بیقیں | شدہ رنگیں برنگِ یار حسیں

میں یقیناً مصطفےٰ کا وارث ہوں اور اُس حسین محبوب کے رنگ میں رنگین ہوں

آں یقینے کہ بود عیسےٰ را | بر کلامے کہ شد بروالقا

وہ یقین جو عیسیٰ کو اُس کلام پر تھا جو اُس پر نازل ہوا تھا

وان یقینِ کلیم بر توراتش | وان یقینہائے سید السادات

اور وہ یقین جو موسیٰ کو تورات پر تھا اور وہ یقین جو سید المرسلین کو حاصل تھا

کم نیم زاں ہمہ بروئے یقین | ہر کہ گوید دروغ ہست لعین

میں یقین کے معاملہ میں اُن میں سے کسی سے کم نہیں ہوں جو جھوٹ بولتا ہو وہ لعنتی ہے

لیک آئینہ ام ز ربِّ غنی | از پئے صورتِ مہِ مدنی

لیکن میں ربِّ غنی کی طرف سے آئینہ کی مانند ہوں اُس مدینہ کے چاند کی صورت دنیا کو دکھانے کے لیے

ہر چہ آں یار بر دلِ من ریخت | نہ شیاطیں بدو نہ نفس آمیخت

جو کچھ (الہام) اُس یار نے میرے دل میں ڈالا اُس میں نہ شیطان نے ملاوٹ کی نہ نفس نے

خالص آمد کلامِ آں دادار | زیں سبب شُد دلم پُر از انوار

اُس خدا کی طرف سے خالص کلام نازل ہُوا اس لیے میرا دل انوار سے بھر گیا

ہست آں وحیِ تیرہ سو خفتی | کہ نبود است بر یقیں مبنی

وہ تاریک وحی جلا دینے کے قابل ہے جو یقین پر مبنی نہ ہو

لیکن ایں وحی با یقیں ز خداست | ہمہ کارم ازاں یقیں شدہ راست

لیکن میری یہ وحی یقیناً خدا کی طرف سے ہے میرا سب کام یقین کی وجہ سے ہی ٹھیک ہو گیا

آمدم اہل زماں کہ باد خزاں | کردہ یکسر ریاضِ دیں ویراں

میں ایسے زمانہ میں آیا ہوں جب بادِ خزاں نے دین کے باغ کو یکسر اجاڑ دیا تھا

در مشائخ نماند جز تزویر | عالماں ہم نشستہ ہمچو ضریر

مشائخ میں سوائے جھوٹ کے اور کچھ نہ رہا تھا اور عالم بھی اندھوں کی طرح معذور ہو گئے تھے

عاشقِ زر شدند و دولت و جاہ | دل تہی از محبتِ اس شاہ

وہ مال و دولت اور رعونت کے عاشق ہو گئے تھے اور دل اُس بادشاہ کی محبت سے خالی تھا

اندریں روزہائے چوں شبِ تار | قوم را دید خق بحالتِ زار

ان ایام میں جو اندھیری رات کی طرح کے تھے خدا نے ہماری قوم کو حالتِ زار میں دیکھا

پس مرا از جہانیاں بگزید | در دلم روحِ پاکِ خویش دمید

پس مجھے اہل دنیا میں سے چُن لیا اور میرے دل میں اپنی پاک وحی پھونکی

در دلِ من ز عشق شور افگند | خود مرا شد گسست ہر پیوند

میرے دل میں عشق کا جوش ڈال دیا وہ آپ میرا بن گیا اور ہر تعلق غیر کا توڑ ڈالا

کرد دیوانہ و خرد ہا داد | بست یک در ہزار در بکشاد

مجھے دیوانہ کر کے عقلیں بخشیں اور ایک دروازہ بند کر کے ہزار دل دروازے کھول دیے

خلق و مردم نصیحتم بکنند | تا ببرّم ز یار خود پیوند

مخلوق اور لوگ مجھے نصیحت کرتے ہیں کہ میں دوست سے تعلق منقطع کر دوں

من نیم کورِ تا چو کورانے | بگزینم چمے ز بستانے

میں نابینا نہیں ہوں کہ اندھوں کی طرح باغ چھوڑ کر کنویں کو اختیار کر لوں

آں برِ تازہ کاں عطیۂ یار | چوں زِ دست افگنم پئے مردار

وہ تازہ میوہ جو محبوب کا عطیہ ہے میں اُسے اس مردار دنیا کے لیے کیونکر پھینک دوں

گر جہانے بدشمنی خیزد | تیغ گیرد کہ خونِ من ریزد

اگر ایک جہان میری دشمنی پر کھڑا ہو جائے اور تلوار پکڑ لے کہ میرا خون گرا دے

من نہ آنم کہ ترکِ او گویم | جانِ من ہست یارِ مہ رویم

تب بھی میں ایسا نہیں ہوں کہ اُسے چھوڑ دوں میرا وہ ماہ رو یار تو میری جان ہے

رخت ہرگز ز کوچہ اش نبرم | بزدلاں دیگراند و من دگرم

میں اُس کی گلی سے اپنا ڈیرہ ہرگز نہ اٹھاؤں گا بزدل لوگ اور ہوتے ہیں اور میں اور ہوں

غارغم کرد عشقِ صورتِ یار | از غمِ حملہ ہائے ایں اغیار

محبوب کے عشق نے مجھے بے پروا کر دیا ہے۔ ان دشمنوں کے حملوں کے غم سے

شورشِ عشق ہست ہر آنے | تا بکے خیرِ ایں گریبانے

میرے اندر ہر وقت عشق کا ایک جوش ہے دیکھیے یہ گریبان کب تک سلامت رہتا ہے!

ناصحاں را خبر ز حالم نیست | گذرے سوئے آں زلالم نیست

نصیحت کرنے والوں کو میرے حال کی کچھ خبر نہیں۔ میرے مصفّا پانی کی طرف ان کا گذر نہیں ہوا

آمدم چوں سحر بلجۂ نور | تا شود تیرگی ز نورم دور

میں نور کا ایک طوفان لے کر صبح کی طرح آیا ہوں تاکہ یہ اندھیرا میرے نور کی وجہ سے دور ہو جائے

شور انگندہ ام کہ تا زیں کار | خلق گردد ز خوابِ خود بیدار

میں نے شور برپا کر رکھا ہے تاکہ اس کی وجہ سے خلقت اپنی نیند سے بیدار ہو جائے

غافلاں من ز یار آمدہ ام | ہمچو بادِ بہار آمدہ ام

اے غافلو۔ میں محبوب کے پاس سے آیا ہوں اور باد بہار کی طرح آیا ہوں

ایں زمانم زمانۂ گلزار | موسمِ لالہ زار و وقتِ بہار

یہ میرا زمانہ گلزار کا زمانہ ہے۔ یعنی لالہ زار کا موسم اور بہار کا وقت ہے

آمدم تا نگار باز آید | بیدلاں را قرار باز آید

میں اس لیے آیا ہوں تاکہ محبوب لوٹ آئے اور بددل لوگوں کو پھر آرام نصیب ہو

دستِ غیبم بپرورد ہر دم | کرد وحیش بمن ظہورِ اتم

ایک غیبی ہاتھ ہر دم میری پرورش کرتا ہے اور اس کی وحی نے کامل طور سے مجھ پر ظہور کیا ہے

نورِ الہام ہمچو بادِ صبا | نزدم آرد زغیب خوشبوہا

الہام الٰہی کا نور باد صبا کی طرح غیب سے میرے پاس خوشبوئیں لا رہا ہے

زندہ شد ہر نبی بآمدنم | ہر رسولے نہاں بہ پیرہنم

ہر نبی میرے آنے سے زندہ ہوگیا اور ہر رسول میرے پیراہن میں پوشیدہ ہے

پُر شد از نورِ من زمان و زمیں | سر بنوذت بر آسماں از کیں

میرے نور کی وجہ سے زمین و زماں روشن ہوگئے مگر ابھی تیرا سر عداوت سے آسمان پر ہے

با خدا جنگ ہا کنی ہیہات | ایں چہ جور و جفا کنی ہیہات

افسوس کہ تو خدا سے جنگ کر رہا ہے۔ یہ کیا ظلم و جفا کر رہا ہے۔ تجھ پر افسوس

از توسّع بروں نہادی پا | ہوش کن اے بریدہ زاں یکتا

تو نے تقویٰ کی راہ کو چھوڑ دیا۔ اے خدا سے بے تعلق شخص ہوش کر

از پئے خلق و ننگ و نام و رسوم | نافتی روئے حضرتِ قیوم

تو نے مخلوقات ننگ و ناموس اور رسوم کی خاطر اپنا منہ اس قیوم کی بارگاہ سے پھیر لیا ہے

رو بدو کن کہ روئے یار اینست | ہمہ رو ہا فدائے دلدار اینست

اپنا منہ اس کی طرف کر کہ اسی کا چہرہ تو اصل چہرہ ہے سارے چہرے اس دلدار پر سے قربان ہیں

وحیِ حق را چو نشنوی از ما | این مگو ما نیافتیم بما

جب تو ہم سے خدا کی وحی نہ سنے تو یہ نہ کہو کہ وہ ہم کو کیوں نہ ملی

تا نہ کارِ دلت بجاں برسد | چوں پیامت ز دلستاں برسد

جب تک تیرے دل کا کام تمام نہ ہو جائے کس طرح محبوب کا پیغام تیرے پاس پہنچے

تا نہ از خودی روی جُدا گردی | تا نہ قربانِ آشنا گردی

جب تک تو خود روی سے الگ نہ ہو اور جب تک تو دوست پر فدا نہ ہو

تا نیائی ز نفسِ خود بیروں | تا نہ گردی بروئے اُو مجنوں

جب تک تو اپنی نفسانیت سے باہر نہ آئے اور جب تک اُس کے چہرہ کا دیوانہ نہ بن جائے

تا نہ خاکت شود بسانِ غبار | تا نہ گردد غبارِ تو خونبار

جب تک تیری خاک غبار کی طرح نہ ہو جائے اور جب تک تیرے غبار میں سے خون نہ ٹپکے

تا نہ خونت چکد برائے کسے | تا نہ جانت شود فدائے کسے

جب تک تیرا خون کسی کی خاطر نہ بہے اور جب تک تیری جان کسی پر قربان نہ ہو جائے

چوں دہندت بکوئے جاناں راہ | چوں ندا آیدت ازاں درگاہ

تب تک تجھے کوئے جاناں کا راستہ کیوں کر ملے اور اُس درگاہ کی طرف سے تجھے آواز کیونکر آئے

تو حریصِ دراہم و دینار | روز و شب چوں سگاں بر اں مُردار

تو تو روپے پیسے کا لالچی ہے اور دن رات اسی مردار پر کتوں کی طرح گرا ہوا ہے

با چنیں حرص و آز و کبر و غرور | چوں غنی زکوئے جاناں دُور

اس قدر لالچ حرص تکبر اور غرور کے ساتھ کیا وجہ ہے کہ تو کوئے جاناں سے دُور نہ رہے

اگر کوئی سوار اِس راہ راست | اندر آنجا بجو کہ گرد نجاست

اگر تو اس سیدھے رستے کے سوار کو ڈھونڈتا ہے تو وہاں ڈھونڈ جہاں سے گرد اٹھتی ہے

اندر آنجا بجو کہ زور نماند | خود نمائی و کبر و شور نماند

وہاں ڈھونڈ جہاں زور باقی نہیں رہا۔ خود نمائی۔ تکبّر اور جوش نہیں رہا

اندر آنجا بجو کہ مرگ آمد | چوں خزاں سُست بارو برگ آمد

وہاں ڈھونڈ جہاں موت آگئی ہے جب خزاں چلی جاتی ہے تو پھل اور پتوں کا موسم آتا ہے

فانیاں را جہانیاں نرسند | جانیاں را زبانیاں نرسند

دنیادار باخدا لوگوں کے برابر نہیں ہوسکتے جانیں بچانے والے جان دینے والوں کے برابر نہیں ہوسکتے

لاف ہائے زباں بود مُردار | جز سگاں کس نجویدش زنہار

لاف زبانی دعوے مُردار کی طرح ہوتے ہیں۔ کتّوں کے سوا کوئی ان کو نہیں ڈھونڈتا

در دلے چوں پدید آں گلزار | بلبلش اہل دل شوند ہزار

جب کسی دل میں وہ گلزار پیدا ہوجاتا ہے۔ تو ہزاروں صاحب دل اس کے بلبل بن جاتے ہیں

ایں قبولیّت از خدا آید | نہ بہ تزویر و افترا آید

مگر یہ مقبولیت بھی خدا ہی کی طرف سے آتی ہے۔ فریب اور افترا سے نہیں آتی

چادرے کاندرو خدا باشد | صد عزیزے برو فدا باشد

وہ چادر جس کے اندر خدا ہو سینکڑوں عزت دار انسان اُس پر قربان ہوتے ہیں

در بود زیر جامہ شیطانے | زود بینی تباہ و ویرانے

اور اگر کپڑے کے نیچے شیطان ہو تو جلدی ہی تو اُسے تباہ اور ویران ہوتے دیکھ لے گا

یعنی خاکسار دل کے دیوانے

مے خوری زہر از گلِ بے خار و خسد | مے کنی با عبادِ ربِّ احد

اگر تو خدائے واحد کے بندوں سے بغض اور حسد کرتا ہے تو تُو زہر کھاتا ہے

تا نہ میری تیر نومیدی | دور از فضلِ حضرتِ باری

جب تک تو فنا نہیں ہوتا تب تک مرد سے بھی بدتر ہے اور خدا کی رحمت سے دُور ہے

تا نہ گردد سرمۂ گوں زینیاز | پردہ از نفسِ تو نہ گردد باز

جب تک تیرا سر عجز کے ساتھ نیچا نہ ہو گا تب تک تیرے نفس کے سامنے سے پردہ نہ ہٹے گا

تا نہ ریزد نغمہ پر و بال | اندر اینجا پریدن است محال

جب تک تیرے سب بال و پر جھڑ جائیں گے تب تک اس راہ میں تیرا اُڑنا محال ہے

پردۂ نیست بر رُخِ دلدار | تو ز خود پردۂ خودی بردار

دلبر کے چہرہ پر تو کوئی پردہ نہیں ہے مگر تو اپنے آگے سے خودی کا پردہ اٹھا

ہر کہ را دولتِ ازل شد یار | کارِ او شد تذلل اندر کار

جسے لازوال دولت مل جاتی ہے اُس کا کام ہر بات میں عجز و انکسار ہوتا ہے

آں سعیداں لقائے او دیدند | کہ بلا ہا برائے او دیدند

اُن خوش قسمتوں نے اُس کے چہرہ کو دیکھ لیا جنہوں نے اُس کی راہ میں مصیبتیں اٹھائیں

آں قدر ریختہ پئے آں شاہ | دل ز کف دار سر فتادہ کلاہ

اُس بادشاہ کے لیے انہوں نے اپنی عزت قربان کر دی دل ہاتھ سے گیا اور ٹوپی سر سے اُتری

گر نیایند سوئے یار گذر | از غمش جاں کنند زیر و زبر

اگر وہ محبوب کی طرف قدم نہیں بڑھاتے تو اُس کے غم میں اپنی جان زیر و زبر کر دیتے ہیں

کردہ بنیادِ خود ہمہ ویراں | ہم ملائک زِ صدقِ شاں حیراں

انہوں نے اپنی ہستی کی بنیاد اکھیڑ دی یہاں تک کہ فرشتے بھی اُن کی وفاداری پر حیران ہیں

چوں دلے سوئے دل رہے دارد | یار چوں یارِ خویش بگذارد!

چونکہ دل کو دل کی راہ ہوتی ہے۔ پس یار اپنے یار کو کیونکر چھوڑ دے

لاجرم ایں چنیں وفادارے | جامِ عزت خورد زاں یارے

پس ضرور ایسا وفادار اس دوست کے ہاتھ سے عزت کا جام پیتا ہے

ہمچو دیوانہ یک جہاں خیزد | تا بیک لحظہ خونِ اُو ریزد

ایک جہان دیوانوں کی طرح اُٹھ کھڑا ہوتا ہے تاکہ ذرا سی دیر میں اُس کا کام تمام کر دے

لیکن آں یار خود فرود آید | تا عدو را دو دست بنماید

لیکن وہ یار خود نازل ہوتا ہے۔ تاکہ دشمنوں کو دو دو ہاتھ دکھائے

ہمچنیں صادقاں نشاں دارند | قدسیاں بہرِ شاں بہ پیکار اند

صادقوں کے یہی نشانات ہوتے ہیں اُن کی خاطر فرشتے جنگ کرتے ہیں

ایں نہاں جنگ گر بشر دیدے | راہِ مردانِ راہ بگزیدے

اگر بشر اِس مخفی جنگ کو دیکھتا تو خدا کے راستے پر چلنے والوں کا راستہ اختیار کر لیتا

ہر عدوّے کہ خیزد از سرِ کیں | خود بکوبد سرش خدائے مبیں

ہر دشمن جو عداوت کی راہ سے اٹھتا ہے تو خدائے مبین خود اُس کا سر کچل دیتا ہے

چوں شود بندہ یارِ آں جاناں | پرکا بش دوند سلطاناں

جب بندہ اُس محبوب کا دوست بن جاتا ہے تو بادشاہ اُس کی رکاب کے ساتھ دوڑتے ہیں

ہر کہ جاں بر یار باختہ است | یارِ ما قدرِ او شناختہ است

جس نے بھی اپنی جان خدا کے لیے قربان کی۔ ہمارے خدا نے بھی اس کی قدر خوب پہچانی

از سگاں کمتر است دشمنِ او | بد گہر کو فتہ زِ ہاونِ اُو

اس کا دشمن کتوں سے بھی بدتر ہے وہ بد اصل خدا کی اوکھلی میں کوٹا جانا ہے

ہست از عادتِ خدائے علیم | مے کند فرق در سعید و لئیم

خدائے علیم کی یہ عادت ہے کہ وہ نیک بخت اور بدبخت میں فرق کر دیتا ہے

ہیچ دانی لئیم را چہ نشاں | آنکہ او دشمنِ امامِ زماں

کیا تجھے خبر ہے کہ بدبخت کی کیا علامت ہے وہ امام زماں کا دشمن ہوا کرتا ہے

آنکہ او آمد از خدائے یگاں | پیشِ چشمش زِ خیلِ معتریاں

جو خدائے واحد کی طرف سے آتا ہے اُس لئیم کی نظر میں وہ معتری لوگوں میں سے ہوتا ہے

گر نبودے شقی و کرمِ زمیں | توبہ کردے ز گفتگوئے چنیں

اگر وہ شقی اور زمین کا کیڑا نہ ہوتا۔ تو ایسی گفتگو سے توبہ کرتا

آنچہ با من کند عنایتِ یار | کے بغیرے شنیدی اے مُردار

وہ یار جو عنایت مجھ پر کرتا ہے اے مُردار کیا تُو نے ویسی کسی اور پر بھی سنی ہے؟

گر شعارِ تو اتقا بودے | مشعلِ غیب رہنما بودے

اگر تقویٰ تیرا شعار ہوتا۔ تو غیب کی مشعل تیری رہنما ہوتی

اتقا را بود ز صدق آثار | اے سیہ دل ترا بصدق چہ کار

اتقا کی علامت صدق ہے اے سیہ دل انسان تجھے صدق سے کیا مطلب

نیستی از خدا تو راز شناس | ہمہ بر ظن و وہم ہست اساس

تو خدا کے رازوں کو نہیں پہچانتا۔ تیری ساری بنیاد ظن اور وہم پر ہے

آنچہ گوئی ز راہ کبر و جحود | پیش ازیں گفتہ اند قوم یہود

تکبر اور انکار کی وجہ سے جو کچھ تو کہتا ہے اس سے پہلے یہودیوں نے بھی یہی کہا ہے

نفسِ تو ذرہ روحِ تو خستہ | ہمہ ابوابِ آسماں بستہ

تیرا نفس مٹا ہے اور روح بیمار اور آسمان کے سب دروازے تجھ پر بند ہیں

ایں چہ غفلت کہ خوش بریں کشتی | واز خدا ہیچ گہ نیندیشی

یہ کیا غفلت ہے کہ تو اس روش پر خوش ہے اور خدا تعالیٰ سے بالکل نہیں ڈرتا

اے بسا راز ہا کہ عین صواب | پیشِ کوراں مقامِ استعجاب

بہت سے راز ہیں جو اعلیٰ صداقتیں ہیں۔ مگر اندھوں کے لیے وہ تعجب کا مقام ہیں

رہ طلب کن بگریہ و زاری | تا بجوشد ترحمِ باری

رو رو کر رستہ ڈھونڈ۔ تاکہ خدا کا رحم جوش میں آئے

یک شب از صدق نعرہ ہا بردار | پیشِ آں عالمِ حقیقتِ کار

اس واقف حال خدا کے سامنے ایک رات خلوص کے ساتھ آہ و زاری کر

از ادب نے براہِ استکبار | زود مدد خواہ اندریں اسرار

تکبر سے نہیں بلکہ ادب کے ساتھ ان اسرار کے کھلنے کے لیے اس سے مدد مانگ

ترکنی تا ز اشکِ خویش بسترِ خویش | بازلب را کشائے با دلِ ریش

اپنے آنسوؤں کے ساتھ اپنے بستر کو تر کر۔ پھر زخمی دل کے ساتھ یوں عرض کر

کائے خدائے علیم رازِ نہاں | کے بعلمت رسد دلِ انساں

کہ اے علیم خدا پوشیدہ رازوں کے واقف تیرے علم تک انسان کا خیال کہاں پہنچ سکتا ہے

چوں ملایک ندیدہ اند آں نُور | کاں در آدم تو داشتی مستور

جب فرشتوں کو بھی وہ نور نظر نہ آیا۔ جو تو نے آدم میں پوشیدہ رکھا تھا

ماچہ چیزیم وعلمِ ماست چہ چیز | بے تو در صد خطر قیاس وتمیز

تو ہم کیا ہیں اور ہمارا علم کیا چیز ہے بغیر تیرے عقل اور تمیز کو بھی بے حد خطرہ ہے

ماخطا کار وکارِ ماست خطا | شد تبہ کارِ ما زِ عجلتِ ما

ہم خطا کار ہیں اور ہمارا کام بھی غلط ہے اور ہمارا سب کام ہماری جلد بازی کی وجہ سے تباہ ہوگیا

گر زِ تست اینکہ سوئے تو خواند | ورز تو بہتر کدام کس داند

اگر یہ شخص جو ہمیں تیری طرف بلاتا ہے تیری طرف سے ہی ہے اور کون تجھ سے بہتر حقیقتِ حال کو جانتا ہے

گفتہ ما بہ بخش وچشم گشا! | تا نمیریم از خلاف و ابا

تو تُو ہمارے گناہ بخش اور ہماری آنکھیں کھول تاکہ ہم مخالفت اور انکار کی حالت میں نہ مریں

ورنہ ایں ابتلا زِ ما بردار | کہ رحیمی و قادر و غفار

ورنہ ہم سے اس ابتلا کو دُور کر کہ تو رحیم قادر اور غفار ہے

اہلِ اخلاص چوں کنند دُعا | از سرِ صدق و ابتہال و بکا

جب اخلاص والے لوگ دعا کرتے ہیں صدق، عاجزی اور گریہ و زاری کے ساتھ

شور افتد ازاں در اہلِ سما | زاں رسد حکم نصرت و ایوا

تو اس دعا سے آسمان والوں میں شور برپا ہو جاتا ہے اور وہاں سے نصرت اور پناہ کا حکم پہنچ جاتا ہے

پس کجائی چرا نمے آئی | اندریں بارگاہ یکتائی

پس اے طالب تو کہاں ہے اور کیوں نہیں آتا اس بارگاہ احدیت کے حضور

تو دُعا کُن بصدق و سوز و گداز | تا شود بر دلت درِ غم باز

تو صدق اور سوز و گداز سے دعا کر تاکہ خدا کا دروازہ تجھ پر کھلے

از خودی حالِ خود خراب مکن | شب پری کارِ آفتاب مکن

خودی سے اپنا حال خراب نہ کر تو تو چمگادڑ ہے آفتاب کا کام نہ کر

چوں رسد عجزِ کس بحد تمام | نصرتِ یار را رسد ہنگام

جب کسی کی عاجزی حد کمال کو پہنچ جاتی ہے۔ تو یار کی مدد کا وقت آجاتا ہے

پس چرا نصرتش نمے خواہی | دُور رفتی بگامِ گمراہی

پھر تُو اس کی نصرت کیوں نہیں مانگتا۔ تو گمراہی کے قدم کے ساتھ دُور چلا گیا ہے

نہ زماں بینی و نہ حالتِ قوم | دل چو کوراں زباں کشادہ بلوم

نہ تو زمانہ کا حال دیکھتا ہے نہ قوم کی حالت تیرا دل اندھوں کی طرح ہے اور زبان ملامت کے لیے کھلی ہوئی ہے

ایکہ چشمت ز کبر پوشیدہ | چہ کنم تا کشایدت دیدہ

اے وہ شخص کہ تیری آنکھ تکبر سے ڈھکی ہوئی ہے میں کیا کروں جو تیری آنکھیں کھلیں

گر ترا در دلست صدقِ طلب | خود روی ہا مکن ز ترکِ ادب

اگر تیرے دل میں سچی طلب ہے تو بے ادبی کی وجہ سے خود روی نہ کر

راہِ راہِ خدا بجو ز خُدا | تو نہ چوں خدا بجائے خود آ

خدا کی راہ کا بھید خود خدا ہی سے طلب کر تو خدا کی طرح نہیں ہے اپنی جگہ پر رہ

ہوش دار اے بشر کہ عقلِ بشر | دارد اندر نظر ہزار خطر

اے انسان ہوش کر کہ انسانی عقل اپنی نظر میں ہزاروں نقائص رکھتی ہے

سرکشیدن طریقِ شیطانی است | برخلافِ سرشتِ انسانی است

سرکشی تو شیطانی طریق ہے اور انسانی فطرت کے برخلاف

تا نہ فضلش درِ تو بکشاید | صد فضولی بکن چہ کار آید

جب تک اس کا فضل تیرے لیے دروازہ نہ کھولے تو تُو اگر سینکڑوں فضولیاں بھی کرتا ہے سب بیکار ہیں

آں خدائے کہ وعدۂ حکمے | داد از راہِ رحم و لطف ہمے

وہ خدا جس نے ایک حکم کا وعدہ اپنے لطف اور رحم کی راہ سے کیا تھا

او بدانست از ازل کہ انام | راہِ خود گم کنند از اوہام

وہ ازل سے یہ جانتا تھا کہ مخلوقات شک و شبہات میں پڑ کر اپنا راستہ بھول جائے گی

ورنہ کارِ حکم چہ خواہد بود | رہ نمائی برد راہ چہ سود

ورنہ پھر حکم کا کام کیا ہوگا ٹھیک راستے پر چلنے والے انسان کو راہ دکھانے کا کیا فائدہ

راہ گم کردہ را حکم باید | تا بدو راہِ راست بنماید

حکم تو گمراہ کے لیے درکار ہوتا ہے تاکہ وہ اس کو سیدھا رستہ دکھائے

ایں مگو ما خودیم عالمِ دیں | توبہ کن از مکالماتِ چنیں

تو یہ نہ کہہ ہم خود دین کے عالم ہیں۔ ایسی باتوں سے توبہ کر

کور را کور کے نماید راہ | ہر کہ آگاہ از خدا آگاہ

اندھے کو اندھا کس طرح راستہ دکھا سکتا ہے بھی واقف راہ ہے وہ خدا کی طرف سے آگاہ کیا گیا ہے

دیں نیاید بغیر دیں دارے | سگ نداند بغیر مردارے

دین بغیر کسی دیندار کے حاصل نہیں ہوتا۔ دُنیا کا کتّا تو بغیر مُردار کے کچھ نہیں جانتا

سخنِ یار و سینہ افسردہ | جامۂ زندہ است بر مُردہ

منہ پر یار کی باتیں ہیں مگر دل بجھا ہوا ہے گویا مُردے پر زندہ کے کپڑے ہیں

اگر بُری ریگ را رفیع و بلند | جنبش باد خواہدش افگند

اگر تُو ریت کو بہت اونچی جگہ پر بھی لے جائے تو ہوا کی ذرا سی حرکت اُسے گرادے گی

خانہ اُفتد کاں زِ معمارے | ورنہ افتد زِ سیل دیوارے

گھر وہی ہے جسے معمار نے بنایا ہو۔ نہیں تو سیلاب سے دیواریں گر پڑیں گی

ایں زمانِ ہزار طوفان است | خانہ از پائے بست ویران است

یہ زمانہ تو ہزاروں طوفانوں کا زمانہ ہے اور گھر کی بنیاد کھوکھلی ہے

ایں عجب قوم ہست ناھنجار | باچنیں خانہ فارغ از معمار

یہ عجب نالائق قوم ہے کہ ایسے گھر کے باوجود معمار سے لاپروا ہے

آنچہ با دیں نمود قوم پلید | با امامان نہ کردہ است یزید

جو کچھ اس ناپاک قوم نے دین کے ساتھ معاملہ کیا وہ یزید نے اماموں کے ساتھ بھی نہیں کیا

باز گوئی کہ من نمے بینم | حاجتِ دیگرے بپئے دینم

پھر بھی تو کہتا ہے کہ مجھے دین کی خاطر کسی اور انسان کی ضرورت نظر نہیں آتی

ایکہ راضی شدی بنقص و زیاں | ایں نہ دین است بلکہ دشمنِ آں

اے وہ شخص جو گھاٹے اور نقصان پر خوش ہے یہ دین دین نہیں بلکہ اُس کا دشمن ہے

ایں بیا موزد خدائے قدیر	ورنہ ہمے است خام و زشت و حقیر

یہ تو خداوند قدیر ہی تجھے سکھاتا ہے ورنہ وہ ایک رسم ہے خام، بدصورت اور ذلیل

مسلمت مسلمے نہ کرد اے دوں	واز بخاری بخار سر افزوں

اے کمینے مسلم نے تجھے مسلمان نہ کیا اور صحیح بخاری نے تیرے سر کا بخار اور زیادہ کر دیا

ایں ہمہ استخواں بدا عانت	نیست یک ذرہ مغز در جانت

یہ بہت سی ہڈیاں تیری جھولی میں پڑی ہوئی ہیں اور تیری جان میں ایک ذرہ بھی مغز نہیں ہے

کوری کو باز در دلت ہوسے	کہ بخواند ترا بصیر کسے

تو تو اندھا ہے پھر بھی تیرے دل میں یہ ہوس ہے کہ کوئی تجھے آنکھوں والا کہے

زیں خیالِ تو مردنت بہتر	زیں غذا زہر خوردنت بہتر

اس خیال سے تو تیرا مرجانا اچھا ہے اور ایسی غذا سے تیرا زہر کھا لینا بہتر ہے

اے نشستہ بصدرِ سجادہ	ایں چہ سودات در سر افتادہ

اے وہ شخص جو سجادہ پر بیٹھا ہوا ہے یہ کیا جنون ہے جو تیرے سر میں گھس گیا ہے

تا ید اندر قیاس و فہم کسے	کہ شود کارِ پیل از مگسے

یہ بات کسی کے عقل و فہم میں کبھی نہیں آسکتی کہ ہاتھی کا کام مکھی سے ہو سکتا ہے

از خدا چوں رسید پیغامت	چوں ترسی ز خبثِ انجامت

جب تجھے خدا کا پیغام پہنچ گیا تو پھر تو اپنے برے انجام سے کیوں نہیں ڈرتا

بس ہمیں است طاعت اے غول	کہ دلت حکمِ حق نہ کرد قبول

اے بھٹکے ہوئے یہی تیری فرمانبرداری ہے کہ تیرے دل نے خدا کا حکم قبول نہیں کیا

یعنی صحیح مسلم نے تجھے مسلمان نہ کیا۔

حجتِ تو درمیاں آری | خبثِ نفس است اصل بیزاری

تو تو دلایل پیش کرتا ہے۔ حق سے بیزاری کی اصل وجہ تیرے نفس کی خباثت ہے

ہر چہ ثابت شد است از قرآں | تو از و سر بہ پیچی اے نادان

جو بات قرآن سے ثابت ہے اے نادان تو اس سے سر پھیرتا ہے

صد نشاں شد عیاں چو مہرِ منیر | نزدِ تُست ایں دروغ یا تزویر

سینکڑوں نشان چمکتے ہوئے سورج کی طرح ظاہر ہو گئے لیکن تیرے نزدیک یہ جھوٹ یا فریب ہیں

دیدہ آخر برائے آں باشد | کہ بدو مرد راہِ داں باشد

آخر آنکھیں اسی لیے ہوتی ہیں کہ اُن کی مدد سے انسان راستہ کا واقف ہو جائے

وہ چہ ایں چشمِ مست و ایں دیدہ | کہ برو آفتاب پوشیدہ

واہ وا یہ عجیب آنکھیں ہیں کہ اُن سے آفتاب بھی نظر نہیں آتا

گر بدل باشدت خیالِ خُدا | ایں چنیں ناید از تو استغنا

اگر تیرے دل میں خدا کا خیال ہوتا تو اتنی بے پروائی تجھ سے ظہور میں نہ آتی

از دل و جاں طریقِ اُو جوئی | واز سرِ صدق سُوئے او پوئی

تو جان و دل کے ساتھ اُس کا راستہ ڈھونڈتا اور وفاداری کے ساتھ اُس کی طرف دوڑتا

ہر کرا دل بود دلدارے | خبرش پُرسد از خبر دارے

جس شخص کا دل کسی معشوق سے لگ جاتا ہے وہ اُس کی خبر کسی واقف سے پُوچھتا ہے

گر نباشد لقائے محبوبے | جوید از نزدِ یار مکتوبے

اور اگر محبوب کی ملاقات میسر نہیں آتی تو وہ دوست کے پاس سے خط کا طالب ہوتا ہے

بے دلآرام نایدش آرام　　گہ برویش نظر گہے بکلام

اُسے بغیر دلآرام کے آرام نہیں آتا۔ کبھی اُس کے چہرہ پر نظر ہوتی ہے تو کبھی اس کے کلام پر

آنکہ داری بدل محبتِ اُو　　نایدت صبر جز بصحبتِ اُو

اے وہ شخص جو دل میں اُس کی محبت رکھتا ہے تجھے تو اُس کے پاس بیٹھنے کے بغیر صبر ہی نہیں آسکتا

فرقتِ اُو گر اتفاق اُفتد　　در تنِ و جانِ تو فراق اُفتد

اگر اتفاقاً کبھی اُس سے جدائی ہو جائے تو تیری جان تیرے جسم سے جدا ہونے لگتی ہے

دلت از ہجرِ او کباب شود　　چشمت از رفتنش پُر آب شود

تیرا دل اُس کے ہجر سے کباب ہوتا ہے اور اس کے چلے جانے سے تیری آنکھیں آنسو بہانے لگتی ہیں

باز چوں آں جمال و آں روئے　　شد نصیبِ دو چشم در کوئے

پھر جب وہ حسن اور وہ چہرہ کسی گلی میں تیری آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے

دست در دامنش زنی بجنوں　　کہ نہ نادیدنت دلم شد خوں

تو دیوانہ وار تو اُس کا دامن پکڑ کر یوں کہتا ہے کہ تیرے نہ دیکھنے کی وجہ سے میرا دل خون ہوگیا

ایں محبت بذرّۂ امکاں　　و انہ دل افگندۂ خدائے جہاں

تجھے ایک حقیر مخلوق سے تو اتنی محبت ہوتی ہے لیکن اُس خدا کی طرف سے تو بالکل لاپروا ہے

ایں وفا ہا بذرّۂ ناچیز　　فارغ افتادۂ ز یارِ عزیز

ایک ناچیز ذرّہ کے ساتھ تو ایسی وفاداری لیکن اس پیارے دوست کی طرف سے تو لاپروا ہے

او فرستاد بندۂ از جُود　　تا رہانَدْ ترا ز ریب و جحود

اُس نے مہربانی فرما کر ایک بندہ کو بھیجا۔ تاکہ تجھے شکوک اور انکار سے رہائی بخشے

آں قدر بارہا نشاں بنمود | کہ ز حد معرفت درے بکشود

اور اس نے بارہا اس قدر نشان دکھائے کہ معرفت کے سینکڑوں دروازے کھول دیئے

باز سرمے زنی بانکارے | سہل پنداشتی چنیں کارے

پھر بھی تو انکار سے سر ہلاتا ہے۔ اور تو نے یہ کام آسان سمجھ لیا ہے

لا اُبالی فتادۂ زاں یار | کارغی زاں جمال و زاں گفتار

تو اس یار کی طرف سے بے پروا ہو گیا ہے اور اس حسن اور اس گفتار کی طرف سے لاپروا

مُردگاں را ہمی کشی بکنار | واز دلآرامِ زندۂ بیزار

مردہ لاشوں کو تو اپنی بغل میں کھینچتا ہے اور زندہ دلبر فانی محبوب سے بیزار ہے

کس شنیدی کہ قانع از یار است | عشق و مبریں دو کار دشوار است

تو نے کسی کی بابت سنا ہے کہ وہ دوست سے لاپروا ہو۔ عشق اور پھر صبر یہ دو کام بہت مشکل ہیں

ایں بود حال و طورِ عاشق زار | ایں بود قدر و لبرائے مردار

کیا یہی عاشقِ زار کا حال اور طریقہ ہوا کرتا ہے اور اے مردار کیا دلبر کی یہی قدر ہوا کرتی ہے

عاشقاں را بود ز صدق آثار | اے سیہ دل ترا بہ عشق چہ کار

عاشقوں میں تو صدق کے آثار پائے جاتے ہیں اے تاریک دل انسان تجھے عشق سے کیا واسطہ

نزدِ تو چوں رسید زاں کوئے | پیکِ آں دلستانِ خوش خوئے

جب اس گلی سے تیرے پاس اس حسین محبوب کا پیغام بر پہنچا

عشق ایں کہ کافرش خوانی | واز سرِ زجر از درش رانی

تو تو نے اس کو کہ عزت کی کہ اسے کافر کہتا ہے اور گھرک کر اسے اپنے دروازہ سے نکالتا ہے

صد هزاراں نشاں ہمے بینی | باز منکر شوی زِ بے دینی

تو لاکھوں نشان دیکھتا ہے۔ پھر بھی بے دینی کی وجہ سے تُو انکار کرتا ہے

خویشتن را تو عالمِ انگاری | زیں فضولی کئی بغذاری

تُو اپنے تئیں عالم سمجھتا ہے شاید اسی لیے غداری سے ایسی فضول باتیں کرتا ہے

تا زِ تو ہستی ات بدر نرود | ایں رگِ شرک از تو بر نرود

جب تک تیری خودی تجھ میں سے نہ نکلے گی تب تک یہ شرک کی رگ تجھ سے دُور نہ ہوگی

پائے سعیت بلند تر نرود | تا ترا دودِ دل بسر نرود

تیری کوشش میں برکت نہ پڑے گی۔ جب تک تیرے دل کا دھواں سر تک نہ پہنچے گا

یار پیدا شود ہماں ہنگام | کہ تو گردی نہاں زِ خود بتمام

دوست اُسی وقت ظاہر ہوگا۔ جب تو اپنی ہستی سے پورے طور پر علیحدہ ہو جائے گا

تا نہ سوزی زِ سوز و غم نرہی | تا نہ میری زِ موت ہم نہ رہی

تو غم سے آزاد نہ ہوگا جب تک سوزِ غم سے نہ جلے گا اور موت سے آزاد نہ ہوگا جب تک فنا نہ ہو جائے گا

چیست آں مرزہ جان و تن کہ نسوخت | آتشش اندر دلے بجاں کہ نسوخت

وہ کیسی بیہودہ جان اور بدن ہے جو نہیں جلتا۔ ایسے دل کو آگ لگا دے جو عشق میں کباب نہ ہو

کالبدِ جسمِ خود بکن برباد | چوں نہ گردد از خدا آباد

اپنے جسم کی عمارت کو برباد کر دے اگر وہ خدا کے عشق سے آباد نہیں

پائے خود را بجد اکن از تنِ خویش | چوں نگیرد رہِ صداقت پیش

اپنے پیر کو جسم سے کاٹ کر جدا کر دے۔ اگر وہ صداقت کا راستہ اختیار نہیں کرتا

آفریں خدا بر اں جانے | کہ ز خود شد برائے جانانے

خدا کی طرف سے اُس شخص پر آفرین ہو۔ جو اپنے محبوب کے لیے نفسانیت سے الگ ہوگیا

منزلِ یارِ خویش کرد بدل | واز ہوا ہا رسید صد منزل

جس نے اپنے دوست کا ٹھکانا اپنے دل میں بنالیا اور ہوا و ہوس سے سینکڑوں منزل دور بھاگ گیا

از خودی دور شد و خدا را یافت | گم شد و دستِ رہنما را یافت

وہ خودی سے دُور ہوا اور خدا کو پا لیا۔ وہ فنا ہوگیا اور رہنما کے ہاتھ کو حاصل کر لیا

ایکہ دیوانہ پئے اموال | وہ کہ در کارِ دیں چنیں اہمال

اے وہ شخص کہ تو دولت کی خاطر دیوانہ ہو رہا ہے کیا خوب! دین کے معاملہ میں اتنی فروگذاشت

وقتِ عیش ست و موسمِ شادی | تو چہ در سوگ و ماتم اُفتادی

یہ تو عیش کا وقت اور خوشی کا موسم ہے۔ تو کس سوگ اور ماتم میں پڑا ہوا ہے

از عنایت رسید رہبرِ دیں | مرد دیں باش و چوں زناں منشیں

تیرے پاس تو خدا کی طرف سے دین کا رہبر پہنچ گیا اب تو بھی مردانِ دین میں سے ہو جا اور عورتوں کی طرح مت بیٹھ

خیز و از بہرِ یار کارے کُن | یک نظر سوئے ایں بہارے کُن

اُٹھ اور دوست کے لیے کام کر۔ اور اس باغ و بہار کی طرف ایک نظر ڈال

ورنہ مرگ است اژدہائے دماں | زود مے گیردت مشو نادال

ورنہ موت ایک ہیبت ناک اژدہا ہے جو تجھے جلدی ہی پکڑ لے گا۔ نادان نہ بن

آں صبا نکہتے ز یار آورد | در دمے موسمِ بہار آورد

وہ بادِ صبا دوست کے ہاں سے ایسی خوشبو لائی ہے گویا وہ دم بھر میں بہار کا موسم لے آئی ہے

تو خزاں بہرِ خود پسندیدی | من ندانم چہ در خزاں دیدی

گر تو نے اپنے لیے خزاں کو پسند کیا ہے میں نہیں جانتا کہ خزاں میں تو نے کیا فائدہ دیکھا

از پئے زندہ کردن آمد یار | تو ہم از دستِ خود شدی مُردار

یار تو مجھے زندہ کرنے آیا تھا۔ مگر تُو اپنے ہاتھوں ہی مُردار بن رہا ہے

قصّہ ہا پیش مے کنی ز ضلال | کایں کرامات ہائے اہلِ کمال

گمراہی کی وجہ سے تو قصّوں کو پیش کرتا ہے کہ یہ ہیں اہلِ کمال کی کرامات

اگر ایں قصّہ ہا اثر بودے | دلت از رجس دُور تر بودے

اگر ان قصّوں میں کوئی اثر ہوتا۔ تو تیرا دل ناپاکی سے بہت دور ہوتا

قصّہ ہا گر بیاں کنی تو ہزار | کے رمد از تو خبثِ دل زنہار

اگر تُو ہزاروں قصّے بھی بیان کرتا ہے تب بھی تیرے دل کی خباثت کہاں دور ہو سکتی ہے

زیں قصص ہیچ راہ نکشاید | صد ہزاراں بگو چہ کار آید

ان قصّوں سے کوئی راستہ نہیں کھلتا۔ لاکھوں قصّے بیان کرتا پھر وہ کس کام کے ہیں

بنشیں مدّتے با اہلِ یقیں | تا دہندت دو دیدۂ حق بیں

کچھ مدّت تُو اہلِ یقین کی صحبت میں رہ۔ تاکہ تجھے حق شناس آنکھیں ملیں

اندرونِ تو ہست دیو خصال | بر زباں قصّہ ہائے ابدال

تیرا باطن تو شیطان سیرت ہے۔ اور زبان پر ابدالوں کے قصّے ہیں

روزِ جاں روشن است از دادار | چشم بکشا و شب پری بگذار

خدا کی طرف سے جب دن روشن ہے تو تُو بھی آنکھیں کھول اور چمگادڑ پنا چھوڑ دے

در خور و مہ شکے نہ گیرد راہ | تو ز دادارِ خویش دیدہ بخواہ

چاند اور سورج کے بارے میں کسی کو شک نہیں ہوا کرتا تو بھی اندھا ہے اپنے خدا سے بصیرت مانگ

نیستی طالبِ حقیقتِ راز | لیک ہیں مشکل است اے ناساز

اے نا اہل۔ ساری مشکل یہی ہے کہ تو حقیقت راز کا طالب نہیں ہے

ایں مگو من محافظِ دینم | خود شفا بخشِ دینِ مسکینم

یہ نہ کہو کہ میں دین کا محافظ ہوں۔ اور میں خود ہی دین مسکین کا طبیب بھی ہوں

در دلت صد ہزار بیماری | چہ ازیں دل تو قطع داری

تیرے دل میں تو ہزاروں بیماریاں ہیں۔ پھر تو ایسے دل سے کیا امید رکھتا ہے

ہمّتے بخواہ از دادار | تا خس و خارِ تو برد یکبار

خدا سے ہمت طلب کر۔ تاکہ وہ تیرا سب کوڑا کرکٹ اُڑا کر لے جائے

جز خدا راہِ چارہ سازی نیست | باز کن دیدہ جائے بازی نیست

خدا کے سوا علاج کا اور کوئی رستہ نہیں۔ آنکھیں کھول۔ یہ کھیل کی جگہ نہیں ہے

خبرے نیستت ز جانانہ | مے زنی ہر زہ گام کورانہ

تجھے محبوب کی کچھ بھی خبر نہیں۔ یونہی اندھا دھند قدم اٹھائے چلا جا رہا ہے

ہیچ کرمی بجز کلامِ خدا | مُردہ ہستی بغیر جامِ خدا

خدا کے کلام کے بغیر تو ایک کیڑے کی طرح ہے اور خدا کے جام وصل کے سوا تو مُردہ ہے

آں یقینے کہ بخشدت دادار | چوں خیالِ خودت نہد بکنار

وہ یقین جو خدا تجھے بخشتا ہے اُسے تیرا اپنا خیال کس طرح پا سکتا ہے

آں یکے از دہانِ دلدارے ق نکتہ ہائے شنید و اسرارے

ایک شخص تو وہ ہے جو اپنے معشوق کے منہ سے نکتے اور اسرار سنتا ہے

آں دگر از خیالِ خود بگماں پس کجا ہانشد ایں دو کس یکساں

اور دوسرا شخص وہ ہے جو اپنے خیالات کی بنیاد پر شک اور گمان میں مبتلا ہے پس کس طرح یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں

ذوقِ ایں مے چو تو نمے دانی ہرزہ گو و کمن بنادانی

چونکہ تو اِس شراب کا مزا نہیں جانتا۔ اس لیے نادانی سے فضول بھونکتا رہتا ہے

آں خدا داں کہ خود دہد آواز نہ کہ از وہمِ کس نماید باز

تو خدا اُسے سمجھ جو خود آواز دیتا ہے نہ کہ اسے جو کسی کے وہم کا نتیجہ ہے

واجب آمد ازیں بہر دوراں کہ تکلّم کند خدائے یگاں

اِس دلیل سے یہ ثابت ہوا کہ ہر زمانہ میں خدائے واحد کلام کیا کرتا ہے

ورنہ دیں ہست محض افسانہ اینچنیں دیں ز صدق بیگانہ

ورنہ دین صرف ایک کہانی بن جاتا ہے ایسا دین سچائی سے بیگانہ ہے

آں ز شیطاں بود نہ از حق دیں کہ نہ دارد دوام وحیِ یقیں

وہ دین خدا کی طرف سے نہیں بلکہ شیطان کی طرف سے ہے جو دائمی یقینی وحی اپنے اندر نہ رکھتا ہو

دیں ہماں دیں بود کہ وحیِ خدا نشود زو بہیچ وقت جدا

دین تو وہی دین ہوتا ہے جس سے خدا کی وحی کسی وقت بھی جدا نہ ہو

وحی و دینِ خدا ست چوں تو ام یک چو گم شد دگر شود گم ہم

وحی اور دینِ خدا ہونگے دو توام جڑواں بچوں میں پس اگر ایک جاتی رہے گی تو دوسری بھی گم ہو جائے گی

بے یقیں چوں نجات یابد خلق | بیگماں رو زِ حق بتابد خلق

مخلوق یقین کے بغیر کیونکر نجات پا سکتی ہے۔ لازمی ہے کہ اس صورت میں خلقت حق سے منہ پھیر لے

بے خدا چوں یقیں بدل آید | گفتگو یا لقا مے باید

بغیر خدا کے دل میں یقین کس طرح پیدا ہو اس کے لیے یا تو کلام درکار ہے یا دیدار

اے کہ مغرور راہِ مظنونی | تو نہ عاقل کہ سخت مجنونی

اے وہ شخص کہ تو ظن کے راستہ پر مغرور ہے۔ تو عقل مند نہیں بلکہ سخت دیوانہ ہے

نفسِ امّارہ بندۂ صد آز | جز یقیں کے بگردد از وے باز

وہ نفسِ امارہ جو سینکڑوں حرص و ہوا کا غلام ہے بغیر یقین کے اس سے کیونکر باز رہ سکتا ہے

چوں بہ بینی بہ بیشۂ شیرے | نہ کنی در گریختن دیرے

جب تو کسی جنگل میں شیر کو دیکھ لیتا ہے تو وہاں سے بھاگنے میں دیر نہیں کرتا

ہمچنیں پیش تو چو گرگ آید | دل تپد ہیبتِ سترگ آید

اسی طرح جب تیرے سامنے بھیڑیا آجاتا ہے تو تیرا دل تڑپنے لگتا ہے اور تجھے بہت ڈر لگتا ہے

پس بدیں دعوئے یقیں کہ ترا | ہست بر کردگار و روز جزا

پس یقین کے اس دعویٰ کے ساتھ جو تجھے خدا تعالےٰ اور روزِ جزا کے متعلق ہے

باز چوں مے کنی گناہِ بزرگ | چہ خدا نیست نزد تو چوں گرگ

پھر تو کس طرح گناہِ کبیرہ کرتا ہے۔ کیا خدا تیرے نزدیک ایک بھیڑیئے جیسا بھی نہیں ہے

بر خدا نیستت یقیں زنہار | زیں چو گرگاں خوش آیدت مُردار

تجھے ہرگز خدا پر یقین نہیں اسی لیے بھیڑیوں کی طرح تجھے مُردار ہی پسند آتا ہے

آں یقینے کہ مانعے زخطاست | گر بخواہی دلش بگویم راست

وہ یقین جو گناہ سے بچاتا ہے اگر تُو چاہے تو میں تجھ سے اُس کی حقیقت بیان کروں

آں کلامِ خدا بقطع و یقیں | پاک و برتر ز دخلِ دیو لعیں

وہ خدا کا قطعی اور یقینی کلام ہے۔ جو شیطان لعین کے دخل سے پاک اور بالاتر ہو

پس ہماں چارۂ خطا کاریست | راہِ دیگر طریقِ مکاریست

پس وہی کلام گناہ کا علاج ہے۔ کوئی اور طریقہ محض مکاری ہے

کس شنیدی کہ با یقین ہلاک | باز در بیشۂ رود بیباک

کیا تو نے کبھی سُنا کہ اگر ہلاک ہو جانے کا یقین ہو تو پھر بھی کوئی نڈر ہو کر جنگل میں جاتا ہو

پس چہ ممکن کہ با یقینِ خُدا | باز گردد دلے بگردِ خطا

پس کیوں کر ممکن ہے کہ خدا پر یقین ہو کر پھر بھی کوئی دل گناہ میں منہمک رہتا ہو

ننگ دظن را یقیں نہادی نام | زیں شدی با جہانیت بدنام

تو نے شکوک و شبہات کا نام یقین رکھ چھوڑا ہے اس لیے تو گناہوں کی وجہ سے بدنام ہے

اندکے سُوئے خود نظر انداز | از سرِ غور دیدۂ دانا کُن باز

ذرا اپنی طرف دیکھ اور غور سے آنکھیں کھول

تا بدانی کہ کور و مجوبی! | سخت محروم ماندہ زیں خوبی

تاکہ تجھے معلوم ہو کہ تو اندھا اور محجوب ہے اور یقین کی خوبی سے بالکل محروم

ذرہ نیست در تو از انوار | شبِ دیجور را بباید کار

تجھ میں ذرا بھی نُور نہیں ہے۔ اندھیری گھُپ رات کو چاند سے کیا واسطہ

ایں خدائے عجیب در دلِ تست — کہ ازو صد نباتِ ظلمت رُست

یہ عجیب قسم کا خدا تیرے دل میں ہے کہ اس سے قسم قسم کی تاریک روئیدگی پیدا ہو گئی ہے

شبِ تاریست دشت و بیمِ دداں — چوں بخوابی زِ غفلت اے نادان

دشت میں رات ہے اور جنگل اور درندوں کا خوف۔ اے نادان تو کیونکر خوابِ غفلت میں پڑا ہے

خیز و بر حالِ خود نگاہ بکن — خطرہ را بہ بیں و آہ بکن

اُٹھ اور اپنے حال پر نظر ڈال۔ راستے کے خطرہ کو دیکھ اور افسوس کر

خیز و از نفسِ خود پرس نشاں — کہ چہ خواہد مراتبِ عرفاں

اُٹھ اور اپنے نفس سے ہی دریافت کر لے کہ وہ معرفت کے کیسے کیسے مدارج مانگتا ہے

چہ یقیں نزد اوست و آبِ حیات — یا پسندید ورطۂ شبہات

کیا اس کے نزدیک یقین ہی آبِ حیات ہے یا وہ شکوک و شبہات کے بھنور کو پسند کرتا ہے

گر دلت مے پسند برائے یقیں — بخل چوں کرد آں کریم و مبیں

اگر تیرا دل یقین کے لیے واقعی بیتاب ہے تو پھر اُس کریم اور مددگار خدا نے تجھ سے بخل کیوں کر رکھا ہے

ہر چہ در فطرتِ تو ریختہ است — باز زاں عزم چوں گریختہ است

جو چیز خود اُس نے تیری فطرت میں ڈال دی ہے پھر اُس ارادہ سے اُس نے گریز کیوں کیا

ایں عیاں شد کہ آں کریم و رحیم — داد ہر مقتضائے ایں تقویم

اس بات سے ظاہر ہے کہ اُس کریم و رحیم خدا نے انسانی فطرت کا ہر تقاضا پورا کر دیا ہے

باز انساں ز قصرِ ہمتِ او — گشت غافل ز نورِ فطرتِ او

پھر انسان ہی اپنی ہمت کی کمی سے اُس کے عطا کردہ نورِ فطرت سے غافل ہو گیا ہے

گر یقین نیست خواہش انساں | پس چہ باعث کہ جوید ش ہر آں

اگر انسان کی خواہش یقین کے لیے نہیں ہے تو کیا باعث ہے کہ وہ ہر گھڑی اسی کی تلاش میں رہتا ہے

آنچہ در فطرتِ بشر مکتوم | چوں بماند بشر از و محروم

جو کچھ انسان کی فطرت میں مخفی ہے انسان اس سے کس طرح محروم رہ سکتا ہے

بحرِ فیض است چوں رواں ہر دم | تا رساند ترا یقین اتم

سبب ہر وقت فیضان الٰہی کا سمندر جاری ہے تاکہ تجھے کمال یقین تک پہنچائے

پس اگر قانعی بمظنونی | تو نہ عاقل کہ سخت مجنونی

پھر بھی اگر تو ظن پر قانع ہے تو تو عقلمند نہیں بلکہ سخت دیوانہ ہے

دل تپد از برائے رفع حجاب | جز دلے کاں شد است ہمچو کلاب

دل تو حجابوں کے دور کرنے کے لیے بیقرار رہتا ہے سوائے ایسے دل کے جو کتوں کی مانند ہو گیا ہے

اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ گفت خدا | خیز و در نفس خود تفتش ہا

کیا خدا نے افلا تبصرون نہیں فرمایا۔ اٹھ اور اپنے اندر پیاس کو تلاش کر

ہمتِ دوں مدار چوں دوناں | رو بجو یار را چو مجنوناں

ذلیل لوگوں کی طرح ہمت پست نہ رکھ۔ جا اور خدا کو دیوانوں کی طرح ڈھونڈ

ہر کہ جویائے اوست یافتہ است | نافت آں زود کہ سرِ نافتہ است

جو اس کا طالب ہے اس نے اسے پالیا وہ مشہور ہو گیا جس نے اس سے سر نہ پھیرا

آفریں خدا بر اں مردے | کہ بریں در شد است چوں گردے

خدا کی طرف سے اس جوانمرد پر آفریں ہو۔ جو اس دروازہ پر خاک کی طرح آ پڑا

لے یعنی کیا تم غور نہیں کرتے؟

از پئے وصل آں مہیمن پاک | اوفتادہ سر نیاز بخاک

اُس پاک مہیمن کے وصل کی خاطر وہ گرا اور عاجزی سے اپنا سر خاک پر رکھ دیا

ہر زماں با خدائے یکتائے | بر زمین و بر آسماں جائے

وہ ہر وقت خدائے واحد کے ساتھ زمین اور آسمان پر قرار پاتا ہے

ذرّہ ذرّہ جُدا شدہ زِ زمیں | دل پریدہ بسوئے عرش بریں

اس کا ذرّہ ذرّہ زمین سے بے تعلق ہو گیا اور اس کا دل عرش بریں کی جانب اُڑ گیا

بر رُخِ او تجلّیاتِ خُدا | در دلش جلوہ گاہِ ذاتِ خُدا

اُس کے چہرہ پر خدا کی تجلّی ہے اور اُس کا دل ذاتِ باری کا جلوہ گاہ ہے

ایں ہمہ حالت از خدا آید | چوں یقیں از کلامش افزاید

یہ سب حالت خدا کی مہربانی سے ہی آتی ہے جب کلامِ الٰہی کی وجہ سے بندہ کا یقین زیادہ ہو جاتا ہے

تو نہ فہمی ہنوز ایں سخنم | در دلت چوں فرو شدوم چہ کنم

تُو ابھی میری بات کو نہیں سمجھتا میں تیرے دل میں کیونکر گھس جاؤں؟ بتا کیا کروں

اے دریغا کہ دل زِ درد گداخت | دردِ ما را مخاطبے نہ شناخت

افسوس کہ ہمارا دل درد کے ارے گداز ہو گیا۔ مگر ہمارے درد کو مخاطب نے نہ پہچانا

اے خورِ رُوئے یار زود برآ | کہ دل آزردہ از شبِ یلدا

اے یار کے چہرہ کے سورج جلدی باہر نکل کہ اندھیری رات کی وجہ سے ہمارا دل آزردہ ہو گیا ہے

عمر ما ہم رسید تا بکنار | بکنارم در آئی اے دلدار

ہماری عمر بھی ختم ہونے کو آگئی۔ اے دلدار میری گود میں آ جا

ایں یقیں جو کہ بخشدت مستی | ایکہ تو طالب خدا ہستی

اے وہ شخص کہ جو خدا کا طالب ہے تو ایسا یقین تلاش کر جو تجھے سرشار کر دے

ایں یقیں جو کہ سیل تو گردد | ہمہ در یار میل تو گردد

وہ یقین ڈھونڈ جو تیرے لیے سیلاب بن جائے اور تیری ساری محبت خدا کے لیے ہی ہو جائے

ایں یقیں جو کہ آتشش افروزد | ہر چہ غیر خدا ہمہ سوزد

وہ یقین ڈھونڈ جو ایسی آگ جلائے جو کہ ما سوا اللہ کو بھسم کر ڈالے

از یقیں ست زہد و عرفاں ہم | گفتمت آشکار و پنہاں ہم

یقین ہی کی بدولت زہد اور عرفان بھی حاصل ہوتا ہے یہ بات میں نے تجھ سے ظاہر بھی کہہ دی اور مخفی بھی

جو یقیں دین تو چوں مُردارے | سر پُر از کبر و دل ریاکارے

بغیر یقین کے تیرا دین مُردار کی طرح ہے سر تکبّر سے بھرا ہوا اور دل ریا میں مبتلا

بے یقیں نفس گردت چو سگے | جنبدش نزدِ ہر فسادرگے

بغیر یقین کے تیرا نفس کتے کی طرح ہو جاتا ہے۔ ہر فساد کے وقت اُس کی رگ حرکت میں آجاتی ہے

ہر کہ دُور از نگار خواہد ماند | نفسِ دُوں را شکار خواہد ماند

جو شخص محبوب سے دور رہے گا۔ وہ ہمیشہ نفس دنی کا شکار رہے گا

گر ترا آرزوے دیدار است | پاک دل شو نہ مشکل ایں کار است

اگر تجھے دیدار کی خواہش ہے تو پاک دل ہو جا۔ یہ بات مشکل نہیں ہے

ایں مراد از خرد چہ مے جوئی | وحیِ حق شوید از سیہ روئی

تو اس مُراد کو عقل کے زور سے کیا ڈھونڈتا ہے۔ خدا کی وحی ہی منہ کی کالک کو دھو سکتی ہے

ایں خرد جملہ خلق مے دارند | ناز کم کن کہ چوں تو بسیار اند

عقل تو سارے جہان کے پاس ہے اس پر فخر نہ کر کیونکہ تیرے جیسے ہزاروں پڑے پھرتے ہیں

چارۂ دل کلامِ دلدار است | ہر چہ غیرش کنند بیکار است

دل کا علاج تو دلدار کا کلام ہے اس کے سوا جو علاج بھی لوگ تجویز کریں وہ فضول ہے

زہرِ فرقت چشی و ناکامی | باز منکر تو وحی و الہامی

تو جدائی کا زہر چکھ رہا ہے اور ناامید ہے مگر پھر بھی وحی و الہام سے منکر ہے

جان تو بر لب از نخوردنِ آب | باز از آبِ زندگی روتاب

پانی نہ پینے سے تو جاں بلب ہو رہا ہے۔ پھر بھی آبِ حیات سے منہ گردان ہے

دارو نے ہر شکے کہ درد لہاست | آں بدار الشفاءِ وحیِ خداست

ہر اس شک کا علاج جو دلوں میں پیدا ہو وہ خدا کی وحی کے شفاخانہ میں ہے

ہست بر عقل منتِ الہام | کہ از و پختہ ہر تصورِ خام

عقل پر الہام کا احسان ہے کہ اس کی برکت سے ہر کمزور خیال پختہ ہو جاتا ہے

آں گماں بردو ایں نمود فراز | آں نہاں گفت و ایں کشود آں راز

اس نے صرف گمان کیا اور اس نے دکھلایا اس نے دل میں ایک بات سوچی اور اس نے وہ راز ہی کھول کر رکھ دیا

آں فروریخت ایں بکف بسپرد | آں طمع داد و ایں بجا آورد

اس نے گرایا اور اس نے ہاتھ میں دیا۔ اس نے امید دلائی اور اس نے پوری کر دی

آنکہ بشکست ہر بتِ دل ما | ہست وحیِ تو اے بے ہمتا

وہ چیز جس نے ہمارے دل کے ہر بت کو توڑ دیا وہ خدائے لاثانی کی وحی ہی تو ہے

آنکہ ما را رُخِ نگار نمود | ہست الہام آں خدائے ودود

وہ چیز جس نے ہمیں معشوق کا چہرہ دکھایا۔ وہ خدائے رحمان کا الہام ہی تو ہے

آنکہ داد از یقین دل جامے | ہست گفتارِ آں دلآرامے

وہ چیز جس نے دلی یقین کا جام پلایا۔ وہ اُس معشوق کی گفتار ہی تو ہے

وصلِ دلدار و مستی از جامش | ہمہ حاصل شدہ ز الہامش

محبوب کا وصل اور اس کے جام شراب کی مستی۔ سب اُس کے الہام ہی سے حاصل ہوئی

اے بریدہ امید ہا ز خدا | توبہ کن از فسادِ خود باز آ

اے وہ شخص جس نے اپنی امیدیں خدا سے توڑ لی ہیں توبہ کر اور اپنے اس فساد سے باز آجا

عیشِ دُنیائے دُوں دمے چند است | آخرش کارِ با خداوند است

اس ذلیل دنیا کا عیش تو تھوڑی سی دیر کی چیز ہے آخر کار خدا سے ہی واسطہ پڑتا ہے

ترک کن کین و کبر و ناز و دلال | تا نہ کارت کند بسوئے ضلال

دشمنی تکبّر اور ناز نخرہ کو ترک کر دے۔ تاکہ تیرا خاتمہ گمراہی پر نہ ہو

چوں ازیں دام گہ بلند ی بار | باز نائی دریں بلاد و دیار

جب تو اس شکارگاہ سے اپنا بار باندھ لے گا۔ تو پھر تو ان ملکوں اور شہروں میں واپس نہیں آئے گا

اے زدیں بے خبر بخور غمِ دیں | کہ نجاتت معلق است بدیں

اے دین سے بے خبر انسان۔ دین کا غم کھا۔ کیونکہ تیری نجات دین سے ہی وابستہ ہے

ہاں تغافل مکن ازیں غمِ خویش | کہ ترا کارِ مشکل است بہ پیش

دیکھ اپنے اس غم سے غفلت نہ کریو۔ کہ تجھے مشکل کام درپیش ہے

دل ازیں درد و غم فگار بکن | دل چہ جاں نیز ہم نثار بکن
اس درد و غم سے اپنے دل کو زخمی کر دل تو کیا اپنی جان بھی قربان کر دے

ہست کارت ہمہ بآں یکذات | چوں صبوری کنی از و ہیہات
تجھے تو اسی خدا کے یگانہ سے ہی کام پڑے گا۔ افسوس پھر تو اس خدا سے کیونکر صبر کر سکتا ہے

بخت گردد چو زو بگردی باز | دولت آید ز آمدن بہ نیاز
جب تو خدا سے روگردانی کریگا تو تیری قسمت بگڑ جائے گی اور عاجزی کے ساتھ اس کی طرف آنے میں دولت ملے گی

اے رسن ہائے آز کردہ دراز | ایں ہوس ہا چرا نیائی باز
اے وہ شخص جس نے خواہشوں کی رسی لمبی کر دی ہے تو ان لالچوں سے کیوں باز نہیں آتا

دولت عمر و مبدم بزوال | تو پریشاں بفکرِ دولت و مال
عمر کی دولت و مدام کمی پر ہے اور تو زر و مال کی فکر میں پریشان ہو رہا ہے

خویش و قوم و قبیلہ پُر ز دغا | تو بریدہ برائے شاں ز خدا
رشتہ دار۔ قوم اور قبیلہ سب دھوکے باز ہیں لیکن تو نے ان کی خاطر خدا سے قطع تعلق کر لیا ہے

ایں ہمہ را بکشتنت آہنگ | گہ بصلحت کشند گاہ بہ جنگ
یہ سب کا ارادہ تیرے قتل کرنے کا ہے کبھی یہ صلح کر کے تجھے قتل کرتے ہیں کبھی جنگ کر کے

ہست آخر بآں خدا کارت | نہ تو یارِ کسے نہ کس یارت
آخر اسی خدا سے تیرا واسطہ پڑے گا۔ نہ تو تو کسی کا دوست ہے نہ کوئی تیرا دوست

ہر کہ دارد یکے دلآرامے | جز بوصلش نیابد آرامے
جو شخص ایک معشوق رکھتا ہے اُسے بغیر اُس کے وصل کے آرام نہیں آتا

تا نہ بیند صبوریش ناید | ہر دمش سیلِ عشق بر باید

اور جب تک اُسے نہیں دیکھ لیتا اسے صبر نہیں آتا۔ عشق کا سیلاب اُسے بہائے لیے جاتا ہے

در دلِ عاشقاں قرار کجا | توبہ کردن ز روئے یار کجا

عاشقوں کے دل کو کہاں قرار ہے دوست کے منہ سے روگردانی کس طرح ممکن ہے

گفتِ جاناں بگوشِ خاطرِ شاں | گفت رازے کہ گفتنش نتواں

محبوب کے جن نے اُن کے دل کے کانوں میں وہ راز پھونک دیا ہے جس کا اظہار ناممکن ہے

کامیاباں دریں جہاں ناکام | زیرکاں دُور تر پریدہ ز دام

یہ لوگ کامیاب ہیں مگر اس جہان سے نامراد۔ یہ لوگ عقلمند ہیں جو جال سے اُڑ کر دُور چلے گئے ہیں

از خود و نفسِ خود خلاص شدہ | مہبطِ فیضِ نورِ خاص شدہ

وہ اپنی خودی اور نفسانیت سے آزاد ہو گئے اور انوارِ الٰہی کے فیضان کے نزول کی جگہ بن گئے

در خداوندِ خویش دل بستہ | باطن از غیرِ یار بگسستہ

انھوں نے اپنے خدا سے دل لگا لیا۔ اور غیر اللہ سے اپنا دل توڑ لیا

پاک از دخلِ غیر منزلِ دل | یار کردہ بجان و دل منزل

غیر کے دخل سے ان کے دل کا خانہ پاک ہے اور دوست نے ان کے جان و دل میں گھر بنا لیا ہے

ریزہ ریزہ شد آئینۂ شاں | بوئے دلبر دمد ز سینۂ شاں

اُن کے زنگ (نہوس) کا شیشہ چکنا چور ہو گیا۔ دلبر کی خوشبو اُن کے سینہ میں سے مہک رہی ہے

نقشِ ہستی بشُست جلوۂ یار | سر زد آخر ز جیبِ دل دلدار

یار کی تجلی نے ان کے نقشِ ہستی کو دھو ڈالا اور ان کے دل کے گریبان سے یار نمودار ہو گیا

فانیان روپہ از خدائے وحید | پاک و رنگین برنگِ ربِّ مجید

وہ فانی ہیں مگر خدائے واحد سے بھرے ہوئے وہ پاک ہیں اور خدائے مجید کے رنگ میں رنگین

آں خدا دیگر و دگر انساں | لیکن انیاں در و شدند نہاں

خدا کی ذات علیحدہ ہے اور انسان کی علیحدہ مگر یہ لوگ تو گویا خدا کے اندر چھپ گئے ہیں

نے زِ سر ہوش نے زِ پا خبرے | در سرِ دلستاں بخاک سرے

نہ سر کا ہوش نہ پیر کی خبر۔ محبوب کے خیال میں ان کا سر خاک پر ہے

ہر کسے را بخود سرو کارے | کارِ دلدادگاں بدلدارے

ہر شخص اپنے کام سے کام رکھتا ہے۔ مگر عاشقوں کا کام صرف محبوب کے ساتھ ہے

عالمِ دیگر است عالم شاں | دور از غیرِ حق معالم شاں

اُن کا جہان ایک اور ہی جہان ہے اور اُن کا عالم غیر اللہ سے دُور ہے

خفتہ اند و بچشمِ تو بیدار | جز خدا کس نہ محرمِ اسرار

وہ سوئے ہوئے ہیں اگرچہ تیری نظر میں بیدار ہیں خدا کے سوا کوئی ان کا محرم اسرار نہیں ہے

فارغاں از مذمت و تحسیں | نے زِ مدحے خبر نہ از نفریں

مذمت اور تحسین کے خیال سے بے پروا ہیں۔ نہ انہیں تعریف کی خبر ہے نہ لعنت کی

ہر کہ با ذاتِ اُو سرے دارد | پشت بر روئے دیگرے دارد

جو شخص خدا کی ذات سے تعلق رکھتا ہے وہ اوروں کی طرف سے پیٹھ پھیر لیتا ہے

ہر کہ گیرد درش بصدق و حضور | از در و بام اُو ببارد نور

جو شخص اس کے دروازہ کو صدق اور اخلاص سے اختیار کرتا ہے اس کے دروازہ اور چھت سے نور برسنے لگتا ہے

نورتاباں چو مہ ز پیشانی | پر ہمہ رُو ز عشق ربانی

اُس کی پیشانی سے چاند کی طرح نور چمکتا ہے اور عشق الٰہی سے سارا چہرہ روشن ہو جاتا ہے

عشقِ آں یار مدعا گشتہ | دل ز غیرِ خدا جدا گشتہ

اُس دوست کا عشق اس کا مدعا بن گیا ہے اور غیر اللہ سے اُس کا دل جدا ہو گیا ہے

لطفِ اُو ترکِ طالباں نکند | کس بکارِ رہش زیاں نکند

خدا کا لطف ہمیشہ اپنے طالبوں کے شاملِ حال رہتا ہے اُس کی راہ میں کوئی نقصان نہیں اٹھاتا

ہر کہ آں در گرفت کارش شد | صد امیدے بروز گارش شد

جس نے وہ دروازہ اختیار کر لیا اُس کا کام بن گیا اور اس کے کاروبار کی کامیابی پر سینکڑوں اُمیدیں بندھ گئیں

مثلِ آں دلستاں کجا دیدی | پس چرا ہجرِ او پسندیدی

تو نے اُس محبوب کی طرح کا کوئی اور محبوب کہاں دیکھا ہے پھر کیوں اُس کی جدائی کو پسند کر لیا

بہ کہ تو زود تر رہش گیری | ایں نباشد کہ پیش ازاں میری

بہتر ہے کہ فوراً تو اس کا راستہ اختیار کرے۔ ایسا نہ ہو کہ اس سے پہلے ہی مر جائے

عمرِ اوّل ببیں کجا رفتہ است | رفت و بنگر ز تو چہا رفتہ است

اپنی پہلی عمر کو دیکھ کہ کدھر چلی گئی۔ وہ تو ضائع ہو گئی تیرے پاس سے کیا کیا چیز لے گئی

پارۂ عمر رفت در خردی | پارۂ را بسرکشی بردی

عمر کا ایک حصّہ تو بچپن میں چلا گیا۔ اور ایک حصّہ عمر کا تو نے سرکشی میں گذارا

تازہ رفت و بماند پس خوردہ | دشمناں شاد و یار آزردہ

اچھا حصّہ تو گیا۔ اب بچا کھچا رہ گیا ہے۔ دشمن خوش ہیں اور دوست ناراض

بشنو از وضعِ عالمِ گذراں | چوں کند از زبانِ حال بیاں

اس جہانِ فانی کی حالت پر کان رکھ۔ کس طرح وہ زبانِ حال سے بیان کر رہا ہے

کیں جہاں با کسے وفا نہ کند | نہ کند صبر تا جُدا نہ کند

کہ یہ دُنیا کسی سے وفا نہیں کرتی اور صبر نہیں کرتی جب تک اسے اپنے سے جُدا نہیں کر لیتی

گر بود گوشِ بشنوی صد آہ | از دلِ مُردہ و درونِ تباہ

اگر تیرے کان ہوں تو سو آہیں سنے۔ خود اپنے مردہ اور تباہ حال دل سے

کہ چرا رو بنا فتم زِ خدا | دل نہادم در آنچہ گشت جُدا

کہ میں نے خدا سے کیوں منہ پھیرا اور ایسی چیز سے کیوں دل لگایا جو جُدا ہو گئی

ہمچنیں ساعتے ترا در پیش | گور آواز ہا دہد چوں خویش

اسی طرح تجھے بھی ایک ایسی گھڑی پیش آنے والی ہے۔ قبر تجھے اپنے عزیزوں کی طرح بلا رہی ہے

یاد کُن وقتِ کوچ و ترکِ جہاں | جاں بلب خانہ پُر ز شور و فغاں

کوچ کے وقت اور دُنیا کے چھوڑنے کی گھڑی کو یاد کر۔ کہ تو جاں بلب ہو گا اور گھر میں آہ و فغاں کا شور برپا ہو گا

زن بنالد بدیدۂ خوں بار | پسرے گریۂ از پسِ دیوار

تیری بیوی خون کے آنسوؤں سے روتی ہو گی اور بیٹا دیوار کے پیچھے گریہ و زاری کرتا ہو گا

دخترے سر برہنہ اشک روال | ہمہ خویشاں شدہ تنِ بیجاں

لڑکی ننگے سر آنسو بہاتی ہو گی۔ اور سب رشتہ دار مُردہ کی مانند ہوں گے

ناگہاں بانگ آید از سرِ درد | کہ فلاں زیں سرائے رحلت کرد

کہ یکدم یہ دردناک آواز آئے گی۔ کہ فلاں شخص اس دُنیا سے گذر گیا

چند فرزند را گذاشت یتیم | بیوہ بیچارہ ماندہ با صد بیم

چند بچوں کو یتیم چھوڑ گیا۔ اور بچاری بیوہ سینکڑوں دکھ اُٹھانے کے لیے رہ گئی

ایں مآل است عیشِ دُنیا را | گر نہ دانی بپرس دانا را

دُنیا کی زندگی کا یہ انجام ہے۔ اگر تجھے خبر نہیں تو کسی عقلمند سے ہی پُوچھ لے

بر سر گور پائے تُست اے خام | ہوش کن تا نہ بد شود انجام

اے نادان تیرا قدم قبر کے اُوپر رکھا ہوا ہے۔ ہوش کر کہ تیرا انجام بُرا نہ ہو

ایں جہان است مثل مُردار ے | ہر طرف چوں سگے طلبگارے

یہ جہان مُردار کی طرح ہے۔ اور ہر جانب اس کے طالب کتّوں کی طرح کھڑے ہیں

رست آنکس کہ رست ازیں مردار | خاک شد تا مگر شود خوش یار

وہ شخص آزاد ہوگیا جس نے اس مردار سے رہائی پائی اور وہ خاک ہوگیا تاکہ دوست راضی ہوجائے

لُطفِ اُو نزک طالباں نکند | کس بکارِ رہش زیاں نہ کند

خدا کا لُطف اپنے طالبوں کے شایانِ حال رہتا ہے اس کی راہ میں کوئی بھی نقصان نہیں اُٹھاتا

ہر کہ از خود شد ایزدش خواند | نکتۂ ہست گر کسے داند

جو اپنی ہستی سے جُدا ہوگیا۔ خُدا اسے اپنے ہاں بلا لیتا ہے یہ نکتہ یاد رکھنے کے قابل ہے اگر کسی کی سمجھ میں آجائے

(نزول المسیح صفحہ ۷۰ تا ۷۰۱) مطبوعہ ۱۹۰۹ء

از طمع چیزے ہر چیز یکہ آں بیکار بود | خود فزوں کردیم ورنہ اندکے آزار بود

ہم نے طمع کے مارے ہر وہ چیز ڈھونڈی جو بیکار تھی ہم نے آپ اپنی تکلیف کو بڑھایا ورنہ دراصل وہ کم تھی

(رسالہ تشحیذ الاذہان دسمبر ۱۹۰۹ء)

تو خواهی خسپ یا خود مردہ مے باش | کہ بر ما نیست جز ہشیار کردن
خواہ تو سویا رہے یا مرا ہوا ہم پر سوائے ہشیار کر دینے کے اور کوئی ذمہ داری نہیں

فضولی باشد اندر وقتِ مستی | حدیثِ مردم ہشیار کردن
نشے کے وقت بے فائدہ ہے کہ ہشیار لوگوں کی سی باتیں کی جائیں

فضولی ہست با گیسوئے مشکیں | حدیثِ از تبت و تاتار کردن
سیاہ زلفوں کے ہوتے ہوئے بے فائدہ ہے کہ تبت اور تاتار کا ذکر کیا جائے

پس از مردن شود معلومت اے یار | خلافِ رائے سلطاں کار کردن
اے دوست تجھے مرنے کے بعد معلوم ہوگا کہ خدا کی مرضی کے برخلاف کام کرنے کا کیا نتیجہ ہے

کمر بستن برائے خدمتِ بُت | نشانش بر بدن زنار کردن
بُت کی خدمت کے لیے تیار ہو جانے کا اور جسم پر اس کے نشان کے زنار بنانے کا

نکردی خوب اے نامہرباں یار | پس از اقرارہا انکار کردن
اے بے مہر دوست! تو نے اچھا نہ کیا۔ اقرار کرنے کے بعد انکار کرنے سے

فضولی ہست پیشِ روئے آں یار | حدیثِ از گلبنِ پُر خار کردن
اُس دوست کے چہرے کے روبرو فضول ہے کہ کانٹے والے چمن کا ذکر کیا جائے

رہِ نیکاں گرفتن ہمچو نیکاں! | ز فکرِ باطل استغفار کردن
نیک بختوں کی طرح نیکوں کا طریقہ اختیار کرنا اور فضول خیالات سے استغفار کرنا ضروری ہے

بالفاظِ سخن چسپیدن از جہل | نہ فکر اندر تہِ اسرار کردن
جہالت کے باعث محض الفاظ سے چمٹے رہنا اور اسرار کی باریکیوں میں غور نہ کرنا نامناسب ہے

بخوابِ موت آں شخصے کہ خسپید | نمے برخیزد از بیدار کردن
جو شخص ایک دفعہ موت کی نیند سو گیا | وہ جگانے سے نہیں اُٹھ سکتا

سرازِ فرمانِ آں حاکم مبردار | کہ دارد قدرتِ بردار کردن
اس حاکم کے حکم سے سرتابی نہ کر جو پھانسی پر چڑھانے کی قدرت رکھتا ہو

بباید جُست از مردانِ حق دیں | نہ میل و طمع در دینار کردن
مردانِ خدا سے دین حاصل کرنا چاہیئے۔ اشرفیوں سے طمع اور محبت نہیں رکھنی چاہیئے

بکوری ہرچہ ماند غیر معلوم | سوالش از اولی الابصار کردن
جو بات اپنی نابینائی کی وجہ سے معلوم نہ ہو۔ وہ اہلِ بصیرت سے دریافت کرنی چاہیئے

(تشحیذ الاذہان دسمبر ۱۹۰۹ء)

اگرچہ رائے واعظ اگرچہ رائے من است | ولیک عشقِ تو بندِ پائے من است
اگرچہ میری رائے یہی ہے جو واعظ کی رائے ہے لیکن تیرے عشق کی بیڑی میرے پیروں میں پڑی ہوئی ہے

آہ صد آہ رفت عمر بباد | نفسِ بد کیش ما نشد منقاد
افسوس صد افسوس کہ عمر برباد ہو گئی۔ مگر ہمارا بدسرشت نفس مطیع نہ ہوا

ہیچ دشمن بدشمنے نہ کند | آنچہ کردیم ما بخود بیداد
دشمن بھی دشمن کے ساتھ وہ نہیں کرتا جو ظلم ہم نے آپ اپنے اوپر کیا

کافراں مُردگانِ دل باشند | بر نیاید زِ مُردگاں فریاد
کافر دل کے مُردے ہوتے ہیں اور مُردے فریاد نہیں کیا کرتے

دل نہادن بفکرتِ دُنیا | باز دارد ز کارہائے معاد

دُنیا کی فکر میں دل کو مصروف رکھنا۔ آخرت کے کاموں سے (انسان کو) باز رکھتا ہے

شخص دنیا پرست در دُنیا | چند روزے بسر کند دل شاد

دُنیا پرست شخص دنیا میں چند روز ہی خوشی کے بسر کرتا ہے

فضلِ حق باید و ریاضت سخت | تا بر آید ز کذب و شر و فساد

خدا کے فضل اور سخت مجاہدے ہی سے انسان جھوٹ، شرارت اور فساد سے نجات پاسکتا ہے

ہر کہ از شرِ نفسِ خویش برست | کوشش طاعت است و جوشش داد

جو اپنے نفس کی شرارتوں سے بچ گیا۔ اس کا کوشش بھی طاعت ہے اور اُس کی سستی بھی انصاف ہے

(تشحیذ الاذہان ماہ مارچ ۱۹۱۰ء)

من نہ واعظ کہ عاشق زارم | آید از طورِ واعظاں عارم

میں واعظ نہیں ہوں بلکہ عاشقِ زار ہوں۔ مجھے تو واعظوں کے طریقوں سے عار آتی ہے

نزدِ بیگانگاں جنوں زدہ ام | نزدِ معشوق نیک ہشیارم

غیروں کے نزدیک میں جنون میں مبتلا ہوں۔ مگر محبوب کے نزدیک بڑا ہشیار ہوں

(تشحیذ الاذہان ماہ مارچ ۱۹۱۰ء)

نہ در فراق قرار آیدم نہ وقتِ وصال | بجز تم کہ من از عشق اُو چہ مے جویم

نہ مجھے فراق میں چین آتا ہے نہ وصل میں۔ حیران ہوں کہ میں اُس کے عشق میں کیا تلاش کرتا ہوں

(تشحیذ الاذہان ماہ مارچ ۱۹۱۰ء)

کاش تا دوست راہ یافتمے | فرصتِ یک نگاہ یافتمے

کاش میں دوست تک پہنچ سکتا۔ اور اسے ایک نظر دیکھنے کی مہلت مجھے مل جاتی!

رفتی و دردِ عشق بجانم گذاشتی | ہیچم خبر نشد بدل اندر چہ داشتی

تو چلا گیا اور اپنے عشق کا درد میری جان کیلئے چھوڑ گیا اگر مجھے کچھ بھی پتہ نہ لگا کہ تیرے دل میں کیا خیالات تھے

(شیخ الاذان ماہ مارچ ۱۹۱۰ء)

اے شوخ ز ناتواں چہ جوئی | از خستہ و نیم جاں چہ جوئی

اے شوخ تو کمزور سے کیا ڈھونڈتا ہے اور زخمی نیم جان سے کیا چاہتا ہے

رفتیم و فنا شدیم و مُردیم | از گم شدگاں نشاں چہ جوئی

ہم گذر گئے فنا ہو گئے اور مر گئے اب تو گم شدہ لوگوں کا کیا نشان ڈھونڈتا ہے

یار است قریب تر ز جاں ہم | اے ابلہ تو از بتاں چہ جوئی

دوست تو جان سے بھی زیادہ قریب ہے۔ اے بے وقوف تو بتوں سے کیا چاہتا ہے

پیراں نکنند توبہ از عشق | اے محتسب از جواں چہ جوئی

جب بوڑھے بھی عشق سے توبہ نہیں کرتے تو اے محتسب تو جوانوں سے کیا چاہتا ہے

دنیائے دنی است چند روزہ | زو راحتِ جاوداں چہ جوئی

ذلیل دنیا چند روزہ ہے۔ تو اس میں دائمی خوشی کیا ڈھونڈتا ہے

زیں خانۂ شتاب کاہی دست | از مزبلہ ارمغاں چہ جوئی

اے محروم یہاں سے جلدی روانہ ہو تو ایک کوڑی میں سے تحائف کیا ڈھونڈتا ہے

تیرش زکسے خطا نہ کردست | از ناوکِ اُو اماں چہ جوئی
اس کا تیر کبھی خطا نہیں گیا اُس کے تیر سے کیا امان ڈھونڈتا ہے

بر کاخِ فلک ترا بخوانند | از خار و خس آشیاں چہ جوئی
تجھے تو فرشتے آسمان کی طرف بلا رہے ہیں۔ پھر تو گھانس پھونس کا گھونسلہ کیوں تلاش کرتا ہے

فرّخ[1] در یار را فرا گیر | پیرامنِ این و آں چہ جوئی
اے فرخ یار کی چوکھٹ کو اختیار کر۔ زید و بکر کے ارد گرد کیا پھرتا ہے

(تشحیذ الاذہان فروری ۱۹۱۱ء)

تو نور ہود و جانی ترا شناختہ ام | ہم تن اندو تو جانی ترا شناختہ ام
تو دلوں جان کا نور ہے میں نے تجھے پہچان لیا ہے تن بدن میں ہے اور تو جان ہے میں نے تجھے پہچان لیا ہے

مردم بدرد عشق و صنم را خبر نشد | صد آہ کردم و بدلِ اُو اثر نشد
میں عشق کے درد سے مر گیا مگر صنم کو خبر تک نہ ہوئی سینکڑوں آہیں کیں مگر اس کے دل پر اثر نہ ہوا

دامن کشاں روی زمن اے یارِ مہ وشم | دستم نمے رسد کہ دلت را بخود کشم
اے میرے ماہ رو دوست تو بڑی رعنائی کے ساتھ میرے پاس سے گذر جاتا ہے مگر مجھ میں یہ طاقت نہیں کہ تیرے دل کو اپنی طرف کھینچ سکوں

آمد تمام شہر بہ بیمار پرسی ام | آں شوخ دیدہ بیں کہ بدیں طرف ننگرد
تمام شہر میری بیمار پرسی کے لیے آیا مگر اس شوخ چشم کو دیکھ کہ اُس نے ادھر کا رُخ بھی نہ کیا

اے مونسِ جان بے قرارم | فرسود ز غم تن نزارم
اے میری بے قرار جان کے رفیق میرا کمزور جسم غم کے مارے دُبلا ہو گیا ہے

---

[1] فرخ حضرت اقدس کا قدیمی مخلص ہے۔

بر من غم فرقت تو سخت است	دریاب کہ سخت گشت کارم

تیری جدائی کا رنج میرے لیے بہت سخت ہے فریاد کو پہنچ کہ میری حالت تباہ ہے

ہفت کشور گر نحالم بیخبر باشد چہ باک	من ایں نالم کہ جاناں ہم نمیدارد خبر

اگر ساتوں ولایتیں میرے حال سے بیخبر ہوں تو مضایقہ نہیں مجھے تو یہ غم ہے کہ محبوب کو بھی میرے حال کی خبر نہیں

گوش باید کرد و قال کاملاں در علم و عقل	گفتۂ ہر ناتراشیدہ نہ باشد معتبر

صاحبان علم و عقل کی یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیئے کہ ہر کندۂ ناتراش کی بات معتبر نہیں ہوا کرتی

عاقلاں را یک اشارت میکند در دل اثر	جاہلاں را در فتر صد پند ناید کارگر

عقلمندوں کے لیے تو ایک اشارہ بھی دل پر اثر کر جاتا ہے مگر جاہلوں پر سینکڑوں دفتر نصیحتوں کے بھی کارگر نہیں ہوتے

(الفضل ۹ جون ۱۹۱۳ء)

کجا آں مفسدے را جائے باشد	کہ رفت از حضرت علیائے سلطاں

اس مفسد کا کہاں ٹھکانا ہے جو سلطان کی عالی بارگاہ کو چھوڑ کر چلا گیا

الا گر عافیت خواہی بنا چار	بباید بر در فرماں ہائے سلطاں

خبردار۔ اگر تو خیریت چاہتا ہے تو ضرور تجھے سلطان کے احکام کو ماننا پڑے گا

کسے کو خویشتن را بندہ داند	کجا گیرد دگر در جائے سلطاں

وہ شخص جو اپنے تئیں بندہ سمجھتا ہے وہ سلطان کی جگہ دوسرے کو کب اختیار کرتا ہے

گدا را رائے باشد حسب قدرش	نہ چوں رائے جہاں پیائے سلطاں

فقیر کی رائے تو اس کی حیثیت کے مطابق ہوتی ہے نہ کہ سلطان کی جہاں دیدہ رائے کی طرح

ترا جان و مایہ و عزت بشود دست	اگر سرتابی از ایمائے سلطاں

جان، مال اور عزت سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ اگر تو سلطان کے اشارے سے سرتابی کرتا ہے

هنوزت از سیاست باخبر نیست	کہ مے بینی تحمل ہائے سلطاں

ابھی تک تجھے سیاست کا علم نہیں ہوا کیونکہ تو نے تو صرف سلطان کا تحمل ہی دیکھا ہے

بزرگاں سرفرو آرند فی الفور	بحکم درگہ والائے سلطاں

بزرگ لوگ فوراً سر نیچا کر دیتے ہیں سلطان کی باعوت بارگاہ کے احکام کے سامنے

نشانِ گردش بخت است و ادبار	زدن رائے خلاف رائے سلطاں

یہ بدقسمتی اور ادبار کی علامت ہے کہ سلطان کی رائے کے برخلاف رائے دی جائے

مزو بیروں ز قانونِ شریعت	مزن رائے خلافِ رائے سلطاں[1]

شریعت کے قانون سے باہر نہ نکل اور سلطان کی رائے کے خلاف رائے نہ دے

بزنداں مے فتد آں شوخ کز جہل	ندارد از خطا پروائے سلطاں

وہ بیباک قید خانہ میں ڈالا جاتا ہے جو جہالت کی وجہ سے غلطی کر کے سلطان کی پروا نہیں کرتا

ہماں باید گزیدن از سر و چشم	کہ باشد اندراں رائے سلطاں

وہی بات کامل انقیاد کے ساتھ اختیار کرنی چاہیے جس کے بارے میں سلطان کا رائے ہو

کند با جانِ خود بازی جہولے	کہ پندارد دگر ہمتائے سلطاں

وہ بیوقوف اپنی جان کے ساتھ کھیلتا ہے جو سلطان کے ساتھ کسی اور کو بھی شریک سمجھتا ہے

(الفضل ۹ جون ۱۹۱۲ء)

[1] رائے سلطان سے مراد غالباً ذات باری تعالیٰ ہے دیکھئے شعر ۲ صفحہ ۳۷۴

هر کہ بے تحقیق بکشاید دہن | خود بمیرد مے کشد بسیار تن

ہر شخص بغیر تحقیق کے منہ کھولتا ہے وہ خود بھی مرتا ہے اور بہت سے دوسروں کو بھی مارتا ہے

ز ہر باشد آں سخن کز مردہ است | زیرکے بے نور است و دل افسردہ است

وہ بات زہر ہوتی ہے جو روحانیت سے بے نصیب شخص کی طرف سے ہو کیونکہ وہ تو خود بے نور اور پژمردہ دل ہے

زندگی دارد سخن کز زندہ است | ہمچو باراں زندگی بخشندہ است

جو زندہ ہے اُس کی بات بھی جان رکھتی ہے اور بارش کی طرح سے زندگی بخش ہوتی ہے

لب ببند اے کورِ تا کور است دل | تا نہ پیش عارفاں گردی خجل

اے اندھے جب تک تیرا دل نابینا ہے تو اپنے ہونٹوں کو بند رکھ تاکہ عارفوں کے روبرو شرمندہ نہ ہو

تا بگردد سینۂ تو پاک و صاف

جب تک تیرا سینہ پاک و صاف نہ ہو جائے (اُس وقت تک خاموشی اختیار کر)

(الفضل ۳۱ دسمبر ۱۹۱۳ء)

صید کردن کارِ ما آمد مگر | صید خنزیراں نہ سہل است اے پسر

ہمارا کام شکار کرنا ہے مگر اے صاحبزادے سوئروں کا شکار آسان کام نہیں ہے

جاں بکف دُرِ دشتِ خوکاں مے روم | در رہِ مولیٰ فدا جان و دلم

میں ہتھیلی پر سر رکھ کر خنزیروں کے جنگل میں جاتا ہوں۔ خدا کی راہ میں میرے دل و جان قربان ہوں

از عدم آں کس نمی بخشند وجود | آنکہ خود معدوم شد گویا نبود

عدم سے وہی شخص وجود حاصل کرتا ہے جو پہلے خود ایسا فنا ہو چکا ہو گویا وہ تھا ہی نہیں

جانِ ما قربان راہِ یارِ ما | تا مگر کاری شود ایں کارِ ما

ہماری جان ہمارے دوست کی راہ میں نثار ہو تاکہ ہمارے اس کام سے کوئی فائدہ پہنچے

فتح و نصرت خادمم باچوں غلام | اللہ یعلیہ ناولا نعلی مدام

فتح و نصرت غلاموں کی طرح ہماری خادم ہیں اللہ ہم کو غالب کرے گا اور ہم کبھی بھی مغلوب نہ ہوں گے

(الفضل ۳۱ دسمبر ۱۹۱۳ء)

دردا کہ حسنِ صورتِ قرآں عیاں نماند | آں نورِ بیاں مگر اثرِ عارفاں نماند

افسوس کہ قرآن کے چہرہ کی خوبصورتی ظاہر نہ رہی گو واقعہ یہ ہے کہ وہ خود تو ظاہر ہے لیکن اس کے قدر شناس نہ رہے

مردم طلب کنند کہ اعجاز اس کجاست | صد دردو صد دریغ کہ اعجاز داں نماند

لوگ پوچھتے ہیں کہ اس کا اعجاز کہاں گیا اعجاز ہے لیکن سخت رنج اس کا ہے کہ کوئی اعجاز داں نہیں رہا

کریم داد کمالِ تغافل بچشمِ ما | اگرچہ ہے خوب و گیسوئے عنبر فشاں نماند

ہم خود نہ اندھے ہیں مگر دیر غفلت کی وجہ سے ہماری نظریں وہ خوبصورت چہرہ اور خوشبودار زلفیں نہیں دیکھ رہیں

بنیم کہ ہر یکے بہ غمِ نفس مبتلاست | کس را غمِ اشاعتِ قرآں بجاں نماند

میں دیکھتا ہوں کہ ہر شخص اپنے ذاتی تفکرات میں مبتلا ہے۔ کسی کو بھی قرآن کی اشاعت کا فکر نہیں

یوسف شنیدہ ام کہ شدش کاروان معیں | ایں یوسفے کہ ہیچ کسش کاروان نماند

میں نے یوسف کی بابت سنا تھا کہ قافلے اس کی مدد کی تھی

جانم کباب شد بغمِ ایں کتابِ پاک | چنداں بسوختم کہ خود امید جاں نماند

اس کتاب کے غم میں میری جان کباب ہو گئی ہے میں اس قدر جل گیا ہوں کہ بچنے کی کوئی امید نہیں

دوش اندکے مرا بخیالے شکیب بود | امشب ہمیں حال کہ تاب تواں نماند

کسی خیال کی وجہ سے کل کسی قدر مجھے صبر تھا مگر آج رات میرا حال نہ پوچھ کہ کچھ بھی تاب و تواں باقی نہیں رہی

اے بیدلاں ولے وقت نصرت است — در بوستاں بسلے تو کس باغباں نماند

اے مخلوقات کے سردار مدد فرمانے کا وقت ہے کیونکہ تیرے باغ میں کوئی بھی باغبان نہیں رہا

صد بار رقص ہا کنم از خرمی اگر — بینم کہ حسن دلکش فرقاں نماں نماند

میں خوشی کے مارے سینکڑوں دفعہ رقص کروں۔ اگر یہ دیکھ لوں کہ قرآن کا دلکش جمال پوشیدہ نہیں رہا

در رنج و درد مے گذرانیم روزگار — یارب ترحمے کہ دگر مہرباں نماند

ہم رنج اور درد میں زندگی گذار رہے ہیں اے رب رحم فرما کہ تیرے سوا ہمارا اور کوئی مہربان نہیں رہا

یارب چہ بہر من غم فرقاں مقدر است — یا خود دریں زمانہ کسے رازداں نماند

اے رب کیا میری تقدیر میں ہی فرقان کے لیے غم لکھا ہے یا اس زمانہ میں میرے سوا اور کوئی واقف حقیقت ہی نہیں

دیدم کہ زاہداں رہ فرقاں گذاشتند — تا چار دردلم اثر مہر شاں نماند

میں نے دیکھا کہ زاہدوں نے قرآن کا راستہ چھوڑ دیا ہے اس لیے میرے دل میں بھی ان کی محبت کا نشان باقی نہیں رہا

اے خواجہ پنج روز بود لطف زندگی — کس از پے دوام دریں خاکداں نماند

اے خواجہ زندگی کا لطف چند دن کے لیے ہے کوئی بھی اس دنیا میں ہمیشہ نہیں رہا

امروز گر دل از پے قرآں نسوزدت — فردے دگر ترا بجناب یگاں نماند

اگر آج کے دن تیرا دل قرآن کے لیے نہیں جلتا تو پھر خدا کی درگاہ میں تیرا کوئی عذر باقی نہیں رہا

بگذار درد مثنوی و شغل غزل و شعر — ایں خود چہ چیز ہست اگر قدر آں نماند

مثنوی کے درد اور شعر و غزل کے مشغلہ کو چھوڑ یہ چیزیں کیا حقیقت رکھتی ہیں اگر قرآن ہی کی قدر نہ رہی

در خانداں نشینی و صد ناز مے کنی — آں بد اگر سیاست کس از خاداں نماند

تو گھروں میں بیٹھ کر سینکڑوں ناز نخرے کرتا ہے مگر وہ جو اصلی سردار ہے اس کی خدمت کرنے والا کوئی نہیں

خلق از برائے شوکتِ دُنیا چہا کنند | درد اکہ مہرِ کعبہ چو مہرِ بتاں نماند

لوگ دنیا کی شانِ شوکت کے لیے کیا کیا کرتے ہیں مگر افسوس کہ کعبہ کی محبت بتوں کی محبت کے برابر بھی نہیں رہی

اے بے خبر بخدمتِ فرقاں کمر ببند | زاں پیشتر کہ بانگ برآید فلاں نماند

اے بے خبر فرقان کی خدمت کے لیے کمر باندھ لے اس سے پہلے کہ یہ آواز آئے کہ فلاں شخص مر گیا

لہ سعدی کا مصرع ہے (اشتہار اہل اسلام کی فریاد)

اے ز تعلیم دید آوارہ | منکر از فیضِ بخش ہمواره

اے کہ تو دید کی تعلیم کی وجہ سے گمراہ ہو گیا ہے اور دائمی فیض رساں خدا کا منکر ہے

آں قدیرے کہ نیست زو چارہ | نزدِ تو عاجز ست و ناکارہ

وہ قادر جس کے سوا کسی کا گذارہ نہیں ہے تیرے نزدیک عاجز اور ناکارہ ہے

بشنوی گر بود بحق رُوئے | شور قالُوا بَلیٰ ز ہر سُوئے

اگر تیرا منہ خدا کی طرف ہو تو تُو ضرور سُنے گا ہر طرف سے قالوا بلیٰ کا شور

آنکہ باذاتِ او بقا وحیات | چوں نباشد بدیع ما ایں ذات

وہ کہ جس کی ذات سے ہر بقا اور زندگی وابستہ ہے وہ ذات ہماری خالق کیوں نہیں ہو سکتی

ناتوانی ست طورِ مخلوقات | کے خدا ایں چنیں بود ہیہات

کمزوری تو مخلوقات کا خاصہ ہے مگر خدا ایسا کیونکر ہو سکتا ہے۔ افسوس!

کے پسند دخرد کہ ربِّ قدیر | ناتواں باشد و ضعیف و حقیر

عقل کب پسند کرتی ہے کہ قادر خدا کمزور ضعیف اور حقیر ہو

نظرے کن بہ شانِ ربّانی | داوری ہا مکن بنادانی

خدا تعالیٰ کی شان پر غور کر اور نادانی کی وجہ سے جھگڑا نہ کر

ایں چہ دین است و ایں چہ آئین ست | کہ خدا ناتواں و مسکین است

یہ کونسا دین ہے اور یہ کیسا قانون ہے کہ خدا بھی کمزور اور بیکس ہے

گر بدیں دین و کیش ہستی شاد | مایۂ عمر را دہی بر باد

اگر تو اس دین و مذہب پر خوش ہے تو تُو اپنی عمر بھر کی کمائی کو برباد کر رہا ہے

(سرمہ چشم آریہ صفحہ ۱۸۶ مطبوعہ ۱۸۸۶ء)

تمت